سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(٢٠٤ھ۔٢٦١ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد نہم

نور فاؤنڈیشن

نام کتاب	:	صحیح مسلم جلد نہم (اردو ترجمہ کے ساتھ)
ایڈیشن اوّل	:	قادیان انڈیا 2012
تعداد	:	1000
ناشر	:	نظارت نشر واشاعت صدر انجمن احمدیہ قادیان ضلع گورداسپور، پنجاب 143516
مطبع	:	فضل عمر پرنٹنگ پریس قادیان

ISBN : 978-81-7912-195-X

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

سید ولد آدم فخر المرسلین خاتم النبیّین رسول مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے بنی نوع انسان کے لئے بطور رہنما مبعوث کیا اور فرمایا:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِمَنْ كَانَ يَرْجُو اللّٰهَ
وَالْيَوْمَ الْآخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِيرًا (الاحزاب ۲۲)

یعنی یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسول میں نیک نمونہ ہے ہر اس شخص کے لئے جو اللہ اور یوم آخرت کی امید رکھتا ہے اور کثرت سے اللہ کو یاد کرتا ہے۔

نیز فرمایا:

مَا آتَاكُمُ الرَّسُولُ فَخُذُوهُ وَمَا نَهَاكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوا (الحشر: ۸)

رسول جو تمہیں عطا کرے تو اسے لے لو اور جس سے تمہیں روکے اس سے رک جاؤ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو جمع کر کے محدثین نے امت مسلمہ پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ بانئ سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مسیح موعود و مہدی معہود علیہ السلام فرماتے ہیں:

”قرآن شریف کی اور احادیث کی جو پیغمبر خدا سے ثابت ہیں اتباع کریں۔ ضعیف سے ضعیف حدیث بھی بشرطیکہ وہ قرآن شریف کے مخالف نہ ہو ہم واجب العمل سمجھتے ہیں اور بخاری اور مسلم کو بعد کتاب اللّٰہ اصحّ الکتب مانتے ہیں۔

(ملفوظات جلد ۴ صفحہ ۱۰۷، ۱۰۸)

نیز آپؑ نے احادیث کو پرکھنے کا یہ بہترین اصول پیش فرمایا ہے کہ:

''اگر ایک حدیث ضعیف درجہ کی بھی ہو بشرطیکہ وہ قرآن اور سنت اور ایسی احادیث کے مخالف نہیں جو قرآن کے موافق ہیں تو اس حدیث پر عمل کرو۔''

(روحانی خزائن جلد ۱۹، کشتی نوح، صفحہ نمبر ۶۴)

جو کتب صحاح ستہ میں شامل ہیں ان میں سے ایک صحیح مسلم ہے جسے حضرت امام مسلم نے جن کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری ہے جمع کیا۔ ان احادیث کے مختلف زبانوں میں تراجم بھی ہوئے۔ ہر مترجم نے اپنے اپنے علم اور فہم کے مطابق ترجمہ کرنے کی کوشش کی۔ اکثر ترجمے پرانی طرز کے ہیں جن کا سمجھنا عربی کا علم نہ رکھنے والوں اور مبتدیوں کے لئے آسان نہیں ہے۔

حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے جماعت احمدیہ کی طرف سے احادیث کے تراجم کرنے کی غرض سے ''نور فاؤنڈیشن'' کا قیام فرمایا۔ حضور انور کے ارشاد کی تعمیل میں نور فاؤنڈیشن نے صحیح مسلم کا ترجمہ کر کے شائع کیا۔ اس ترجمہ میں حسب ضرورت حاشیہ میں ضروری نوٹ بھی دئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں کام کرنے والوں کی خدمت کو قبول فرما کر ان کو اس دنیا اور اگلے جہاں میں احسن جزا عطا فرمائے۔ آمین

نظارت نشر و اشاعت قادیان حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد اور اجازت سے صحیح مسلم کے ان تراجم کو ہندوستان میں پہلی بار شائع کر رہی ہے۔ الحمدللہ

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد اور آپؐ کے عملی نمونہ کے مطابق اپنی زندگیاں گذارنے اور سنوارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

حافظ مخدوم شریف

ناظر نشر و اشاعت قادیان

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیری تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنو قشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم 204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماء اور مورخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت 206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24 رجب 261ھ کو 55 سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔جسے امام مسلم نے 3 لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دار الکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ 2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں 7563 روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''**مثلہ**'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد 3033 بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24 دار ابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصاً مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت **صحیح مسلم** کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔جس کی نویں جلد **کتاب القسامة والمحاربین، کتاب الحدود ،کتاب الأقضیة، کتاب اللقطة** اور **کتاب الجهاد والسير** پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلدنہم میں ابواب کی ترقیم **دار الکتاب العربی بیروت الطبعة الاولیٰ** کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر ''**المعجم المفهرس**'' کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر ''**تحفة الاشراف للمزی**'' کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر ''**المعجم المفهرس للاحاديث**'' کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔ اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ ساتویں جلد 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ آٹھویں جلد حدیث نمبر 2766 سے 3142 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ نویں جلد 3143 سے 3374 تک کی احادیث پر مشتمل ہے جبکہ دسویں جلد انشاءاللہ حدیث نمبر 3375 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ **صحیح مسلم مطبوعه دار الکتاب العربی بیروت** کے مطابق ہے۔

جلد نمبر 9 میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔ اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔ اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ ان احادیث کی اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس عنوان یا

کتاب کے تحت آ رہی ہے۔مثلاً

مسلم جلد 9 کتاب القسامة کی روایت نمبر 3143 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی ہی کتاب کے کتاب القسامة میں روایت نمبر 3144 باب القسامة میں بھی موجود ہے۔جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم کتاب القسامة کی حدیث نمبر 3143 بخاری میں کتاب الصلح روایت نمبر 2702 باب الصلح من المشرکین اور کتاب الادب روایت نمبر 6142 باب اکرام الکبیر ویبدأ اکبر بالکلام والسؤال میں بھی موجود ہے۔جن کا ذکر تخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی احادیث کے نمبر فتح الباری کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابو غدة کی ترقیم کے مطابق ہیں۔سنن ابن ماجہ کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین — صفحہ

كتاب القسامة والمحاربين

كتاب الحدود

كتاب الاقضيه/القضاء

کتاب اللقطة

کتاب الجھاد والسیر

بسم الله الرحمن الرحيم

كِتَابُ القَسَامَةِ وَالْمُحَارِبِيْنَ وَالْقِصَاصِ وَالدِّيَاتِ

قسامت اور جنگ کرنے والوں اور قصاص اور دیتوں کے بارہ میں کتاب

[1] 1: بَاب الْقَسَامَةِ

قسامت کا بیان ☆

3143{1}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ يَحْيَى وَحَسِبْتُ قَالَ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّهُمَا قَالَا خَرَجَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ وَمُحَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ زَيْدٍ حَتَّى إِذَا كَانَا بِخَيْبَرَ تَفَرَّقَا فِي بَعْضِ مَا هُنَالِكَ ثُمَّ إِذَا مُحَيِّصَةُ يَجِدُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلٍ قَتِيلًا فَدَفَنَهُ ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَحُوَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُودٍ وَعَبْدُ

3143: یحیٰی جو ابن سعید ہیں بُشَیر بن یسار سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت سہل بن ابوحثمہؓ سے روایت ہے۔راوی یحیٰی کہتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ انہوں (بشیر بن یسار) نے کہا حضرت رافع بن خدیجؓ سے (بھی) مروی ہے کہ ان دونوں (حضرت سہل بن ابوحثمہؓ اور حضرت رافعؓ بن خدیج) نے کہا۔ حضرت عبداللہ بن سہلؓ بن زید اور مُحَیِّصہ بن مسعود بن زید دونوں (سفر پر) نکلے یہانتک کہ جب وہ دونوں خیبر پہنچے تو وہاں کسی جگہ الگ الگ ہو گئے پھر اچانک حضرت مُحَیِّصہؓ نے حضرت عبداللہ بن سہلؓ کو مقتول پایا

☆ قسامت: کسی مقتول کے قاتل کا علم حاصل کرنے کے لئے کسی قبیلہ کے افراد سے قسم لینا۔

3143:اطراف : **مسلم** كتاب القسامة والمحاربين ...باب القسامة 3144 ، 3145 ، 3146

تخريج : **بخارى** كتاب الصلح باب الصلح من المشركين 2702 كتاب الجزية ولموادعة باب الموادعة والمصالحة مع المشركين ...3173 كتاب الادب باب اكرام الكبير ويبدأ اكبر بالكلام والسؤال 6142 كتاب الديات باب القسامة 6898 كتاب الاحكام باب كتاب الحاكم الى عماله والقاضى الى امنائه 7192 **ترمذى** كتاب الديات باب ما جاء فى القسامة 1422 **ابوداؤد** كتاب الديات باب القسامة 4520 ، 4521 باب فى ترك القود بالقسامة 4523 ، 4524 ، 4525 ، 4526 **نسائى** كتاب القسامة تبدئة اهل الدم فى القسامة 4710 ، 4711 ذكر الاختلاف الفاظ الناقلين لخبر سهل فيه 4712 ، 4713 ، 4714 ، 4715 ، 4716 ، 4717 ، 4718 ، 4719 ، 4720 **ابن ماجه** كتاب الديات باب القسامة 2677 ، 2678

الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ وَكَانَ أَصْغَرَ الْقَوْمِ فَذَهَبَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ لِيَتَكَلَّمَ قَبْلَ صَاحِبَيْهِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبِّرِ الْكُبْرَ فِي السِّنِّ فَصَمَتَ فَتَكَلَّمَ صَاحِبَاهُ وَتَكَلَّمَ مَعَهُمَا فَذَكَرُوا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقْتَلَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَهْلٍ فَقَالَ لَهُمْ أَتَحْلِفُونَ خَمْسِينَ يَمِينًا فَتَسْتَحِقُّونَ صَاحِبَكُمْ أَوْ قَاتِلَكُمْ قَالُوا وَكَيْفَ نَحْلِفُ وَلَمْ نَشْهَدْ قَالَ فَتُبْرِئُكُمْ يَهُودُ بِخَمْسِينَ يَمِينًا قَالُوا وَكَيْفَ نَقْبَلُ أَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ فَلَمَّا رَأَى ذَلِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْطَى عَقْلَهُ [4342]

اور انہوں نے اسے دفن کردیا پھر وہ اور حضرت حُوَیِّصہؓ بن مسعود اور حضرت عبدالرحمانؓ بن سہل جو اُن میں سب سے چھوٹے تھے رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے۔عبدالرحمانؓ اپنے دونوں ساتھیوں سے پہلے بات کرنے لگے۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عمر میں بڑے کو موقعہ دو،تو وہ خاموش ہوگئے۔پھر اس کے ساتھیوں نے بات کی اور (حضرت عبدالرحمان بن سہلؓ) ان دونوں کے ساتھ گفتگو میں شامل ہوگئے۔انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے حضرت عبداللہ بن سہلؓ کے قتل کا ذکر کیا۔آپؐ نے اُن سے فرمایا کیا تم پچاس افراد قسمیں کھاتے ہو تو تم اپنے (مقتول کے) قاتل سے قصاص کے مستحق ہوجاؤ گے۔ راوی کہتے ہیں کہ آپؐ نے صَاحِبَكُمْ فرمایا یا فرمایا قَاتِلَكُمْ — انہوں نے کہا ہم کیسے قسم کھائیں جب کہ ہم موجود نہیں تھے۔آپؐ نے فرمایا پھر یہودی پچاس قسمیں کھا کر تم سے بری ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا ہم کافر قوم کی قسمیں کیسے قبول کر لیں۔رسول اللہ ﷺ نے جب یہ دیکھا تو آپؐ نے اس کی دیت ادا کردی۔

3144{2} و حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا

3144: حضرت سہل بن ابی حثمہؓ اور حضرت رافعؓ بن خدیج سے روایت ہے کہ حضرت محیصہ بن مسعودؓ

3144 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب القسامة 3143 ، 3145 ، 3146

تخريج : بخاری كتاب الصلح باب الصلح من المشركين 2702 كتاب الجزية والموادعة باب الموادعة والمصالحة مع المشركين ...3173 كتاب الادب باب اكرام الكبير ويبدأ اكبر بالكلام والسؤال 6142 كتاب الديات باب القسامة 6898 =

يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ وَرَافِعِ بْنِ خَدِيجٍ أَنَّ مُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُودٍ وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلٍ انْطَلَقَا قِبَلَ خَيْبَرَ فَتَفَرَّقَا فِي النَّخْلِ فَقُتِلَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَهْلٍ فَاتَّهَمُوا الْيَهُودَ فَجَاءَ أَخُوهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَابْنَا عَمِّهِ حُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَكَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فِي أَمْرِ أَخِيهِ وَهُوَ أَصْغَرُ مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَبِّرِ الْكُبْرَ أَوْ قَالَ لِيَبْدَأِ الْأَكْبَرُ فَتَكَلَّمَا فِي أَمْرِ صَاحِبِهِمَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقْسِمُ خَمْسُونَ مِنْكُمْ عَلَى رَجُلٍ مِنْهُمْ فَيُدْفَعُ بِرُمَّتِهِ قَالُوا أَمْرٌ لَمْ نَشْهَدْهُ كَيْفَ نَحْلِفُ قَالَ فَتُبْرِئُكُمْ يَهُودُ بِأَيْمَانِ خَمْسِينَ مِنْهُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَوْمٌ كُفَّارٌ قَالَ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ قِبَلِهِ قَالَ سَهْلٌ فَدَخَلْتُ مِرْبَدًا لَهُمْ يَوْمًا فَرَكَضَتْنِي نَاقَةٌ مِنْ تِلْكَ الْإِبِلِ رَكْضَةً بِرِجْلِهَا قَالَ حَمَّادٌ هَذَا أَوْ نَحْوَهُ و حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا

اور حضرت عبداللہ بن سہلؓ خیبر کی طرف چلے پھر وہ کھجوروں (کے باغات) میں الگ ہوگئے۔ حضرت عبداللہ بن سہلؓ قتل کر دیئے گئے۔ (اُن کے قبیلہ کے لوگوں) نے یہود پر الزام لگایا۔ مقتول کے بھائی حضرت عبدالرحمانؓ اور ان کے چچا کے دو بیٹے حویصہؓ اور محیصہؓ نبی ﷺ کے پاس آئے۔ حضرت عبد الرحمانؓ اپنے بھائی کے بارہ میں بات کرنے لگے اور وہ ان سب سے چھوٹے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بڑے کو موقعہ دو یا فرمایا کہ بڑا شروع کرے۔ پھر ان دونوں نے اپنے ساتھی (مقتول) کے بارہ میں بات کی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم میں سے پچاس (افراد) اُن میں سے کسی شخص کے خلاف قسم کھائیں تو وہ اپنی رسی کے ساتھ (مقتول کے ولی) کے سپرد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا یہ ایک ایسا معاملہ ہے جس کے ہم عینی شاہد نہیں ہیں تو ہم قسم کیسے کھائیں؟ آپؐ نے فرمایا پھر اُن میں سے یہودی پچاس افراد کی قسموں کے ذریعہ تم سے بری ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! یہ کافر قوم ہے۔ راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی طرف سے اس کی دیت ادا کر دی۔ حضرت سہلؓ کہتے ہیں

= کتاب الاحکام باب کتاب الحاکم الی عماله والقاضی الی امنائه 1792 **ترمذی** کتاب الدیات باب ما جاء فی القسامة 1422 **ابوداؤد** کتاب الدیات باب القسامة 4520 ، 4521 باب فی ترک القود بالقسامة 4523 ، 4524 ، 4525 ، 4526 **نسائی** کتاب القسامة تبدئة اهل الدم فی القسامة 4710 ، 4711 ذکر الاختلاف الفاظ الناقلین لخبر سهل فیه 4712 ، 4713 ، 4714 ، 4715، 4716 ، 4717 ، 4718 ، 4719 ، 4720 **ابن ماجه** کتاب الدیات باب القسامة 2677 ، 2678

بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَعَقَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ وَلَمْ يَقُلْ فِي حَدِيثِهِ فَرَكَضَتْنِي نَاقَةٌ حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ يَعْنِي الثَّقَفِيَّ جَمِيعًا عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ [4345,4344,4343]

میں ایک دن ان کے اونٹوں کے باڑہ میں داخل ہوا۔ان اونٹوں میں سے ایک اونٹنی نے مجھے لات ماری۔

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے پاس سے اسے دیت ادا کر دی اور اس میں یہ ذکر نہیں ہے کہ اونٹنی نے مجھے لات ماری۔

3145{3}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ وَمُحَيِّصَةَ بْنَ مَسْعُودِ بْنِ زَيْدٍ الْأَنْصَارِيَّيْنِ ثُمَّ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ خَرَجَا إِلَى خَيْبَرَ فِي زَمَانِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ يَوْمَئِذٍ صُلْحٌ وَأَهْلُهَا

3145: بُشَیر بن یسار سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ بن سہلؓ بن زید اور محیصہؓ بن مسعود بن زید جو دونوں انصاری تھے اور بنی حارثہ میں سے تھے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں خیبر گئے۔ان دنوں خیبر سے صلح ہو چکی تھی اور وہاں یہودی رہتے تھے وہ دونوں اپنے اپنے کام کیلئے الگ ہوئے۔حضرت عبداللہ بن سہلؓ قتل کر دیئے گئے۔وہ کھجور کے

3145 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ...باب القسامة 3143 ، 3144 ، 3146

تخريج : بخاری كتاب الصلح باب الصلح من المشركين 2702 كتاب الجزية ولموادعة باب الموادعة والمصالحة مع المشركين ...3173 كتاب الادب باب اكرام الكبير ويبدأ اكبر بالكلام والسؤال 6142 كتاب الديات باب القسامة 6898 كتاب الاحكام باب كتاب الحاكم الى عماله والقاضى الى امنائه 7192 **ترمذی** كتاب الديات باب ما جاء فى القسامة 1422 **ابو داؤد** كتاب الديات باب القسامة 4520 ، 4521 باب فى ترك القود بالقسامة 4523 ، 4524 ، 4525 ، 4526 **نسائی** كتاب القسامة تبدئة اهل الدم فى القسامة 4710 ، 4711 ذكر الاختلاف الفاظ الناقلين لخبر سهل فيه 4712 ، 4713 ، 4714 ، 4715 ، 4716 ، 4717 ، 4718 ، 4719 ، 4720 **ابن ماجه** كتاب الديات باب القسامة 2677 ، 2678

يَهُودُ فَتَفَرَّقَا لِحَاجَتِهِمَا فَقُتِلَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَهْلٍ فَوُجِدَ فِي شَرَبَةٍ مَقْتُولًا فَدَفَنَهُ صَاحِبُهُ ثُمَّ أَقْبَلَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَمَشَى أَخُو الْمَقْتُولِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةُ وَحُوَيِّصَةُ فَذَكَرُوا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَأْنَ عَبْدِ اللَّهِ وَحَيْثُ قُتِلَ فَزَعَمَ بُشَيْرٌ وَهُوَ يُحَدِّثُ عَمَّنْ أَدْرَكَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَهُمْ تَحْلِفُونَ خَمْسِينَ يَمِينًا وَتَسْتَحِقُّونَ قَاتِلَكُمْ أَوْ صَاحِبَكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا شَهِدْنَا وَلَا حَضَرْنَا فَزَعَمَ أَنَّهُ قَالَ فَتُبْرِئُكُمْ يَهُودُ بِخَمْسِينَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ نَقْبَلُ أَيْمَانَ قَوْمٍ كُفَّارٍ فَزَعَمَ بُشَيْرٌ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَلَهُ مِنْ عِنْدِهِ {4} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ بُشَيْرِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَهْلِ بْنِ زَيْدٍ انْطَلَقَ هُوَ وَابْنُ عَمٍّ لَهُ يُقَالُ لَهُ مُحَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُودِ بْنِ زَيْدٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ اللَّيْثِ إِلَى قَوْلِهِ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ قَالَ يَحْيَى فَحَدَّثَنِي بُشَيْرُ بْنُ

درخت کے نیچے حوض میں مقتول پائے گئے۔ان کے ساتھی نے انہیں دفن کر دیا اور مدینہ آ گئے۔مقتول کے بھائی حضرت عبدالرحمانؓ بن سہل اور محیصہؓ اور حویصہؓ آئے اور رسول اللہ ﷺ سے عبداللہؓ کا واقعہ اور جہاں وہ قتل کیا گیا تھا بیان کیا۔راوی بُشَیر نے بیان کیا اور وہ رسول اللہ ﷺ کے ان صحابہؓ سے روایت کرتے ہیں جن سے وہ ملے تھے کہ حضورؐ نے ان سے فرمایا تم پچاس قسمیں کھاؤ گے اور اپنے (مقتول کے) قاتل سے قصاص کے مستحق ہو جاؤ گے۔ راوی کہتے ہیں کہ آپؐ نے قَاتِلَكُمْ فرمایا یا فرمایا صَاحِبَكُمْ۔ انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! نہ ہم نے یہ واقعہ دیکھا نہ ہم (وہاں) موجود تھے۔راوی کا بیان ہے کہ آپؐ نے فرمایا پھر یہودی پچاس قسموں کے ذریعہ تم سے بری ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! ہم کافروں کی قوم کی قسمیں کیسے قبول کریں۔ بُشَیر نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے پاس سے اس کی دیت ادا کی۔

ایک اور روایت میں ہے کہ انصارؓ میں سے ایک شخص جو بنو حارثہ میں سے تھا جسے عبداللہ بن سہلؓ بن زید کہتے تھے، وہ اور اس کا چچازاد جس کا نام محیصہؓ بن مسعود بن زید تھا (سفر) پر چلے پھر انہوں نے لیث کی روایت کی طرح یہانتک روایت بیان کی کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے پاس سے اس کی دیت ادا

يَسَارٍ قَالَ أَخْبَرَنِي سَهْلُ بْنُ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ لَقَدْ رَكَضَتْنِي فَرِيضَةٌ مِنْ تِلْكَ الْفَرَائِضِ بِالْمِرْبَدِ {5}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ الْأَنْصَارِيُّ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ نَفَرًا مِنْهُمْ انْطَلَقُوا إِلَى خَيْبَرَ فَتَفَرَّقُوا فِيهَا فَوَجَدُوا أَحَدَهُمْ قَتِيلًا وَسَاقَ الْحَدِيثَ وَقَالَ فِيهِ فَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُبْطِلَ دَمَهُ فَوَدَاهُ مِائَةً مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ [4348,4347,4346]

کی۔ یحییٰ کہتے تھے کہ مجھے بُشَیر نے بتایا کہ مجھے حضرت سہل بن ابی حثمہؓ نے خبر دی کہ ان اونٹنیوں میں سے ایک اونٹنی نے باڑہ میں مجھے لات ماری تھی۔ ایک اور روایت میں ہے سہل بن ابی حثمہؓ نے بتایا کہ دیت کی ان اونٹنیوں میں سے ایک اونٹنی نے باڑہ میں مجھے لات ماری تھی۔ اور ایک اور روایت میں ہے کہ سہل بن ابی حثمہ انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ ان کے کچھ لوگ خیبر گئے۔ وہاں جا کر الگ ہو گئے۔ ان میں سے ایک کو انہوں نے مقتول پایا۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔ اور اس میں راوی نے بیان کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے ناپسند فرمایا کہ اس کا خون رائیگاں جائے۔ پھر آپؐ نے صدقہ کے اونٹوں میں سے اس کی سو اونٹ دیت دی۔

3146{6}حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ أَنَسٍ يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو لَيْلَى عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَهْلٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ عَنْ رِجَالٍ مِنْ كُبَرَاءِ قَوْمِهِ

3146: ابولیلی عبداللہ بن عبدالرحمان بن سہلؓ نے بیان کیا کہ حضرت سہل بن ابی حثمہؓ نے انہیں اپنی قوم کے بڑوں سے روایت کرتے ہوئے بتایا کہ حضرت عبداللہؓ بن سہل اور حضرت محیصہؓ اپنی کسی مشکل کی وجہ سے جو انہیں پہنچی تھی خیبر گئے پھر حضرت محیصہؓ آئے

3146 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب القسامة 3143 ، 3144 ، 3145

تخريج : بخارى كتاب الصلح باب الصلح من المشركين 2702 كتاب الجزية والموادعة باب الموادعة والمصالحة مع المشركين ...3173 كتاب الادب باب اكرام الكبير ويبدأ اكبر بالكلام والسؤال 6142 كتاب الديات باب القسامة 6898 كتاب الاحكام باب كتاب الحاكم الى عماله والقاضى الى امنائه 1792 **ترمذى** كتاب الديات باب ما جاء فى القسامة 1422 **ابوداؤد** كتاب الديات باب القسامة 4520 ، 4521 باب فى ترك القود بالقسامة 4523 ، 4524 ، 4525 ، 4526 **نسائى** كتاب القسامة تبدئة اهل الدم فى القسامة 4710 ، 4711 ذكر الاختلاف الفاظ الناقلين لخبر سهل فيه 4712 ، 4713 ، 4714 ، 4715 ، 4716 ، 4717 ، 4718 ، 4719 ، 4720 **ابن ماجه** كتاب الديات باب القسامة 2677 ، 2678

أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلٍ وَمُحَيِّصَةَ خَرَجَا إِلَى خَيْبَرَ مِنْ جَهْدٍ أَصَابَهُمْ فَأَتَى مُحَيِّصَةُ فَأَخْبَرَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ سَهْلٍ قَدْ قُتِلَ وَطُرِحَ فِي عَيْنٍ أَوْ فَقِيرٍ فَأَتَى يَهُودَ فَقَالَ أَنْتُمْ وَاللَّهِ قَتَلْتُمُوهُ قَالُوا وَاللَّهِ مَا قَتَلْنَاهُ ثُمَّ أَقْبَلَ حَتَّى قَدِمَ عَلَى قَوْمِهِ فَذَكَرَ لَهُمْ ذَلِكَ ثُمَّ أَقْبَلَ هُوَ وَأَخُوهُ حُوَيِّصَةُ وَهُوَ أَكْبَرُ مِنْهُ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَهْلٍ فَذَهَبَ مُحَيِّصَةُ لِيَتَكَلَّمَ وَهُوَ الَّذِي كَانَ بِخَيْبَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُحَيِّصَةَ كَبِّرْ كَبِّرْ يُرِيدُ السِّنَّ فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ ثُمَّ تَكَلَّمَ مُحَيِّصَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِمَّا أَنْ يَدُوا صَاحِبَكُمْ وَإِمَّا أَنْ يُؤْذِنُوا بِحَرْبٍ فَكَتَبَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَيْهِمْ فِي ذَلِكَ فَكَتَبُوا إِنَّا وَاللَّهِ مَا قَتَلْنَاهُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحُوَيِّصَةَ وَمُحَيِّصَةَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ أَتَحْلِفُونَ وَتَسْتَحِقُّونَ دَمَ صَاحِبِكُمْ قَالُوا لَا قَالَ فَتَحْلِفُ لَكُمْ يَهُودُ قَالُوا لَيْسُوا بِمُسْلِمِينَ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور انہوں نے بتایا کہ حضرت عبداللہؓ بن سہل کو قتل کر دیا گیا ہے اوران کو ایک چشمہ یا گڑھے میں پھینکا گیا وہ یہود کے پاس آئے اور کہا اللہ کی قسم تم نے اسے قتل کیا ہے۔ انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہم نے اسے قتل نہیں کیا۔ پھر وہ آئے اور اپنی قوم کے پاس پہنچے اور ان سے یہ ذکر کیا۔ پھر وہ اور اس کے بھائی حضرت حویصہؓ جو اُن سے بڑے تھے اور عبدالرحمان بن سہل آئے حضرت محیصہؓ بات کرنے لگے اور یہ وہ ہیں جو خیبر گئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے محیصہؓ سے فرمایا بڑے کو، بڑے کو بات کرنے دو آپؐ کی مراد عمر کے لحاظ سے تھی۔ پھر حضرت حویصہؓ نے بات کی پھر حضرت محیصہؓ نے گفتگو کی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یا تو وہ تمہارے ساتھی کی دیت دیں یا اعلانِ جنگ کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے اس بارہ میں انہیں لکھا تو انہوں نے (جواب میں) لکھا اللہ کی قسم ہم نے اسے قتل نہیں کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حویصہؓ حضرت محیصہؓ اور حضرت عبدالرحمانؓ سے فرمایا کیا تم قسم کھاتے ہو اور (اس طرح) تم اپنے (مقتول کے) قاتل کے خون کے حقدار ہو جاؤ گے۔ انہوں نے کہا نہیں آپؐ نے فرمایا پھر یہودی تمہارے بالمقابل قسم کھائیں گے۔ انہوں نے کہا وہ تو مسلمان نہیں ہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اپنے پاس سے اس کی دیت ادا فرمائی اور رسول اللہ ﷺ نے ان

مِائَةَ نَاقَةٍ حَتَّى أُدْخِلَتْ عَلَيْهِمُ الدَّارَ فَقَالَ سَهْلٌ فَلَقَدْ رَكَضَتْنِي مِنْهَا نَاقَةٌ حَمْرَاءُ [4349]

کی طرف سو اونٹنیاں بھیجیں جو اُن کی حویلی میں داخل کی گئیں۔ سہل کہتے ہیں ان میں سے ایک سرخ اونٹنی نے مجھے لات ماری تھی۔

3147{7}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَ أَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا و قَالَ حَرْمَلَةُ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَسُلَيْمَانُ بْنُ يَسَارٍ مَوْلَى مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَقَرَّ الْقَسَامَةَ عَلَى مَا كَانَتْ عَلَيْهِ فِي الْجَاهِلِيَّةِ {8} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا ابْنُ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَزَادَ وَقَضَى بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ نَاسٍ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي قَتِيلٍ ادَّعَوْهُ عَلَى الْيَهُودِ و حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ وَسُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ أَخْبَرَاهُ عَنْ نَاسٍ مِنَ الْأَنْصَارِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ جُرَيْجٍ [4352,4351,4350]

3147: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت میمونہؓ کے آزاد کردہ غلام سلیمان بن یسار رسول اللہ ﷺ کے انصار صحابہؓ میں سے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے قسامت کا وہی طریق جیسے وہ اسلام سے قبل قائم تھا قائم رکھا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اسی (قسامت کے طریق) کے مطابق انصار کے مقتول کے بارہ میں فیصلہ فرمایا جس کا انہوں نے یہود پر دعویٰ کیا تھا۔

3147 : تخريج : نسائی كتاب القسامة، القسامة 4707 ، 4708 ، 4709

[2]2:بَاب: حُكْمُ الْمُحَارِبِينَ وَالْمُرْتَدِّينَ

باب: لڑائی کرنے والوں اور مرتدین کے بارہ میں حکم

3148{9} وَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ هُشَيْمٍ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى قَالَ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ وَحُمَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ نَاسًا مِنْ عُرَيْنَةَ قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَاجْتَوَوْهَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتُمْ أَنْ تَخْرُجُوا إِلَى إِبِلِ الصَّدَقَةِ فَتَشْرَبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا فَفَعَلُوا فَصَحُّوا ثُمَّ مَالُوا عَلَى الرُّعَاةِ فَقَتَلُوهُمْ وَارْتَدُّوا عَنِ الْإِسْلَامِ وَسَاقُوا ذَوْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ فِي أَثَرِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَلَ أَعْيُنَهُمْ وَتَرَكَهُمْ فِي الْحَرَّةِ حَتَّى مَاتُوا [4353]

3148: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ عرینہ قبیلہ کے کچھ لوگ رسول اللہ ﷺ کے پاس مدینہ آئے۔ اس کی آب و ہوا انہیں موافق نہ آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا اگر تم چاہو تو صدقہ کے اونٹوں میں چلے جاؤ اور ان کے دودھ اور پیشاب پیو۔ انہوں نے ایسا ہی کیا اور صحت مند ہو گئے پھر انہوں نے چرواہوں پر حملہ کیا اور انہیں قتل کر دیا اور اسلام سے مرتد ہو گئے اور رسول اللہ ﷺ کی اونٹنیاں ہانک کر لے گئے۔ رسول اللہ ﷺ کو یہ اطلاع ملی تو آپؐ نے ان کے تعاقب میں لوگ بھیجے۔ انہیں لایا گیا۔ ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے اور ان کی آنکھوں میں سلائی پھیری اور انہیں حرّہ (کے میدان) میں چھوڑ دیا یہانتک کہ وہ مر گئے۔☆

3148 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب حكم المحاربين والمرتدين 3149 ، 3150

تخريج : بخارى كتاب الوضوء باب ابوال الابل والدواب والغنم ومرابضها 233 كتاب الزكاة باب استعمال ابل الصدقة والبانها لابناء السبيل 1501 كتاب الجهاد والسير باب اذا حرق المشرك المسلم هل يحرق 3018 كتاب المغازى باب قصه عكل عرينه 4192 كتاب التفسير باب انما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله ...4610 كتاب الطب باب الدواء بالبان الابل 5685 باب الدواء بابوال الابل 5686 باب من خرج من ارض لا تلاميه 5727 كتاب الحدود وقول الله تعالىٰ انما جزاء الذين يحاربون 6802 ، 6803 باب لم يسق المرتدون المحاربون حتى ما توا 6804 باب سمر النبى ﷺ اعين المحاربين ...6805 كتاب الديات باب القسامة 6899

☆ جو سلوک انہوں نے چرواہوں سے کیا تھا یہ سزا اس کے مطابق تھی۔

3149{10}حَدَّثَنَا أَبُو جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ حَدَّثَنِي أَبُو رَجَاءٍ مَوْلَى أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ حَدَّثَنِي أَنَسٌ أَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَايَعُوهُ عَلَى الْإِسْلَامِ فَاسْتَوْخَمُوا الْأَرْضَ وَسَقُمَتْ أَجْسَامُهُمْ فَشَكَوْا ذَلِكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَا تَخْرُجُونَ مَعَ رَاعِينَا فِي إِبِلِهِ فَتُصِيبُونَ مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا فَقَالُوا بَلَى فَخَرَجُوا فَشَرِبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا فَصَحُّوا فَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَطَرَدُوا الْإِبِلَ فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ فِي آثَارِهِمْ فَأُدْرِكُوا فَجِيءَ بِهِمْ فَأَمَرَ بِهِمْ فَقُطِعَتْ أَيْدِيهِمْ وَأَرْجُلُهُمْ وَسُمِرَ أَعْيُنُهُمْ ثُمَّ نُبِذُوا فِي

3149: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ قبیلہ عکل کے آٹھ افراد رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور انہوں نے اسلام پر آپؐ کی بیعت کی۔ان کو علاقہ کی آب وہوا موافق نہیں آئی۔ان کے جسم بیمار ہو گئے اور انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کی شکایت کی تو آپؐ نے فرمایا تم ہمارے چرواہے کے ساتھ اس کے اونٹوں میں کیوں نہیں چلے جاتے تا کہ تم ان کے پیشاب اور دودھ پیو۔انہوں نے کہا کیوں نہیں پس وہ چلے گئے اور انہوں نے ان اونٹوں کے پیشاب اور دودھ پیئے اور وہ صحت مند ہو گئے۔پھر انہوں نے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے۔رسول اللہ ﷺ کو یہ اطلاع پہنچی تو آپؐ نے ان کے تعاقب میں لوگ بھیجے۔وہ پکڑے گئے، اُنہیں لایا گیا۔آپؐ نے ان کے بارہ میں حکم دیا اُن کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے گئے اور آنکھوں میں گرم سلائیاں پھیری گئیں پھر اُنہیں دھوپ میں ڈالا گیا یہانتک کہ وہ مر گئے۔

ایک اور روایت میں (طَـرَدُوا الْإِبِـلَ کی بجائے)

3149 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب حكم المحاربين والمرتدين 3148 ، 3150

تخریج : بخاری كتاب الوضوء باب ابوال الابل والدواب والغنم ومرابضها 233 كتاب الزكاة باب استعمال ابل الصدقة والبانها لابناء السبيل 1501 كتاب الجهاد والسير باب اذا حرق المشرك المسلم هل يحرق 3018 كتاب المغازى باب قصه عكل عرينه 4192 كتاب التفسير باب انما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله ...4610 كتاب الطب باب الدواء بالبان الابل 5685 باب الدواء بابوال الابل 5686 باب من خرج من ارض لا تلاميه 5727 كتاب الحدود وقول الله تعالىٰ انما جزاء الذين يحاربون 6802 ، 6803 باب لم يسق المرتدون المحاربون حتى ما توا 6804 باب سمر النبى ﷺ اعين المحاربين ...6805 كتاب الديات باب القسامة 6899

الشَّمْسِ حَتَّى مَاتُوا و قَالَ ابْنُ الصَّبَّاحِ فِي رِوَايَتِهِ وَاطَّرَدُوا النَّعَمَ وَقَالَ وَسُمِّرَتْ أَعْيُنُهُمْ {11}و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي رَجَاءٍ مَوْلَى أَبِي قِلَابَةَ قَالَ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ مِنْ عُكْلٍ أَوْ عُرَيْنَةَ فَاجْتَوَوْا الْمَدِينَةَ فَأَمَرَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِقَاحٍ وَأَمَرَهُمْ أَنْ يَشْرَبُوا مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا بِمَعْنَى حَدِيثِ حَجَّاجِ بْنِ أَبِي عُثْمَانَ قَالَ وَسُمِرَتْ أَعْيُنُهُمْ وَأُلْقُوا فِي الْحَرَّةِ يَسْتَسْقُونَ فَلَا يُسْقَوْنَ {12}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ ح و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ حَدَّثَنَا أَزْهَرُ السَّمَّانُ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا أَبُو رَجَاءٍ مَوْلَى أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا خَلْفَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فَقَالَ لِلنَّاسِ مَا تَقُولُونَ فِي الْقَسَامَةِ فَقَالَ عَنْبَسَةُ قَدْ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ كَذَا وَكَذَا فَقُلْتُ إِيَّايَ حَدَّثَ أَنَسٌ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمٌ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ أَيُّوبَ

اَطْرَدُوْالنَّعَمَ کےالفاظ ہیں اور(سُمِرَ اَعْيُنُهُمْ کی بجائے) سُمِّرتْ اَعْيُنُهُمْ کےالفاظ ہیں۔

حضرت انسؓ بن مالک کی ایک اور روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس عکل یا عرینہ کی قوم کے لوگ آئے اور انہیں مدینہ کی آب وہوا موافق نہ آئی۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں دودھ والی اونٹنیوں میں جانے کا ارشادفرمایااور آپؐ نے انہیں فرمایا کہ وہ ان کے پیشاب اور دودھ پئیں ۔باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہےمگراس میں یہ مزید ہے کہ ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیری گئیں اور ان کوحرہ میں ڈال دیا گیاوہ پانی مانگتے تھےمگران کو پانی نہ دیا جاتا۔

ابوقلابہ سے روایت ہے انہوں نے کہا میں حضرت عمر بن عبدالعزیزؒ کے پیچھے بیٹھا تھا۔ انہوں نے لوگوں سے کہا تم قسامت کے بارہ میں کیا کہتے ہو؟عنبسہ نے کہا کہ حضرت انسؓ بن مالک نے ہم سے یہ یہ بیان کیا۔میں(ابوقلابہ) نے کہامجھ سے حضرت انسؓ نے بیان کیا کہ نبی ﷺ کے پاس ایک قوم آئی۔پھر باقی روایت انہوں نے راوی ایوب اورحجاج کی طرح بیان کی ۔ابوقلابہ کہتے ہیں جب میں فارغ ہوا تو عنبسہ نے کہاسبحان اللہ۔

ابوقلابہ کہتے ہیں میں نے کہااے عنبسہ! کیا آپ مجھ پرتہمت لگا رہے ہیں انہوں نے کہانہیں ہم سے بھی حضرت انسؓ بن مالک نے اسی طرح بیان کیا تھا

وَحَجَّاجٍ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ فَلَمَّا فَرَغْتُ قَالَ عَنْبَسَةُ سُبْحَانَ اللَّهِ قَالَ أَبُو قِلَابَةَ فَقُلْتُ أَتَتَّهِمُنِي يَا عَنْبَسَةُ قَالَ لَا هَكَذَا حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ لَنْ تَزَالُوا بِخَيْرٍ يَا أَهْلَ الشَّامِ مَا دَامَ فِيكُمْ هَذَا أَوْ مِثْلُ هَذَا و حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَبِي شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا مِسْكِينٌ وَهُوَ ابْنُ بُكَيْرٍ الْحَرَّانِيُّ أَخْبَرَنَا الْأَوْزَاعِيُّ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةُ نَفَرٍ مِنْ عُكْلٍ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ وَلَمْ يَحْسِمْهُمْ {13}و حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمَعِيلَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِنْ عُرَيْنَةَ فَأَسْلَمُوا وَبَايَعُوهُ وَقَدْ وَقَعَ بِالْمَدِينَةِ الْمُومُ وَهُوَ الْبِرْسَامُ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِهِمْ وَزَادَ وَعِنْدَهُ شَبَابٌ مِنَ الْأَنْصَارِ قَرِيبٌ مِنْ عِشْرِينَ فَأَرْسَلَهُمْ إِلَيْهِمْ وَبَعَثَ مَعَهُمْ قَائِفًا

اے اہل شام! تم اس وقت تک بھلائی میں رہو گے جب تک تم میں یہ یا اس جیسا شخص موجود ہے۔

ایک اور روایت میں (أَنَّ نَفَرًا مِنْ عُكْلٍ ثَمَانِيَةً قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ ثَمَانِيَةُ نَفَرٍ مِنْ عُكْلٍ کے الفاظ ہیں۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس روایت میں یہ مزید ہے کہ ان کا خون روکنے کے لئے ان کے زخموں کو داغا نہیں گیا تھا۔

ایک اور روایت حضرت انسؓ سے مروی ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس عرینہ قبیلہ کے کچھ لوگ آئے۔ انہوں نے اسلام قبول کیا اور آپؐ کی بیعت کی۔ مدینہ میں ان دنوں وباء پیدا ہوگئی جسے برسام☆ کہتے ہیں۔ باقی روایت سابقہ روایت کے مطابق ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ آپؐ کے پاس انصارؓ کے بیس کے قریب نوجوان تھے جن کو آپؐ نے اُن کی طرف بھیجا اور ان کے ساتھ ایک کھوجی بھیجا جو اُن کے پاؤں کے نشان تلاش کرتا جاتا تھا۔

☆مُوم یا برسام ایک بیماری ہے جو ذہن کو متاثر کرتی ہے اور سر پر ورم اور سینہ پر ورم کا باعث بنتی ہے۔

يَقْتَصُّ أَثَرَهُمْ حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ وَفِي حَدِيثِ هَمَّامٍ قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطٌ مِنْ عُرَيْنَةَ وَفِي حَدِيثِ سَعِيدٍ مِنْ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ بِنَحْوِ حَدِيثِهِمْ [4356,4355,4354] [4359,4358,4357]

3150{14} و حَدَّثَنِي الْفَضْلُ بْنُ سَهْلٍ الْأَعْرَجُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَنَسٍ قَالَ إِنَّمَا سَمَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْيُنَ أُولَئِكَ لِأَنَّهُمْ سَمَلُوا أَعْيُنَ الرِّعَاءِ[4360]

3150 : حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کی آنکھوں میں سلائیاں پھیریں کیونکہ انہوں نے چرواہوں کی آنکھوں میں سلائیاں پھیری تھیں۔

3150 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب حكم المحاربين والمرتدين 3148 ، 3149

تخريج : بخاری كتاب الوضوء باب ابوال الابل والدواب والغنم ومرابضها 233 كتاب الزكاة باب استعمال ابل الصدقة والبانها لابناء السبيل 1501 كتاب الجهاد والسير باب اذا حرق المشرك المسلم هل يحرق 3018 كتاب المغازى باب قصه عكل عرينه 4192 كتاب التفسير باب انما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله ... 4610 كتاب الطب باب الدواء بالبان الابل 5685 باب الدواء بابوال الابل 5686 باب من خرج من ارض لا تلاميه 5727 كتاب الحدود وقول الله تعالىٰ انما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله ...6802 ، 6803 باب لم يسق المرتدون المحاربون حتى ما توا 6804 باب سمر النبى ﷺ اعين المحاربين ...6805 كتاب الديات باب القسامة 6899

[3]3:بَاب: ثُبُوتُ الْقِصَاصِ فِي الْقَتْلِ بِالْحَجَرِ وَغَيْرِهِ مِنَ الْمُحَدَّدَاتِ وَالْمُثَقَّلَاتِ وَقَتْلُ الرَّجُلِ بِالْمَرْأَةِ

باب: پتھر وغیرہ تیز اور بھاری چیزوں کے ذریعہ قتل کا قصاص کا لیا جانا اور (مقتول) عورت کے بدلہ میں (قاتل) مرد کا قتل کیا جانا

3151{15}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ يَهُودِيًّا قَتَلَ جَارِيَةً عَلَى أَوْضَاحٍ لَهَا فَقَتَلَهَا بِحَجَرٍ قَالَ فَجِيءَ بِهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِهَا رَمَقٌ فَقَالَ لَهَا أَقَتَلَكِ فُلَانٌ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَنْ لَا ثُمَّ قَالَ لَهَا الثَّانِيَةَ فَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا أَنْ لَا ثُمَّ سَأَلَهَا الثَّالِثَةَ فَقَالَتْ نَعَمْ وَأَشَارَتْ بِرَأْسِهَا فَقَتَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ حَجَرَيْنِ و حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ

3151:حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ ایک یہودی نے ایک لڑکی کو اس کے زیور کی وجہ سے قتل کر دیا۔ اس نے اسے پتھر سے قتل کیا تھا۔ راوی کہتے ہیں اس لڑکی کو نبی ﷺ کے پاس لایا گیا اور اس میں ابھی جان باقی تھی۔ آپؐ نے اس سے پوچھا کیا فلاں شخص نے تجھے قتل کیا ہے؟ تو اس نے سر سے اشارہ کیا کہ نہیں پھر آپؐ نے دوسری بار ایک اور نام لے کر اُس سے پوچھا تو اس نے سر سے اشارہ کیا کہ نہیں۔ پھر آپؐ نے اس سے تیسری دفعہ (ایک اور نام لے کر) پوچھا تو اس نے کہا ہاں اور اس نے سر سے اشارہ کیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے اس (یہودی) کو دو پتھروں سے قتل کروا دیا۔☆

3151 : اطراف : مسلم کتاب القسامة والمحاربين ... باب ثبوت القصاص فى القتل بالحجر وغيره... 3152، 3153
تخريج : بخارى كتاب الخصومات باب ما يذكر فى الاشخاص والخصومة ...2413 كتاب الوصايا باب اذا اومأ المريض برأسه ...2746 كتاب الديات باب سؤال القاتل حتى يقر 6876 باب اذا قتل بحجر او بعصا 6877 باب من اقاد بالحجر 6879 باب اذا اقر بالقتل مرة قتل به 6884 باب قتل الرجل بالمرأة 6885 **ترمذى** كتاب الديات باب ما جاء فيمن رضخ رأسه بصخرة 1394 **نسائى** كتاب القسامة باب القود من الرجل للمرأة 4740، 4741، 4742 **ابوداؤد** كتاب الديات باب يقاد من القاتل 4527، 4528، 4529 باب القود بغير حديد 4535 **ابن ماجه** كتاب الديات باب يقتاد من القاتل كما قاتل 2665، 2666

☆ اس قاتل کو جرم کی سزا باقاعدہ تحقیق اور پھر اقبال جرم کے بعد دی گئی تھی۔

ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ إِدْرِيسَ فَرَضَخَ رَأْسَهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ [4362,4361]

ایک اورروایت میں (قَتَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ بَيْنَ حَجَرَيْنِ کی بجائے) فَرَضَخَ رَأْسَهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ کے الفاظ ہیں یعنی اس یہودی کا سر دو پتھروں کے درمیان کچلا۔

3152{16}حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ قَتَلَ جَارِيَةً مِنَ الْأَنْصَارِ عَلَى حُلِيٍّ لَهَا ثُمَّ أَلْقَاهَا فِي الْقَلِيبِ وَرَضَخَ رَأْسَهَا بِالْحِجَارَةِ فَأُخِذَ فَأُتِيَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ بِهِ أَنْ يُرْجَمَ حَتَّى يَمُوتَ فَرُجِمَ حَتَّى مَاتَ و حَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي مَعْمَرٌ عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4364,4363]

3152:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ یہود میں سے ایک شخص نے انصار کی ایک لڑکی کو اس کے زیور کی وجہ سے قتل کر دیا پھر اس کو ایک گڑھے میں پھینک دیا اور اس نے اس کا سر پتھر سے کچل دیا تھا وہ پکڑا گیا اور رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا گیا۔ آپؐ نے اس کے بارہ میں حکم دیا کہ اسے سنگسار کیا جائے یہانتک کہ وہ مر جائے پس اسے سنگسار کیا گیا یہانتک کہ وہ مر گیا۔

3153{17} و حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ جَارِيَةً وُجِدَ رَأْسُهَا قَدْ رُضَّ بَيْنَ

3153:حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ ایک لڑکی کو اس حال میں پایا گیا کہ اس کا سر دو پتھروں کے درمیان کچلا گیا تھا۔ انہوں نے اس سے پوچھا

3152 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب ثبوت القصاص فى القتل بالحجر وغيره... 3151، 3153
تخریج : بخاری كتاب الخصومات باب ما يذكر فى الاشخاص والخصومة ...2413 كتاب الوصايا باب اذا اومأ المريض برأسه ...2746 كتاب الديات باب سؤال القاتل حتى يقر 6876 باب اذا قتل بحجر او بعصا 6877 باب من اقاد بالحجر 6879 باب اذا اقر بالقتل مرة قتل به 6884 باب قتل الرجل بالمرأة 6885 **ترمذی** كتاب الديات باب ما جاء فيمن رضخ رأسه بصخرة 1394 **نسائی** كتاب القسامة باب القود من الرجل للمرأة 4740، 4741، 4742 **ابو داؤد** كتاب الديات باب يقاد من القاتل 4527، 4528، 4529 باب القود بغير حديد 4535 **ابن ماجه** كتاب الديات باب يقتاد من القاتل كما قاتل 2665، 2666
3153 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب ثبوت القصاص فى القتل بالحجر وغيره... 3151، 3152 =

حَجَرَيْنِ فَسَأَلُوهَا مَنْ صَنَعَ هَذَا بِكِ فُلَانٌ فُلَانٌ حَتَّى ذَكَرُوا يَهُودِيًّا فَأَوْمَتْ بِرَأْسِهَا فَأُخِذَ الْيَهُودِيُّ فَأَقَرَّ فَأَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَضَّ رَأْسُهُ بِالْحِجَارَةِ [4365]

کہ تیرے ساتھ یہ کس نے کیا ؟ کیا فلاں نے ؟ کیا فلاں نے ؟ یہاںتک کہ انہوں نے ایک یہودی کا ذکر کیا تو اس نے سر سے اشارہ کیا (کہ ہاں) وہ یہودی پکڑا گیا تو اس نے اقرار کرلیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے بارہ میں حکم دیا کہ اس کا سر پتھر سے کچلا جائے۔

[4]4: بَاب: الصَّائِلُ عَلَى نَفْسِ الْإِنْسَانِ أَوْ عُضْوِهِ إِذَا دَفَعَهُ الْمَصُولُ عَلَيْهِ فَأَتْلَفَ نَفْسَهُ أَوْ عُضْوَهُ لَا ضَمَانَ عَلَيْهِ

باب: کسی انسان کی جان یا اس کے کسی عضو پر حملہ کرنے والے کو اگر وہ جس پر حملہ کیا گیا ہو دھکّا دے اور وہ اس کی جان یا اس کا عضو تلف کر دے تو اس پر کوئی ذمہ داری نہیں

3154{18} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ

3154: حضرت عمرانؓ بن حُصین سے روایت ہے کہ یعلی بن مُنیہ یا ابن اُمَیَّہ ایک شخص سے لڑ پڑا۔ اُن میں سے ایک نے دوسرے (کے ہاتھ پر) کاٹا۔ اس

= **تخريج : بخارى** كتاب الخصومات باب ما يذكر فى الاشخاص والخصومة ... 2413 كتاب الوصايا باب اذا اومأ المريض برأسه ... 2746 كتاب الديات باب سؤال القاتل حتى يقر 6876 باب اذا قتل بحجر او بعصا 6877 باب من اقاد بالحجر 6879 باب اذا اقر بالقتل مرة قتل به 6884 باب قتل الرجل بالمرأة 6885 **ترمذى** كتاب الديات باب ما جاء فيمن رضخ رأسه بصخرة 1394 **نسائى** كتاب القسامة باب القود من الرجل للمرأة 4740 ، 4741 ، 4742 **ابوداؤد** كتاب الديات باب يقاد من القاتل 4527 ، 4528 ، 4529 باب القود بغير حديد 4535 **ابن ماجه** كتاب الديات باب يقتاد من القاتل كما قاتل 2665 ، 2666

3154 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب الصائل على نفس الانسان اوعضوه اذا دفعه المصول عليه ...3155 ، 3156 ، 3157 ، 3158 ، 3159

تخريج : بخارى كتاب الاجارة باب الاجير فى الغزو 2265 ، 2266 كتاب الجهاد والسير باب الاجير 2973 كتاب المغازى باب غزوة تبوك 4417 كتاب الديات باب اذا عض رجلا فوقعت ثناياه 6892 ، 6893 **ترمذى** كتاب الديات باب ما جاء فى القصاص 1416 **نسائى** كتاب القسامة القود من العضة 4758 ، 4759 ، 4760 ، 4762 الرجل يدفع عن نفسه 4763 ، 4764 ذكر الاختلاف على عطاء فى هذا الحديث 4765 ، 4766 ، 4767 ، 4768 ، 4769 ، 4771 ، 4772 **ابوداؤد** كتاب الديات باب فى الرجل يقاتل الرجل **ابن ماجه** كتاب الديات باب من عض رجلا فنزع يده 2656 ، 2657

حُصَيْنٍ قَالَ قَاتَلَ يَعْلَى بْنُ مُنْيَةَ أَوِ ابْنُ أُمَيَّةَ رَجُلًا فَعَضَّ أَحَدُهُمَا صَاحِبَهُ فَانْتَزَعَ يَدَهُ مِنْ فَمِهِ فَنَزَعَ ثَنِيَّتَهُ و قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى ثَنِيَّتَيْهِ فَاخْتَصَمَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَيَعَضُّ أَحَدُكُمْ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ لَا دِيَةَ لَهُ و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ يَعْلَى عَنْ يَعْلَى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ[4367,4366]

نے اس کے منہ سے اپنا ہاتھ کھینچا تو اس کا اگلا دانت ٹوٹ گیا۔ راوی ابن مثنیٰ کہتے ہیں کہ اس کے اگلے دو دانت ٹوٹ گئے وہ دونوں نبی ﷺ کے پاس جھگڑا لے کر گئے۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم میں سے ایک شخص اس طرح کاٹتا ہے جیسا کہ ایک سانڈ کاٹتا ہے! اس کی کوئی دیت نہیں ہے۔

3155{19}حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا عَضَّ ذِرَاعَ رَجُلٍ فَجَذَبَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتُهُ فَرُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبْطَلَهُ وَقَالَ أَرَدْتَ أَنْ تَأْكُلَ لَحْمَهُ [4368]

3155: حضرت عمرانؓ بن حصین سے روایت ہے کہ ایک شخص نے دوسرے شخص کے بازو پر کاٹ لیا۔ اس نے اسے کھینچا تو پہلے کا اگلا دانت گر گیا۔ معاملہ نبی ﷺ کے پاس پیش ہوا۔ آپؐ نے اس کی دیت کو باطل قرار دیا اور فرمایا کیا تم چاہتے تھے کہ اس کا گوشت کھا جاؤ!

3156{20}حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ

3156: حضرت صفوان بن یعلیٰؓ سے روایت ہے کہ حضرت یعلیٰؓ بن منیہ کے مزدور نے کسی شخص کا بازو

3155 : اطراف : مسلم کتاب القسامة والمحاربين ... باب الصائل على نفس الانسان اوعضوه اذا دفعه المصول عليه ... 3154 ، 3156 ، 3157 ، 3158، 3159

تخريج : بخارى كتاب الاجارة باب الاجير فى الغزو 2265 ، 2266 كتاب الجهاد والسير باب الاجير 2973 كتاب المغازى باب غزوة تبوك 4417 كتاب الديات باب اذا عض رجلا فوقعت ثناياه 6892 ، 6893 **ترمذى** كتاب الديات باب ما جاء فى القصاص 1416 **نسائى** كتاب القسامة القود من العضة 4758 ، 4759 ، 4760، 4762 الرجل يدفع عن نفسه 4763، 4764 ذكر الاختلاف على عطاء فى هذا الحديث 4765 ، 4766 ، 4767 ، 4768، 4769، 4771، 4772 **ابوداؤد** كتاب الديات باب فى الرجل يقاتل الرجل **ابن ماجه** كتاب الديات باب من عض رجلا فنزع يده 2656 ، 2657

3156 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب الصائل على نفس الانسان اوعضوه اذا دفعه المصول عليه ... 3154، 3155 ، 3157 ، 3158، 3159 =

عَنْ بُدَيْلٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى أَنَّ أَجِيرًا لِيَعْلَى بْنِ مُنْيَةَ عَضَّ رَجُلٌ ذِرَاعَهُ فَجَذَبَهَا فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتُهُ فَرُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَبْطَلَهَا وَقَالَ أَرَدْتَ أَنْ تَقْضَمَهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ [4369]

کاٹ کھایا۔اس نے (اپنا بازو) کھینچا تو اس (مزدور کا) اگلا دانت گر گیا۔ معاملہ نبی ﷺ کی خدمت میں پیش ہوا۔آپؐ نے اس کی دیت باطل قرار دے دی اور فرمایا تم یہ چاہتے تھے کہ تم اس (کے بازو) کو چباؤ جیسا کہ سانڈ چباتا ہے۔

3157{21}حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عُثْمَانَ النَّوْفَلِيُّ حَدَّثَنَا قُرَيْشُ بْنُ أَنَسٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا عَضَّ يَدَ رَجُلٍ فَانْتَزَعَ يَدَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتُهُ أَوْ ثَنَايَاهُ فَاسْتَعْدَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَأْمُرُنِي تَأْمُرُنِي أَنْ آمُرَهُ أَنْ يَدَعَ يَدَهُ فِي فِيكَ تَقْضَمُهَا كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ ادْفَعْ يَدَكَ حَتَّى يَعَضَّهَا ثُمَّ انْتَزِعْهَا [4370]

3157:حضرت عمرانؓ بن حصین سے روایت ہے کہ ایک شخص نے دوسرے شخص کا ہاتھ کاٹ لیا۔اس نے اپنا ہاتھ کھینچا تو اس (شخص) کا اگلا دانت یا اگلے دو دانت گر گئے اس نے نبی ﷺ سے مدد چاہی رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم مجھے کیا کہتے ہو تم مجھے یہ کہتے ہو کہ میں اسے حکم دوں کہ وہ اپنا ہاتھ تمہارے منہ میں چھوڑ دے تا کہ تم اسے ایسے چباؤ جیسے نر اونٹ چباتا ہے۔تم اپنا ہاتھ اس کے آگے رکھو تا کہ وہ اسے چبائے پھر تم اسے کھینچ لو۔

= **تخریج : بخاری** کتاب الاجارة باب الاجير فى الغزو 2265 ، 2266 كتاب الجهاد والسير باب الاجير 2973 كتاب المغازى باب غزوة تبوک 4417 کتاب الديات باب اذا عض رجلا فوقعت ثناياه 6892 ،6893 **ترمذی** كتاب الديات باب ما جاء فى القصاص 1416 **نسائی** كتاب القسامة القود من العضة 4758 ، 4759 ، 4760، 4762 الرجل يدفع عن نفسه 4763 4764 ذكر الاختلاف على عطاء فى هذا الحديث 4765 ، 4766 ، 4767 ، 4768، 4769، 4771، 4772 **ابوداؤد** كتاب الديات باب فى الرجل يقاتل الرجل **ابن ماجه** كتاب الديات باب من عض رجلا فنزع يده 2656 ، 2657

3157: اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب الصائل على نفس الانسان اوعضوه اذا دفعه المصول عليه ... 3154 ، 3155 ، 3156 ، 3158 ، 3159

تخریج : بخاری کتاب الاجارة باب الاجير فى الغزو 2265 ، 2266 كتاب الجهاد والسير باب الاجير 2973 كتاب المغازى باب غزوة تبوک 4417 کتاب الديات باب اذا عض رجلا فوقعت ثناياه 6892 ،6893 **ترمذی** كتاب الديات باب ما جاء فى القصاص 1416 **نسائی** كتاب القسامة القود من العضة 4758 ، 4759 ، 4760، 4762 الرجل يدفع عن نفسه 4763، 4764 ذكر الاختلاف على عطاء فى هذا الحديث 4765 ، 4766 ، 4767 ، 4768، 4769، 4771، 4772 **ابوداؤد** كتاب الديات باب فى الرجل يقاتل الرجل **ابن ماجه** كتاب الديات باب من عض رجلا فنزع يده 2656 ، 2657

3158{22}حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا عَطَاءٌ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُنْيَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ وَقَدْ عَضَّ يَدَ رَجُلٍ فَانْتَزَعَ يَدَهُ فَسَقَطَتْ ثَنِيَّتَاهُ يَعْنِي الَّذِي عَضَّهُ قَالَ فَأَبْطَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ أَرَدْتَ أَنْ تَقْضَمَهُ كَمَا يَقْضَمُ الْفَحْلُ[4371]

3158:حضرت صفوان بن یعلیٰؓ بن منیہ اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ نبی ﷺ کے پاس ایک شخص آیا۔اس نے ایک شخص کا ہاتھ کاٹ لیا تھا۔اس نے اپنا ہاتھ کھینچا تو اس کے اگلے دو دانت گر گئے یعنی (اس شخص کے) جس نے اُسے کاٹا تھا۔ راوی کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے اس کی دیت کو باطل قرار دیا اور فرمایا تم چاہتے تھے کہ تم اسے چباؤ جیسا کہ نر اونٹ چباتا ہے۔

3159{23}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَخْبَرَنِي صَفْوَانُ بْنُ يَعْلَى بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزْوَةَ تَبُوكَ قَالَ وَكَانَ يَعْلَى يَقُولُ تِلْكَ الْغَزْوَةُ أَوْثَقُ عَمَلِي عِنْدِي فَقَالَ عَطَاءٌ

3159:حضرت صفوان بن یعلیٰؓ بن امیہ اپنے باپ سے بیان کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ میں نبی ﷺ کے ساتھ غزوۂ تبوک میں شامل ہوا۔راوی کہتے ہیں یعلیٰؓ کہتے تھے یہ غزوہ میرے نزدیک میرے پختہ ترین اعمال میں سے ہے۔یعلیٰؓ کہتے ہیں میرا ایک مزدور تھا۔اس کی ایک شخص سے لڑائی ہوگئی اور ان

3158 : اطراف : مسلم كتاب القسامة والمحاربين ... باب الصائل على نفس الانسان اوعضوه اذا دفعه المصول عليه ... 3154، 3155، 3156 ، 3157، 3159

تخریج : بخاری کتاب الشهادات باب شهادة القاذف والسارق والزانی 2648 کتاب احادیث الانبیاء باب حدیث الغار 3475 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب ذکر اسامة بن زید 3733 کتاب المغازی باب مقام النبی ﷺ بمکة زمن الفتح 4304 کتاب الحدود باب اقامة الحدود علی الشریف والوضیع 6787 باب کراهیة الشفاعة فی الحد اذا رفع الی السلطان 6788 باب توبة السارق 6800 **ترمذی** کتاب الحدود باب ماجاء فی کراهیة ان یشفع فی الحدود 1430 **نسائی** کتاب قطع السارق ما یکون حرزا وما لایکون 4891 کتاب قطع السارق ذکر الاختلاف الفاظ الناقلین لخبر الزهری 4894 ، 4895، 4896، 4897، 4898، 4899، 4900، 4901، 4902 ، 4903 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الشفاعة فی الحدود 2547، 2548

وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ قُرَيْشًا أَهَمَّهُمْ شَأْنُ الْمَرْأَةِ الَّتِي سَرَقَتْ فِي عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةِ الْفَتْحِ فَقَالُوا مَنْ يُكَلِّمُ فِيهَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا وَمَنْ يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهُ فِيهَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَتَلَوَّنَ وَجْهُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللَّهِ فَقَالَ لَهُ أُسَامَةُ اسْتَغْفِرْ لِي يَا رَسُولَ اللَّهِ فَلَمَّا كَانَ الْعَشِيُّ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَطَبَ فَأَثْنَى عَلَى اللَّهِ بِمَا هُوَ أَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّمَا أَهْلَكَ الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوا إِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ وَإِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ أَقَامُوا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَإِنِّي وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا ثُمَّ أَمَرَ بِتِلْكَ الْمَرْأَةِ الَّتِي سَرَقَتْ فَقُطِعَتْ يَدُهَا قَالَ يُونُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ قَالَ عُرْوَةُ قَالَتْ

میں ڈالا جس نے نبی ﷺ کے عہد میں غزوہ فتح (مکہ) میں چوری کی تھی۔انہوں نے کہا اس کے بارہ میں رسول اللہ ﷺ سے کون بات کرے گا؟ تو انہوں نے کہا کہ اُسامہؓ بن زید کے سوا جو رسول اللہ ﷺ کو محبوب ہے کون اس بات کی جرأت کرسکتا ہے۔پس اس عورت کو رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں لایا گیا اور اُسامہ بن زیدؓ نے اس کے بارہ میں آپؐ سے بات کی۔رسول اللہ ﷺ کے چہرہ کا رنگ متغیر ہوگیا اور آپؐ نے فرمایا کیا تم اللہ کی حدود میں ایک حد کے بارہ میں سفارش کرتے ہو؟ حضرت اُسامہؓ نے آپؐ سے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میرے لئے اللہ سے بخشش طلب کیجئے۔پھر جب شام ہوئی رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور خطاب فرمایا۔آپؐ نے اللہ کی ثناء بیان کی جس کا وہ مستحق ہے پھر فرمایا امّا بعد تم سے پہلے لوگوں کو اس بات نے ہلاک کیا کہ ان میں سے جب کوئی بڑا آدمی چوری کرتا تو اسے چھوڑ دیتے اور جب ان میں سے کوئی کمزور چوری کرتا تو اس پر حد قائم کرتے۔اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر فاطمہ بنت محمدؐ نے بھی چوری کی ہوتی تو میں اس کا ہاتھ کاٹ دیتا۔پھر آپؐ نے اس عورت کے بارہ میں جس نے چوری کی تھی حکم دیا اور اس کا ہاتھ کاٹ دیا گیا۔حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں اس کے بعد اس کی توبہ بہت اچھی ہوئی اور اس نے شادی کر لی

عَائِشَةُ فَحَسُنَتْ تَوْبَتُهَا بَعْدُ وَتَزَوَّجَتْ وَكَانَتْ تَأْتِينِي بَعْدَ ذَلِكَ فَأَرْفَعُ حَاجَتَهَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {10}و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَتِ امْرَأَةٌ مَخْزُومِيَّةٌ تَسْتَعِيرُ الْمَتَاعَ وَتَجْحَدُهُ فَأَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ تُقْطَعَ يَدُهَا فَأَتَى أَهْلُهَا أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ فَكَلَّمُوهُ فَكَلَّمَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ اللَّيْثِ وَيُونُسَ[4412,4411]

اس کے بعد وہ میرے پاس آیا کرتی تھی اور میں اس کی ضرورت رسول اللہ ﷺ تک پہنچاتی تھی۔ ایک اور روایت میں ہے حضرت عائشہؓ نے فرمایا وہ ایک مخزومی عورت تھی جو عاریۃً سامان لیتی تھی اور پھر اس کا جانتے بوجھتے ہوئے انکار کر دیتی تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا تو اس کے گھر والے حضرت اسامہؓ بن زید کے پاس آئے اور اُن سے گفتگو کی اور انہوں نے اس بارہ میں رسول اللہ ﷺ سے بات کی۔ باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے۔

3184{11} و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ بَنِي مَخْزُومٍ سَرَقَتْ فَأُتِيَ بِهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَاذَتْ بِأُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ لَوْ كَانَتْ فَاطِمَةُ لَقَطَعْتُ يَدَهَا فَقُطِعَتْ [4413]

3184: حضرت جابرؓ بیان کرتے ہیں کہ بنی مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی اسے نبی ﷺ کے پاس لایا گیا اس نے نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت اُمّ سلمہؓ کی پناہ لی۔ نبی ﷺ نے فرمایا اللہ کی قسم اگر فاطمہؓ بھی ہوتی تو میں اس کا (بھی) ہاتھ کاٹ دیتا۔ پس (اس مخزومی عورت کا) ہاتھ کاٹ دیا گیا۔

3184: تخریج : نسائی کتاب قطع السارق ما یکون حرزا وما لایکون4891

[3]14: بَاب : حَدُّ الزِّنَى

باب: زنا کی حد

3185{12}و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذُوا عَنِّي خُذُوا عَنِّي قَدْ جَعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ جَلْدُ مِائَةٍ وَنَفْيُ سَنَةٍ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ جَلْدُ مِائَةٍ وَالرَّجْمُ و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا مَنْصُورٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4415,4414]

3185: حضرت عبادہؓ بن صامت سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھ سے لے لو مجھ سے لے لو۔ اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کے لئے راہ نکال دی ہے۔ غیر شادی شدہ غیر شادی شدہ کے ساتھ سو درّے اور ایک سال کی جلاوطنی ہے اور شادی شدہ شادی شدہ کے ساتھ سو درّے اور رجم ہے ☆۔

3186{13} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الْأَعْلَى قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ

3186: حضرت عبادہؓ بن صامت سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ پر جب وحی نازل ہوتی تھی تو آپؐ اس کی وجہ سے فکر مند ہوتے اور آپؐ کے چہرہ کا رنگ متغیر ہو جاتا۔ وہ کہتے ہیں ایک دن

3185 : مسلم کتاب الحدود باب حد الزنی ...3186

تخریج :ترمذی کتاب الحدود باب ماجاء فی الرجم علی الثیب 1434 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب فی الرجم 4415 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب حد الزنا 2550

☆ نوٹ: رجم کی سزا مدینہ کی حکومت کے ساتھ وابستہ تھی جیسا کہ آیت **وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ** الخ سے معلوم ہوتا ہے اور **قُتِّلُوا تَقْتِيلًا** میں رجم کی طرف اشارہ ہے۔ واللہ اعلم

3186 : مسلم کتاب الحدود باب حد الزنی ...3185

تخریج :ترمذی کتاب الحدود باب ماجاء فی الرجم علی الثیب 1434 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب فی الرجم 4415 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب حد الزنا 2550

الرَّقَاشِيِّ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِت قَالَ كَانَ نَبِيُّ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ إِذَا أُنْزِلَ عَلَيْه كُربَ لذَلكَ وَتَرَبَّدَ لَهُ وَجْهُهُ قَالَ فَأُنْزِلَ عَلَيْه ذَاتَ يَوْمٍ فَلُقِيَ كَذَلكَ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ خُذُوا عَنِّي فَقَدْ جَعَلَ اللَّهُ لَهُنَّ سَبِيلًا الثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ وَالْبِكْرُ بِالْبِكْرِ الثَّيِّبُ جَلْدُ مِائَة ثُمَّ رَجْمٌ بِالْحِجَارَةِ وَالْبِكْرُ جَلْدُ مِائَة ثُمَّ نَفْيُ سَنَة {14}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي كِلَاهُمَا عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَاد غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمَا الْبِكْرُ يُجْلَدُ وَيُنْفَى وَالثَّيِّبُ يُجْلَدُ وَيُرْجَمُ لَا يَذْكُرَانِ سَنَةً وَلَا مِائَةً [4417,4416]

جب آپؐ پر وحی نازل ہوئی تو آپؐ پر وہی حالت وارد ہوئی اور جب وہ کیفیت جاتی رہی آپؐ نے فرمایا مجھ سے لے لو، اللہ تعالیٰ نے ان عورتوں کے لئے راہ نکال دی ہے۔ شادی شدہ شادی شدہ کے ساتھ اور غیر شادی شدہ غیر شادی شدہ کے ساتھ۔ شادی شدہ کے لئے سو درّے اور پتھروں سے رجم ہے اور غیر شادی شدہ کے لئے سو درّے اور ایک سال کی جلاوطنی ہے۔

ایک اور روایت میں یہ ہے کہ غیر شادی شدہ کو درّے لگائے جائیں گے اور جلاوطن کیا جائے گا اور شادی شدہ کو درّے لگائے جائیں اور رجم کیا جائے گا مگر اس روایت میں سَنَةً اور مِائَةً کا ذکر نہیں ہے۔

[4]15: بَاب رَجْمِ الثَّيِّبِ فِي الزِّنَى

زنا میں شادی شدہ کو رجم کرنے کا بیان☆

3187{15}حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي

3187: حضرت عبداللہؓ بن عباس بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے رسول اللہ ﷺ کے منبر

☆ یہ رجم مدینہ کی حکومت کے علاقہ کے ساتھ محدود تھا جیسا کہ آیت وَالْمُرْجِفُونَ فِي الْمَدِينَةِ الخ سے پتہ چلتا ہے۔

3187: تخریج :بخاری كتاب الحدود باب الاعتراف بالزنا 6829 باب رجم الحبلى من الزنا اذا احصنت 6830كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب ماذكر النبى ﷺ وحض على اتفاق اهل العلم 7323 **ترمذى** كتاب الحدود باب ماجاء فى تحقيق الرجم 1431، 1432 **ابو داؤد** كتاب الحدود باب فى الرجم 4418 **ابن ماجه** كتاب الحدود باب الرجم 2553

يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ جَالِسٌ عَلَى مِنْبَرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ فَكَانَ مِمَّا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةُ الرَّجْمِ قَرَأْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا فَرَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ فَأَخْشَى إِنْ طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ أَنْ يَقُولَ قَائِلٌ مَا نَجِدُ الرَّجْمَ فِي كِتَابِ اللَّهِ فَيَضِلُّوا بِتَرْكِ فَرِيضَةٍ أَنْزَلَهَا اللَّهُ وَإِنَّ الرَّجْمَ فِي كِتَابِ اللَّهِ حَقٌّ عَلَى مَنْ زَنَى إِذَا أَحْصَنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ إِذَا قَامَتِ الْبَيِّنَةُ أَوْ كَانَ الْحَبَلُ أَوِ الِاعْتِرَافُ و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [4419,4418]

پر بیٹھے ہوئے فرمایا یقیناً اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا اور آپؐ پر کتاب نازل فرمائی اور جو آپؐ پر نازل کیا گیا اس میں رجم کی آیت بھی تھی جسے ہم نے پڑھا اور محفوظ کیا اور سمجھا۔ رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا اور ہم نے بھی آپؐ کے بعد رجم کیا اور میں ڈرتا ہوں کہ اگر لوگوں پر زیادہ عرصہ گذر گیا تو کوئی کہنے والا کہے گا کہ ہم رجم کو اللہ کی کتاب میں نہیں پاتے تو وہ ایک ایسے فریضہ کو چھوڑ کر گمراہ ہو جائیں جسے اللہ نے نازل کیا ہے اور یقیناً اللہ کی کتاب میں اس شخص کا رجم لازم ہے جو مردوں اور عورتوں میں سے شادی کے بعد زنا کا ارتکاب کرے جب دلیل قائم ہو یا حمل ہو جائے یا اعتراف ہو۔

[5]16: بَاب: مَنِ اعْتَرَفَ عَلَى نَفْسِهِ بِالزِّنَى

باب: اس شخص کا بیان جس نے خود زنا کا اعتراف کیا

3188{16} وحَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي قَالَ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ أَتَى رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَنَادَاهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَتَنَحَّى تِلْقَاءَ وَجْهِهِ فَقَالَ لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي زَنَيْتُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ حَتَّى ثَنَى ذَلِكَ عَلَيْهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا شَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ دَعَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَبِكَ جُنُونٌ قَالَ لَا قَالَ فَهَلْ أَحْصَنْتَ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبُوا بِهِ فَارْجُمُوهُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرَ

3188: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپؐ مسجد میں تھے۔ اس نے آپؐ کو پکار کر کہا یا رسولؐ اللہ! میں نے زنا کیا ہے آپؐ نے اس سے منہ پھیر لیا۔ اس نے آپؐ کے چہرے کی جانب رُخ کر کے آپؐ سے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے زنا کیا ہے۔ آپؐ نے پھر اس سے رُخ پھیر لیا یہانتک کہ چار مرتبہ وہ گھوم کر آپؐ کے سامنے آیا۔ جب اس (شخص) نے اپنے نفس کے خلاف چار گواہیاں دے دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے اُسے بلایا اور فرمایا کیا تمہیں جنون ہے؟ اس نے کہا نہیں۔ آپؐ نے فرمایا کیا تم شادی شدہ ہو؟ اس نے کہا ہاں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے لے جاؤ اور رجم کردو۔ ابن شہاب کہتے ہیں مجھے اس شخص نے بتایا جس نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کو کہتے سنا تھا کہ میں ان میں شامل تھا جنہوں نے اُسے رجم کیا اور ہم

3188: تخریج :بخاری کتاب الطلاق باب الطلاق فی الاغلاق والکرہ 5270 ، 5272 کتاب الحدود باب لا یرجم المجنون والمجنونة 6815 باب سؤال الامام المقر ھل احصنت 6825 ، 6826 کتاب الاحکام باب من حکم فی المسجد حتی اذا اتی الی حد 7167 **ترمذی** کتاب الحدود باب ماجاء فی درء الحد عن المعترف اذا رجع 1428، 1429 **نسائی** کتاب الجنائز باب ترک الصلاۃ علی المرجوم 1956 **ابوداؤد** کتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالک 4428،4430 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الرجم 2554

بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ فَكُنْتُ فِيمَنْ رَجَمَهُ فَرَجَمْنَاهُ بِالْمُصَلَّى فَلَمَّا أَذْلَقَتْهُ الْحِجَارَةُ هَرَبَ فَأَدْرَكْنَاهُ بِالْحَرَّةِ فَرَجَمْنَاهُ وَرَوَاهُ اللَّيْثُ أَيْضًا عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ خَالِدِ بْنِ مُسَافِرٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ و حَدَّثَنِيهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ أَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ أَيْضًا وَفِي حَدِيثِهِمَا جَمِيعًا قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ كَمَا ذَكَرَ عُقَيْلٌ و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَابْنُ جُرَيْجٍ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ رِوَايَةِ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ وَأَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ [4423,4422,4421,4420]

نے اسے عیدگاہ میں رجم کیا جب اُسے پتھر لگے تو وہ بھاگ اُٹھا تو ہم نے اُسے حرہ (پتھر یلے میدان) میں جالیا اور اسے رجم کر دیا۔

3189{17}و حَدَّثَنِي أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ

3189: حضرت جابرؓ بن سمرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے ماعز بن مالک کو دیکھا جب اُسے نبی ﷺ کی خدمت میں لایا گیا چھوٹے قد کا

3189: اطراف : **مسلم** کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسه بالزنی 3190

تخریج : ابو داؤد کتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالک 4422

رَأَيْتُ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ حِينَ جِيءَ بِهِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَصِيرٌ أَعْضَلُ لَيْسَ عَلَيْهِ رِدَاءٌ فَشَهِدَ عَلَى نَفْسِهِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ أَنَّهُ زَنَى فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَعَلَّكَ قَالَ لَا وَاللَّهِ إِنَّهُ قَدْ زَنَى الْأَخِرُ قَالَ فَرَجَمَهُ ثُمَّ خَطَبَ فَقَالَ أَلَا كُلَّمَا نَفَرْنَا غَازِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ خَلَفَ أَحَدُهُمْ لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ يَمْنَحُ أَحَدُهُمُ الْكُثْبَةَ أَمَا وَاللَّهِ إِنْ يُمْكِنِّي مِنْ أَحَدِهِمْ لَأُنَكِّلَنَّهُ عَنْهُ [4424]

آدمی، گٹھے ہوئے بدن والا، اس پر کوئی چادر نہ تھی۔ اس نے خود اپنے خلاف چار مرتبہ گواہی دی کہ اس نے زنا کیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شاید کہ تم نے .... اُس نے کہا نہیں اس پیچھے رہنے والے نے زنا کیا ہے۔ وہ (حضرت جابرؓ) کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے اُسے رجم کیا اور آپؐ نے خطبہ دیا اور فرمایا سنو! جب کبھی ہم اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے نکلتے ہیں تو ان میں سے کوئی شخص پیچھے رہ جاتا ہے جس کی بکرے کی آواز کی طرح آواز ہوتی ہے اور تھوڑا سا کچھ دیتا ہے۔ سنو! اللہ کی قسم! اگر وہ مجھے ان میں سے کسی پر قدرت دے تو میں ضرور اسے عبرتناک سزا دوں گا۔

3190{18} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُولُ أُتِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ قَصِيرٍ أَشْعَثَ ذِي عَضَلَاتٍ عَلَيْهِ إِزَارٌ وَقَدْ زَنَى فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلَّمَا نَفَرْنَا غَازِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَخَلَّفَ

3190: سماک بن حرب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت جابرؓ بن سمرہ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک شخص لایا گیا، چھوٹے قد کا، پریشان بال، گٹھے ہوئے بدن والا صرف تہہ بند پہنے اور اس نے زنا کیا تھا۔ آپؐ نے اُسے دو مرتبہ واپس کر دیا۔ پھر آپؐ نے اس کے رجم کرنے کا حکم دیا پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب کبھی ہم اللہ کی راہ میں جہاد کرنے نکلتے ہیں تو تم میں سے کوئی ایک پیچھے رہ جاتا ہے۔ وہ نر بکرے کی آواز نکالنے کی طرح آواز

3190: مسلم کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسه بالزنی 3189
تخریج :ابو داؤد کتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالک 4422

أَحَدُكُمْ يَنِبُّ نَبِيبَ التَّيْسِ يَمْنَحُ إِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ إِنَّ اللَّهَ لَا يُمْكِنِّي مِنْ أَحَدٍ مِنْهُمْ إِلَّا جَعَلْتُهُ نَكَالًا أَوْ نَكَّلْتُهُ قَالَ فَحَدَّثْتُهُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَقَالَ إِنَّهُ رَدَّهُ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ جَعْفَرٍ وَوَافَقَهُ شَبَابَةُ عَلَى قَوْلِهِ فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ وَفِي حَدِيثِ أَبِي عَامِرٍ فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا[4426,4425]

نکالتا ہے اوران میں سے کسی عورت کوتھوڑی سی چیز دیتا ہے۔ اگر اللہ مجھے ان میں سے کسی پرقدرت دے تو میں اسے عبرت کا نشان بناؤں گا یا (فرمایا) اسے عبرتناک سزا دوں گا۔ سماک کہتے ہیں میں نے یہ حدیث سعید بن جبیر کو سنائی انہوں نے کہا آپؐ نے اسے چار مرتبہ واپس کیا۔
ایک روایت میں فَرَدَّهُ مَرَّتين اورایک اورروایت میں فَرَدَّهُ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَا ثاً کے الفاظ ہیں۔

3191{18}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَأَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ وَاللَّفْظُ لِقُتَيْبَةَ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ أَحَقٌّ مَا بَلَغَنِي عَنْكَ قَالَ وَمَا بَلَغَكَ عَنِّي قَالَ بَلَغَنِي أَنَّكَ وَقَعْتَ بِجَارِيَةِ آلِ فُلَانٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَشَهِدَ أَرْبَعَ شَهَادَاتٍ ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ[4427]

3191: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ماعز بن مالک سے فرمایا کیا جو بات مجھے تمہارے بارہ میں پہنچی ہے سچ ہے؟ اس نے کہا آپؐ کو میرے بارہ میں کیا خبر پہنچی ہے؟ آپؐ نے فرمایا مجھے پتہ چلا ہے کہ تم نے فلاں قبیلہ کی لڑکی سے بدکاری کی ہے اس نے کہا ہاں۔ وہ (حضرت ابن عباسؓ) کہتے ہیں پھر اس نے چار دفعہ اس کی شہادت دی پھر آپؐ نے اس کے بارہ میں حکم دیا اور وہ رجم کیا گیا۔

3191: **مسلم** کتاب الحدود باب من اعترف على نفسه بالزنى 3192

تخریج : **بخاری** کتاب الحدود باب هل يقول الامام للمقر لعل قبلت او غمزت 6824 **ترمذی** کتاب الحدود باب ماجاء فی التلقین فی الحد 1427 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالک 4421، 4425، 4426، 4427، 4431، 4433، 4434 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الرجم 2554

3192{20}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنِي عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ يُقَالُ لَهُ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنِّي أَصَبْتُ فَاحِشَةً فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَرَدَّهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِرَارًا قَالَ ثُمَّ سَأَلَ قَوْمَهُ فَقَالُوا مَا نَعْلَمُ بِهِ بَأْسًا إِلَّا أَنَّهُ أَصَابَ شَيْئًا يَرَى أَنَّهُ لَا يُخْرِجُهُ مِنْهُ إِلَّا أَنْ يُقَامَ فِيهِ الْحَدُّ قَالَ فَرَجَعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَنَا أَنْ نَرْجُمَهُ قَالَ فَانْطَلَقْنَا بِهِ إِلَى بَقِيعِ الْغَرْقَدِ قَالَ فَمَا أَوْثَقْنَاهُ وَلَا حَفَرْنَا لَهُ قَالَ فَرَمَيْنَاهُ بِالْعَظْمِ وَالْمَدَرِ وَالْخَزَفِ قَالَ فَاشْتَدَّ وَاشْتَدَدْنَا خَلْفَهُ حَتَّى أَتَى عُرْضَ الْحَرَّةِ فَانْتَصَبَ لَنَا فَرَمَيْنَاهُ بِجَلَامِيدِ الْحَرَّةِ يَعْنِي الْحِجَارَةَ حَتَّى سَكَتَ قَالَ ثُمَّ قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا مِنَ الْعَشِيِّ فَقَالَ أَوَ كُلَّمَا انْطَلَقْنَا غُزَاةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ تَخَلَّفَ رَجُلٌ فِي عِيَالِنَا لَهُ نَبِيبٌ كَنَبِيبِ التَّيْسِ عَلَيَّ أَنْ لَا أُوتَى بِرَجُلٍ فَعَلَ

3192: حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ اسلم قبیلہ کا ایک شخص تھا جسے ماعز بن مالک کہتے تھے وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ میں بدکاری کا مرتکب ہوا ہوں۔ میرے اوپر حد قائم فرمائیں۔ نبی ﷺ نے اسے کئی دفعہ واپس لوٹایا۔ راوی کہتے ہیں پھر آپؐ نے اس کی قوم سے پوچھا تو انہوں نے کہا کہ ہم اس میں کوئی برائی نہیں دیکھتے مگر اب یہ ایک برا کام کر بیٹھا ہے اور خیال کرتا ہے کہ اس سے خلاصی سوائے اس کے نہیں ہوسکتی کہ اس (جرم) میں حد قائم کی جائے۔ (ابوسعیدؓ) کہتے ہیں پھر وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس لوٹ کر آیا۔ آپؐ نے ہمیں اس کے رجم کرنے کا ارشاد فرمایا۔ وہ کہتے ہیں ہم اسے لے کر بقیع الغرقد گئے۔ وہ کہتے ہیں نہ ہم نے اسے باندھا نہ اس کے لئے گڑھا کھودا۔ وہ کہتے ہیں ہم نے اسے ہڈیاں، ڈھیلے اور ٹھیکریاں ماریں۔ وہ کہتے ہیں وہ دوڑ پڑا اور ہم بھی اس کے پیچھے دوڑے یہانتک کہ وہ حرہ (میدان) کے کنارہ پہنچا اور ہمارے لئے رک گیا۔ ہم نے اس پر حرہ کے (میدان) کے پتھر مارے یہانتک کہ وہ خاموش ہو گیا (یعنی مرگیا۔) وہ کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ

3192: مسلم کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسه بالزنی 3191

تخریج: **بخاری** کتاب الحدود باب هل یقول الامام للمقر لعل قبلت او غمزت 6824 **ترمذی** کتاب الحدود باب ماجاء فی التلقین فی الحد 1427 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالک 4421، 4425، 4426، 4427، 4431، 4433، 4434 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الرجم 2554

ذَلكَ إِلَّا نَكَّلْتُ به قَالَ فَمَا اسْتَغْفَرَ لَهُ وَلَا سَبَّهُ{21} حَدَّثَني مُحَمَّدُ بْنُ حَاتمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بهَذَا الْإِسْنَاد مثْلَ مَعْنَاهُ وَقَالَ في الْحَديث فَقَامَ النَّبيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ منَ الْعَشيِّ فَحَمدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْه ثُمَّ قَالَ أَمَّا بَعْدُ فَمَا بَالُ أَقْوَامٍ إِذَا غَزَوْنَا يَتَخَلَّفُ أَحَدُهُمْ عَنَّا لَهُ نَبيبٌ كَنَبيب التَّيْس وَلَمْ يَقُلْ في عيَالنَا و حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّاءَ بْن أَبي زَائدَةَ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْر بْنُ أَبي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هشَامٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كلَاهُمَا عَنْ دَاوُدَ بهَذَا الْإِسْنَاد بَعْضَ هَذَا الْحَديث غَيْرَ أَنَّ في حَديث سُفْيَانَ فَاعْتَرَفَ بالزِّنَى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ [4430,4429,4428]

شام کو خطبہ ارشاد فرمانے کے لئے کھڑے ہوئے اور فرمایا کیا جب کبھی بھی ہم اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے نکلتے ہیں تو کوئی شخص ہمارے بال بچوں کے پاس پیچھے رہ جاتا ہے اور اس کی آواز نر بکرے کی آواز کی طرح ہوتی ہے۔ میری ذمہ داری ہے کہ میرے پاس کوئی ایسا شخص لایا جائے جو ایسی حرکت کرے تو میں اسے عبرتناک سزا دوں۔ وہ کہتے ہیں کہ آپؐ نے اس کے لئے نہ تو بخشش طلب کی اور نہ ہی اُسے برا بھلا کہا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ نبی ﷺ شام کو کھڑے ہوئے آپؐ نے اللہ کی حمد وثنا کی پھر اس کے بعد فرمایا ان لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ جب ہم جہاد کے لئے جاتے ہیں تو ان میں سے کوئی شخص ہم سے پیچھے رہ جاتا ہے۔ اس کی آواز نر بکرے کی آواز کی طرح ہوتی ہے۔ مگر اس روایت میں عِيَالنَا کے الفاظ نہیں ہیں اور ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ اس شخص نے تین مرتبہ زنا کا اعتراف کیا۔

3193{22} و حَدَّثَني مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَعْلَى وَهُوَ ابْنُ الْحَارث الْمُحَاربيُّ عَنْ غَيْلَانَ وَهُوَ ابْنُ جَامعٍ الْمُحَاربيُّ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَد عَنْ

3193: سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ ماعز بن مالک نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! مجھے پاک کر دیں۔ آپؐ نے فرمایا تیرا برا

3193:مسلم كتاب الحدود باب من اعترف على نفسه بالزنى 3194

تخریج :بخاری كتاب الحدود باب هل يقول الامام للمقر لعل قبلت او غمزت 6824 **ترمذی** كتاب الحدود باب ماجاء فى التلقين فى الحد 1427 **ابو داؤد** كتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالك4421، 4425 ، 4426، 4427 ، 4431، 4433، 4434 **ابن ماجه** كتاب الحدود باب الرجم 2554

سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ وَتُبْ إِلَيْهِ قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْحَكَ ارْجِعْ فَاسْتَغْفِرِ اللَّهَ وَتُبْ إِلَيْهِ قَالَ فَرَجَعَ غَيْرَ بَعِيدٍ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذَلِكَ حَتَّى إِذَا كَانَتِ الرَّابِعَةُ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ فِيمَ أُطَهِّرُكَ فَقَالَ مِنَ الزِّنَى فَسَأَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبِهِ جُنُونٌ فَأُخْبِرَ أَنَّهُ لَيْسَ بِمَجْنُونٍ فَقَالَ أَشَرِبَ خَمْرًا فَقَامَ رَجُلٌ فَاسْتَنْكَهَهُ فَلَمْ يَجِدْ مِنْهُ رِيحَ خَمْرٍ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَزَنَيْتَ فَقَالَ نَعَمْ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَكَانَ النَّاسُ فِيهِ فِرْقَتَيْنِ قَائِلٌ يَقُولُ لَقَدْ هَلَكَ لَقَدْ أَحَاطَتْ بِهِ خَطِيئَتُهُ وَقَائِلٌ يَقُولُ مَا تَوْبَةٌ أَفْضَلَ مِنْ تَوْبَةِ مَاعِزٍ أَنَّهُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِهِ ثُمَّ قَالَ اقْتُلْنِي بِالْحِجَارَةِ قَالَ فَلَبِثُوا بِذَلِكَ يَوْمَيْنِ أَوْ ثَلَاثَةً ثُمَّ جَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

ہو، واپس جا اور اللہ سے استغفار کر اور توبہ کر۔ وہ کہتے ہیں وہ تھوڑی دیر کے بعد واپس آیا اور کہا یا رسولؐ اللہ! مجھے پاک کریں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تیرا برا ہو واپس جا اور اللہ سے بخشش طلب کر اور اس سے توبہ کر۔ وہ کہتے ہیں وہ تھوڑی دیر کے بعد واپس آیا اور کہا یا رسولؐ اللہ! مجھے پاک کریں اس پر رسول اللہ ﷺ نے پہلے کی طرح جواب دیا یہانتک کہ جب ایسا چوتھی مرتبہ ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تجھے کس سے پاک کروں؟ اس نے کہا زنا سے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے پوچھا کیا اسے جنون ہے؟ آپؐ کو بتایا گیا کہ وہ مجنون نہیں ہے۔ پھر آپؐ نے فرمایا کیا اس نے شراب پی ہے؟ تو ایک شخص کھڑا ہوا اور اس نے اس کے منہ کی بو سونگھی تو اس سے شراب کی بو نہ پائی۔ وہ کہتے ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تم نے زنا کیا ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ آپؐ نے اس کے بارہ میں حکم دیا اور اُسے رجم کیا گیا۔ لوگ اس کے بارہ میں دو گروہ ہو گئے ایک کہنے والا کہتا یہ ہلاک ہو گیا اس کے گناہ نے اسے گھیر لیا۔ دوسرا کہتا ماعز کی توبہ سے بہتر کوئی توبہ نہیں کیونکہ وہ نبی ﷺ کے پاس آیا اور اپنا ہاتھ آپؐ کے ہاتھ میں رکھا پھر کہا مجھے پتھروں سے قتل کر دیں۔ وہ کہتے ہیں پس لوگ اس حالت میں دو یا تین دن رہے۔ پھر رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور وہ لوگ بیٹھے تھے۔ آپؐ نے سلام کیا پھر تشریف

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمْ جُلُوسٌ فَسَلَّمَ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ اسْتَغْفِرُوا لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَقَالُوا غَفَرَ اللَّهُ لِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ تَابَ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ أُمَّةٍ لَوَسِعَتْهُمْ قَالَ ثُمَّ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ مِنْ غَامِدٍ مِنَ الْأَزْدِ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ طَهِّرْنِي فَقَالَ وَيْحَكِ ارْجِعِي فَاسْتَغْفِرِي اللَّهَ وَتُوبِي إِلَيْهِ فَقَالَتْ أَرَاكَ تُرِيدُ أَنْ تُرَدِّدَنِي كَمَا رَدَّدْتَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ قَالَ وَمَا ذَاكِ قَالَتْ إِنَّهَا حُبْلَى مِنَ الزِّنَى فَقَالَ آنْتِ قَالَتْ نَعَمْ فَقَالَ لَهَا حَتَّى تَضَعِي مَا فِي بَطْنِكِ قَالَ فَكَفَلَهَا رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ حَتَّى وَضَعَتْ قَالَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ وَضَعَتِ الْغَامِدِيَّةُ فَقَالَ إِذًا لَا نَرْجُمُهَا وَنَدَعُ وَلَدَهَا صَغِيرًا لَيْسَ لَهُ مَنْ يُرْضِعُهُ فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَالَ إِلَيَّ رَضَاعُهُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ قَالَ فَرَجَمَهَا [4431]

فرما ہوئے۔ پھر فرمایا ماعز بن مالک کے لئے بخشش طلب کرو۔ وہ کہتے ہیں اس پر وہ کہنے لگے اللہ ماعز بن مالک کو معاف کرے وہ کہتے ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر وہ ایک امّت پر بھی تقسیم کی جائے تو ان پر بھی حاوی ہو۔ وہ کہتے ہیں پھر ایک عورت آئی جواز د کی شاخ غامد سے تھی۔ اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! مجھے پاک کریں، آپؐ نے فرمایا تیرا برا ہو تو واپس جا، اللہ سے بخشش طلب کر اور اس کی طرف توبہ کر۔ اس پر اس نے کہا ''میرا خیال ہے آپؐ مجھے ویسے ہی واپس لوٹا رہے ہیں جیسے'' ماعز بن مالک کو آپؐ نے واپس کر دیا تھا'' آپؐ نے فرمایا'' تجھے کیا ہوا ہے؟'' اُس نے کہا کہ وہ زنا کی وجہ سے حاملہ ہوگئی ہے۔ آپؐ نے فرمایا کیا تو ہوگئی ہے؟ اس نے کہا ہاں۔ آپؐ نے اُسے فرمایا یہاں تک کہ تم وہ جنو جو تمہارے پیٹ میں ہے۔ اس عورت کی انصار میں سے ایک شخص نے کفالت کی یہانتک کہ اس (عورت) نے بچہ کو جنم دے دیا۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہا کہ غامدیہ (غامد قبیلہ کی عورت) نے بچہ کو جنم دے دیا۔ آپؐ نے فرمایا تب تو ہم اسے رجم نہیں کریں گے اس حال میں کہ اس کے بچہ کو کم سنی میں چھوڑ دیں کہ کوئی اسے دودھ پلانے والا نہ ہو۔ اس پر انصار میں سے ایک شخص کہنے لگا اے اللہ کے نبیؐ اس بچہ کی رضاعت میرے ذمہ ہے۔ آپؐ نے فرمایا اسے رجم کردو۔

3194{23} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ وَتَقَارَبَا فِي لَفْظِ الْحَدِيثِ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا بَشِيرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ الْأَسْلَمِيَّ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي قَدْ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَزَنَيْتُ وَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ تُطَهِّرَنِي فَرَدَّهُ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ أَتَاهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي قَدْ زَنَيْتُ فَرَدَّهُ الثَّانِيَةَ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى قَوْمِهِ فَقَالَ أَتَعْلَمُونَ بِعَقْلِهِ بَأْسًا تُنْكِرُونَ مِنْهُ شَيْئًا فَقَالُوا مَا نَعْلَمُهُ إِلَّا وَفِيَّ الْعَقْلِ مِنْ صَالِحِينَا فِيمَا نُرَى فَأَتَاهُ الثَّالِثَةَ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِمْ أَيْضًا فَسَأَلَ عَنْهُ فَأَخْبَرُوهُ أَنَّهُ لَا بَأْسَ بِهِ وَلَا بِعَقْلِهِ فَلَمَّا كَانَ الرَّابِعَةَ حَفَرَ لَهُ حُفْرَةً ثُمَّ أَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ قَالَ فَجَاءَتِ الْغَامِدِيَّةُ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي قَدْ زَنَيْتُ فَطَهِّرْنِي وَإِنَّهُ رَدَّهَا فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ لِمَ تَرُدُّنِي لَعَلَّكَ أَنْ

3194 :عبداللہ بن بریدہ اپنے والدؓ سے روایت کرتے ہیں کہ ماعز بن مالک اسلمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے اور میں نے زنا کیا ہے اور میں چاہتا ہوں کہ آپؐ مجھے پاک کریں۔آپؐ نے اسے واپس بھیج دیا جب اگلا دن ہوا تو وہ پھر آیا اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یقیناً میں نے زنا کیا ہے۔آپؐ نے دوبارہ اسے واپس لوٹا دیا۔ایک شخص کو رسول اللہ ﷺ نے اس کی قوم کی طرف بھیجا اور پوچھا کیا تم اس کی عقل میں کوئی ایسا فتور دیکھتے ہو جسے تم کچھ اوپرا سمجھتے ہو۔انہوں نے کہا ہم جہاں تک جانتے ہیں اسے اپنے نیک لوگوں میں سے صاحبِ عقل وفراست پاتے ہیں۔پھر وہ تیسری مرتبہ آیا تو رسول اللہ ﷺ نے پھر ایک آدمی ان کی طرف اس کے بارہ میں رائے لینے کیلئے بھیجا۔انہوں نے آپؐ کو بتایا کہ اس میں کوئی خرابی ہے نہ اس کی عقل میں کوئی خرابی ہے۔جب چوتھی دفعہ ہوئی تو اس کے لئے ایک گڑھا کھودا اور آپؐ نے اس کے بارہ میں حکم دیا تو اسے رجم کیا گیا۔راوی کہتے ہیں پھر غامدیہ (عورت) آئی اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یقیناً میں نے زنا کیا ہے مجھے پاک کریں اور آپؐ نے اسے لوٹا دیا

3194:**مسلم** کتاب الحدود باب من اعترف علی نفسه بالزنی 3193

تخریج :**بخاری** کتاب الحدود باب هل یقول الامام للمقر لعل قبلت او غمزت 6824 **ترمذی** کتاب الحدود باب ماجاء فی التلقین فی الحد 1427 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب رجم ماعز بن مالک 4421، 4425 ، 4426 ،4427، 4431 ، 4433 4434 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الرجم 2554

تَرُدَّنِي كَمَا رَدَدْتَ مَاعِزًا فَوَاللَّهِ إِنِّي لَحُبْلَى قَالَ إِمَّا لَا فَاذْهَبِي حَتَّى تَلِدِي فَلَمَّا وَلَدَتْ أَتَتْهُ بِالصَّبِيِّ فِي خِرْقَةٍ قَالَتْ هَذَا قَدْ وَلَدْتُهُ قَالَ اذْهَبِي فَأَرْضِعِيهِ حَتَّى تَفْطِمِيهِ فَلَمَّا فَطَمَتْهُ أَتَتْهُ بِالصَّبِيِّ فِي يَدِهِ كِسْرَةُ خُبْزٍ فَقَالَتْ هَذَا يَا نَبِيَّ اللَّهِ قَدْ فَطَمْتُهُ وَقَدْ أَكَلَ الطَّعَامَ فَدَفَعَ الصَّبِيَّ إِلَى رَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَحُفِرَ لَهَا إِلَى صَدْرِهَا وَأَمَرَ النَّاسَ فَرَجَمُوهَا فَيُقْبِلُ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ بِحَجَرٍ فَرَمَى رَأْسَهَا فَتَنَضَّحَ الدَّمُ عَلَى وَجْهِ خَالِدٍ فَسَبَّهَا فَسَمِعَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّهُ إِيَّاهَا فَقَالَ مَهْلًا يَا خَالِدُ فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ تَابَهَا صَاحِبُ مَكْسٍ لَغُفِرَ لَهُ ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَصَلَّى عَلَيْهَا وَدُفِنَتْ [4432]

پھر جب اگلا روز آیا اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! آپؐ مجھے کیوں لوٹاتے ہیں؟ شاید آپؐ مجھے لوٹاتے ہیں جیسے آپؐ نے ماعز کو لوٹایا تھا۔ اللہ کی قسم! میں حاملہ ہوں۔ آپؐ نے فرمایا اگر ایسا ہے تو پھر نہیں، لوٹ جا یہانتک کہ تو جنم دے لے۔ جب اس نے بچہ کو جنم دے لیا تو وہ بچہ کو آپؐ کے پاس ایک کپڑے کے ٹکڑے میں لے کر آئی۔ اس نے کہا یہ ہے جسے میں نے جنم دیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا جاؤ اور اسے دودھ پلاؤ یہانتک کہ تم اس کا دودھ چھڑاؤ۔ پھر جب اس نے اس کا دودھ چھڑوا دیا تو وہ بچہ کو لائی۔ اس کے ہاتھ میں روٹی کا ٹکڑا تھا۔ اس نے کہا اے اللہ کے نبیؐ! یہ ہے، میں نے اسے دودھ چھڑوا دیا ہے اور یہ کھانا کھانے لگ گیا ہے۔ پھر آپؐ نے اس بچہ کو ایک مسلمان شخص کے سپرد کیا۔ پھر اس کے بارہ میں حکم دیا اور اس کے سینہ تک گڑھا کھودا گیا۔ آپؐ نے لوگوں کو حکم دیا اور انہوں نے اسے سنگسار کر دیا۔ خالد بن ولیدؓ ایک پتھر لے کر آگے بڑھے اور اس کو اس کے سر پر مارا تو خون کے چھینٹے خالدؓ کے منہ پر پڑے جس پر انہوں (خالدؓ) نے اسے بُرا بھلا کہا۔ اللہ کے نبی ﷺ نے ان کا وہ بُرا بھلا کہنا سُن لیا اور فرمایا ٹھہرو خالد! مجھے اس ذات کی قسم جس کے قبضہ میں میری جان ہے۔ اس نے ایسی توبہ کی ہے اگر (ناجائز) محصول لینے والا بھی ایسی توبہ کرے تو ضرور بخش دیا جائے۔ پھر آپؐ نے اس کے بارہ میں ارشاد فرمایا اور اس کی نماز (جنازہ) پڑھی اور وہ دفن کی گئی۔

3195{24}حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ يَعْنِي ابْنَ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي أَبُو قِلَابَةَ أَنَّ أَبَا الْمُهَلَّبِ حَدَّثَهُ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ امْرَأَةً مِنْ جُهَيْنَةَ أَتَتْ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ حُبْلَى مِنَ الزِّنَى فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَصَبْتُ حَدًّا فَأَقِمْهُ عَلَيَّ فَدَعَا نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا فَقَالَ أَحْسِنْ إِلَيْهَا فَإِذَا وَضَعَتْ فَأْتِنِي بِهَا فَفَعَلَ فَأَمَرَ بِهَا نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشُكَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا ثُمَّ أَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ ثُمَّ صَلَّى عَلَيْهَا فَقَالَ لَهُ عُمَرُ تُصَلِّي عَلَيْهَا يَا نَبِيَّ اللَّهِ وَقَدْ زَنَتْ فَقَالَ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ سَبْعِينَ مِنْ أَهْلِ الْمَدِينَةِ لَوَسِعَتْهُمْ وَهَلْ وَجَدْتَ تَوْبَةً أَفْضَلَ مِنْ أَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلَّهِ تَعَالَى و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا أَبَانُ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4434,4433]

3195:حضرت عمرانؓ بن حصین سے روایت ہے کہ جہینہ قبیلہ کی ایک عورت اللہ کے نبی ﷺ کے پاس آئی جو زنا سے حاملہ تھی۔اس نے کہا اے اللہ کے نبیؐ! میں نے حد کے واجب ہونے کا کام کیا ہے۔آپؐ مجھ پر حد لگائیں۔اللہ کے نبی ﷺ نے اس کے ولی کو بلایا اور فرمایا اس سے حسنِ سلوک کرنا پھر جب یہ بچہ جن لے تو اسے میرے پاس لے آنا اس نے ایسا ہی کیا۔نبی ﷺ نے اس کے بارہ میں ارشاد فرمایا۔اس کے کپڑے اس پر لپیٹ دیئے گئے پھر آپؐ نے اس کے بارہ میں حکم دیا تو اسے رجم کر دیا گیا۔پھر آپؐ نے اس کی نمازِ (جنازہ) پڑھائی۔حضرت عمرؓ نے آپؐ سے عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! آپؐ اس کی نمازِ جنازہ پڑھاتے ہیں؟ حالانکہ اس نے زنا کیا تھا۔آپؐ نے فرمایا اس نے ایسی توبہ کی ہے اگر وہ اہلِ مدینہ کے ستر لوگوں میں تقسیم کی جائے تو ضرور ان کے لئے کافی ہو جائے اور کیا تم نے اس سے بہتر کوئی توبہ دیکھی کہ اس نے اپنی جان اللہ تعالیٰ کی خاطر قربان کر دی۔

3195: تخریج :**ترمذی** کتاب الحدود باب تربص الرجم بالحبلی حتی تضع 1435 **نسائی** کتاب الجنائز باب الصلاة علی المرجوم 1957 **ابو داؤد** کتاب الحدود باب المرأة التی امر النبی برجمها من جهینه 4440 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الرجم 2554 **ابن ماجه** کتاب الحدود باب الرجم 2555

3196{25}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ مَسْعُودٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُمَا قَالَا إِنَّ رَجُلًا مِنَ الْأَعْرَابِ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنْشُدُكَ اللَّهَ إِلَّا قَضَيْتَ لِي بِكِتَابِ اللَّهِ فَقَالَ الْخَصْمُ الْآخَرُ وَهُوَ أَفْقَهُ مِنْهُ نَعَمْ فَاقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللَّهِ وَأْذَنْ لِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ قَالَ إِنَّ ابْنِي كَانَ عَسِيفًا عَلَى هَذَا فَزَنَى بِامْرَأَتِهِ وَإِنِّي أُخْبِرْتُ أَنَّ عَلَى ابْنِي الرَّجْمَ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَوَلِيدَةٍ فَسَأَلْتُ أَهْلَ الْعِلْمِ فَأَخْبَرُونِي أَنَّمَا عَلَى ابْنِي جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَأَنَّ عَلَى امْرَأَةِ هَذَا الرَّجْمَ

3196:حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت زیدؓ بن خالد جہنی سے روایت ہے وہ دونوں بیان کرتے ہیں کہ بادیہ نشینوں میں سے ایک شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آیا اور عرض کی یا رسولؐ اللہ! میں آپؐ کو اللہ کی قسم دے کر عرض کرتا ہوں کہ میرے لئے کتاب اللہ کے مطابق فیصلہ کیجئے۔ دوسرے فریق نے کہا جو پہلے سے زیادہ سمجھدار تھا ہاں یا رسولؐ اللہ! ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے اور مجھے اجازت دیجئے ،تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہو،اس نے کہا میرا بیٹا اس کے پاس مزدور تھا اُس نے اِس کی بیوی کے ساتھ زنا کیا اور مجھے بتایا گیا کہ میرے بیٹے کے لئے سنگساری کی سزا ہے اور میں نے اس کی طرف سے ایک سو بکریاں اور ایک لونڈی فدیہ دے کر اسے چھڑایا پھر میں نے اہلِ علم سے پوچھا انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے پر سو دُرّے اور ایک سال کی جلا وطنی ہے اور اس شخص کی بیوی پر رجم ہے۔

3196: **تخریج** :**بخاری** کتاب الوکالة باب الوکالة فی الحدود 2315 کتاب الشهادات باب شهادة القاذف والسارق والزانی 2649 کتاب الصلح باب اذا اصطلحوا علی صلح جور فالصلح مردود 2695 ، 2696کتاب الشروط باب الشروط التی لا تحل فی الحدود 2724، 2725 کتاب الایمان والنذور باب کیف کان یمین النبی ﷺ 6633 ، 6634 کتاب الحدود باب الاعتراف بالزنا 6827، 6828 باب البکران یجلدان وینفیان 6831، 6833 باب من امر غیر الامام باقامة الحد غائبا عنه 6835 6836 باب اذا رمی امراته أامراة غیره بالزنا عند الحاکم ... 6842، 6843 باب هل یامر الامام رجلا فیضرب الحد غائبا عنه 6859 6860 کتاب الاحکام باب وهل یجوز للحاکم ان یبعث رجلا وحده للنظر فی الامور 7193، 7194 کتاب اخبار الاحاد باب ماجاء فی اجازة خبر الواحد الصدوق ... 7258،7260 7259 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة با ب الاقتداء بالسنن رسول اللهﷺ 7278 7279 **ترمذی** کتاب الحدود باب ما جاء فی الرجم علی الثیب 1433**نسائی** کتاب آداب القضاة باب صون النساء عن مجلس الحکم 5410، 5411**ابو داؤد** کتاب الحدود باب فی المرأة التی امر النبی ﷺ برجمها من جهینة 4445**ابن ماجه** کتاب الحدود باب حد الزنا

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَأَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللَّهِ الْوَلِيدَةُ وَالْغَنَمُ رَدٌّ وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ وَتَغْرِيبُ عَامٍ وَاغْدُ يَا أُنَيْسُ إِلَى امْرَأَةِ هَذَا فَإِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا قَالَ فَغَدَا عَلَيْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَأَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَتْ و حَدَّثَنَا أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ ح و حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ عَنْ مَعْمَرٍ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [4436,4435]

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں تم دونوں کے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا۔لونڈی اور بکریاں واپس کی جائیں اور تمہارے بیٹے پر سو دُرّے اور ایک سال کی جلا وطنی ہے۔اے انیسؓ صبح تم اِس (شخص) کی بیوی کے پاس جاؤ۔ اگر وہ اعتراف کرے تو اُسے رجم کردو۔راوی کہتے ہیں پس وہ صبح اُس کے پاس گئے۔اس نے اعتراف کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے اُس کے بارہ میں حکم دیا اور وہ رجم کی گئی۔

[6]17:بَاب: رَجْمُ الْيَهُودِ أَهْلِ الذِّمَّةِ فِي الزِّنَى

باب:ذمّی یہود کو زنا (کے جرم) میں رجم کرنا

3197{26}حَدَّثَنِي الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى أَبُو صَالِحٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ إِسْحَقَ أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ

3197:نافع سے روایت ہے کہ انہیں حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک یہودی مرد اور ایک یہودی عورت لائے گئے جو زنا

3197: تخریج :بخاری کتاب الجنائز باب الصلاۃعلی الجنائز ... 1329 کتاب المناقب باب قول اللہ تعالیٰ یعرفونہ کما یعرفون ابنائھم 3635 کتاب التفسیر باب قل فاتوا بالتورٰۃ فاتلوھا ان کنتم صدقین 4556 کتاب الحدود باب الرجم فی البلاط 6819 باب احکام اھل الذمۃ واحصانھم 6841 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ باب ما ذکر النبیؐ وحضّ علی اتفاق اھل العلم 7332 کتاب التوحید باب ما یجوز من تفسیر التوراۃ وغیرھا 7543 **ترمذی** کتاب الحدود باب ماجاء فی رجم اھل الکتاب 1436، 1437 **ابوداؤد** کتاب الحدود باب فی الرجم الیھودیین 4446 ، 4449 **ابن ماجہ** کتاب الحدود باب رجم الیھودی والیھودیۃ 2556، 2557

أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِيَهُودِيٍّ وَيَهُودِيَّةٍ قَدْ زَنَيَا فَانْطَلَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى جَاءَ يَهُودَ فَقَالَ مَا تَجِدُونَ فِي التَّوْرَاةِ عَلَى مَنْ زَنَى قَالُوا نُسَوِّدُ وُجُوهَهُمَا وَنُحَمِّلُهُمَا وَنُخَالِفُ بَيْنَ وُجُوهِهِمَا وَيُطَافُ بِهِمَا قَالَ فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ فَجَاءُوا بِهَا فَقَرَءُوهَا حَتَّى إِذَا مَرُّوا بِآيَةِ الرَّجْمِ وَضَعَ الْفَتَى الَّذِي يَقْرَأُ يَدَهُ عَلَى آيَةِ الرَّجْمِ وَقَرَأَ مَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا وَرَاءَهَا فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ وَهُوَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْهُ فَلْيَرْفَعْ يَدَهُ فَرَفَعَهَا فَإِذَا تَحْتَهَا آيَةُ الرَّجْمِ فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ كُنْتُ فِيمَنْ رَجَمَهُمَا فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَقِيهَا مِنَ الْحِجَارَةِ بِنَفْسِهِ{27} و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنْ أَيُّوبَ ح و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي رِجَالٌ مِنْ أَهْلِ الْعِلْمِ مِنْهُمْ مَالِكُ بْنُ أَنَسٍ أَنَّ نَافِعًا أَخْبَرَهُمْ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَمَ فِي الزِّنَى يَهُودِيَّيْنِ رَجُلًا وَامْرَأَةً

کے مرتکب ہوئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ روانہ ہوئے یہاںتک کہ یہود کے پاس آئے اور فرمایا جو زنا کرے، اس پر توریت میں تم اس کی کیا (سزا) پاتے ہو؟ انہوں نے کہا ہم ان دونوں کے منہ کالے کرتے ہیں اور ان دونوں کو سوار کرتے ہیں اور ان دونوں کے چہرے ایک دوسرے کے مخالف سمت کرتے ہیں اور ان دونوں کو پھرایا جاتا ہے۔ آپؐ نے فرمایا توریت لے آؤ اگر تم درست بات کہہ رہے ہو۔ وہ توریت لے آئے اور اسے پڑھنے لگے یہاںتک کہ جب وہ رجم کی آیت سے گذرے تو اس نوجوان نے جو پڑھ رہا تھا اپنا ہاتھ رجم کی آیت پر رکھ دیا اور جو اس سے پہلے یا بعد تھا پڑھنے لگا۔ حضرت عبداللہ بن سلامؓ نے جو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ آپؐ سے کہا اِسے کہیے کہ اپنا ہاتھ اُٹھائے۔ اُس نے اپنا ہاتھ اٹھایا تو کیا دیکھتے ہیں کہ اس کے نیچے رجم کی آیت تھی۔ رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کے بارہ میں حکم دیا اور وہ دونوں رجم کئے گئے۔ حضرت عبداللہؓ بن عمرؓ کہتے ہیں میں ان میں شامل تھا جنہوں نے انہیں رجم کیا اور میں نے اس (یہودی) مرد کو دیکھا کہ وہ اپنے وجود سے اس عورت کو پتھروں سے بچاتا تھا۔ ایک اور روایت حضرت ابن عمرؓ سے مروی ہے کہ زنا (کے جرم) میں دو یہودیوں ایک مرد اور ایک عورت کو رجم کیا جنہوں نے زنا کیا تھا۔ یہودی ان دونوں کو

زَنَيَا فَأَتَتِ الْيَهُودُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمَا وَسَاقُوا الْحَدِيثَ بِنَحْوِهِ و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ الْيَهُودَ جَاءُوا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ مِنْهُمْ وَامْرَأَةٍ قَدْ زَنَيَا وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِنَحْوِ حَدِيثِ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ [4439,4438,4437]

لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے۔ باقی روایت سابقہ روایت کے مطابق ہے۔
ایک اور روایت میں ہے کہ یہود رسول اللہ ﷺ کے پاس اپنے میں سے ایک مرد اور عورت کو جنہوں نے زنا کیا تھا لے کر آئے۔ باقی روایت سابقہ روایت کے مطابق ہے۔

3198{28}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُرَّةَ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ مُرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَهُودِيٍّ مُحَمَّمًا مَجْلُودًا فَدَعَاهُمْ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ هَكَذَا تَجِدُونَ حَدَّ الزَّانِي فِي كِتَابِكُمْ قَالُوا نَعَمْ فَدَعَا رَجُلًا مِنْ عُلَمَائِهِمْ فَقَالَ أَنْشُدُكَ بِاللَّهِ الَّذِي أَنْزَلَ التَّوْرَاةَ عَلَى مُوسَى أَهَكَذَا تَجِدُونَ حَدَّ الزَّانِي فِي كِتَابِكُمْ قَالَ لَا وَلَوْلَا أَنَّكَ نَشَدْتَنِي بِهَذَا لَمْ أُخْبِرْكَ نَجِدُهُ الرَّجْمَ وَلَكِنَّهُ كَثُرَ فِي أَشْرَافِنَا فَكُنَّا إِذَا أَخَذْنَا

3198: حضرت براءؓ بن عازب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے پاس سے ایک یہودی لے جایا جارہا تھا جس کا منہ کالا کیا ہوا تھا اور (اسے) کوڑے لگائے جارہے تھے۔ آپ ﷺ نے انہیں بلایا اور فرمایا تم اپنی کتاب میں زنا کرنے والے کی یہی سزا پاتے ہو؟ انہوں نے کہا ہاں پھر آپؐ نے ان کے علماء میں سے ایک آدمی کو بلایا اور فرمایا میں تمہیں اللہ کی قسم دے کر جس نے موسٰیؑ پر توریت اُتاری ہے پوچھتا ہوں کہ کیا تم اپنی کتاب میں زنا کی یہی سزا پاتے ہو؟ اس نے کہا نہیں اور اگر آپؐ مجھے یہ قسم دے کر نہ پوچھتے تو میں آپؐ کو نہ بتاتا ہم اس میں رجم پاتے ہیں لیکن یہ (بدکاری) ہمارے معزز لوگوں میں عام ہوگئی ہے۔ جب ہم معزز کو پکڑتے تو اسے چھوڑ

3198: تخریج: ابو داؤد کتاب الحدود باب فی الرجم الیہودیین 4447، 4448 **ابن ماجه** کتاب الاحکام باب بما یستحلف اهل الکتاب 2327، 2328 کتاب الحدود باب رجم الیهودی والیهودیة 2558

الشَّرِيفَ تَرَكْنَاهُ وَإِذَا أَخَذْنَا الضَّعِيفَ أَقَمْنَا عَلَيْهِ الْحَدَّ قُلْنَا تَعَالَوْا فَلْنَجْتَمِعْ عَلَى شَيْءٍ نُقِيمُهُ عَلَى الشَّرِيفِ وَالْوَضِيعِ فَجَعَلْنَا التَّحْمِيمَ وَالْجَلْدَ مَكَانَ الرَّجْمِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَوَّلُ مَنْ أَحْيَا أَمْرَكَ إِذْ أَمَاتُوهُ فَأَمَرَ بِهِ فَرُجِمَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ إِلَى قَوْلِهِ إِنْ أُوتِيتُمْ هَذَا فَخُذُوهُ يَقُولُ ائْتُوا مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنْ أَمَرَكُمْ بِالتَّحْمِيمِ وَالْجَلْدِ فَخُذُوهُ وَإِنْ أَفْتَاكُمْ بِالرَّجْمِ فَاحْذَرُوا فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْكَافِرُونَ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ وَمَنْ لَمْ يَحْكُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللَّهُ فَأُولَئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ فِي الْكُفَّارِ كُلُّهَا حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَأَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ قَالَا حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ إِلَى قَوْلِهِ فَأَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَ وَلَمْ يَذْكُرْ مَا بَعْدَهُ مِنْ نُزُولِ الْآيَةِ [4441,4440]

دیتے اور جب ہم کمزور کو پکڑتے تو اس پر حد جاری کرتے۔ ہم نے کہا آؤ ہم کسی ایک چیز پر اتفاق کرلیں جسے ہم معزز اور حقیر پر قائم کریں تو ہم نے رجم کی بجائے منہ کالا کرنا اور درے مقرر کیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے اللہ! میں وہ پہلا شخص ہوں جو تیرے حکم کو زندہ کرتا ہوں جبکہ انہوں نے اسے ماردیا۔ پھر آپؐ نے اس شخص کے بارہ میں حکم دیا تو وہ رجم کیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی یٰـاَیُّهَا الرَّسُوْلُ لَایَحْزُنْکَ الَّذِیْنَ یُسَارِعُوْنَ فِی الْکُفْرِ... ترجمہ: اے رسولؐ تجھے وہ لوگ غمگین نہ کریں جو کفر میں تیزی سے بڑھ رہے ہیں۔ آیت کے اس ٹکڑے تک اِنْ اُوْتِیْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ [1] وہ کہتے محمد ﷺ کے پاس جاؤ اگر وہ تمہیں (منہ) کالا کرنے اور دُرّے لگانے کا حکم دیں تو قبول کرلو اور اگر تمہیں رجم کا فتویٰ دیں تو بچو۔ پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت تمام کفار کے بارہ میں نازل فرمائی ترجمہ: اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو یہی لوگ ہیں جو کافر ہیں۔ [2] اور جو کوئی اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو یہی لوگ ہیں جو ظالم ہیں [3] اور جو اس کے مطابق فیصلہ نہ کرے جو اللہ نے نازل کیا ہے تو یہی لوگ ہیں جو فاسق ہیں۔ [4]

---

1 (المائدہ:42) 2 (المائدہ:45) 3 (المائدہ:46) 4 (المائدہ:48)

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس کے بارہ میں حکم دیا اور وہ رجم کیا گیا اور اس میں اس کے بعد آیت کے اترنے کا ذکر نہیں کیا۔

3199{...} و حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ رَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ أَسْلَمَ وَرَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ وَامْرَأَتَهُ حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ وَامْرَأَةً [4443,4442]

3199: ابوزبیر نے بتایا کہ انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہؓ کو فرماتے سنا کہ نبی ﷺ نے اسلم (قبیلے) کے ایک شخص کو رجم کیا تھا اور یہود میں سے ایک مرد اور اس کی عورت کو رجم کیا تھا۔
ایک اور روایت میں (اِمْرَاَتَهُ کی بجائے) اِمْرَءَةً کے الفاظ ہیں۔

3200{29} و حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ الشَّيْبَانِيِّ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى هَلْ رَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ قَالَ قُلْتُ بَعْدَ مَا أُنْزِلَتْ سُورَةُ النُّورِ أَمْ قَبْلَهَا قَالَ لَا أَدْرِي [4444]

3200: ابواسحاق بن شیبانی سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت عبداللہؓ بن ابی اوفیٰ سے پوچھا کیا رسول اللہ ﷺ نے رجم کیا؟ انہوں نے کہا ہاں۔ وہ کہتے ہیں میں نے پوچھا سورۃ نور کے نازل ہونے کے بعد کیا یا اس سے پہلے؟ انہوں نے جواب دیا مجھے معلوم نہیں۔

3201{30}و حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ الْمِصْرِيُّ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي

3201: حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا جب تم میں

3199: تخريج :ابو داؤد كتاب الحدود باب رجم اليهوديين 4455

3200: تخريج :بخارى كتاب الحدود باب رجم المحصن 6813 باب احكام اهل الذمة واحصانهم ...6840

3201: اطراف مسلم كتاب الحدود باب رجم اليهود اهل الذمة فى الزنى 3202 =

سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا زَنَتْ أَمَةُ أَحَدِكُمْ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتْ فَلْيَجْلِدْهَا الْحَدَّ وَلَا يُثَرِّبْ عَلَيْهَا ثُمَّ إِنْ زَنَتِ الثَّالِثَةَ فَتَبَيَّنَ زِنَاهَا فَلْيَبِعْهَا وَلَوْ بِحَبْلٍ مِنْ شَعَرٍ {31}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ بْنِ مُوسَى ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ ح و حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ ح و حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ وَأَبُو كُرَيْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ كُلُّ هَؤُلَاءِ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا أَنَّ ابْنَ إِسْحَقَ قَالَ فِي

3285{46} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ غَزَوْنَا فَزَارَةَ وَعَلَيْنَا أَبُو بَكْرٍ أَمَّرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا فَلَمَّا كَانَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمَاءِ سَاعَةٌ أَمَرَنَا أَبُو بَكْرٍ فَعَرَّسْنَا ثُمَّ شَنَّ الْغَارَةَ فَوَرَدَ الْمَاءَ فَقَتَلَ مَنْ قَتَلَ عَلَيْهِ وَسَبَى وَأَنْظُرُ إِلَى عُنُقٍ مِنَ النَّاسِ فِيهِمْ الذَّرَارِيُّ فَخَشِيتُ أَنْ يَسْبِقُونِي إِلَى الْجَبَلِ فَرَمَيْتُ بِسَهْمٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْجَبَلِ فَلَمَّا رَأَوْا السَّهْمَ وَقَفُوا فَجِئْتُ بِهِمْ أَسُوقُهُمْ وَفِيهِمْ امْرَأَةٌ مِنْ بَنِي فَزَارَةَ عَلَيْهَا

3285: ایاس بن سلمہ بیان کرتے ہیں کہ میرے پاس میرے والدؓ نے بیان کیا وہ کہتے ہیں ہم نے فزارہ قبیلہ سے جنگ کی اور ہمارے امیر حضرت ابوبکرؓ تھے آپؓ کو رسول اللہ ﷺ نے ہم پر امیر بنایا تھا۔ جب ہمارے اور پانی کے درمیان ایک گھنٹہ کا فاصلہ رہ گیا تو حضرت ابوبکرؓ نے حکم دیا تو ہم نے رات کے پچھلے پہر پڑاؤ کیا۔ پھر ہم اور وہ پانی پر پہنچے۔ انہوں (حضرت ابوبکرؓ) نے ہر طرف سے حملہ کیا اور اس پر جن کو قتل کیا ان کو قتل کیا اور قیدی بنائے۔ اور میں لوگوں کی جماعت کو جس میں بچے اور عورتیں تھیں دیکھتا تھا۔ میں ڈرا کہ وہ مجھ سے پہلے پہاڑ پر نہ چڑھ جائیں تو میں نے ان کے اور پہاڑ کے درمیان تیر چلایا۔ جب

3285 : تخريج : ابوداؤد كتاب الجهاد باب الرخصة في المدركين ... 2697 ابن ماجه كتاب الجهاد باب الغارة والبيات وقتل النساء والصبيان 2840 باب فداء الاسرى 2846

قَشْعٌ مِنْ أَدَمٍ قَالَ الْقَشْعُ النِّطَعُ مَعَهَا ابْنَةٌ لَهَا مِنْ أَحْسَنِ الْعَرَبِ فَسُقْتُهُمْ حَتَّى أَتَيْتُ بِهِمْ أَبَا بَكْرٍ فَنَفَّلَنِي أَبُو بَكْرٍ ابْنَتَهَا فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا فَلَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوقِ فَقَالَ يَا سَلَمَةُ هَبْ لِي الْمَرْأَةَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاللَّهِ لَقَدْ أَعْجَبَتْنِي وَمَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا ثُمَّ لَقِيَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْغَدِ فِي السُّوقِ فَقَالَ لِي يَا سَلَمَةُ هَبْ لِي الْمَرْأَةَ لِلَّهِ أَبُوكَ فَقُلْتُ هِيَ لَكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَوَاللَّهِ مَا كَشَفْتُ لَهَا ثَوْبًا فَبَعَثَ بِهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ فَفَدَى بِهَا نَاسًا مِنَ الْمُسْلِمِينَ كَانُوا أُسِرُوا بِمَكَّةَ [4573]

انہوں نے تیر دیکھا تو ٹھہر گئے، میں انہیں ہانکتے ہوئے لایا۔ان میں بنی فزارہ کی ایک عورت تھی جس پر پرانی پوستین تھی– قشع نطع یعنی چمڑے کو کہتے ہیں—اور اس کے ساتھ اس کی بیٹی تھی جو عرب کی خوب صورت ترین لڑکیوں میں سے تھی ۔ میں انہیں گھیر کر لایا یہاںتک کہ حضرت ابوبکرؓ کے پاس لے آیا۔حضرت ابوبکرؓ نے اس کی بیٹی مجھے عطیہ کے طور پر دے دی ۔ ہم مدینہ آئے ۔ میں نے اس کا کپڑا نہیں کھولا ۔ مجھے رسول اللہ ﷺ بازار میں ملے اور فرمایا اے سلمہ! وہ عورت مجھے دے دو۔ میں نے کہا اللہ کی قسم یارسولؐ اللہ! وہ مجھے بہت اچھی لگتی ہے اور میں نے اس کا کپڑا نہیں کھولا ۔اگلے دن مجھے پھر رسول اللہ ﷺ بازار میں ملے اور مجھ سے فرمایا اے سلمہ! وہ عورت مجھے دے دو۔تمہارا باپ اچھا تھا۔میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! وہ آپؐ کی ہوئی ۔اللہ کی قسم میں نے اس کا کپڑا نہیں کھولا ۔رسول اللہ ﷺ نے اُسے مکہ والوں کی طرف بھجوایا اور اس کے بدلہ مسلمانوں کے بہت سے لوگ آزاد کروائے جو مکہ میں قید ہو گئے تھے۔

[15]17:بَاب:حُكْمُ الْفَيْءِ

باب:فئے کا حکم

3286{47}حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ

3286: ہمام بن منبّہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں یہ وہ احادیث ہیں جو حضرت ابو ہریرہؓ نے

3286 :تخريج: ابو داؤد كتاب الخراج والفى والامارة باب فى ايقاف أرض السواد وارض العنوة...3036

أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا قَرْيَةٍ أَتَيْتُمُوهَا وَأَقَمْتُمْ فِيهَا فَسَهْمُكُمْ فِيهَا وَأَيُّمَا قَرْيَةٍ عَصَتِ اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَإِنَّ خُمُسَهَا لِلَّهِ وَلِرَسُولِهِ ثُمَّ هِيَ لَكُمْ [4574]

رسول اللہ ﷺ سے بیان کیں اور کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم جس بستی میں آؤ اور اس میں ٹھہرو تو تمہارا اس میں حصہ ہے اور وہ بستی جس نے اللہ اور اس کے رسولؐ کی نافرمانی کی تو اس میں سے پانچواں حصہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہے باقی تمہارے لئے ہے۔

3287{48}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرُونَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيرِ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِمَّا لَمْ يُوجِفْ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ بِخَيْلٍ وَلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً فَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ نَفَقَةَ سَنَةٍ وَمَا بَقِيَ يَجْعَلُهُ فِي الْكُرَاعِ وَالسِّلَاحِ عُدَّةً فِي سَبِيلِ اللَّهِ

3287: حضرت عمرؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں بنو نضیر کے اموال اس میں سے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو فیئ کے طور پر عطا کئے تھے۔ جن پر مسلمانوں نے گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے تھے۔ وہ نبی ﷺ کی صوابدید پر تھے۔ آپؐ اپنے اہل کے لئے سال کا خرچ (ان میں سے) کرتے تھے اور جو باقی بچتا وہ اللہ کے راستہ میں تیاری کے لئے گھوڑوں اور اسلحہ پر خرچ فرماتے۔

3287 :اطراف : مسلم کتاب الجهاد والسير باب حكم الفئ3288

تخريج: بخاری كتاب الجهاد والسير باب المجن ومن يترس بترس صاحبه 2904 كتاب المغازى باب حديث بنى النضير 4033 كتاب التفسير باب ما افاء الله على رسوله ... 4885 كتاب النفقات باب حبس الرجل قوت سنة على اهله 5358 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب ما يكره من التعمق والتنازع فى العلم ...7305 **ترمذی** كتاب فضائل الجهاد باب ما جاء فى الفىء 1719 **نسائی** كتاب قسم الفىء 4140، 4148 **ابوداؤد** كتاب الخراج والفىء والامارة باب فى صفايا رسول الله ﷺ من الاموال2963، 2965، 2966

حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ [4576,4575]

3288{49} وحَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّد بْنِ أَسْمَاءَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَنَّ مَالِكَ بْنَ أَوْسٍ حَدَّثَهُ قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّاب فَجِئْتُهُ حِينَ تَعَالَى النَّهَارُ قَالَ فَوَجَدْتُهُ فِي بَيْتِهِ جَالِسًا عَلَى سَرِيرٍ مُفْضِيًا إِلَى رُمَالِهِ مُتَّكِئًا عَلَى وِسَادَةٍ مِنْ أَدَمٍ فَقَالَ لِي يَا مَالُ إِنَّهُ قَدْ دَفَّ أَهْلُ أَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِكَ وَقَدْ أَمَرْتُ فِيهِمْ بِرَضْخٍ فَخُذْهُ فَاقْسِمْهُ بَيْنَهُمْ قَالَ قُلْتُ لَوْ أَمَرْتَ بِهَذَا غَيْرِي قَالَ خُذْهُ يَا مَالُ قَالَ فَجَاءَ يَرْفَا فَقَالَ هَلْ لَكَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فِي عُثْمَانَ وَعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ وَالزُّبَيْرِ وَسَعْدٍ فَقَالَ عُمَرُ نَعَمْ فَأَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوا ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ هَلْ لَكَ فِي

3288: زہری سے روایت ہے کہ مالک بن اوس نے انہیں بتایا وہ کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے مجھے بلایا۔ میں ان کے پاس دن چڑھے آیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے انہیں ان کے گھر تخت پر جس پر کوئی کپڑا نہ تھا چمڑے کے تکیے کا سہارا لئے بیٹھے دیکھا۔ انہوں نے مجھے کہا اے مال! تیری قوم کے بہت سے افراد تیزی سے میری طرف آئے تو میں نے انہیں کچھ مال دینے کا حکم دیا ہے تم وہ لے لو اور ان میں تقسیم کر دو۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا اگر آپ یہ حکم میرے علاوہ کسی اور کو دیتے! آپ نے فرمایا اے مال! وہ لے لو☆۔ وہ کہتے ہیں یرفا آیا اور اس نے کہا اے امیر المؤمنین! عثمانؓ اور عبدالرحمان بن عوفؓ اور زبیرؓ اور سعدؓ کے بارہ میں کیا ارشاد ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا ہاں تو انہیں اجازت دی گئی وہ اندر آئے وہ پھر آیا اور کہا

3288 :**اطراف** :**مسلم** کتاب الجهاد والسیر باب حکم الفی 3287

تخریج: بخاری کتاب الجهاد والسیر باب المجن ومن یترس بترس صاحبه 3904 کتاب فرض الخمس باب فرض الخمس 3094 کتاب المغازی باب حدیث بنی النضیر 4033، 4034 کتاب التفسیر باب ما افاء الله علی رسوله ... 4885 کتاب النفقات باب حبس الرجل قوت سنة علی اهله 5358 کتاب الفرائض باب قول النبی ﷺ لا نورث ماترکنا صدقة 6727، 6728، 6730 کتاب الاعتصام بالکتاب والسنة باب ما یکره من التعمق والتنازع فی العلم ...7305 **ترمذی** کتاب السیر باب ماجاء فی ترکة رسول الله ﷺ 1608، 1610 کتاب فضائل الجهاد باب ما جاء فی الفیء 1719 **نسائی** کتاب قسم الفیء 4140، 4148 **ابوداؤد** کتاب الخراج والفیء والامارة باب فی صفایا رسول الله ﷺ من الاموال 2963، 2965، 2966، 2968، 2969

☆: حضرت عمرؓ نے شفقت سے مالک بن اوس کو مال کے نام سے پکارا ہے۔

عَبَّاسٍ وَعَلِيٍّ قَالَ نَعَمْ فَأَذِنَ لَهُمَا فَقَالَ
عَبَّاسٌ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اقْضِ بَيْنِي وَبَيْنَ
هَذَا الْكَاذِبِ الْآثِمِ الْغَادِرِ الْخَائِنِ فَقَالَ
الْقَوْمُ أَجَلْ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ فَاقْضِ بَيْنَهُمْ
وَأَرِحْهُمْ فَقَالَ مَالِكُ بْنُ أَوْسٍ يُخَيَّلُ إِلَيَّ
أَنَّهُمْ قَدْ كَانُوا قَدَّمُوهُمْ لِذَلِكَ فَقَالَ عُمَرُ
اتَّئِدَا أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ
السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ أَتَعْلَمُونَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ
صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا
تَرَكْنَا صَدَقَةٌ قَالُوا نَعَمْ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَى
الْعَبَّاسِ وَعَلِيٍّ فَقَالَ أَنْشُدُكُمَا بِاللَّهِ الَّذِي
بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ أَتَعْلَمَانِ أَنَّ
رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا
نُورَثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ قَالَا نَعَمْ فَقَالَ عُمَرُ
إِنَّ اللَّهَ جَلَّ وَعَزَّ كَانَ خَصَّ رَسُولَهُ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَاصَّةٍ لَمْ يُخَصِّصْ بِهَا
أَحَدًا غَيْرَهُ قَالَ مَا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَى رَسُولِهِ مِنْ
أَهْلِ الْقُرَى فَلِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ مَا أَدْرِي هَلْ
قَرَأَ الْآيَةَ الَّتِي قَبْلَهَا أَمْ لَا قَالَ فَقَسَمَ رَسُولُ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَكُمْ أَمْوَالَ
بَنِي النَّضِيرِ فَوَاللَّهِ مَا اسْتَأْثَرَ عَلَيْكُمْ وَلَا

عباسؓ اور علیؓ کے بارہ میں کیا ارشاد ہے۔ انہوں نے
کہا ہاں۔ ان دونوں کو بھی اجازت دے دی ۔
حضرت عباسؓ نے کہا اے امیر المؤمنین آپؓ میرے
اور اس جھوٹے گناہگار دھوکہ باز☆ اور خیانت کرنے
والے کے درمیان فیصلہ کیجیے۔ ان لوگوں نے کہا ہاں
اے امیر المؤمنین! ان کے درمیان فیصلہ کیجئے اور
انہیں آرام پہنچائیے۔ مالک بن اوس کہتے ہیں میرا
خیال ہے وہ اسی لئے ان سے پہلے آئے تھے۔
حضرت عمرؓ نے فرمایا ٹھہرو میں تمہیں اس اللہ کی قسم دیتا
ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا تم
جانتے ہو کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے ہمارا ورثہ
نہیں چلے گا جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے؟ انہوں نے
کہا ہاں پھر آپ عباسؓ اور علیؓ کی طرف متوجہ ہوئے
اور فرمایا میں تم دونوں کو اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس
کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں۔ کیا تم جانتے ہو
کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے ہمارا ورثہ نہیں چلے گا
اور جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے؟ ان دونوں نے کہا
ہاں۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا اللہ عزّ وجل نے اپنے
رسول ﷺ کے لئے ایک بات خاص کی تھی جو آپؐ
کے علاوہ کسی کے لئے مختص نہیں ہے۔ آپؓ نے فرمایا
جو مالِ فئے اللہ تعالیٰ نے اہل قریٰ میں سے اپنے

☆ شرح نووی میں لکھا ہے کہ هٰذا الكَلَامُ لَا يَلِيقُ مِنْ مِثْلِ الْعَبَّاسِ...وَلَعَلَّهُ وَهْمُ الرَّاوِيُ۔ کہ یہ کلام حضرت عباسؓ کے شایان نہیں غالبًا راوی کا وہم ہے۔

أَخَذَهَا دُونَكُمْ حَتَّى بَقِيَ هَذَا الْمَالُ فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْخُذُ مِنْهُ نَفَقَةَ سَنَةٍ ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ أُسْوَةَ الْمَالِ ثُمَّ قَالَ أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ الَّذِي بِإِذْنِهِ تَقُومُ السَّمَاءُ وَالْأَرْضُ أَتَعْلَمُونَ ذَلِكَ قَالُوا نَعَمْ ثُمَّ نَشَدَ عَبَّاسًا وَعَلِيًّا بِمِثْلِ مَا نَشَدَ بِهِ الْقَوْمَ أَتَعْلَمَانِ ذَلِكَ قَالَا نَعَمْ قَالَ فَلَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَبُو بَكْرٍ أَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجِئْتُمَا تَطْلُبُ مِيرَاثَكَ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ وَيَطْلُبُ هَذَا مِيرَاثَ امْرَأَتِهِ مِنْ أَبِيهَا فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ فَرَأَيْتُمَاهُ كَاذِبًا آثِمًا غَادِرًا خَائِنًا وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنَّهُ لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ ثُمَّ تُوُفِّيَ أَبُو بَكْرٍ وَأَنَا وَلِيُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَوَلِيُّ أَبِي بَكْرٍ فَرَأَيْتُمَانِي كَاذِبًا آثِمًا غَادِرًا خَائِنًا وَاللَّهُ يَعْلَمُ إِنِّي لَصَادِقٌ بَارٌّ رَاشِدٌ تَابِعٌ لِلْحَقِّ فَوَلِيتُهَا ثُمَّ جِئْتَنِي أَنْتَ وَهَذَا وَأَنْتُمَا جَمِيعٌ وَأَمْرُكُمَا وَاحِدٌ فَقُلْتُمَا ادْفَعْهَا إِلَيْنَا فَقُلْتُ إِنْ شِئْتُمْ دَفَعْتُهَا إِلَيْكُمَا عَلَى أَنَّ عَلَيْكُمَا عَهْدَ اللَّهِ

رسولؐ کو دیا ہے وہ اللہ اور رسولؐ کے لئے ہے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نہیں جانتا کہ آپؓ نے اس سے پہلے کی آیت پڑھی یا نہیں۔ آپؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے بنو نضیر کے اموال تمہارے درمیان تقسیم فرما دیئے۔ اللہ کی قسم آپؐ نے اپنے آپ کو تم لوگوں پر ترجیح نہیں دی اور نہ تمہیں چھوڑ کر وہ (مال) خود لیا یہانتک کہ یہ مال باقی رہ گیا۔ رسول اللہ ﷺ اس سے ایک سال کا خرچ لیتے تھے پھر جو بچ جاتا وہ اسلامی اموال کے طرز پر رکھتے۔ پھر فرمایا میں تمہیں اس اللہ کی قسم دیتا ہوں جس کے حکم سے آسمان اور زمین قائم ہیں کیا تم یہ جانتے ہو؟ انہوں نے کہا ہاں! پھر عباسؓ اور علیؓ کو بھی ویسے ہی قسم دی جیسے ان لوگوں کو دی تھی کیا تم یہ جانتے ہو؟ ان دونوں نے کہا ہاں! آپؓ نے فرمایا جب رسول اللہ ﷺ فوت ہوئے حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا میں رسول اللہ ﷺ کا ولی ہوں تو تم دونوں آئے۔ تم اپنے بھتیجے کا اور یہ اپنی بیوی کے لئے اس کے والد کی میراث طلب کرنے آئے۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے ہمارا کوئی وارث نہیں ہوگا جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔ تم نے انہیں جھوٹا، گناہ گار، دھوکہ دینے والا، خائن ٹھہرایا☆ اور اللہ جانتا ہے کہ وہ راست باز نیک ہدایت یافتہ حق کی

☆ اس قسم کی وضاحت کے لئے نوٹ دیکھیں۔ صفحہ نمبر 140 زیر روایت 3288۔ امام وشتانی کہتے ہیں کہ بعض نسخوں میں یہ الفاظ اس طرز سے نہیں ہیں۔

أَنْ تَعْمَلَا فِيهَا بِالَّذِي كَانَ يَعْمَلُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخَذْتُمَاهَا بِذَلِكَ قَالَ أَكَذَلِكَ قَالَا نَعَمْ قَالَ ثُمَّ جِئْتُمَانِي لِأَقْضِيَ بَيْنَكُمَا وَلَا وَاللَّهِ لَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا بِغَيْرِ ذَلِكَ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ فَإِنْ عَجَزْتُمَا عَنْهَا فَرُدَّاهَا إِلَيَّ {50}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ أَرْسَلَ إِلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ إِنَّهُ قَدْ حَضَرَ أَهْلُ أَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِكَ بِنَحْوِ حَدِيثِ مَالِكٍ غَيْرَ أَنَّ فِيهِ فَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ مِنْهُ سَنَةً وَرُبَّمَا قَالَ مَعْمَرٌ يَحْبِسُ قُوتَ أَهْلِهِ مِنْهُ سَنَةً ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ مِنْهُ مَجْعَلَ مَالِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ [4578,4577]

پیروی کرنے والے تھے۔ پھر ابوبکرؓ وفات پا گئے اور میں رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کا ولی ہوں تو تم نے مجھے جھوٹا گناہگار، دھوکہ دینے والا، خائن سمجھا اور اللہ جانتا ہے کہ میں راستباز، نیک، ہدایت یافتہ اور حق کی پیروی کرنے والا ہوں۔ میں اس (مال) کا بھی ولی رہا پھر تم اور یہ میرے پاس آئے تم دونوں اکٹھے تھے اور تمہارا معاملہ ایک تھا۔ تم دونوں نے کہا وہ (مال) ہمیں دے دیں۔ میں نے کہا اگر تم یہی چاہتے ہو تو میں تم سے اللہ تعالیٰ کا یہ عہد لے کر کہ تم دونوں اس مال کے معاملہ میں وہی کرو گے جو رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے۔ تمہارے سپرد کرتا ہوں۔ تم دونوں نے یہ (مال) لے لیا۔ آپؓ نے پوچھا کیا معاملہ اسی طرح ہی ہے؟ ان دونوں نے کہا ہاں۔ آپؓ نے فرمایا (اب) پھر تم دونوں میرے پاس آئے ہو کہ میں تم دونوں کے درمیان فیصلہ کروں، نہیں اللہ کی قسم میں اس کے علاوہ تمہارے درمیان قیامت تک کوئی اور فیصلہ نہیں کروں گا۔ اگر تم دونوں یہ نہیں کر سکتے تو وہ (مال) مجھے واپس کر دو۔ ایک اور روایت میں (اَنَّ مَالِکَ بْنَ اَوْسٍ حَدَّثَهُ کی بجائے) عَنْ مَالِکِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ کے الفاظ ہیں اور (اِنَّهُ قَدْ دَفَّ اَهْلُ اَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِکَ کی بجائے) اِنَّهُ قَدْ حَضَرَ اَهْلُ اَبْيَاتٍ مِنْ قَوْمِکَ کے الفاظ ہیں۔ اور اس

کے علاوہ یہ بھی ہے کہ فَكَانَ يُنْفِقُ عَلَى أَهْلِهِ مِنْهُ سَنَةً کہ آپؐ ایک سال اپنے اہل پر اس میں خرچ فرماتے اور بعض اوقات راوی معمر نے (يَاخُذُ مِنْهُ نَفَقَةَ سَنَةٍ ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ أُسْوَةَ الْمَالِ کی بجائے) یہ بھی کہا يَحْبِسُ قُوْتَ اَهْلِهِ مِنْهُ سَنَةً ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ مِنْهُ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ کے الفاظ ہیں۔

[16]18: بَاب: قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ

باب: نبی ﷺ کا ارشاد کہ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوگا ہم جو چھوڑیں وہ صدقہ ہے

3289{51}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ إِنَّ أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَدْنَ أَنْ يَبْعَثْنَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَيَسْأَلْنَهُ مِيرَاثَهُنَّ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ عَائِشَةُ لَهُنَّ أَلَيْسَ قَدْ قَالَ

3289: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں جب رسول اللہ ﷺ فوت ہوئے تو نبی ﷺ کی ازواج نے حضرت عثمانؓ بن عفان کو حضرت ابو بکرؓ کے پاس نبی ﷺ کی میراث سے حصہ طلب کرنے کے لئے بھیجنے کا ارادہ کیا۔ حضرت عائشہؓ نے ان سے کہا کیا رسول اللہ ﷺ نے نہیں فرمایا تھا کہ ہمارا کوئی وارث نہیں ہوگا جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔

3289: اطراف: مسلم كتاب الجهاد والسير باب قول النبی ﷺ لا نورث ماتركنا فهو صدقة 3290، 3291

تخريج: بخاری كتاب فرض الخمس باب فرض الخمس 3093 كتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ 3712 كتاب المغازی باب حديث بنی نضير ... 4036 باب غزوة خيبر 4241 كتاب الفرائض باب قول الله تعالىٰ يوصيكم الله فی اولادكم 6726، 6727، 6728، 6730 **نسائی** كتاب قسم الفیء 4141 **ابوداؤد** كتاب الخراج والفیء والامارة باب فی صفايا رسول الله ﷺ من الاموال 2963، 2968، 2969، 2975، 2976، 2977

رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا فَهُوَ صَدَقَةٌ [4579]

3290{52} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ أَخْبَرَنَا حُجَيْنٌ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ أَرْسَلَتْ إِلَى أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ تَسْأَلُهُ مِيرَاثَهَا مِنْ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْه بِالْمَدِينَة وَفَدَكٍ وَمَا بَقِيَ مِنْ خُمْسِ خَيْبَرَ فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ إِنَّمَا يَأْكُلُ آلُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فِي هَذَا الْمَالِ وَإِنِّي وَاللَّه لَا أُغَيِّرُ شَيْئًا مِنْ صَدَقَة رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ عَنْ حَالِهَا الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهَا فِي عَهْد رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَلَأَعْمَلَنَّ فِيهَا بِمَا عَمِلَ بِه رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فَأَبَى أَبُو بَكْرٍ أَنْ

3290: عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ حضرت فاطمہ بنت رسول ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ صدیق سے رسول اللہ ﷺ کی طرف سے اپنی میراث طلب کرنے کے لئے پیغام بھیجا کہ انہیں رسول اللہ ﷺ سے اس میراث میں جو اللہ نے آپؐ فیئ کے طور پر مدینہ اور فدک میں دی تھی اور جو خیبر کے خمس سے باقی بچ گیا تھا۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے ہمارا کوئی وارث نہیں ہوگا۔ جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔ محمد ﷺ کی آل اس مال میں سے کھائے گی اور (حضرت ابوبکرؓ) نے فرمایا میں اللہ کی قسم رسول اللہ ﷺ کے صدقہ کو اس حال سے ذرہ بھی تبدیل نہیں کروں گا جس حال میں وہ رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں تھا اور میں اس بارہ میں وہی عمل کروں گا جو رسول اللہ ﷺ عمل فرماتے تھے پس حضرت ابوبکرؓ نے کچھ بھی حضرت فاطمہؓ کو دینے سے انکار کر دیا۔ حضرت فاطمہؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے اس وجہ سے ناراضگی محسوس کی۔ راوی کہتے ہیں وہ آپؓ سے ناراض رہیں اور

3290 :اطراف :مسلم کتاب الجھاد والسیر باب قول النبی ﷺ لا نورث ماترکنا فھو صدقۃ 3289، 3291

تخریج: بخاری کتاب فرض الخمس باب فرض الخمس 3093 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابۃ رسول اللہ ﷺ 3712 کتاب المغازی باب حدیث بنی نضیر ... 4036 باب غزوۃ خیبر 4241 کتاب الفرائض باب قول اللہ تعالیٰ یوصیکم اللہ فی اولادکم 6726، 6727، 6728، 6730 **نسائی** کتاب قسم الفیء 4141 **ابو داؤد** کتاب الخراج والفیء والامارۃ باب فی صفایا رسول اللہ ﷺ من الاموال 2963، 2968، 2969، 2975، 2976، 2977

يَدْفَعَ إِلَى فَاطِمَةَ شَيْئًا فَوَجَدَتْ فَاطِمَةُ
عَلَى أَبِي بَكْرٍ فِي ذَلِكَ قَالَ فَهَجَرَتْهُ فَلَمْ
تُكَلِّمْهُ حَتَّى تُوُفِّيَتْ وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُولِ
اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ فَلَمَّا
تُوُفِّيَتْ دَفَنَهَا زَوْجُهَا عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ
لَيْلًا وَلَمْ يُؤْذِنْ بِهَا أَبَا بَكْرٍ وَصَلَّى عَلَيْهَا
عَلِيٌّ وَكَانَ لِعَلِيٍّ مِنَ النَّاسِ وِجْهَةٌ حَيَاةَ
فَاطِمَةَ فَلَمَّا تُوُفِّيَت اسْتَنْكَرَ عَلِيٌّ وُجُوهَ
النَّاسِ فَالْتَمَسَ مُصَالَحَةَ أَبِي بَكْرٍ وَمُبَايَعَتَهُ
وَلَمْ يَكُنْ بَايَعَ تِلْكَ الْأَشْهُرَ فَأَرْسَلَ إِلَى أَبِي
بَكْرٍ أَنْ ائْتِنَا وَلَا يَأْتِنَا مَعَكَ أَحَدٌ كَرَاهِيَةَ
مَحْضَرِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ عُمَرُ لِأَبِي
بَكْرٍ وَاللَّهِ لَا تَدْخُلْ عَلَيْهِمْ وَحْدَكَ فَقَالَ
أَبُو بَكْرٍ وَمَا عَسَاهُمْ أَنْ يَفْعَلُوا بِي إِنِّي
وَاللَّهِ لَآتِيَنَّهُمْ فَدَخَلَ عَلَيْهِمْ أَبُو بَكْرٍ
فَتَشَهَّدَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ ثُمَّ قَالَ إِنَّا قَدْ
عَرَفْنَا يَا أَبَا بَكْرٍ فَضِيلَتَكَ وَمَا أَعْطَاكَ اللَّهُ
وَلَمْ نَنْفَسْ عَلَيْكَ خَيْرًا سَاقَهُ اللَّهُ إِلَيْكَ
وَلَكِنَّكَ اسْتَبْدَدْتَ عَلَيْنَا بِالْأَمْرِ وَكُنَّا نَحْنُ
نَرَى لَنَا حَقًّا لِقَرَابَتِنَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُكَلِّمُ أَبَا بَكْرٍ
حَتَّى فَاضَتْ عَيْنَا أَبِي بَكْرٍ فَلَمَّا تَكَلَّمَ
أَبُوبَكْرٍ قَالَ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَرَابَةُ

انہوں نے آپؓ سے بات نہ کی یہاںتک کہ وفات
پاگئیں اور وہ رسول اللہ ﷺ کے بعد چھ ماہ
زندہ رہیں۔ جب وہ فوت ہوئیں تو ان کے خاوند
حضرت علیؓ بن ابی طالب نے انہیں رات کے وقت
دفن کیا اور حضرت ابوبکرؓ کو اس کی اطلاع نہ کی اور
حضرت علیؓ نے ان کی نماز (جنازہ) پڑھی۔
حضرت فاطمہؓ کی زندگی میں لوگوں کی توجہ حضرت علیؓ
کی جانب تھی جب وہ وفات پاگئیں تو حضرت علیؓ
لوگوں کے نزدیک اجنبی ہوگئے انہوں نے حضرت ابوبکرؓ
سے مصالحت اور بیعت کا موقعہ تلاش کیا اور انہوں
نے ان مہینوں میں بیعت نہیں کی تھی۔ انہوں نے
حضرت ابوبکرؓ کو بلا بھیجا کہ آپ میرے پاس آئیں
اور آپ کے ساتھ اور کوئی نہ آئے۔ وہ حضرت عمرؓ بن
خطاب کے آنے کو پسند نہیں کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ
نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا اللہ کی قسم! آپ ان کے
پاس اکیلے نہ جائیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا وہ
میرے ساتھ کیا کریں گے اللہ کی قسم! میں تو ان کے
پاس جاؤں گا۔ پھر حضرت ابوبکرؓ ان کے پاس گئے۔
حضرت علی بن ابی طالبؓ نے تشہد پڑھا پھر کہا
اے ابوبکرؓ! ہم نے آپ کی فضیلت اور جو (مقام)
اللہ نے آپ کو عطا فرمایا ہے اسے ہم نے پہچانا ہے
اور جو خیر اللہ تعالیٰ نے آپ کو عطا فرمائی ہے ہم اس پر
حسد نہیں کرتے لیکن آپ نے یہ کام اکیلے اپنے طور

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَحَبُّ إِلَيَّ أَنْ أَصِلَ مِنْ قَرَابَتِي وَأَمَّا الَّذِي شَجَرَ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ مِنْ هَذِهِ الْأَمْوَالِ فَإِنِّي لَمْ آلُ فِيهَا عَنِ الْحَقِّ وَلَمْ أَتْرُكْ أَمْرًا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْنَعُهُ فِيهَا إِلَّا صَنَعْتُهُ فَقَالَ عَلِيٌّ لِأَبِي بَكْرٍ مَوْعِدُكَ الْعَشِيَّةُ لِلْبَيْعَةِ فَلَمَّا صَلَّى أَبُو بَكْرٍ صَلَاةَ الظُّهْرِ رَقِيَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ وَذَكَرَ شَأْنَ عَلِيٍّ وَتَخَلُّفَهُ عَنِ الْبَيْعَةِ وَعُذْرَهُ بِالَّذِي اعْتَذَرَ إِلَيْهِ ثُمَّ اسْتَغْفَرَ وَتَشَهَّدَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ فَعَظَّمَ حَقَّ أَبِي بَكْرٍ وَأَنَّهُ لَمْ يَحْمِلْهُ عَلَى الَّذِي صَنَعَ نَفَاسَةً عَلَى أَبِي بَكْرٍ وَلَا إِنْكَارًا لِلَّذِي فَضَّلَهُ اللَّهُ بِهِ وَلَكِنَّا كُنَّا نَرَى لَنَا فِي الْأَمْرِ نَصِيبًا فَاسْتُبِدَّ عَلَيْنَا بِهِ فَوَجَدْنَا فِي أَنْفُسِنَا فَسُرَّ بِذَلِكَ الْمُسْلِمُونَ وَقَالُوا أَصَبْتَ فَكَانَ الْمُسْلِمُونَ إِلَى عَلِيٍّ قَرِيبًا حِينَ رَاجَعَ الْأَمْرَ الْمَعْرُوفَ {53} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ فَاطِمَةَ وَالْعَبَّاسَ أَتَيَا أَبَا بَكْرٍ يَلْتَمِسَانِ

پر کر لیا ہے اور ہم سمجھتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ سے قرابت کی وجہ سے ہمارا کوئی حق ہے☆۔ وہ حضرت ابوبکرؓ سے گفتگو کرتے رہے یہانتک کہ حضرت ابوبکرؓ کی آنکھیں ڈبڈبا آئیں۔ پھر جب حضرت ابوبکرؓ نے کلام کیا تو آپؓ نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے رسول اللہ ﷺ کی قرابت مجھے اپنی قرابت سے زیادہ محبوب ہے اور وہ اختلاف رائے جو میرے اور تمہارے درمیان ان اموال کے بارہ میں پیدا ہوا تو اس معاملہ میں میں نے حق کی ادائیگی میں کوئی کمی نہیں کی اور میں نے کوئی بات جسے میں نے رسول اللہ ﷺ کو کرتے دیکھا تھا ترک نہیں کیا بلکہ میں نے ویسے ہی کیا۔ حضرت علیؓ نے حضرت ابوبکرؓ سے کہا بیعت کے لئے شام کا وعدہ ہے۔ جب حضرت ابوبکرؓ نے ظہر کی نماز پڑھائی تو منبر پر چڑھے۔ آپؓ نے تشہد پڑھا اور علیؓ کا معاملہ اور ان کے بیعت سے پیچھے رہ جانے اور ان کے اس عذر کو جو انہوں نے پیش کیا تھا بیان کیا۔ پھر آپؓ نے استغفار کیا اور حضرت علیؓ بن ابی طالب نے تشہد پڑھا اور حضرت ابوبکرؓ کے حق کی عظمت بیان کی اور یہ کہ ان کا حضرت ابوبکرؓ کی بیعت نہ کرنا کسی حسد اور اس فضیلت سے انکار کی وجہ سے نہ تھا جو اللہ تعالیٰ نے

☆ استَبِدَّ بِکَذا ای انفرد به (لسان العرب والمنجد) بعض لوگ اس غلط فہمی میں مبتلاء ہو جاتے ہیں کہ اس اختلاف کا خلافت سے کوئی تعلق ہے۔ یہ اختلاف رائے صرف اموال فئے کے طرز انتظام کے بارہ میں تھا۔

مِيرَاثَهُمَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُمَا حِينَئِذٍ يَطْلُبَانِ أَرْضَهُ مِنْ فَدَكَ وَسَهْمَهُ مِنْ خَيْبَرَ فَقَالَ لَهُمَا أَبُو بَكْرٍ إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ مَعْنَى حَدِيثِ عُقَيْلٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ ثُمَّ قَامَ عَلِيٌّ فَعَظَّمَ مِنْ حَقِّ أَبِي بَكْرٍ وَذَكَرَ فَضِيلَتَهُ وَسَابِقَتَهُ ثُمَّ مَضَى إِلَى أَبِي بَكْرٍ فَبَايَعَهُ فَأَقْبَلَ النَّاسُ إِلَى عَلِيٍّ فَقَالُوا أَصَبْتَ وَأَحْسَنْتَ فَكَانَ النَّاسُ قَرِيبًا إِلَى عَلِيٍّ حِينَ قَارَبَ الْأَمْرَ الْمَعْرُوفَ [4581,4580]

آپؓ کو دی ہے لیکن ہم سمجھتے تھے کہ معاملہ میں مشورہ لئے بغیر انفرادی طور پر فیصلہ کر دیا گیا ہے تو ہم نے اپنے دل میں کچھ محسوس کیا۔ مسلمان اس بات سے خوش ہوگئے اور انہوں نے کہا آپؓ نے درست بات کہی اور جب انہوں نے امر معروف اختیار کیا تو لوگ حضرت علیؓ سے تعلق رکھنے لگے۔

ایک اور روایت میں ہے حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہؓ اور حضرت عباسؓ، حضرت ابوبکرؓ کے پاس رسول اللہ ﷺ کی میراث مانگنے آئے اور اس وقت وہ دونوں فدک میں آپؐ کی زمین اور خیبر میں آپؐ کا حصہ طلب کر رہے تھے۔ ان دونوں کو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا۔

باقی روایت سابقہ روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ بھی ہے کہ ''پھر حضرت علیؓ کھڑے ہوئے اور حضرت ابوبکرؓ کے حق کی عظمت بیان کی اور آپؓ کی فضیلت اور مسابقت کا ذکر کیا۔ پھر حضرت ابوبکرؓ کی طرف گئے اور آپؓ کی بیعت کی تو لوگ حضرت علیؓ کی طرف متوجہ ہوئے اور کہا اَصَبْتَ وَاَحْسَنْتَ کہ آپ نے درست کیا اور خوب کیا اور لوگ حضرت علیؓ کے قریب ہوئے جب وہ امر معروف کے قریب ہوئے۔

3291{54} و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَالْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ

3291: عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ حضرت فاطمہؓ بنت رسول ﷺ نے رسول اللہ ﷺ کی وفات

3291: اطراف: مسلم كتاب الجهاد والسير باب قول النبي ﷺ لا نورث ماتركنا فهو صدقة 3290، 3291 =

الْحُلْوَانِيُّ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَتْ أَبَا بَكْرٍ بَعْدَ وَفَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَقْسِمَ لَهَا مِيرَاثَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا أَفَاءَ اللَّهُ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهَا أَبُو بَكْرٍ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ قَالَ وَعَاشَتْ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّةَ أَشْهُرٍ وَكَانَتْ فَاطِمَةُ تَسْأَلُ أَبَا بَكْرٍ نَصِيبَهَا مِمَّا تَرَكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ وَفَدَكَ وَصَدَقَتِهِ بِالْمَدِينَةِ فَأَبَى أَبُو بَكْرٍ عَلَيْهَا ذَلِكَ وَقَالَ لَسْتُ تَارِكًا شَيْئًا كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْمَلُ بِهِ إِلَّا عَمِلْتُ بِهِ إِنِّي أَخْشَى إِنْ تَرَكْتُ شَيْئًا مِنْ أَمْرِهِ أَنْ أَزِيغَ فَأَمَّا صَدَقَتُهُ بِالْمَدِينَةِ فَدَفَعَهَا عُمَرُ إِلَى عَلِيٍّ

کے بعد حضرت ابوبکرؓ سے رسول اللہ ﷺ کے ترکہ میں سے ان کے لئے وہ میراث تقسیم کریں جو اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو بطور فئے عطا فرمایا تھا ان سے حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے ہمارا کوئی وارث نہیں ہوگا اور جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔ راوی کہتے ہیں وہ رسول اللہ ﷺ کے بعد چھ ماہ زندہ رہیں۔ حضرت فاطمہؓ حضرت ابوبکرؓ سے اس میں سے جو رسول اللہ ﷺ نے خیبر اور فدک اور مدینہ کے صدقہ میں سے چھوڑا اپنا حصہ مانگتی تھیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے ان سے اس کا انکار کیا اور فرمایا میں اس میں سے کچھ بھی چھوڑنے والا نہیں جو رسول اللہ ﷺ اس میں کیا کرتے تھے۔ میں بھی اس میں وہی کروں گا میں ڈرتا ہوں کہ اگر میں اس معاملہ میں کچھ چھوڑوں تو کہیں کج نہ ہو جاؤں جہاں تک آپؐ کے مدینہ والے صدقہ کا تعلق ہے تو وہ حضرت عمرؓ نے حضرت علیؓ اور حضرت عباسؓ کے سپرد کر دیئے تھے اور حضرت علیؓ ان پر اس صدقہ میں غالب آ گئے اور خیبر اور فدک کو حضرت عمرؓ نے اپنے انتظام میں رکھا اور فرمایا یہ دونوں رسول اللہ ﷺ کے صدقات تھے۔ یہ دونوں آپؐ کے ان ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے اور

= **تخریج: بخاری** کتاب فرض الخمس باب فرض الخمس 3093 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب قرابة رسول الله ﷺ 3712 کتاب المغازی باب حدیث بنی نضیر ... 4036 باب غزوة خيبر 4241 کتاب الفرائض باب قول الله تعالیٰ یوصیکم الله فی اولادکم 6726، 6727، 6728، 6730 **نسائی** کتاب قسم الفیء 4141 **ابو داؤد** کتاب الخراج والفیء والامارة باب فی صفایا رسول الله ﷺ من الاموال 2963، 2968، 2969، 2975، 2976، 2977

وَعَبَّاسٍ فَغَلَبَهُ عَلَيْهَا عَلِيٌّ وَأَمَّا خَيْبَرُ وَفَدَكُ فَأَمْسَكَهُمَا عُمَرُ وَقَالَ هُمَا صَدَقَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتَا لِحُقُوقِهِ الَّتِي تَعْرُوهُ وَنَوَائِبِهِ وَأَمْرُهُمَا إِلَى مَنْ وَلِيَ الْأَمْرَ قَالَ فَهُمَا عَلَى ذَلِكَ إِلَى الْيَوْمِ [4582]

آپؐ کی وقتاً فوقتاً پیش آنے والی ضروریات کے لئے تھے اور اب ان دونوں کا معاملہ اس کے سپرد ہے جو صاحبِ امر ہے۔ راوی کہتے ہیں پس یہ دونوں آج تک اسی طرح ہیں۔

3292{55} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَقْتَسِمُ وَرَثَتِي دِينَارًا مَا تَرَكْتُ بَعْدَ نَفَقَةِ نِسَائِي وَمَئُونَةِ عَامِلِي فَهُوَ صَدَقَةٌ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ أَبِي عُمَرَ الْمَكِّيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي الزِّنَادِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [4584,4583]

3292: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے وارث ایک دینار بھی تقسیم نہیں کریں گے۔ مَیں اپنی بیویوں کے خرچ اور اپنے کارکن کی اجرت کے بعد جو چھوڑ جاؤں وہ صدقہ ہے۔

3293 {56} و حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ عَدِيٍّ أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْأَعْرَجِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ

3293: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا ہمارا کوئی وارث نہ ہوگا جو ہم چھوڑیں وہ صدقہ ہے۔

3292 :**اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب قول النبى ﷺ لا نورث ماتركنا فهو صدقة 3293

تخريج: **بخارى** كتاب الوصايا باب نفقة القيم للوقف 2776 كتاب فرض الخمس باب نفقة نساء النبى ﷺ بعد وفاته ... 3096 كتاب الفرائض باب قول النبى ﷺ لا نورث ما تركنا صدقة 6729 **ابو داؤد** كتاب الخراج والفىء والامارة باب فى صفايا رسول الله ﷺ من الاموال 2974

3293 :**اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب قول النبى ﷺ لا نورث ماتركنا فهو صدقة 3292

تخريج: **بخارى** كتاب الوصايا باب نفقة القيم للوقف 2776 كتاب فرض الخمس باب نفقة نساء النبى ﷺ بعد وفاته ... 3096 كتاب الفرائض باب قول النبى ﷺ لا نورث ما تركنا صدقة 6729 **ابو داؤد** كتاب الخراج والفىء والامارة باب فى صفايا رسول الله ﷺ من الاموال 2974

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نُورَثُ مَا تَرَكْنَا صَدَقَةٌ [4585]

[17]19: بَاب: كَيْفِيَّةُ قِسْمَةِ الْغَنِيمَةِ بَيْنَ الْحَاضِرِينَ

باب: (جنگ میں) حاضر ہونے والوں میں مال غنیمت کی تقسیم کی کیفیت

3294{57} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ كِلَاهُمَا عَنْ سُلَيْمٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا سُلَيْمُ بْنُ أَخْضَرَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ حَدَّثَنَا نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَسَمَ فِي النَّفَلِ لِلْفَرَسِ سَهْمَيْنِ وَلِلرَّجُلِ سَهْمًا و حَدَّثَنَاه ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ فِي النَّفَلِ [4587,4586]

3294: حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مال غنیمت میں سے دو حصے گھوڑے اور ایک حصہ آدمی کے لئے تقسیم فرمایا۔ ایک اور روایت میں فِي النَّفَلِ کے الفاظ نہیں ہیں۔

[18]20: بَاب: الْإِمْدَادُ بِالْمَلَائِكَةِ فِي غَزْوَةِ بَدْرٍ وَإِبَاحَةُ الْغَنَائِمِ

باب: غزوۂ بدر میں فرشتوں کی مدد اور غنیمتوں کا جائز ہونا

3295{58} حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ

3295: حضرت عبداللہ بن عباسؓ کہتے ہیں کہ حضرت عمر بن خطابؓ نے مجھ سے بیان کیا بدر والے دن رسول اللہ ﷺ نے مشرکوں کو دیکھا وہ ایک ہزار تھے

3294 :تخریج: **بخاری** کتاب الجهاد باب سهام الفرس 2863 كتاب المغازی باب غزوة خيبر 4228 **ترمذی** كتاب السير باب في سهم الخيل 1554 **ابوداؤد** كتاب الجهاد باب في المشرک يسهم له 2733، 2734، 2735 **ابن ماجه** كتاب الجهاد باب قسمة الغنائم 2854

3295 :تخریج: **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب ماقيل في درع النبی ﷺ والقميص في الحرب 2915 كتاب المغازی باب قصة غزوة بدر 3952 كتاب التفسير باب قوله سيهزم الجمع ... 4875 باب قوله بل الساعة موعدهم والساعة ادهى وامر ...4877 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة الانفال 3081 **ابوداؤد** كتاب الجهاد باب في فداء الاسير بالمال 2690

يَقُولُ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ ح و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي أَبُو زُمَيْلٍ هُوَ سِمَاكٌ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ بَدْرٍ نَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمُشْرِكِينَ وَهُمْ أَلْفٌ وَأَصْحَابُهُ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَتِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا فَاسْتَقْبَلَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقِبْلَةَ ثُمَّ مَدَّ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَهْتِفُ بِرَبِّهِ اللَّهُمَّ أَنْجِزْ لِي مَا وَعَدْتَنِي اللَّهُمَّ آتِ مَا وَعَدْتَنِي اللَّهُمَّ إِنْ تُهْلِكْ هَذِهِ الْعِصَابَةَ مِنْ أَهْلِ الْإِسْلَامِ لَا تُعْبَدْ فِي الْأَرْضِ فَمَا زَالَ يَهْتِفُ بِرَبِّهِ مَادًّا يَدَيْهِ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ حَتَّى سَقَطَ رِدَاؤُهُ عَنْ مَنْكِبَيْهِ فَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ فَأَخَذَ رِدَاءَهُ فَأَلْقَاهُ عَلَى مَنْكِبَيْهِ ثُمَّ الْتَزَمَهُ مِنْ وَرَائِهِ وَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ كَفَاكَ مُنَاشَدَتُكَ رَبَّكَ فَإِنَّهُ سَيُنْجِزُ لَكَ مَا وَعَدَكَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ إِذْ تَسْتَغِيثُونَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ لَكُمْ أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ فَأَمَدَّهُ اللَّهُ بِالْمَلَائِكَةِ قَالَ أَبُو زُمَيْلٍ فَحَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ مِنَ

اور آپؐ کے صحابہؓ تین سو انیس تھے۔ اللہ کے نبی ﷺ نے قبلہ کی طرف منہ کیا پھر اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے اور اپنے رب کو بلند آواز سے پکارتے رہے اے اللہ! جو تو نے میرے ساتھ وعدہ کیا ہے پورا فرما اے اللہ! جو تو نے مجھ سے وعدہ کیا ہے وہ مجھے عطا فرما۔ اے اللہ! اگر تو نے مسلمانوں کا یہ گروہ ہلاک کر دیا تو زمین پر تیری عبادت نہیں کی جائے گی۔ قبلہ کی طرف منہ کئے دونوں ہاتھ پھیلائے آپؐ مسلسل اپنے رب کو بلند آواز سے پکارتے رہے یہانتک کہ آپؐ کی چادر آپؐ کے کندھے سے گر گئی۔ حضرت ابو بکرؓ آپ کے پاس آئے اور آپ کی چادر اٹھائی اور آپؐ کے کندھوں پر ڈال دی پھر آپؓ رسول اللہ ﷺ کو پیچھے سے چمٹ گئے اور عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! آپؐ کی اپنے رب کے حضور الحاح سے بھری ہوئی دعا آپؐ کے لئے کافی ہے۔ وہ آپؐ سے کئے گئے وعدے ضرور پورے فرمائے گا۔ اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی (یاد کرو) جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے اس نے تمہاری التجا کو قبول کر لیا (اس وعدہ کے ساتھ) کہ میں ضرور ایک ہزار قطار در قطار فرشتوں سے تمہاری مدد کروں گا۔ پس اللہ نے ملائکہ کے ذریعہ آپؐ کی مدد فرمائی۔

راوی کہتے ہیں کہ مجھے حضرت ابن عباسؓ نے بتایا کہ اس اثناء میں کہ اس دن مسلمانوں میں سے ایک آدمی

الْمُسْلِمِينَ يَوْمَئِذٍ يَشْتَدُّ فِي أَثَرِ رَجُلٍ مِنَ
الْمُشْرِكِينَ أَمَامَهُ إِذْ سَمِعَ ضَرْبَةً بِالسَّوْطِ
فَوْقَهُ وَصَوْتَ الْفَارِسِ يَقُولُ أَقْدِمْ حَيْزُومُ
فَنَظَرَ إِلَى الْمُشْرِكِ أَمَامَهُ فَخَرَّ مُسْتَلْقِيًا
فَنَظَرَ إِلَيْهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ خُطِمَ أَنْفُهُ وَشُقَّ
وَجْهُهُ كَضَرْبَةِ السَّوْطِ فَاخْضَرَّ ذَلِكَ
أَجْمَعُ فَجَاءَ الْأَنْصَارِيُّ فَحَدَّثَ بِذَلِكَ
رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ
صَدَقْتَ ذَلِكَ مِنْ مَدَدِ السَّمَاءِ الثَّالِثَةِ
فَقَتَلُوا يَوْمَئِذٍ سَبْعِينَ وَأَسَرُوا سَبْعِينَ قَالَ
أَبُو زُمَيْلٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَلَمَّا أَسَرُوا
الْأُسَارَى قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ
وَسَلَّمَ لِأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ مَا تَرَوْنَ فِي هَؤُلَاءِ
الْأُسَارَى فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ يَا نَبِيَّ اللَّهِ هُمْ بَنُو
الْعَمِّ وَالْعَشِيرَةِ أَرَى أَنْ تَأْخُذَ مِنْهُمْ فِدْيَةً
فَتَكُونُ لَنَا قُوَّةً عَلَى الْكُفَّارِ فَعَسَى اللَّهُ أَنْ
يَهْدِيَهُمْ لِلْإِسْلَامِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى
اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا تَرَى يَا ابْنَ الْخَطَّابِ
قُلْتُ لَا وَاللَّهِ يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَرَى الَّذِي
رَأَى أَبُو بَكْرٍ وَلَكِنِّي أَرَى أَنْ تُمَكِّنَّا
فَنَضْرِبَ أَعْنَاقَهُمْ فَتُمَكِّنَ عَلِيًّا مِنْ عَقِيلٍ
فَيَضْرِبَ عُنُقَهُ وَتُمَكِّنِّي مِنْ فُلَانٍ نَسِيبًا
لِعُمَرَ فَأَضْرِبَ عُنُقَهُ فَإِنَّ هَؤُلَاءِ أَئِمَّةُ الْكُفْرِ

مشرکوں کے ایک آدمی کے پیچھے دوڑ رہا تھا اور وہ
(مشرک) اس کے آگے تھا کہ اس نے اوپر سے کوڑا
لگنے کی اور گھوڑ سوار کی آواز سنی۔ وہ کہہ رہا تھا حیزوم آگے
بڑھو! اس نے اپنے آگے مشرک کی طرف دیکھا۔ وہ
(مشرک) پشت کے بل گرا۔ اس نے اس کو دیکھا تو اس
کی ناک پر زخم تھا اور اس کا چہرہ کوڑے کی مار سے پھٹا ہوا
تھا اور اس وجہ سے اس پر نیل پڑ گیا تھا۔ وہ انصاری آیا
اور اس نے یہ بات رسول اللہ ﷺ کو بتائی۔ آپؐ نے
فرمایا تو نے درست کہا۔ یہ تیسرے آسمان سے (اترنے
والی) مدد تھی۔ انہوں نے اس دن ستّر کو قتل کیا اور ستّر کو
قیدی بنایا۔ راوی کہتے ہیں حضرت ابن عباسؓ نے کہا
جب انہوں نے قیدیوں کو پکڑا۔ رسول اللہ ﷺ نے
حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ سے فرمایا ان قیدیوں کے
بارہ میں تمہاری کیا رائے ہے؟ حضرت ابوبکرؓ نے
عرض کیا اے اللہ کے نبیؐ! وہ ہمارے چچازاد اور رشتہ
دار ہیں۔ میرا خیال ہے آپؐ اُن سے فدیہ لے
لیں۔ وہ ہمارے لئے ان کفار کے مقابلہ میں قوت کا
باعث ہوگا۔ اور قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی اسلام
کی طرف رہنمائی فرمائے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا
اے ابن خطاب! تمہاری کیا رائے ہے؟ میں نے کہا
نہیں، یا رسولؐ اللہ! اللہ کی قسم میری وہ رائے نہیں ہے
جو ابوبکرؓ کی رائے ہے۔ بلکہ میری رائے یہ ہے کہ
آپ انہیں ہمارے سپرد کر دیں۔ ہم ان کی گردنیں مار

وَصَنَادِيدُهَا فَهَوِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا قَالَ أَبُو بَكْرٍ وَلَمْ يَهْوَ مَا قُلْتُ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جِئْتُ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ قَاعِدَيْنِ يَبْكِيَانِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَخْبِرْنِي مِنْ أَيِّ شَيْءٍ تَبْكِي أَنْتَ وَصَاحِبُكَ فَإِنْ وَجَدْتُ بُكَاءً بَكَيْتُ وَإِنْ لَمْ أَجِدْ بُكَاءً تَبَاكَيْتُ لِبُكَائِكُمَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبْكِي لِلَّذِي عَرَضَ عَلَيَّ أَصْحَابُكَ مِنْ أَخْذِهِمُ الْفِدَاءَ لَقَدْ عُرِضَ عَلَيَّ عَذَابُهُمْ أَدْنَى مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ شَجَرَةٍ قَرِيبَةٍ مِنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَى حَتَّى يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ إِلَى قَوْلِهِ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلَالًا طَيِّبًا فَأَحَلَّ اللَّهُ الْغَنِيمَةَ لَهُمْ [4588]

دیں اور علیؓ کے سپرد عقیل کریں کہ وہ اس کی گردن مارے اور میرے سپرد فلاں کو کریں جو نسبًا حضرت عمرؓ کا رشتہ دار تھا تو میں اس کی گردن ماردوں کیونکہ یہ سب کفار کے لیڈر اور ان کے سردار ہیں رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کی بات کو ترجیح دی[1]۔ جب اگلا دن ہوا تو میں آیا اور میری بات کو ترجیح نہ دی، اگلے دن میں آیا تو رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ بیٹھے رو رہے تھے۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے بتائیے! کس چیز نے آپؐ کو اور آپؐ کے ساتھی کو رُلایا ہے؟ اگر مجھے رونا آیا تو میں بھی روؤں گا وگرنہ میں آپ دونوں کے رونے کی طرح رونے کی صورت بناؤں گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میرے رونے کی وجہ یہ ہے جو تمہارے ساتھیوں نے میرے سامنے ان سے فدیہ لینے کی تجویز پیش کی تھی۔ میرے سامنے ان کا عذاب اس درخت سے زیادہ قریب پیش کیا گیا ہے — جو درخت اللہ کے نبی ﷺ کے قریب ہی تھا — اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ ترجمہ: کسی نبی کے لئے جائز نہیں کہ زمین میں خونریز جنگ کے بغیر قیدی بنائے۔ آیت کے اس حصہ تک ''پس جو مالِ غنیمت تم حاصل کرو، اس میں سے حلال اور پاکیزہ کھاؤ۔''[2] پس اللہ نے اُن کے لئے غنیمتیں جائز کردیں۔

1: اس روایت کا یہ حصہ بخاری میں نہیں ہے۔
2: (الانفال 68 تا 70)

[19]21 :بَاب: رَبْطُ الْأَسِيرِ وَحَبْسُهُ وَجَوَازُ الْمَنِّ عَلَيْهِ

باب: اسیر کو باندھ کر رکھنا اور روک رکھنا اور اس پر احسان کرنے کا جواز

3296{59} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي يَا مُحَمَّدُ خَيْرٌ إِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ قَالَ مَا قُلْتُ لَكَ إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَ مِنَ الْغَدِ

3296: سعید بن ابی سعید سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت ابو ہریرہؓ سے سنا وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے کچھ سوار نجد کی طرف بھیجے۔ وہ بنو حنیفہ کے ایک شخص کو لے کر آئے جو یمامہ کا سردار ثمامہ بن اُثال کہلاتا تھا۔ انہوں نے اسے مسجد کے ستونوں میں سے ایک ستون کے ساتھ باندھ دیا۔ رسول اللہ ﷺ اس کے پاس آئے اور فرمایا اے ثمامہ تمہارا کیا خیال ہے؟ اس نے کہا اے محمدؐ میرے پاس خیر (ہی) ہے۔ اگر آپؐ مجھے قتل کردیں تو ایک قاتل کو قتل کریں گے اور اگر آپؐ احسان فرمائیں تو ایک شکر گزار پر احسان فرمائیں گے۔ اگر آپؐ مال کا مطالبہ کریں تو جس قدر آپؐ فرمائیں گے آپ کو دیا جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے (اس کے حال پر) چھوڑ دیا۔ پھر اگلا دن آیا۔ آپؐ نے فرمایا اے ثمامہ! اس نے کہا وہی جو میں آپؐ سے کہہ چکا ہوں کہ اگر آپؐ احسان فرمائیں گے تو ایک شکر گزار پر احسان فرمائیں گے اور اگر آپؐ قتل کریں گے تو ایک قاتل کو قتل کریں گے اور اگر آپؐ مال چاہتے ہیں

3296 :تخريج: بخاری كتاب الصلاة باب الاغتسال اذا اسلم 462 باب دخول المشرك المسجد 469 كتاب الخصومات باب التوثق ممن تخشى معرته 2422 باب الربط والحبس فى الحرم 2423 كتاب المغازى باب وفد بنى حنيفة وحديث ثمامة بن اثال 4372 **نسائی** كتاب الطهارة باب تقديم الغسل الكافر اذا اراد ان يسلم 189 كتاب المساجد باب ربط الاسير بسارية المسجد 712 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى الاسير يوثق 2679

فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي مَا قُلْتُ لَكَ إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَطْلِقُوا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ إِلَى نَخْلٍ قَرِيبٍ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ يَا مُحَمَّدُ وَاللَّهِ مَا كَانَ عَلَى الْأَرْضِ وَجْهٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ وَجْهِكَ فَقَدْ أَصْبَحَ وَجْهُكَ أَحَبَّ الْوُجُوهِ كُلِّهَا إِلَيَّ وَاللَّهِ مَا كَانَ مِنْ دِينٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ دِينِكَ فَأَصْبَحَ دِينُكَ أَحَبَّ الدِّينِ كُلِّهِ إِلَيَّ وَاللَّهِ مَا كَانَ مِنْ بَلَدٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ بَلَدِكَ فَأَصْبَحَ بَلَدُكَ أَحَبَّ الْبِلَادِ كُلِّهَا إِلَيَّ وَإِنَّ خَيْلَكَ أَخَذَتْنِي وَأَنَا أُرِيدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرَى فَبَشَّرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ قَالَ لَهُ قَائِلٌ أَصَبَوْتَ فَقَالَ لَا وَلَكِنِّي أَسْلَمْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وَاللَّهِ لَا يَأْتِيكُمْ مِنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتَّى يَأْذَنَ فِيهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {60} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى

تو جس قدر آپؐ چاہیں گے دیا جائے گا رسول اللہ ﷺ نے اسے (اس کے حال پر) چھوڑ دیا یہاںتک کہ اگلا دن ہوا تو آپؐ نے فرمایا اے ثمامہ! کیا خیال ہے؟ اس نے کہا میرے پاس وہی کچھ ہے جس کا میں آپؐ سے (پہلے) اظہار کر چکا ہوں اگر آپؐ احسان فرمائیں تو ایک شکر گزار پر احسان فرمائیں گے اور اگر آپؐ قتل کریں تو ایک قاتل کو قتل کریں گے اور اگر آپؐ کو مال کی طلب ہے تو جس قدر آپؐ فرمائیں گے آپؐ کو دیا جائے گا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ثمامہ کو آزاد کردو۔ وہ مسجد کے قریب کھجور کے ایک باغ کی طرف گیا غسل کیا پھر مسجد میں داخل ہوا اور کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے بندہ اور اس کے رسول ہیں۔ اے محمدؐ! اللہ کی قسم! سطح زمین پر آپؐ کے چہرہ سے بڑھ کر کوئی چہرہ مجھے زیادہ مبغوض نہیں تھا اور اب آپؐ کا چہرہ تمام چہروں سے بڑھ کر محبوب ہو گیا ہے۔ اللہ کی قسم! کوئی دین آپؐ کے دین سے بڑھ کر مجھے ناپسند نہیں تھا لیکن اب تمام دینوں سے بڑھ کر آپؐ کا دین مجھے محبوب ہو گیا ہے اور خدا کی قسم آپؐ کے شہر سے بڑھ کر مجھے کسی شہر سے نفرت نہ تھی مگر آپؐ کا شہر مجھے سارے شہروں سے بڑھ کر پیارا ہو گیا ہے۔ آپؐ کے گھڑ سواروں نے مجھے پکڑا جبکہ میں عمرہ پر جا رہا تھا۔ اب آپؐ کا کیا ارشاد ہے؟

حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنِي عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِي سَعِيدُ بْنُ أَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ بَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا لَهُ نَحْوَ أَرْضِ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ الْحَنَفِيُّ سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِ حَدِيثِ اللَّيْثِ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ إِنْ تَقْتُلْنِي تَقْتُلْ ذَا دَمٍ [4590,4589]

رسول اللہ ﷺ نے اسے بشارت دی اور اسے عمرہ کرنے کا ارشاد فرمایا جب وہ مکہ آیا تو ایک کہنے والے نے اسے کہا کیا تو صابی ہوگیا ہے؟ انہوں نے جواب دیا نہیں بلکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اسلام قبول کیا ہے۔ اللہ کی قسم !تمہارے پاس یمامہ سے گندم کا ایک دانہ بھی نہیں آئے گا یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ اس بارہ میں اجازت مرحمت فرمائیں۔ ایک اور روایت میں (قِبَلَ نَجْدٍ کی بجائے) نَحْوَ اَرْضِ نَجْدٍ کے الفاظ ہیں اور (مِنْ بَنِي حَنِيْفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ کی بجائے)يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ الْحَنَفِيُّ کے الفاظ ہیں اور (اِنْ تَقْتُلْ کی بجائے)اِنْ تَقْتُلْنِيْ کے الفاظ ہیں۔

[20]22:بَاب: إِجْلَاءُ الْيَهُودِ مِنَ الْحِجَازِ

باب: یہود کی حجاز سے جلاوطنی

3297{61} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّهُ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ خَرَجَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْطَلِقُوا إِلَى يَهُودَ فَخَرَجْنَا مَعَهُ حَتَّى جِئْنَاهُمْ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

3297:حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں اس اثناء میں کہ ہم مسجد میں تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا یہود کی طرف چلو۔ہم آپؐ کے ساتھ نکلے یہانتک کہ ان کے پاس پہنچے۔رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے اور انہیں پکارا اور فرمایا اے یہود کے گروہ! اسلام قبول کرو،سلامتی

3297 :تخریج: بخاری كتاب الجزية باب اخراج اليهود من جزيرة العرب 3167 كتاب الاكراه باب فى بيع المكره ونحوه فى الحق وغيره 6944 كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة باب قوله تعالىٰ وكان الانسان اكثر شئ جدلًا 7348 **ابو داؤد** كتاب الخراج والفىء والامارة باب كيف كان اخراج اليهود من المدينة 3003

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُمْ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ يَهُودَ أَسْلِمُوا تَسْلَمُوا فَقَالُوا قَدْ بَلَّغْتَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ أُرِيدُ أَسْلِمُوا تَسْلَمُوا فَقَالُوا قَدْ بَلَّغْتَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَلِكَ أُرِيدُ فَقَالَ لَهُمُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ اعْلَمُوا أَنَّمَا الْأَرْضُ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ وَأَنِّي أُرِيدُ أَنْ أُجْلِيَكُمْ مِنْ هَذِهِ الْأَرْضِ فَمَنْ وَجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهِ شَيْئًا فَلْيَبِعْهُ وَإِلَّا فَاعْلَمُوا أَنَّ الْأَرْضَ لِلَّهِ وَرَسُولِهِ [4591]

میں آجاؤ گے۔ انہوں نے کہا اے ابوالقاسم! آپؐ نے (پیغام) پہنچا دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے فرمایا میں یہی چاہتا ہوں تم اسلام قبول کرو تو سلامتی میں آجاؤ گے۔ انہوں نے کہا اے ابوالقاسم! آپؐ نے (پیغام) پہنچا دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا میں یہی چاہتا ہوں۔ پھر آپؐ نے انہیں تیسری مرتبہ فرمایا اور فرمایا جان لو زمین تو صرف اللہ اور اس کے رسولؐ کی ہے اور چاہتا ہوں کہ تمہیں اس زمین سے جلاوطن کردوں تو تم میں سے جس نے اپنے مال سے کچھ حاصل کرلیا ہے وہ اس کو بیچ دے، وگرنہ تم جان لو کہ زمین اللہ اور اس کے رسولؐ کی ہے۔

3298{62} وحَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَإِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ يَهُودَ بَنِي النَّضِيرِ وَقُرَيْظَةَ حَارَبُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَجْلَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي النَّضِيرِ وَأَقَرَّ قُرَيْظَةَ وَمَنَّ عَلَيْهِمْ حَتَّى حَارَبَتْ قُرَيْظَةُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقَتَلَ رِجَالَهُمْ وَقَسَمَ نِسَاءَهُمْ وَأَوْلَادَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ بَيْنَ

3298: حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ بنو نضیر اور قریظہ کے یہود نے رسول اللہ ﷺ سے جنگ کی رسول اللہ ﷺ نے بنو نضیر کو جلاوطن کر دیا اور قریظہ کو ٹھہرے رہنے دیا اور ان پر احسان فرمایا یہاں تک کہ اس کے بعد قریظہ نے (بھی) جنگ کی آپ نے ان کے آدمیوں کو قتل کیا اور ان کی عورتوں اور ان کی اولاد اور ان کے اموال کو مسلمانوں کے درمیان تقسیم فرما دیا سوائے اس کے کہ ان میں سے بعض رسول اللہ ﷺ سے مل گئے تو آپؐ نے انہیں امان دی اور انہوں نے اسلام قبول کیا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے مدینہ کے

3298 :تخريج: بخارى كتاب المغازى باب حديث بني نضير ... 4028 ابو داؤد كتاب الخراج والفيء والامارة باب في خبر النظير 3005

الْمُسْلِمِينَ إِلَّا أَنَّ بَعْضَهُمْ لَحِقُوا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَآمَنَهُمْ وَأَسْلَمُوا وَأَجْلَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَهُودَ الْمَدِينَةِ كُلَّهُمْ بَنِي قَيْنُقَاعَ وَهُمْ قَوْمُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَامٍ وَيَهُودَ بَنِي حَارِثَةَ وَكُلَّ يَهُودِيٍّ كَانَ بِالْمَدِينَةِ و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي حَفْصُ بْنُ مَيْسَرَةَ عَنْ مُوسَى بِهَذَا الْإِسْنَادِ هَذَا الْحَدِيثَ وَحَدِيثُ ابْنِ جُرَيْجٍ أَكْثَرُ وَأَتَمُّ [4593,4592]

سب یہودیوں بنوقینقاع جو حضرت عبداللہؓ بن سلام کی قوم تھی اور بنی حارثہ کے یہود اور ہر اس یہودی کو جو مدینہ میں تھا جلاوطن کر دیا۔[1]

[21]23:بَاب: إِخْرَاجُ الْيَهُودِ وَالنَّصَارَى مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ

باب: یہود اور نصاریٰ کا جزیرۂ عرب سے اخراج

3299{63} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ

3299: حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں انہیں حضرت عمرؓ بن خطاب نے بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا میں یہود اور نصاریٰ کو ضرور جزیرۂ عرب سے نکال دوں گا اور مسلمانوں کے سوا کسی کو نہ چھوڑوں گا[2]۔

3299: تخریج: ترمذی کتاب السير باب ماجاء في اخراج اليهود والنصارى من جزيرة العرب 1606، 1607 ابوداؤد كتاب الخراج والفيء والامارة باب في اخراج اليهود من جزيرة العرب 3030

1: حضرت ابو ہریرہؓ حضور ﷺ کی وفات سے صرف تین سال قبل اسلام لائے اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یہود کی آبادی خاصی تعداد میں مدینہ میں موجود تھی۔ اس لئے بنوقریظہ کے قتلِ عام کی روایات میں مبالغہ کا عنصر شامل معلوم ہوتا ہے۔

2: یہ اور اس مضمون کی دوسری احادیث کو پڑھتے ہوئے اس آیت کے مضمون کو مدنظر رکھنا چاہئے کہ لَا يَنْهَاكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ.........الآية (الممتحنه :9)

اللَّهِ يَقُولُ أَخْبَرَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَأُخْرِجَنَّ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى مِنْ جَزِيرَةِ الْعَرَبِ حَتَّى لَا أَدَعَ إِلَّا مُسْلِمًا و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ ح و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ وَهُوَ ابْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [4595,4594]

[22]24:بَاب : جَوَازُ قِتَالِ مَنْ نَقَضَ الْعَهْدَ وَجَوَازُ إِنْزَالِ أَهْلِ الْحِصْنِ عَلَى حُكْمِ حَاكِمٍ عَدْلٍ أَهْلٍ لِلْحُكْمِ

باب: جوعہد توڑے اس سے لڑائی جائز ہے اور قلعہ والوں کو منصف حاکم کے حکم پر جو فیصلہ کی اہلیت رکھتا ہو اُتارنے کا جواز

3300{64} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالَ أَبُو بَكْرٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ

3300:حضرت ابوسعید خدریؓ بیان کرتے ہیں کہ اہل قریظہ اس شرط پر نیچے اُترے کہ حضرت سعد بن معاذؓ (ان کا) فیصلہ کریں۔ رسول اللہ ﷺ نے حضرت سعدؓ کو بلا بھیجا۔ وہ آپ کے پاس ایک گدھے پر (سوار) آئے جب وہ مسجد کے قریب

3300 : تخریج: بخاری کتاب الجهاد والسير باب اذا نزل العدو على حكم رجل 3043 كتاب مناقب الانصار باب مناقب سعد بن معاذ 3804 كتاب المغازى باب مرجع النبى ﷺ من الاحزاب ومخرجه الى بنى قريظة 4121، 4122 كتاب الاستئذان باب قول النبى ﷺ قوموا الى سيدكم 6262 **ابوداؤد** كتاب الادب باب ما جاء فى القيام 2515، 2516

سَمِعْتُ أَبَا أُمَامَةَ بْنَ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ قَالَ نَزَلَ أَهْلُ قُرَيْظَةَ عَلَى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى سَعْدٍ فَأَتَاهُ عَلَى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَرِيبًا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْأَنْصَارِ قُومُوا إِلَى سَيِّدِكُمْ أَوْ خَيْرِكُمْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ هَؤُلَاءِ نَزَلُوا عَلَى حُكْمِكَ قَالَ تَقْتُلُ مُقَاتِلَتَهُمْ وَتَسْبِي ذُرِّيَّتَهُمْ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ اللَّهِ وَرُبَّمَا قَالَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ وَلَمْ يَذْكُرِ ابْنُ الْمُثَنَّى وَرُبَّمَا قَالَ قَضَيْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ وحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ شُعْبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيهِمْ بِحُكْمِ اللَّهِ وَقَالَ مَرَّةً لَقَدْ حَكَمْتَ بِحُكْمِ الْمَلِكِ [4597,4596]

پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے انصار سے فرمایا اپنے سردار یا اپنے بزرگ کے لئے کھڑے ہو جاؤ۔ پھر فرمایا یہ اس شرط پر اترے ہیں کہ تم فیصلہ کرو۔ انہوں نے کہا ان کے جولڑتے رہیں ان کو قتل کیا جائے اور ان کی ذریت قیدی بنائی جائے۔ راوی کہتے ہیں نبی ﷺ نے فرمایا تم نے اللہ کے حکم کے مطابق اور (راوی نے) بعض دفعہ کہا تم نے بادشاہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔ ابن مثنّی نے یہ ذکر نہیں کیا کہ بعض اوقات۔ راوی نے کہا تم نے بادشاہ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا۔

شعبہ بھی اسی سند سے روایت کرتے ہیں اور وہ اپنی روایت میں کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم نے ان کے بارہ میں اللہ کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا ہے اور (راوی نے ایک دفعہ) کہا تم نے بادشاہ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

3301{ 65} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ كِلَاهُمَا عَنِ

3301: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ خندق کے دن سعدؓ زخمی ہوئے۔ ان کو قریش کے ایک

3301 : **اطراف: مسلم** كتاب الجهاد والسير باب جواز قتال من نقض العهد وجواز انزال اهل الحصن ... 3302
تخريج: بخاری كتاب الصلاة باب الخيمة فى المسجد للمرضى وغيرهم 463 كتاب الجهاد والسير باب الغسل بعد الحرب والغبار 2813 كتاب المغازى باب مرجع النبى ﷺ من الاحزاب ومخرجه الى بنى قريظة ... 4117، 4122 **نسائى** كتاب المساجد ضرب الخباء فى المساجد ...710 **ابو داؤد** كتاب الجنائز باب فى العيادة ..3101

ابْنِ نُمَيْرٍ قَالَ ابْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أُصِيبَ سَعْدٌ يَوْمَ الْخَنْدَقِ رَمَاهُ رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهُ ابْنُ الْعَرِقَةِ رَمَاهُ فِي الْأَكْحَلِ فَضَرَبَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْمَةً فِي الْمَسْجِدِ يَعُودُهُ مِنْ قَرِيبٍ فَلَمَّا رَجَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْخَنْدَقِ وَضَعَ السِّلَاحَ فَاغْتَسَلَ فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ وَهُوَ يَنْفُضُ رَأْسَهُ مِنَ الْغُبَارِ فَقَالَ وَضَعْتَ السِّلَاحَ وَاللَّهِ مَا وَضَعْنَاهُ اخْرُجْ إِلَيْهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَيْنَ فَأَشَارَ إِلَى بَنِي قُرَيْظَةَ فَقَاتَلَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلُوا عَلَى حُكْمِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُكْمَ فِيهِمْ إِلَى سَعْدٍ قَالَ فَإِنِّي أَحْكُمُ فِيهِمْ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ وَالنِّسَاءُ وَتُقْسَمَ أَمْوَالُهُمْ

{66} و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ قَالَ قَالَ أَبِي فَأُخْبِرْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيهِمْ بِحُكْمِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

[4599,4598]

شخص نے جس کا نام ابن عرقہ تھا تیر مارا۔اس نے ان کی رگ میں مارا۔رسول اللہ ﷺ نے ان کا خیمہ مسجد میں لگوا دیا۔آپؐ قریب سے ان کی عیادت کرتے۔ جب رسول اللہ ﷺ خندق سے واپس لوٹے آپؐ نے ہتھیار رکھ دیئے اور غسل کیا تو حضرت جبرائیل آپؐ کے پاس آئے اور وہ اپنے سر سے غبار جھاڑ رہے تھے۔انہوں نے کہا آپؐ نے ہتھیار رکھ دیئے ہیں اللہ کی قسم! ہم نے نہیں رکھے۔ان کی طرف نکلئے۔ رسول اللہ ﷺ نے پوچھا کدھر تو انہوں نے بنو قریظہ کی طرف اشارہ کیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان سے لڑائی کی ۔ وہ رسول اللہ ﷺ کے حکم پر اُترے۔رسول اللہ ﷺ نے ان کے بارہ میں فیصلہ (کرنے کا اختیار) سعدؓ کے سپرد کیا۔انہوں نے کہا میں ان کے بارہ میں یہ فیصلہ کرتا ہوں کہ ان میں سے جو لڑتے رہیں قتل کئے جائیں اور ان کے بچے اور عورتیں قیدی بنائے جائیں اور ان کے اموال تقسیم کئے جائیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ہشام بیان کرتے ہیں کہ میرے والد نے بتایا کہ مجھے کہا گیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم نے اللہ عزّ وجل کے فیصلہ کے مطابق فیصلہ کیا ہے۔

3302{67} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ هِشَامٍ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ سَعْدًا قَالَ وَتَحَجَّرَ كَلْمُهُ لِلْبُرْءِ فَقَالَ اللَّهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنْ لَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أُجَاهِدَ فِيكَ مِنْ قَوْمٍ كَذَّبُوا رَسُولَكَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَخْرَجُوهُ اللَّهُمَّ فَإِنْ كَانَ بَقِيَ مِنْ حَرْبِ قُرَيْشٍ شَيْءٌ فَأَبْقِنِي أُجَاهِدْهُمْ فِيكَ اللَّهُمَّ فَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّكَ قَدْ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَإِنْ كُنْتَ وَضَعْتَ الْحَرْبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَافْجُرْهَا وَاجْعَلْ مَوْتِي فِيهَا فَانْفَجَرَتْ مِنْ لَبَّتِه فَلَمْ يَرُعْهُمْ وَفِي الْمَسْجِدِ مَعَهُ خَيْمَةٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ إِلَّا وَالدَّمُ يَسِيلُ إِلَيْهِمْ فَقَالُوا يَا أَهْلَ الْخَيْمَةِ مَا هَذَا الَّذِي يَأْتِينَا مِنْ قِبَلِكُمْ فَإِذَا سَعْدٌ جُرْحُهُ يَغِذُّ دَمًا فَمَاتَ مِنْهَا {68}و حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ سُلَيْمَانَ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَانْفَجَرَ مِنْ لَيْلَتِهِ فَمَا زَالَ يَسِيلُ حَتَّى مَاتَ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ قَالَ فَذَاكَ حِينَ يَقُولُ الشَّاعِرُ

3302:حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضرت سعدؓ نے دعا کی جبکہ ان کا زخم مندمل ہونے کے لئے خشک ہونے کو تھا اے اللہ! تو جانتا ہے کہ مجھے اس بات سے بڑھ کر کوئی چیز محبوب نہیں کہ میں تیری راہ میں اس قوم سے جنگ کروں جنہوں نے تیرے رسول ﷺ کی تکذیب کی ہے اور آپؐ کو (وطن سے) نکالا۔ اے اللہ! اگر قریش سے کوئی لڑائی باقی ہے تو مجھے باقی رکھ میں تیرے لئے ان سے جہاد کروں گا اے اللہ! میرا خیال ہے کہ تو نے ہماری اور ان کی لڑائی ختم کر دی ہے۔ پس اگر تو نے ہمارے اور ان کے درمیان لڑائی کو ختم کر دیا ہے تو تُو اس زخم کو کھول دے اور اسی میں مجھے موت دے پھر وہ زخم سینہ کے اوپر کے حصہ سے کھل گیا اور لوگوں کو احساس نہ ہوا۔ اور مسجد میں ان کے ساتھ بنی غفار کا خیمہ تھا اور خون ان کی طرف بہہ رہا تھا۔ انہوں نے کہا اے خیمے والو! یہ کیا ہے جو تمہاری طرف سے ہماری طرف آرہا ہے۔ دیکھا کہ سعدؓ کے زخم سے خون بہہ رہا ہے اور وہ اسی سے فوت ہو گئے۔ ایک اور روایت میں یہ ہے کہ فَانْفَجَرَ مِنْ لَيْلَتِهِ فَمَازَالَ حَتَّى مَاتَ اسی رات زخم کھل گیا اور خون بہتا رہا یہاں تک کہ وہ فوت ہو گئے اور اس روایت

3302 :اطراف : **مسلم** كتاب الجهاد والسير باب جواز قتال من نقض العهد وجواز انزال اهل الحصن ... 3301

تخريج: بخاری كتاب الصلاة باب الخيمة فى المسجد للمرضى وغيرهم 463 كتاب الجهاد والسير باب الغسل بعد الحرب والغبار 2813 كتاب المغازى باب مرجع النبى ﷺ من الاحزاب ومخرجه الى بنى قريظة ... 4117، 4122 **نسائی** كتاب المساجد ضرب الخباء فى المساجد ...710 **ابوداؤد** كتاب الجنائز ..3101

أَلَا يَا سَعْدُ سَعْدَ بَنِي مُعَاذٍ
فَمَا فَعَلَتْ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ
لَعَمْرُكَ إِنَّ سَعْدَ بَنِي مُعَاذٍ
غَدَاةَ تَحَمَّلُوا لَهُوَ الصَّبُورُ
تَرَكْتُمْ قِدْرَكُمْ لَا شَيْءَ فِيهَا
وَقِدْرُ الْقَوْمِ حَامِيَةٌ تَفُورُ
وَقَدْ قَالَ الْكَرِيمُ أَبُو حُبَابٍ
أَقِيمُوا قَيْنُقَاعُ وَلَا تَسِيرُوا
وَقَدْ كَانُوا بِبَلْدَتِهِمْ ثِقَالًا
كَمَا ثَقُلَتْ بِمَيْطَانَ الصُّخُورُ
[4401,4600]

میں یہ اضافہ ہے شاعر کہتا ہے۔
اے سعد، بنی معاذ کے سعد، قریظہ اور نضیر نے کیا کیا تھا؟ تیری عمر کی قسم بنی معاذ کا سعد ہی (دراصل تکلیف لے جانے والا تھا۔ جس دن انہوں نے کوچ کیا اور تم اپنی ہانڈی خالی چھوڑ گئے جس میں کچھ نہیں جبکہ ان لوگوں کی ہنڈیا گرم اور جوش زن ہے۔ اور معزز ابو حباب نے کہا اے قینقاع ٹھہرے رہنا اور چل نہ پڑنا اور اپنے علاقہ میں مضبوطی سے قائم ہیں جس طرح میطان☆ کی چٹانیں مضبوطی سے قائم ہیں۔

[23]25: بَاب: الْمُبَادَرَةُ بِالْغَزْوِ وَتَقْدِيمُ أَهَمِّ الْأَمْرَيْنِ الْمُتَعَارِضَيْنِ

باب: غزوہ میں جلدی کرنا اور دو معارض باتوں میں سے اہم کو ترجیح دینا

3303{69} و حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ بْنُ أَسْمَاءَ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ نَادَى فِينَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ انْصَرَفَ عَنِ الْأَحْزَابِ أَنْ لَا يُصَلِّيَنَّ أَحَدٌ الظُّهْرَ إِلَّا فِي بَنِي قُرَيْظَةَ فَتَخَوَّفَ نَاسٌ فَوْتَ الْوَقْتِ فَصَلَّوْا دُونَ بَنِي قُرَيْظَةَ وَقَالَ

3303: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جس دن رسول اللہ ﷺ احزاب سے لوٹے آپؐ نے ہمارے درمیان منادی کروائی کہ تم میں سے ہر ایک بنی قریظہ میں نماز ظہر ادا کرے بعض لوگ وقت نکل جانے سے ڈرے اور انہوں نے نماز بنی قریظہ سے ورے پڑھ لی۔ دوسرے لوگوں نے کہا ہم تو وہیں نماز پڑھیں گے جہاں رسول اللہ ﷺ نے ہمیں نماز

☆ میطان ایک پہاڑ کا نام ہے جو مزینہ قبیلہ کے علاقہ میں ہے۔

3303 : تخريج: بخاری كتاب صلاة الخوف باب صلاة الطالب المطلوب راكبا 946 باب مرجع النبی ﷺ من الاحزاب ومخرجه الى بنی قريظة 4119

آخَرُونَ لَا نُصَلِّي إِلَّا حَيْثُ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنْ فَاتَنَا الْوَقْتُ قَالَ فَمَا عَنَّفَ وَاحِدًا مِنَ الْفَرِيقَيْنِ [4602]

پڑھنے کا ارشاد فرمایا ہے۔ اگر چہ وقت نکل جائے۔ راوی کہتے ہیں آپؐ دونوں گروہوں میں سے کسی پر بھی ناراض نہ ہوئے۔

[24]26: بَاب: رَدُّ الْمُهَاجِرِينَ إِلَى الْأَنْصَارِ مَنَائِحَهُمْ مِنَ الشَّجَرِ وَالثَّمَرِ حِينَ اسْتَغْنَوْا عَنْهَا بِالْفُتُوحِ

باب: مہاجرینؓ کا انصارؓ کو ان کے درختوں اور پھلوں کے عطیے واپس کرنا جب فتوحات کے نتیجہ میں وہ ان سے مستغنی ہو گئے

3304{70} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَحَرْمَلَةُ قَالَا أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ الْمُهَاجِرُونَ مِنْ مَكَّةَ الْمَدِينَةَ قَدِمُوا وَلَيْسَ بِأَيْدِيهِمْ شَيْءٌ وَكَانَ الْأَنْصَارُ أَهْلَ الْأَرْضِ وَالْعَقَارِ فَقَاسَمَهُمُ الْأَنْصَارُ عَلَى أَنْ أَعْطَوْهُمْ أَنْصَافَ ثِمَارِ أَمْوَالِهِمْ كُلَّ عَامٍ وَيَكْفُونَهُمُ الْعَمَلَ وَالْمَئُونَةَ وَكَانَتْ أُمُّ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ وَهِيَ تُدْعَى أُمَّ سُلَيْمٍ وَكَانَتْ أُمُّ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ كَانَ أَخًا لِأَنَسٍ لِأُمِّهِ وَكَانَتْ أَعْطَتْ أُمُّ أَنَسٍ

3304: ابن شہاب حضرت انسؓ بن مالک سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا جب مہاجر مکہ سے مدینہ آئے، وہ آئے اور وہ خالی ہاتھ تھے اور انصارؓ زمینوں اور جائیداد کے مالک تھے۔ انصارؓ نے ان کے ساتھ اپنے اموال اس طرح تقسیم کئے کہ ہر سال اپنے اموال کی آدھی پیداوار انہیں دیتے اور ان کو کام اور محنت سے مستغنی کرتے اور حضرت انسؓ بن مالک کی والدہ جن کا نام امّ سلیمؓ تھا اور جو حضرت عبداللہؓ بن ابی طلحہ کی (بھی) والدہ تھیں اور وہ حضرت انسؓ کے ماں کی طرف سے بھائی تھے۔ امّ انسؓ نے رسول اللہ ﷺ کو کھجور کا پھلدار درخت دیا۔ رسول اللہ ﷺ نے وہ امّ ایمنؓ کو جو آپؐ کی

3304 :اطراف: **مسلم** کتاب الجهاد والسیر باب رد المهاجرین الی الانصار منائحهم من الشجر... 3305

تخریج: بخاری کتاب الهبة وفضلها باب فضل المنیحة... 2630 کتاب فرض الخمس باب کیف قسم النبی ﷺ قریظة والنضیر 3128 کتاب المغازی باب حدیث بنی نضیر 4030 باب مرجع النبی ﷺ من الاحزاب ومخرجه الی بنی قریظة... 4120

رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِذَاقًا لَهَا فَأَعْطَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ أَيْمَنَ مَوْلَاتَهُ أُمَّ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَرَغَ مِنْ قِتَالِ أَهْلِ خَيْبَرَ وَانْصَرَفَ إِلَى الْمَدِينَةِ رَدَّ الْمُهَاجِرُونَ إِلَى الْأَنْصَارِ مَنَائِحَهُمُ الَّتِي كَانُوا مَنَحُوهُمْ مِنْ ثِمَارِهِمْ قَالَ فَرَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى أُمِّي عِذَاقَهَا وَأَعْطَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّ أَيْمَنَ مَكَانَهُنَّ مِنْ حَائِطِهِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَكَانَ مِنْ شَأْنِ أُمِّ أَيْمَنَ أُمِّ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهَا كَانَتْ وَصِيفَةً لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَكَانَتْ مِنَ الْحَبَشَةِ فَلَمَّا وَلَدَتْ آمِنَةُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَا تُوُفِّيَ أَبُوهُ فَكَانَتْ أُمُّ أَيْمَنَ تَحْضُنُهُ حَتَّى كَبِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْتَقَهَا ثُمَّ أَنْكَحَهَا زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ ثُمَّ تُوُفِّيَتْ بَعْدَ مَا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخَمْسَةِ أَشْهُرٍ [4603]

آزاد کردہ اور حضرت اُسامہ بن زیدؓ کی والدہ تھیں عطا فرما دیا۔ ابن شہاب کہتے ہیں مجھے حضرت انس بن مالکؓ نے بتایا کہ رسول اللہ ﷺ جب اہل خیبر کی جنگ سے فارغ ہوئے اور مدینہ لوٹے تو مہاجروںؓ نے انصارؓ کو ان کے عطایا وہ جو انہوں نے ان کو اپنے پھلوں میں سے دیئے تھے واپس لوٹا دیئے۔ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے میری والدہ کو ان کے درخت واپس کر دیئے اور رسول اللہ ﷺ نے امّ ایمنؓ کو اپنے باغ میں سے ان کے بدلہ دے دیا۔ ابن شہاب کہتے ہیں امّ ایمنؓ حضرت اسامہ بن زیدؓ کی والدہ اور وہ حضرت عبداللہؓ بن عبدالمطلب کی خادمہ تھیں جن کا تعلق حبشہ سے تھا۔ جب حضرت آمنہؓ نے رسول اللہ ﷺ کو آپؐ کے والدؓ کی وفات کے بعد جنم دیا تو ام ایمنؓ آپؐ کی حضانت کرتی تھیں یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ بڑے ہوئے تو آپؐ نے انہیں آزاد کر دیا۔ پھر ان کا نکاح حضرت زیدؓ بن حارثہ سے کر دیا۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی وفات کے پانچ ماہ بعد فوت ہوئیں۔

3305{71} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَحَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ

3305: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص (ابن شیبہ کی روایت میں رَجُلًا کا لفظ ہے حامد اور

3305: اطراف: مسلم كتاب الجهاد والسير باب رد المهاجرين الى الانصار منائحهم من الشجر... 3304

تخريج: بخاری كتاب الهبة وفضلها باب فضل المنيحة... 2630 كتاب فرض الخمس باب كيف قسم النبی ﷺ قريظة والنضير 3128 كتاب المغازی باب حديث بنی نضير 4030 باب مرجع النبی ﷺ من الاحزاب ومخرجه الى بنی قريظة...4120

عَبْد الْأَعْلَى الْقَيْسِيُّ كُلُّهُمْ عَنِ الْمُعْتَمِرِ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَجُلًا وَقَالَ حَامِدٌ وَابْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى أَنَّ الرَّجُلَ كَانَ يَجْعَلُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّخَلَاتِ مِنْ أَرْضِهِ حَتَّى فُتِحَتْ عَلَيْهِ قُرَيْظَةُ وَالنَّضِيرُ فَجَعَلَ بَعْدَ ذَلِكَ يَرُدُّ عَلَيْهِ مَا كَانَ أَعْطَاهُ قَالَ أَنَسٌ وَإِنَّ أَهْلِي أَمَرُونِي أَنْ آتِيَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْأَلَهُ مَا كَانَ أَهْلُهُ أَعْطَوْهُ أَوْ بَعْضَهُ وَكَانَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَعْطَاهُ أُمَّ أَيْمَنَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِيهِنَّ فَجَاءَتْ أُمُّ أَيْمَنَ فَجَعَلَتِ الثَّوْبَ فِي عُنُقِي وَقَالَتْ وَاللَّهِ لَا نُعْطِيكَاهُنَّ وَقَدْ أَعْطَانِيهِنَّ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُمَّ أَيْمَنَ اتْرُكِيهِ وَلَكِ كَذَا وَكَذَا وَتَقُولُ كَلَّا وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ فَجَعَلَ يَقُولُ كَذَا حَتَّى أَعْطَاهَا عَشْرَةَ أَمْثَالِهِ أَوْ قَرِيبًا مِنْ عَشْرَةِ أَمْثَالِهِ[4604]

ابن عبدالاعلیٰ کی روایت میں اَلـرَّجُـل کا لفظ ہے) رسول اللہ ﷺ کو اپنی زمین میں سے درخت دیتا تھا یہانتک کہ قریظہ اورنضیر پر آپؐ کو فتح عطا کر دی گئی۔ تو آپؐ نے ہر شخص کو جو کچھ اس نے آپؐ کو دیا تھا واپس کرنا شروع کر دیا۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں مجھے میرے گھر والوں نے کہا کہ میں نبی ﷺ کے پاس جاؤں اور جو کچھ ان کے گھر والوں نے آپؐ کو دیا ہے آپؐ سے مانگوں۔ رسول اللہ ﷺ وہ امّ ایمن کو عطا فرما چکے تھے۔ میں نبی ﷺ کے پاس آیا۔ آپؐ نے وہ مجھے دے دیا پھر امّ ایمنؓ آئیں اور میری گردن میں کپڑا ڈال کر کہنے لگیں اللہ کی قسم! ہم تمہیں وہ نہ دیں گے جو آپؐ نے ہمیں دیئے ہیں۔ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا اے امّ ایمن اسے چھوڑ دو اور تمہارے لئے یہ یہ ہوگا۔ انہوں نے کہا ہرگز نہیں اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ آپؐ اسی طرح فرماتے رہے یہاں تک کہ آپؐ نے اسے دس گنا یا تقریباً دس گنا عطا فرمایا۔

[25]27:بَاب: أَخْذُ الطَّعَامِ مِنْ اَرْضِ الْعَدُوِّ

دارالحرب میں سے کھانا لینے کا بیان

3306{72} حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ أَصَبْتُ جِرَابًا مِنْ شَحْمٍ يَوْمَ خَيْبَرَ قَالَ فَالْتَزَمْتُهُ فَقُلْتُ لَا أُعْطِي الْيَوْمَ أَحَدًا مِنْ هَذَا شَيْئًا قَالَ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَبَسِّمًا [4605]

3306: حضرت عبد اللہ بن مغفلؓ سے روایت ہے خیبر کے دن مجھے چربی کی ایک تھیلی ملی جسے میں نے سنبھال لیا اور میں نے کہا آج میں اس میں سے کسی کو کوئی چیز نہ دوں گا وہ کہتے ہیں میں نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو رسول اللہ ﷺ تبسم فرمارہے تھے۔

3307{73} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مُغَفَّلٍ يَقُولُ رُمِيَ إِلَيْنَا جِرَابٌ فِيهِ طَعَامٌ وَشَحْمٌ يَوْمَ خَيْبَرَ فَوَثَبْتُ لِآخُذَهُ قَالَ فَالْتَفَتُّ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَحْيَيْتُ مِنْهُ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا

3307: حُمید بن ہلال کہتے ہیں میں نے حضرت عبد اللہ بن مغفلؓ سے سنا وہ کہتے تھے خیبر کے دن کسی نے ہماری طرف ایک تھیلی جس میں چربی اور کھانا تھا ہماری طرف پھینکی۔ میں اسے پکڑنے کے لئے لپکا۔ وہ کہتے ہیں میں نے پیچھے دیکھا تو رسول اللہ ﷺ (کو کھڑے پایا) میں آپؐ سے شرما گیا۔ شعبہ اسی سند سے روایت کرتے ہیں سوائے اس کے کہ انہوں نے چربی کی تھیلی کہا اور کھانے کا ذکر نہیں کیا۔

3306:اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب جواز الاكل من طعام الغنيمة ... 3307

تخريج: بخارى كتاب فرض الخمس باب ما يصيب من الطعام فى ارض الحرب 3153 كتاب المغازى باب غزوة خيبر 4214 كتاب الذبائح والصيد باب ذبائح اهل الكتاب وشحومها من اهل الحرب وغيرهم 5508 **نسائى** كتاب الضحايا باب ذبائح اليهود 4435 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى اباحة الطعام فى ارض العدو ..2702

3307:اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب جواز الاكل من طعام الغنيمة ... 3306

تخريج: بخارى كتاب فرض الخمس باب ما يصيب من الطعام فى ارض الحرب 3153 كتاب المغازى باب غزوة خيبر 4214 كتاب الذبائح والصيد باب ذبائح اهل الكتاب وشحومها من اهل الحرب وغيرهم 5508 **نسائى** كتاب الضحايا باب ذبائح اليهود 4435 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى اباحة الطعام فى ارض العدو ..2702

الْإِسْنَاد غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ جِرَابٌ مِنْ شَحْمٍ وَلَمْ يَذْكُرِ الطَّعَامَ [4606]

[26]28: بَاب: كِتَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى هِرَقْلَ يَدْعُوهُ إِلَى الْإِسْلَامِ

باب: نبی ﷺ کا ہرقل کے نام مکتوب اُس کو اسلام کی دعوت دیتے ہوئے

3308 {74} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ أَبَا سُفْيَانَ أَخْبَرَهُ مِنْ فِيهِ إِلَى فِيهِ قَالَ انْطَلَقْتُ فِي الْمُدَّةِ الَّتِي كَانَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَبَيْنَا أَنَا بِالشَّأْمِ إِذْ جِيءَ بِكِتَابٍ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى

3308: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ابو سفیان نے انہیں براہ راست بتایا میں اس (صلح حدیبیہ کی) مدت کے دوران جو میرے اور رسول اللہ ﷺ کے درمیان تھی۔ سفر پر چلا وہ کہتے ہیں جب میں شام میں تھا تو رسول اللہ ﷺ کا ایک خط ہرقل یعنی شاہِ روم کے پاس لایا گیا۔ وہ کہتے ہیں دَحیہ کلبی اسے لے کر آئے تھے۔ انہوں نے بُصریٰ کے حاکم کو وہ (خط) دیا اور بُصریٰ کے حاکم نے ہرقل کو دیا۔ ہرقل نے کہا کیا اس شخص کا جو گمان کرتا ہے میں نبی ہوں کی قوم کا کوئی شخص یہاں موجود ہے۔ انہوں نے کہا ہاں وہ کہتے ہیں قریش کے گروہ

3308 :تخريج: **بخاری** كتاب بدء الوحي باب كيف كان بدء الوحي الى رسول الله ﷺ ... 7 كتاب الايمان باب سؤال جبريل النبی ﷺ عن الايمان والاسلام...51 كتاب الشهادات باب من اقام البينة بعد اليمين ...2681 كتاب الجهاد والسير باب قول الله عزو جل قل هل تربصون الا احدى الحسنيين 2804 باب دعاء النبی ﷺ الى الاسلام والنبوة ... 2941 كتاب الجهاد والسير باب قول النبی ﷺ نصرت بالرعب مسيرة شهر 2978 كتاب الجزية والموادعة باب فضل الوفاء بالعهد 3174 كتاب التفسير باب قل ياهل الكتاب تعالوا الى كلمة سواء بيننا وبينكم ... 4553 كتاب الادب باب صلة المرأةامها ولها زوج 5980 كتاب الاستئذان باب كيف يكتب الكتاب الى اهل الكتاب 6260 كتاب الاحكام باب ترجمة الحكام 7196 كتاب التوحيد باب ما يجوز من تفسير التوراة وغيرها من كتب الله بالعربية ... 7541 **ترمذی** كتاب الاستئذان باب ما جاء كيف يكتب الى اهل الشرك ...2717 **ابوداؤد** كتاب الادب باب كيف يكتب الى الذمی ... 5136

هِرَقْلَ يَعْنِي عَظِيمَ الرُّومِ قَالَ وَكَانَ دَحْيَةُ الْكَلْبِيُّ جَاءَ بِهِ فَدَفَعَهُ إِلَى عَظِيمِ بُصْرَى فَدَفَعَهُ عَظِيمُ بُصْرَى إِلَى هِرَقْلَ فَقَالَ هِرَقْلُ هَلْ هَاهُنَا أَحَدٌ مِنْ قَوْمِ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ قَالُوا نَعَمْ قَالَ فَدُعِيتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَدَخَلْنَا عَلَى هِرَقْلَ فَأَجْلَسَنَا بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ أَيُّكُمْ أَقْرَبُ نَسَبًا مِنْ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ فَقُلْتُ أَنَا فَأَجْلَسُونِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَأَجْلَسُوا أَصْحَابِي خَلْفِي ثُمَّ دَعَا بِتَرْجُمَانِهِ فَقَالَ لَهُ قُلْ لَهُمْ إِنِّي سَائِلٌ هَذَا عَنِ الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ فَإِنْ كَذَبَنِي فَكَذِّبُوهُ قَالَ فَقَالَ أَبُو سُفْيَانَ وَايْمُ اللَّهِ لَوْلَا مَخَافَةُ أَنْ يُؤْثَرَ عَلَيَّ الْكَذِبُ لَكَذَبْتُ ثُمَّ قَالَ لِتَرْجُمَانِهِ سَلْهُ كَيْفَ حَسَبُهُ فِيكُمْ قَالَ قُلْتُ هُوَ فِينَا ذُو حَسَبٍ قَالَ فَهَلْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ لَا قَالَ فَهَلْ كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ وَمَنْ يَتَّبِعُهُ أَشْرَافُ النَّاسِ أَمْ ضُعَفَاؤُهُمْ قَالَ قُلْتُ بَلْ ضُعَفَاؤُهُمْ قَالَ أَيَزِيدُونَ أَمْ يَنْقُصُونَ قَالَ قُلْتُ لَا بَلْ يَزِيدُونَ قَالَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَ فِيهِ سَخْطَةً لَهُ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ فَهَلْ قَاتَلْتُمُوهُ

کے ساتھ مجھے بلایا گیا ہم ہرقل کے پاس آئے۔ اس نے ہمیں اپنے سامنے بٹھالیا۔ اس نے کہا تم میں سے نسب کے لحاظ سے کون اس شخص کا سب سے زیادہ قریبی ہے؟ جو گمان کرتا ہے کہ میں نبی ہوں۔ ابو سفیان کہتے ہیں میں نے کہا میں۔ انہوں نے مجھے اس کے سامنے اور میرے ساتھیوں کو میرے پیچھے بٹھا دیا۔ پھر اپنے ترجمان کو بلایا اور اسے کہا انہیں کہو میں اِس سے اُس شخص کے بارہ میں پوچھنے والا ہوں جس کا دعویٰ ہے کہ میں نبی ہوں۔ اگر یہ مجھ سے جھوٹ بولے تو تم اس کی تکذیب کرو۔ راوی کہتے ہیں ابو سفیان نے کہا اللہ کی قسم! اگر مجھے ڈر نہ ہوتا کہ میرا جھوٹ بتا دیا جائے گا تو میں ضرور جھوٹ بولتا۔ پھر اس نے اپنے ترجمان سے کہا اس سے پوچھو تم میں اس کا حسب نسب کیسا ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا وہ ہم میں سے اعلیٰ حسب والے ہیں۔ اس نے کہا کیا اس کے آباؤ اجداد میں سے کوئی بادشاہ تھا۔ میں نے کہا نہیں اس نے کہا اس کے دعویٰ سے قبل کیا تم اس پر جھوٹ کا اتہام لگاتے تھے؟ میں نے کہا۔ نہیں اس نے کہا کیا اس کے متبعین بڑے لوگ ہیں یا کمزور؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا بلکہ کمزور اس نے کہا کیا وہ بڑھ رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا نہیں بلکہ وہ بڑھ رہے ہیں۔ اس نے کہا کیا کوئی شخص اس دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض

قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَكَيْفَ كَانَ قِتَالُكُمْ إِيَّاهُ قَالَ
قُلْتُ تَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُ سِجَالًا
يُصِيبُ مِنَّا وَنُصِيبُ مِنْهُ قَالَ فَهَلْ يَغْدِرُ
قُلْتُ لَا وَنَحْنُ مِنْهُ فِي مُدَّةٍ لَا نَدْرِي مَا هُوَ
صَانِعٌ فِيهَا قَالَ فَوَاللَّهِ مَا أَمْكَنَنِي مِنْ كَلِمَةٍ
أُدْخِلُ فِيهَا شَيْئًا غَيْرَ هَذِهِ قَالَ فَهَلْ قَالَ
هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ
لِتَرْجُمَانِهِ قُلْ لَهُ إِنِّي سَأَلْتُكَ عَنْ حَسَبِهِ
فَزَعَمْتَ أَنَّهُ فِيكُمْ ذُو حَسَبٍ وَكَذَلِكَ
الرُّسُلُ تُبْعَثُ فِي أَحْسَابِ قَوْمِهَا وَسَأَلْتُكَ
هَلْ كَانَ فِي آبَائِهِ مَلِكٌ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا
فَقُلْتُ لَوْ كَانَ مِنْ آبَائِهِ مَلِكٌ قُلْتُ رَجُلٌ
يَطْلُبُ مُلْكَ آبَائِهِ وَسَأَلْتُكَ عَنْ أَتْبَاعِهِ
أَضُعَفَاؤُهُمْ أَمْ أَشْرَافُهُمْ فَقُلْتَ بَلْ
ضُعَفَاؤُهُمْ وَهُمْ أَتْبَاعُ الرُّسُلِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ
كُنْتُمْ تَتَّهِمُونَهُ بِالْكَذِبِ قَبْلَ أَنْ يَقُولَ مَا
قَالَ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقَدْ عَرَفْتُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنْ
لِيَدَعَ الْكَذِبَ عَلَى النَّاسِ ثُمَّ يَذْهَبَ
فَيَكْذِبَ عَلَى اللَّهِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَرْتَدُّ أَحَدٌ
مِنْهُمْ عَنْ دِينِهِ بَعْدَ أَنْ يَدْخُلَهُ سَخْطَةً لَهُ
فَزَعَمْتَ أَنْ لَا وَكَذَلِكَ الْإِيمَانُ إِذَا خَالَطَ
بَشَاشَةَ الْقُلُوبِ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَزِيدُونَ أَوْ
يَنْقُصُونَ فَزَعَمْتَ أَنَّهُمْ يَزِيدُونَ وَكَذَلِكَ

ہونے اور اسے برا سمجھنے کی وجہ سے کوئی مرتد بھی ہوا
ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا نہیں۔ اس نے کہا کیا تم
نے اس کے ساتھ جنگ کی ہے؟ میں نے کہا ہاں اس
نے کہا تمہاری اس سے لڑائی کا نتیجہ کیا تھا؟ وہ کہتے
ہیں میں نے کہا ہمارے اور اس کے درمیان لڑائی
ڈول کی مانند ہے۔ کبھی ہم فتح مند ہوتے ہیں اور کبھی
وہ۔ اس نے کہا کیا وہ بدعہدی کرتے ہیں؟ میں نے
کہا نہیں ہاں اب ہمارا اس کے ساتھ ایک معاہدہ ہے
ہم نہیں جانتے کہ وہ اس سے متعلق کیا کریں گے۔ وہ
کہتے ہیں اللہ کی قسم! اس کے علاوہ کوئی اور بات
میرے لئے ممکن نہ ہوئی کہ میں اس میں داخل کروں۔
اس نے کہا کیا اس قسم کا دعویٰ اس سے پہلے بھی کسی
نے کیا تھا؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا نہیں۔ اس نے
اپنے ترجمان سے کہا اسے کہو میں نے تجھ سے اس
کے حسب نسب کے بارہ میں پوچھا تو تم نے بتایا کہ
تمہارے نزدیک وہ اعلیٰ حسب نسب کا مالک ہے۔
اور رسول ایسے ہی ہوتے ہیں۔ وہ اپنی قوم کے اعلیٰ
حسب میں مبعوث ہوتے ہیں اور میں نے تجھ سے
پوچھا کیا اس کے آباء واجداد میں کوئی بادشاہ ہوا ہے؟
تم نے بتایا کہ نہیں میں کہتا اگر اس کے خاندان میں
کوئی بادشاہ ہوتا تو یہ اپنے آباؤ اجداد کی بادشاہت
چاہتا ہے اور میں نے تجھ سے اس کے متبعین کے بارہ
میں پوچھا کہ کیا ان میں سے کمزور ہیں یا ان میں سے

الْإِيمَانُ حَتَّى يَتِمَّ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَاتَلْتُمُوهُ فَزَعَمْتَ أَنَّكُمْ قَدْ قَاتَلْتُمُوهُ فَتَكُونُ الْحَرْبُ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُ سِجَالًا يَنَالُ مِنْكُمْ وَتَنَالُونَ مِنْهُ وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ تُبْتَلَى ثُمَّ تَكُونُ لَهُمُ الْعَاقِبَةُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ يَغْدِرُ فَزَعَمْتَ أَنَّهُ لَا يَغْدِرُ وَكَذَلِكَ الرُّسُلُ لَا تَغْدِرُ وَسَأَلْتُكَ هَلْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ فَزَعَمْتَ أَنْ لَا فَقُلْتُ لَوْ قَالَ هَذَا الْقَوْلَ أَحَدٌ قَبْلَهُ قُلْتُ رَجُلٌ ائْتَمَّ بِقَوْلٍ قِيلَ قَبْلَهُ قَالَ ثُمَّ قَالَ بِمَ يَأْمُرُكُمْ قُلْتُ يَأْمُرُنَا بِالصَّلَاةِ وَالزَّكَاةِ وَالصِّلَةِ وَالْعَفَافِ قَالَ إِنْ يَكُنْ مَا تَقُولُ فِيهِ حَقًّا فَإِنَّهُ نَبِيٌّ وَقَدْ كُنْتُ أَعْلَمُ أَنَّهُ خَارِجٌ وَلَمْ أَكُنْ أَظُنُّهُ مِنْكُمْ وَلَوْ أَنِّي أَعْلَمُ أَنِّي أَخْلُصُ إِلَيْهِ لَأَحْبَبْتُ لِقَاءَهُ وَلَوْ كُنْتُ عِنْدَهُ لَغَسَلْتُ عَنْ قَدَمَيْهِ وَلَيَبْلُغَنَّ مُلْكُهُ مَا تَحْتَ قَدَمَيَّ قَالَ ثُمَّ دَعَا بِكِتَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَهُ فَإِذَا فِيهِ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ إِلَى هِرَقْلَ عَظِيمِ الرُّومِ سَلَامٌ عَلَى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدَى أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّي أَدْعُوكَ بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ أَسْلِمْ تَسْلَمْ وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ اللَّهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَإِنْ تَوَلَّيْتَ فَإِنَّ عَلَيْكَ إِثْمَ الْأَرِيسِيِّينَ وَ يَا أَهْلَ

بڑے بڑے لوگ تو تم نے کہا بلکہ کمزور لوگ ہیں اور رسولوں کے متبعین ایسے ہی ہوا کرتے ہیں اور میں نے تم سے پوچھا کہ کیا اس کے دعوی سے پہلے تم اس پر جھوٹ کا الزام لگاتے تھے؟ تو تم نے کہا نہیں تو میں نے جان لیا کہ وہ جو لوگوں پر جھوٹ نہیں بولتا وہ خدا پر جھوٹ کیسے بول سکتا ہے۔ پھر میں نے تم سے پوچھا کیا اس کے دین میں داخل ہونے کے بعد اس سے ناراض ہونے اور اس کو برا سمجھنے کی وجہ سے کوئی مرتد بھی ہوا ہے؟ تو تم نے جواب دیا نہیں اور ایمان ایسا ہی ہوتا ہے جب وہ دلوں کی بشاشت کے ساتھ مل جائے۔ میں نے تجھ سے پوچھا کیا وہ بڑھ رہے ہیں یا کم ہو رہے ہیں؟ تو تم نے جواب دیا کہ وہ بڑھ رہے ہیں ایمان کا معاملہ ایسا ہی ہے یہاں تک کہ وہ مکمل ہو جاتا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کیا تم نے اس سے جنگ کی ہے تو تم نے جواب دیا کہ تم نے اس سے جنگ کی ہے اور تمہارے اور اس کے درمیان جنگ ڈول کی مانند ہے کبھی تم فتح یاب ہوتے ہو کبھی وہ اور رسول اسی طرح سے آزمائے جاتے ہیں۔ انجام انہیں کا ہوتا ہے اور میں نے تم سے پوچھا کیا وہ عہد شکنی کرتے ہیں؟ تم نے جواب دیا کہ وہ عہد شکنی نہیں کرتے اور اسی طرح رسول عہد شکنی نہیں کیا کرتے اور میں تم سے پوچھا کیا اس قسم کا دعوی اس سے پہلے بھی کسی نے کیا تھا؟ تم نے کہا نہیں میں نے سوچا اگر

الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قِرَاءَةِ الْكِتَابِ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ عِنْدَهُ وَكَثُرَ اللَّغْطُ وَأَمَرَ بِنَا فَأُخْرِجْنَا قَالَ فَقُلْتُ لِأَصْحَابِي حِينَ خَرَجْنَا لَقَدْ أَمِرَ أَمْرُ ابْنِ أَبِي كَبْشَةَ إِنَّهُ لَيَخَافُهُ مَلِكُ بَنِي الْأَصْفَرِ قَالَ فَمَا زِلْتُ مُوقِنًا بِأَمْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ سَيَظْهَرُ حَتَّى أَدْخَلَ اللَّهُ عَلَيَّ الْإِسْلَامَ و حَدَّثَنَاه حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَا حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ وَهُوَ ابْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ وَكَانَ قَيْصَرُ لَمَّا كَشَفَ اللَّهُ عَنْهُ جُنُودَ فَارِسَ مَشَى مِنْ حِمْصَ إِلَى إِيلِيَاءَ شُكْرًا لِمَا أَبْلَاهُ اللَّهُ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللَّهِ وَرَسُولِهِ وَقَالَ إِثْمَ الْيَرِيسِيِّينَ وَقَالَ بِدَاعِيَةِ الْإِسْلَامِ [4408,4607]

کسی نے اس قسم کا دعوٰی پہلے کیا ہوتا میں کہتا اس نے بھی اس کی نقل کی ہے۔ ابوسفیان کہتے ہیں پھر اس نے کہا وہ تمہیں کس چیز کا حکم دیتا ہے؟ میں نے کہا وہ ہمیں نماز اور زکوٰۃ اور صلہ رحمی اور پاکیزگی کا حکم دیتا ہے۔ اس نے کہا اگر وہ باتیں جو تم ان کے بارہ میں کہہ رہے ہو سچ ہیں تو یقیناً وہ نبی ہیں اور میں جانتا تھا کہ وہ ظاہر ہونے والے ہیں لیکن مجھے گمان نہیں تھا کہ وہ تم میں سے ہوں گے اگر میں جانتا کہ میں ان تک صحیح سلامت پہنچ جاؤں گا تو میں ضرور ان سے ملنا چاہتا اور اگر میں ان کے پاس ہوتا تو میں ان کے پاؤں دھوتا اور ضرور ان کی حکومت میرے ان پاؤں کی جگہ پر بھی پہنچے گی۔ راوی کہتے ہیں پھر اس نے رسول اللہ ﷺ کا خط منگوایا اور اسے پڑھا تو اس میں لکھا تھا اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت رحم کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔ محمد رسول اللہ (ﷺ) کی طرف سے روم کے بادشاہ ہرقل کے نام، اس پر سلامتی ہو جو ہدایت کی پیروی کرتا ہے۔ اما بعد یقیناً میں تجھے اسلام کی دعوت دیتا ہوں تم مسلمان ہو جاؤ تم سلامت رہو گے اور تم مسلمان ہو جاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں دو دفعہ تمہارا اجر دے گا اور اگر تم منہ پھیر لو تو اریسیّین (کسان رعایا) کا وبال بھی تم پر ہوگا اور ''اے اہل کتاب اس کلمہ کی طرف آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت

نہیں کریں گے۔ اور نہ ہی کسی چیز کو اس کا شریک ٹھہرائیں گے اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے کو اللہ کے سوا رب نہیں بنائے گا پس اگر وہ پھر جائیں تو تم کہہ دو گواہ رہنا کہ یقیناً ہم مسلمان ہیں''☆ جب وہ خط پڑھ کر فارغ ہوا تو اس کے پاس آوازیں بلند ہوئیں اور شور شرابا ہوا۔ اس نے ہمارے بارہ میں حکم دیا تو ہمیں باہر نکال دیا گیا۔ ابوسفیان کہتے ہیں جب ہم باہر نکلے میں نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ ابن ابی کبشہ کا معاملہ تو بہت بڑھ گیا ہے۔ اب تو اس سے بنی اصفر کا بادشاہ بھی ڈرتا ہے۔ وہ کہتے ہیں مجھے رسول اللہ ﷺ کے معاملہ میں یقین ہو گیا کہ آپؐ ضرور غالب آئیں گے یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے مجھ میں اسلام داخل کر دیا۔

ایک اور روایت میں مزید ہے کہ اور قیصر سے جب اللہ تعالیٰ نے فارس کی فوجوں کو ہٹا دیا تو وہ حمص سے ایلیاء کی طرف شکر کرنے کے لئے پیدل روانہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مصیبت سے نجات دی ہے اور اس روایت میں (مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ کی بجائے) مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ اور (اِثْمُ الْاَرِيْسِيِّيْنَ کی بجائے) اِثْمُ الْيَرِيْسِيِّيْنَ اور (بِدِعَايَةِ الْاِسْلَامِ کی بجائے) بِدَاعِيَةِ الْاِسْلَامِ کے الفاظ ہیں۔

☆ (آل عمران : 65)

[27]29:بَاب: كُتُبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى مُلُوكِ الْكُفَّارِ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

باب: نبی ﷺ کے کفار کے بادشاہوں کے نام مکتوبات آپؐ ان کو اللہ عزّ وجلّ کی طرف دعوت دیتے تھے

3309{75} حَدَّثَنِي يُوسُفُ بْنُ حَمَّاد الْمَعْنِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيد عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ كَتَبَ إِلَى كِسْرَى وَإِلَى قَيْصَرَ وَإِلَى النَّجَاشِيِّ وَإِلَى كُلِّ جَبَّارٍ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللَّه تَعَالَى وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذي صَلَّى عَلَيْه النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ عَبْد اللَّه الرُّزِّيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّاب بْنُ عَطَاء عَنْ سَعِيد عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالك عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ وَلَمْ يَقُلْ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذي صَلَّى عَلَيْه النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ و حَدَّثَنِيه نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ أَخْبَرَنِي أَبِي حَدَّثَنِي خَالدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ وَلَمْ يَذْكُرْ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذي صَلَّى عَلَيْه النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ[4611,4610,4609]

3309: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے کسریٰ اور قیصر اور نجاشی اور ہر ایک ڈکٹیٹر کو اللہ تعالیٰ کی طرف بلاتے ہوئے خط لکھا اور یہ نجاشی وہ نہیں تھا جس کی نبی ﷺ نے نماز (جنازہ) پڑھی تھی۔

دو روایتوں میں لَيْسَ بِالنَّجَاشِيّ الَّذِىْ صَلَّى عَلَيْهِ النَّبِيُّ ﷺ کے الفاظ نہیں ہیں۔

3309: تخریج: ترمذی كتاب الاستئذان باب في مكاتبة المشركين ... 2716

[28]30: بَاب: فِي غَزْوَةِ حُنَيْنٍ

باب: غزوۂ حنین کے بارہ میں

3310{76} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنْ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِي كَثِيرُ بْنُ عَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ قَالَ عَبَّاسٌ شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَلَزِمْتُ أَنَا وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نُفَارِقْهُ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَةٍ لَهُ بَيْضَاءَ أَهْدَاهَا لَهُ فَرْوَةُ بْنُ نُفَاثَةَ الْجُذَامِيُّ فَلَمَّا الْتَقَى الْمُسْلِمُونَ وَالْكُفَّارُ وَلَّى الْمُسْلِمُونَ مُدْبِرِينَ فَطَفِقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُ بَغْلَتَهُ قِبَلَ الْكُفَّارِ قَالَ عَبَّاسٌ وَأَنَا آخِذٌ بِلِجَامِ بَغْلَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكُفُّهَا إِرَادَةَ أَنْ لَا تُسْرِعَ وَأَبُو سُفْيَانَ آخِذٌ بِرِكَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْ عَبَّاسُ نَادِ أَصْحَابَ السَّمُرَةِ فَقَالَ عَبَّاسٌ وَكَانَ رَجُلًا صَيِّتًا

3310: ابن شہاب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھے کثیر بن عباس بن عبد المطلب نے بتایا وہ کہتے ہیں حضرت عباسؓ نے کہا میں حنین کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھا۔ میں اور ابو سفیان بن حارث بن عبد المطلب رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ساتھ رہے اور آپؐ سے علیحدہ نہ ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ اپنی سفید خچر پر جو آپؐ کو فروہ بن نفاثہ جذامی نے تحفہ دیا تھا سوار تھے جب مسلمانوں اور کفار کی مٹھ بھیڑ ہوئی تو مسلمانوں نے پیٹھ پھیر لی۔ رسول اللہ ﷺ اپنی خچر کو کفار کی طرف تیزی سے برابر بڑھاتے رہے۔ حضرت عباسؓ کہتے ہیں۔ میں رسول اللہ ﷺ کی خچر کی لگام پکڑے ہوئے اسے تیز چلنے سے روک رہا تھا اور ابوسفیان رسول اللہ ﷺ کی رکاب پکڑے ہوئے تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے عباس اصحابِ سمرہ کو بلاؤ عباسؓ کہتے ہیں۔ اور وہ بلند آواز آدمی تھے۔ اصحاب سمرہ☆ کہاں ہیں؟ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم! جب انہوں نے میری آواز سنی تو گویا ان کا لوٹنا ایسے تھا جیسے گائے اپنے بچوں کی طرف (شفقت کی وجہ سے) جاتی ہے۔ انہوں نے

☆ سمرہ سے مراد وہ درخت ہے جس کے نیچے حدیبیہ کے موقع پر صحابہؓ نے بیعت کی تھی۔

فَقُلْتُ بِأَعْلَى صَوْتِي أَيْنَ أَصْحَابُ السَّمُرَةِ قَالَ فَوَاللَّهِ لَكَأَنَّ عَطْفَتَهُمْ حِينَ سَمِعُوا صَوْتِي عَطْفَةُ الْبَقَرِ عَلَى أَوْلَادِهَا فَقَالُوا يَا لَبَّيْكَ يَا لَبَّيْكَ قَالَ فَاقْتَتَلُوا وَالْكُفَّارَ وَالدَّعْوَةُ فِي الْأَنْصَارِ يَقُولُونَ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ قَالَ ثُمَّ قُصِرَتْ الدَّعْوَةُ عَلَى بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَقَالُوا يَا بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ يَا بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَنَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ كَالْمُتَطَاوِلِ عَلَيْهَا إِلَى قِتَالِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا حِينَ حَمِيَ الْوَطِيسُ قَالَ ثُمَّ أَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصَيَاتٍ فَرَمَى بِهِنَّ وُجُوهَ الْكُفَّارِ ثُمَّ قَالَ انْهَزَمُوا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ قَالَ فَذَهَبْتُ أَنْظُرُ فَإِذَا الْقِتَالُ عَلَى هَيْئَتِهِ فِيمَا أَرَى قَالَ فَوَاللَّهِ مَا هُوَ إِلَّا أَنْ رَمَاهُمْ بِحَصَيَاتِهِ فَمَا زِلْتُ أَرَى حَدَّهُمْ كَلِيلًا وَأَمْرَهُمْ مُدْبِرًا {77} و حَدَّثَنَاه إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ جَمِيعًا عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَرْوَةُ بْنُ نُعَامَةَ الْجُذَامِيُّ وَقَالَ

کہالبیک لبیک پھر وہ کفار سے لڑے اور انصار کو یہ کہتے ہوئے بلایا! اے گروہِ انصار! وہ کہتے ہیں پھر یہ پکار، بنی حارث بن خزرج پر جا ٹھہری اور انہوں نے کہا اے بنی حارث بن خزرج ! اے بنی حارث بن خزرج! رسول اللہ ﷺ نے گردن اُٹھا کر ان کی جنگ کا نظارہ کیا اور آپؐ اپنی خچر پر سوار تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ تنور کے جوش زن ہونے کا وقت ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے کنکر پکڑے اور انہیں کفار کے چہروں کی طرف پھینکا۔ پھر فرمایا محمدؐ کے رب کی قسم ! انہوں نے شکست کھائی۔ (حضرت عباس) کہتے ہیں میں دیکھنے لگا تو لڑائی ویسے ہی ہو رہی تھی جیسے مَیں دیکھتا تھا۔ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم ! جونہی آپؐ نے کنکریاں پھینکیں تو مَیں نے دیکھا کہ ان کی تیزی ماند پڑنے لگی اور ان کا معاملہ الٹنے لگا۔

ایک اور روایت میں (فَرْوَةُ بْنُ نُفَاثَةَ الْجُذَامِيُّ کی بجائے) فَرْوَةُ بْنُ نُعَامَةَ الْجُذَامِيُّ ہے اور آپؐ نے اِنْهَزَمُوْا وَرَبِّ مُحَمَّدٍ کی بجائے اِنْهَزَمُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ، اِنْهَزَمُوْا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ فرمایا اور اس روایت میں یہ مزید ہے کہ اللہ نے (کفار) کو شکست دی۔ حضرت عباسؓ کہتے ہیں كَأَنِّي اَنْظُرُ اِلَى النَّبِيِّ ﷺ يَرْكُضُ خَلْفَهُمْ عَلَى بَغْلَتِهِ کہ میں اس وقت بھی دیکھ رہا ہوں کہ نبی ﷺ

انْهَزَمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ انْهَزَمُوا وَرَبِّ الْكَعْبَةِ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ حَتَّى هَزَمَهُمُ اللَّهُ قَالَ وَكَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْكُضُ خَلْفَهُمْ عَلَى بَغْلَته و حَدَّثَنَاه ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي كَثِيرُ بْنُ الْعَبَّاسِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ غَيْرَ أَنَّ حَدِيثَ يُونُسَ وَحَدِيثَ مَعْمَرٍ أَكْثَرُ مِنْهُ وَأَتَمُّ [4614,4613,4612]

تیزی سے اپنی خچر پر ان کے پیچھے جا رہے ہیں۔ ایک اور روایت میں قَالَ عَبَّاسٌ شَهِدْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ حُنَيْنٍ کی بجائے قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ ﷺ يَوْمَ حُنَيْنٍ کے الفاظ ہیں۔

3311{78}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ يَا أَبَا عُمَارَةَ أَفَرَرْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ قَالَ لَا وَاللَّهِ مَا وَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَكِنَّهُ خَرَجَ شُبَّانُ أَصْحَابِهِ وَأَخِفَّاؤُهُمْ حُسَّرًا لَيْسَ عَلَيْهِمْ سِلَاحٌ أَوْ كَثِيرُ سِلَاحٍ فَلَقُوا قَوْمًا رُمَاةً لَا يَكَادُ يَسْقُطُ لَهُمْ سَهْمٌ جَمْعَ هَوَازِنَ وَبَنِي نَصْرٍ فَرَشَقُوهُمْ رَشْقًا مَا يَكَادُونَ يُخْطِئُونَ

3311: ابو اسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک شخص نے حضرت براءؓ سے کہا اے ابو عمارہ کیا تم حنین کے دن فرار اختیار کر گئے تھے انہوں نے کہا اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ نے پیٹھ نہیں دکھائی لیکن آپؐ کے صحابہؓ میں سے جلد باز نوجوان جن کے پاس ہتھیار نہ تھے یا بہت ہتھیار نہ تھے اور ان کی ایسی تیر انداز قوم سے مٹھ بھیڑ ہوئی جن کا کوئی تیر خطا نہ جاتا تھا یعنی ہوازن اور بنو نصر کے جتھے۔ انہوں نے مسلسل تیر اندازی کی کہ ان کا کوئی تیر شاذ ہی خطا

3311 :**اطراف** :**مسلم** کتاب الجهاد والسير باب فی غزوة حنين 3312 ، 3313

تخريج: بخاری كتاب الجهاد والسير باب من قاد دابة غيره فى الحرب 2864 باب بغلة النبى ﷺ البيضاء ... 2874 باب من صف اصحابه عند الهزيمة ... 2930 باب من قال خذها وانا ابن فلان ...3042 كتاب المغازی باب قول الله تعالىٰ ويوم حنين اذاعجبتكم كثرتكم ... 4315 ، 4316 ، 4317**ترمذی** كتاب الجهاد باب ماجاء فى الثبات عند القتال 1688

فَأَقْبَلُوا هُنَاكَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَقُودُ بِهِ فَنَزَلَ فَاسْتَنْصَرَ وَقَالَ

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ
أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

ثُمَّ صَفَّهُمْ [4615]

جاتا۔اس وقت وہ رسول اللہ ﷺ کی طرف بڑھے اور رسول اللہ ﷺ اپنی سفید خچر پر سوار تھے اور ابوسفیان بن حارث بن عبدالمطلب اسے چلا رہے تھے۔آپؐ اترے اور آپؐ نے (اللہ سے) مدد چاہی اور فرمایا

میں نبی ہوں یہ کوئی جھوٹ نہیں
میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں

پھر آپؐ نے ان کی صف بندی کی۔

3312 {79} حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى الْبَرَاءِ فَقَالَ أَكُنْتُمْ وَلَّيْتُمْ يَوْمَ حُنَيْنٍ يَا أَبَا عُمَارَةَ فَقَالَ أَشْهَدُ عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَلَّى وَلَكِنَّهُ انْطَلَقَ أَخِفَّاءُ مِنْ النَّاسِ وَحُسَّرٌ إِلَى هَذَا الْحَيِّ مِنْ هَوَازِنَ وَهُمْ قَوْمٌ رُمَاةٌ فَرَمَوْهُمْ بِرِشْقٍ مِنْ نَبْلٍ كَأَنَّهَا رِجْلٌ مِنْ جَرَادٍ فَانْكَشَفُوا فَأَقْبَلَ الْقَوْمُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو سُفْيَانَ بْنُ الْحَارِثِ يَقُودُ بِهِ

3312: ابواسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک شخص حضرت براءؓ کے پاس آیا اور کہا اے ابوعمارہ! تم لوگ حنین کے دن پیٹھ دکھا گئے تھے۔انہوں نے کہا میں نبی ﷺ کے بارہ میں گواہی دیتا ہوں، آپؐ نے پیٹھ نہیں دکھائی تھی لیکن جلد باز اور بغیر ہتھیاروں کے لوگ ہوازن قبیلہ کی طرف گئے اور وہ تیرانداز قوم تھی انہوں نے ایسے تیروں کی بارش کی گویا ٹڈی دَل ہیں جس کے نتیجہ میں وہ اپنی جگہیں چھوڑ ہوگئے۔ پھر لوگ رسول اللہ ﷺ کی طرف آئے اور ابوسفیان بن حارث آپؐ کے خچر کو چلا رہے تھے۔آپؐ اترے دعا کی اور اللہ سے مدد طلب کی اور آپؐ کہہ رہے تھے

3312 :**اطراف** :**مسلم** کتاب الجهاد والسير باب فی غزوة حنين 3311 ، 3313

تخريج: بخاری كتاب الجهاد والسير باب من قاد دابة غيره فی الحرب 2864 باب بغلة النبی ﷺ البيضاء ... 2874 باب من صف اصحابه عند الهزيمة ... 2930 باب من قال خذها وانا ابن فلان ...3042 كتاب المغازی باب قول الله تعالیٰ ويوم حنين اذاعجبتكم كثرتكم ... 4315 ، 4316 ، 4317**ترمذی** كتاب الجهاد باب ماجاء فی الثبات عند القتال 1688

بَغْلَتَهُ فَنَزَلَ وَدَعَا وَاسْتَنْصَرَ وَهُوَ يَقُولُ

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ

أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

اللَّهُمَّ نَزِّلْ نَصْرَكَ قَالَ الْبَرَاءُ كُنَّا وَاللَّهِ إِذَا احْمَرَّ الْبَأْسُ نَتَّقِي بِهِ وَإِنَّ الشُّجَاعَ مِنَّا لَلَّذِي يُحَاذِي بِهِ يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [4616]

میں نبی ہوں یہ کوئی جھوٹ نہیں

میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں

اے اللہ! اپنی مدد نازل فرما۔ حضرت براءؓ کہتے ہیں اللہ کی قسم جب جنگ شدّت اختیار کر جاتی تو ہم آپؐ کے ذریعہ اپنے آپ کو بچاتے تھے اور ہم میں سے بہادر وہ سمجھا جاتا تھا جو آپؐ کے پہلو میں یعنی نبی ﷺ کے ساتھ کھڑا رہتا تھا۔

3313{80}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ وَسَأَلَهُ رَجُلٌ مِنْ قَيْسٍ أَفَرَرْتُمْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ فَقَالَ الْبَرَاءُ وَلَكِنْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَفِرَّ وَكَانَتْ هَوَازِنُ يَوْمَئِذٍ رُمَاةً وَإِنَّا لَمَّا حَمَلْنَا عَلَيْهِمْ انْكَشَفُوا فَأَكْبَبْنَا عَلَى الْغَنَائِمِ فَاسْتَقْبَلُونَا بِالسِّهَامِ وَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى بَغْلَتِهِ الْبَيْضَاءِ وَإِنَّ أَبَا سُفْيَانَ بْنَ الْحَارِثِ آخِذٌ بِلِجَامِهَا وَهُوَ يَقُولُ

أَنَا النَّبِيُّ لَا كَذِبْ

أَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

3313: ابواسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت براءؓ سے سنا اور ان سے قیس قبیلہ کے ایک شخص نے پوچھا کیا تم حنین کے دن رسول اللہ ﷺ کو چھوڑ کر فرار ہو گئے تھے؟ حضرت براءؓ نے کہا لیکن رسول اللہ ﷺ نے ہر گز فرار اختیار نہیں کیا اور ہوازن قبیلہ والے اس زمانہ میں ماہر تیر انداز تھے اور جب ہم نے ان پر حملہ کیا وہ ہٹ گئے اور ہم غنیمتوں پر ٹوٹ پڑے تو انہوں نے ہمارا تیروں سے استقبال کیا۔ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سفید خچر پر دیکھا۔ اور ابوسفیان بن حارث اس کی لگام پکڑے ہوئے تھے اور آپؐ یہ فرمارہے تھے

میں نبی ہوں یہ کوئی جھوٹ نہیں

میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں

3313 :اطراف :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب فى غزوة حنين 3311، 3312

تخريج: بخارى كتاب الجهاد والسير باب من قاد دابة غيره فى الحرب 2864 باب بغلة النبى ﷺ البيضاء ... 2874 باب من صف اصحابه عند الهزيمة ... 2930 باب من قال خذها وانا ابن فلان ...3042 كتاب المغازى باب قول الله تعالىٰ ويوم حنين اذاعجبتكم كثرتكم ... 4315، 4316، 4317 **ترمذى** كتاب الجهاد باب ماجاء فى الثبات عند القتال 1688

و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ خَلَّادٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا أَبَا عُمَارَةَ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ وَهُوَ أَقَلُّ مِنْ حَدِيثِهِمْ وَهَؤُلَاءِ أَتَمُّ حَدِيثًا [4418,4617]

3314{81} و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُنَيْنًا فَلَمَّا وَاجَهْنَا الْعَدُوَّ تَقَدَّمْتُ فَأَعْلُو ثَنِيَّةً فَاسْتَقْبَلَنِي رَجُلٌ مِنَ الْعَدُوِّ فَأَرْمِيهِ بِسَهْمٍ فَتَوَارَى عَنِّي فَمَا دَرَيْتُ مَا صَنَعَ وَنَظَرْتُ إِلَى الْقَوْمِ فَإِذَا هُمْ قَدْ طَلَعُوا مِنْ ثَنِيَّةٍ أُخْرَى فَالْتَقَوْا هُمْ وَصَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَلَّى صَحَابَةُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَرْجِعُ مُنْهَزِمًا وَعَلَيَّ بُرْدَتَانِ مُتَّزِرًا بِإِحْدَاهُمَا مُرْتَدِيًا بِالْأُخْرَى فَاسْتَطْلَقَ إِزَارِي فَجَمَعْتُهُمَا جَمِيعًا وَمَرَرْتُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْهَزِمًا وَهُوَ عَلَى بَغْلَتِهِ الشَّهْبَاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ

3314: ایاس بن سلمہ اپنے والد سے بیان کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم نے رسول اللہ ﷺ کی معیّت میں غزوۂ حنین کیا جب ہمارا دشمن سے سامنا ہوا میں آگے بڑھا اور ایک گھاٹی پر چڑھا تو دشمن کے ایک شخص سے میرا سامنا ہوا۔ میں نے اسے تیر مارا تو وہ مجھ سے چھپ گیا۔ مجھے نہیں پتہ چلا کہ اسے کیا ہوا؟ میں نے دیکھا کہ لوگ دوسری گھاٹی سے نکل رہے ہیں ان میں اور نبی ﷺ کے صحابہؓ میں جنگ ہوئی اور نبی ﷺ کے صحابہؓ واپس مڑ گئے۔ میں پسپا ہو کر لوٹا۔ مجھ پر دو چادریں تھیں ایک میں باندھے ہوئے تھا اور دوسری اوپر لئے ہوئے تھا میری چادر کھلنے لگی تو میں نے دونوں کو اکٹھا کر لیا اور میں پیچھے ہٹتا ہوا رسول اللہ ﷺ کے سامنے سے گذرا۔ آپؐ سیاہ و سفید رنگ کے خچر پر تھے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ابن اکوع نے کوئی پریشانی دیکھی ہے۔ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ کو گھیر لیا تو آپؐ خچر سے اترے۔ پھر

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ رَأَى ابْنُ الْأَكْوَعِ فَزِعًا فَلَمَّا غَشُوا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَلَ عَنِ الْبَغْلَةِ ثُمَّ قَبَضَ قَبْضَةً مِنْ تُرَابٍ مِنَ الْأَرْضِ ثُمَّ اسْتَقْبَلَ بِهِ وُجُوهَهُمْ فَقَالَ شَاهَتِ الْوُجُوهُ فَمَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْهُمْ إِنْسَانًا إِلَّا مَلَأَ عَيْنَيْهِ تُرَابًا بِتِلْكَ الْقَبْضَةِ فَوَلَّوْا مُدْبِرِينَ فَهَزَمَهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَقَسَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَنَائِمَهُمْ بَيْنَ الْمُسْلِمِينَ [4619]

زمین سے مٹی کی ایک مٹھی لی اور اسے ان کے چہروں کی طرف پھینکا اور فرمایا چہرے سیاہ ہو گئے۔ پس ان میں سے کوئی شخص جسے اللہ نے پیدا کیا ہے ایسا نہیں تھا جس کی آنکھیں اس نے اس مٹھی کی مٹی سے نہ بھر دی ہوں۔ پس وہ پیٹھ پھیر کر بھاگے اور اللہ عزّ وجل نے انہیں شکست دی اور رسول اللہ ﷺ نے ان کی غنیمتیں مسلمانوں میں تقسیم فرمائیں۔

[29]31: بَاب: غَزْوَةُ الطَّائِفِ

باب: غزوۂ طائف

3315{82}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَابْنُ نُمَيْرٍ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ أَبِي الْعَبَّاسِ الشَّاعِرِ الْأَعْمَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ حَاصَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الطَّائِفِ فَلَمْ يَنَلْ مِنْهُمْ شَيْئًا فَقَالَ إِنَّا قَافِلُونَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ أَصْحَابُهُ نَرْجِعُ وَلَمْ نَفْتَتِحْهُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْدُوا عَلَى الْقِتَالِ فَغَدَوْا عَلَيْهِ فَأَصَابَهُمْ

3315: حضرت عبد اللہؓ بن عمرو سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اہل طائف کا محاصرہ کیا مگر ان پر فتح نہ پائی۔ اس پر آپؐ نے فرمایا اگر اللہ نے چاہا تو ہم واپس لوٹنے والے ہیں۔ آپؐ کے صحابہؓ نے عرض کیا کیا ہم بغیر فتح کے لوٹ جائیں گے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صبح جنگ کے لئے نکلو تو صبح کے وقت وہ ان کے پاس تھے تو انہیں زخم پہنچے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کل ہم واپس لوٹنے والے ہیں۔ راوی کہتے ہیں یہ بات انہیں پسند آئی تو رسول اللہ ﷺ ہنس پڑے۔

3315 :تخریج: بخاری کتاب المغازی باب غزوة الطائف فی شوال سنة ثمان 4325 کتاب الادب باب التبسم والضحک 6086... کتاب التوحید باب فی المشیئة والارادة ...7480

جِرَاحٌ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا قَافِلُونَ غَدًا قَالَ فَأَعْجَبَهُمْ ذَلِكَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [4620]

[30]32:بَاب غَزْوَةِ بَدْرٍ

غزوۂ بدر کا بیان

3316{83}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاوَرَ حِينَ بَلَغَهُ إِقْبَالُ أَبِي سُفْيَانَ قَالَ فَتَكَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ فَأَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ تَكَلَّمَ عُمَرُ فَأَعْرَضَ عَنْهُ فَقَامَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ فَقَالَ إِيَّانَا تُرِيدُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِه لَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نُخِيضَهَا الْبَحْرَ لَأَخَضْنَاهَا وَلَوْ أَمَرْتَنَا أَنْ نَضْرِبَ أَكْبَادَهَا إِلَى بَرْكِ الْغِمَادِ لَفَعَلْنَا قَالَ فَنَدَبَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فَانْطَلَقُوا حَتَّى نَزَلُوا بَدْرًا وَوَرَدَتْ عَلَيْهِمْ رَوَايَا قُرَيْشٍ وَفِيهِمْ غُلَامٌ أَسْوَدُ لِبَنِي الْحَجَّاجِ فَأَخَذُوهُ فَكَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْأَلُونَهُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ

3316: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو جب ابوسفیان کے آنے کی خبر ملی تو آپؐ نے مشورہ کیا۔ راوی کہتے ہیں حضرت ابوبکرؓ نے گفتگو کی آپؐ نے ان سے اعراض فرمایا پھر حضرت عمرؓ نے گفتگو کی۔ آپؐ نے ان سے (بھی) اعراض فرمایا پھر حضرت سعد بن عبادہؓ کھڑے ہوئے اور کہنے لگے یا رسولؐ اللہ! آپؐ ہم سے مشورہ طلب کرتے ہیں اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے۔ اگر آپؐ ہمیں سمندر میں گھوڑے ڈالنے کا حکم دیں تو ہم انہیں ڈال دیں گے اور اگر آپؐ ہمیں برک الغماد تک ان کے جگر مارنے کا حکم دیں تو ہم ایسا ضرور کریں گے۔ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو بلایا وہ چلے یہانتک کہ بدر میں اُترے اور وہاں قریش کے پانی لانے والے آئے اور ان میں بنوحجاج کا ایک سیاہ لڑکا بھی تھا۔ انہوں نے اسے پکڑا۔ رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ اس سے ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں کے بارہ میں پوچھتے رہے۔ وہ

3316 :تخریج: ابوداؤد کتاب الجهاد باب في الاسير ينال منه ويضرب ويقرر ... 2681

وَأَصْحَابه فَيَقُولُ مَا لِي عِلْمٌ بِأَبِي سُفْيَانَ وَلَكِنْ هَذَا أَبُو جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَف فَإِذَا قَالَ ذَلِكَ ضَرَبُوهُ فَقَالَ نَعَمْ أَنَا أُخْبِرُكُمْ هَذَا أَبُو سُفْيَانَ فَإِذَا تَرَكُوهُ فَسَأَلُوهُ فَقَالَ مَا لِي بِأَبِي سُفْيَانَ عِلْمٌ وَلَكِنْ هَذَا أَبُو جَهْلٍ وَعُتْبَةُ وَشَيْبَةُ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَف فِي النَّاسِ فَإِذَا قَالَ هَذَا أَيْضًا ضَرَبُوهُ وَرَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَائِمٌ يُصَلِّي فَلَمَّا رَأَى ذَلكَ انْصَرَفَ قَالَ وَالَّذي نَفْسي بيَده لَتَضْرِبُوهُ إِذَا صَدَقَكُمْ وَتَتْرُكُوهُ إِذَا كَذَبَكُمْ قَالَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذَا مَصْرَعُ فُلَانٍ قَالَ وَيَضَعُ يَدَهُ عَلَى الْأَرْضِ هَاهُنَا هَاهُنَا قَالَ فَمَا مَاطَ أَحَدُهُمْ عَنْ مَوْضِعِ يَدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [4621]

کہتا مجھے ابوسفیان کے بارہ میں کچھ علم نہیں لیکن یہ ابوجہل اور عتبہ اور شیبہ اور امیّہ بن خلف ہیں۔ جب اس نے یہ کہا تو انہوں نے اسے مارا اس نے کہا اچھا میں تمہیں بتاتا ہوں یہ ہے ابوسفیان! جب انہوں نے اسے چھوڑا اور اس سے پوچھا تو اس نے کہا مجھے ابوسفیان کا کوئی علم نہیں۔ لیکن یہ ابوجہل اور عتبہ اور شیبہ اور امیّہ بن خلف لوگوں میں موجود ہیں۔ جب اس نے ایسا کہا تو انہوں نے اسے مارا۔ رسول اللہ ﷺ اس وقت کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ جب آپؐ نے یہ صورت دیکھی تو سلام پھیرا اور فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے جب وہ تم سے سچ بولتا ہے تو مارتے ہو اور جب وہ تم سے جھوٹ بولتا ہے تو چھوڑ دیتے ہو۔ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ فلاں کے گرنے کی جگہ ہے۔ راوی کہتے ہیں آپؐ نے اپنا ہاتھ زمین پر رکھتے تھے یہاں، یہاں، راوی کہتے ہیں ان میں سے کوئی اپنی جگہ سے ادھر ادھر نہیں ہٹا۔ جہاں رسول اللہ ﷺ نے ہاتھ سے نشاندہی کی تھی۔

[31]33: بَاب فَتْحِ مَكَّةَ

فتح مکہ کا بیان

3317{84} حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ

3317: عبداللہ بن رباح سے روایت ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ نے بیان کیا کہ کئی وفود حضرت امیر معاویہؓ

3317 :اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب فتح مكة ... 3318

تخریج: ابوداؤد كتاب المناسک باب فی رفع اليد اذا رأى البيت 1872

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ وَفَدَتْ وُفُودٌ إِلَى مُعَاوِيَةَ وَذَلِكَ فِي رَمَضَانَ فَكَانَ يَصْنَعُ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ الطَّعَامَ فَكَانَ أَبُو هُرَيْرَةَ مِمَّا يُكْثِرُ أَنْ يَدْعُوَنَا إِلَى رَحْلِهِ فَقُلْتُ أَلَا أَصْنَعُ طَعَامًا فَأَدْعُوَهُمْ إِلَى رَحْلِي فَأَمَرْتُ بِطَعَامٍ يُصْنَعُ ثُمَّ لَقِيتُ أَبَا هُرَيْرَةَ مِنَ الْعَشِيِّ فَقُلْتُ الدَّعْوَةُ عِنْدِي اللَّيْلَةَ فَقَالَ سَبَقْتَنِي قُلْتُ نَعَمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ أَلَا أُعْلِمُكُمْ بِحَدِيثٍ مِنْ حَدِيثِكُمْ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ ذَكَرَ فَتْحَ مَكَّةَ فَقَالَ أَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ فَبَعَثَ الزُّبَيْرَ عَلَى إِحْدَى الْمُجَنِّبَتَيْنِ وَبَعَثَ خَالِدًا عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْأُخْرَى وَبَعَثَ أَبَا عُبَيْدَةَ عَلَى الْحُسَّرِ فَأَخَذُوا بَطْنَ الْوَادِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كَتِيبَةٍ قَالَ فَنَظَرَ فَرَآنِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ قُلْتُ لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَالَ لَا يَأْتِينِي إِلَّا أَنْصَارِيٌّ زَادَ غَيْرُ شَيْبَانَ فَقَالَ اهْتِفْ لِي بِالْأَنْصَارِ قَالَ فَأَطَافُوا بِهِ وَوَبَّشَتْ قُرَيْشٌ أَوْبَاشًا لَهَا وَأَتْبَاعًا فَقَالُوا نُقَدِّمُ هَؤُلَاءِ فَإِنْ كَانَ لَهُمْ شَيْءٌ كُنَّا مَعَهُمْ وَإِنْ أُصِيبُوا أَعْطَيْنَا الَّذِي سُئِلْنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

کے پاس گئے اور یہ رمضان کا واقعہ ہے۔ (راوی کہتے ہیں) ہم میں سے بعض دوسروں کے لئے کھانا تیار کرتے اور ابو ہریرہؓ اکثر ہمیں اپنے ڈیرہ کی طرف بلاتے۔ میں نے کہا کیا میں بھی کھانا تیار کر کے انہیں اپنے ڈیرہ کی طرف نہ بلاؤں۔ میں نے کھانے کی تیاری کا حکم دیا پھر شام کو میں حضرت ابو ہریرہؓ سے ملا میں نے کہا آج رات کی دعوت میرے ہاں ہے۔ انہوں نے کہا تم مجھ سے سبقت لے گئے ہو۔ میں نے کہا ہاں میں نے ان کو بلایا تو حضرت ابو ہریرہؓ نے کہا اے گروہِ انصارؓ! کیا میں تمہیں تمہاری باتوں میں سے ایک بات نہ بتاؤں؟ پھر انہوں نے فتح مکہ کا ذکر کیا اور کہا رسول اللہ ﷺ تشریف لائے یہانتک کہ مکہ میں داخل ہوئے تو حضرت زبیرؓ کو لشکر کے ایک پہلو پر اور حضرت خالد بن ولیدؓ کو لشکر کے دوسرے پہلو پر مقرر فرمایا اور حضرت ابوعبیدہؓ کو ان لوگوں پر جو پیادہ تھے مقرر فرمایا۔ وہ گھاٹی میں اُترے اور رسول اللہ ﷺ ایک دستہ میں تھے۔ راوی کہتے ہیں انہوں نے نظر دوڑائی اور مجھے دیکھا اور فرمایا ابو ہریرہ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں حاضر ہوں۔ آپؐ نے فرمایا میرے پاس انصاریؓ کے سوا کوئی نہ آئے مزید فرمایا شیبان اور راوی نے یہ اضافہ کیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا میرے پاس انصارؓ کو بلاؤ۔ وہ کہتے ہیں وہ آپؐ کے اردگرد جمع ہو گئے اور قریش نے اپنے گروہ

وَسَلَّمَ تَرَوْنَ إِلَى أَوْبَاشِ قُرَيْشٍ وَأَتْبَاعِهِمْ ثُمَّ قَالَ بِيَدَيْهِ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى ثُمَّ قَالَ حَتَّى تُوَافُونِي بِالصَّفَا قَالَ فَانْطَلَقْنَا فَمَا شَاءَ أَحَدٌ مِنَّا أَنْ يَقْتُلَ أَحَدًا إِلَّا قَتَلَهُ وَمَا أَحَدٌ مِنْهُمْ يُوَجِّهُ إِلَيْنَا شَيْئًا قَالَ فَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُبِيحَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ أَمَّا الرَّجُلُ فَأَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ وَرَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ وَجَاءَ الْوَحْيُ وَكَانَ إِذَا جَاءَ الْوَحْيُ لَا يَخْفَى عَلَيْنَا فَإِذَا جَاءَ فَلَيْسَ أَحَدٌ يَرْفَعُ طَرْفَهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى يَنْقَضِيَ الْوَحْيُ فَلَمَّا انْقَضَى الْوَحْيُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ قَالُوا لَبَّيْكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ قُلْتُمْ أَمَّا الرَّجُلُ فَأَدْرَكَتْهُ رَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ قَالُوا قَدْ كَانَ ذَاكَ قَالَ كَلَّا إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ هَاجَرْتُ إِلَى اللَّهِ وَإِلَيْكُمْ وَالْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ فَأَقْبَلُوا إِلَيْهِ يَبْكُونَ وَيَقُولُونَ وَاللَّهِ مَا قُلْنَا الَّذِي قُلْنَا إِلَّا الضِّنَّ بِاللَّهِ وَبِرَسُولِهِ

اور ساتھی اکٹھے کئے اور انہوں نے کہا ہم ان لوگوں کو آگے کرتے ہیں اگر انہیں کچھ ملا تو ہم بھی ان کے ساتھ شریک ہوں گے اور اگر انہیں کوئی نقصان پہنچا تو جو ہم سے کہا جائے گا ہم دیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''تم قریش کے گروہ اور ان کے ساتھیوں کو دیکھتے ہو'' پھر آپؐ نے ایک ہاتھ کو دوسرے پر مارتے ہوئے فرمایا ''یہانتک کہ تم مجھے صفا پر ملو'' راوی کہتے ہیں پھر ہم چلے اور ہم میں سے جو بھی کسی کو مارنا چاہتا مار ڈالتا اور ان میں سے کوئی بھی ہمارا مقابلہ نہ کر سکتا۔ وہ کہتے ہیں ابوسفیان آیا اور اس نے کہا یا رسولؐ اللہ! قریش کا سبزہ تباہ کر دیا گیا آج کے بعد قریش نہ ہوں گے۔ پھر آپؐ نے فرمایا ''جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوا تو وہ امن میں ہے''۔ انصار ایک دوسرے سے کہنے لگے اس شخص پر اپنے وطن کی محبت اور اپنے قبیلہ کی رافت آ گئی ہے۔☆ حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہیں اور وحی نازل ہوئی اور جب وحی آتی تھی تو ہم پر مخفی نہ رہتی تھی۔ پس جب وہ آتی تو ہم میں سے کوئی بھی رسول اللہ ﷺ کی طرف نظر نہ اُٹھاتا تھا یہاں تک کہ وحی ختم ہو گئی اور جب وحی ختم ہوئی تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ''اے گروہِ انصار'' انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! حاضر ہیں آپؐ نے فرمایا تم نے

☆ اس روایت کی بعض تفاصیل بخاری کی روایت سے مختلف معلوم ہوتی ہیں۔ اس لئے اس موضوع پر ان روایات کا مطالعہ ضروری ہے۔

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ قَالَ فَأَقْبَلَ النَّاسُ إِلَى دَارِ أَبِي سُفْيَانَ وَأَغْلَقَ النَّاسُ أَبْوَابَهُمْ قَالَ وَأَقْبَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَقْبَلَ إِلَى الْحَجَرِ فَاسْتَلَمَهُ ثُمَّ طَافَ بِالْبَيْتِ قَالَ فَأَتَى عَلَى صَنَمٍ إِلَى جَنْبِ الْبَيْتِ كَانُوا يَعْبُدُونَهُ قَالَ وَفِي يَدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْسٌ وَهُوَ آخِذٌ بِسِيَةِ الْقَوْسِ فَلَمَّا أَتَى عَلَى الصَّنَمِ جَعَلَ يَطْعُنُهُ فِي عَيْنِهِ وَيَقُولُ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ أَتَى الصَّفَا فَعَلَا عَلَيْهِ حَتَّى نَظَرَ إِلَى الْبَيْتِ وَرَفَعَ يَدَيْهِ فَجَعَلَ يَحْمَدُ اللَّهَ وَيَدْعُو بِمَا شَاءَ أَنْ يَدْعُوَ{85} و حَدَّثَنِيهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ هَاشِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَزَادَ فِي الْحَدِيثِ ثُمَّ قَالَ بِيَدَيْهِ إِحْدَاهُمَا عَلَى الْأُخْرَى احْصُدُوهُمْ حَصْدًا وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ قَالُوا قُلْنَا ذَاكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَمَا اسْمِي إِذًا كَلَّا إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ [4423,4622]

کہا ہے اس شخص پر وطن کی محبت آ گئی ہے۔ انہوں نے کہا ایسے ہی ہے۔ آپؐ نے فرمایا ہرگز نہیں میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں ۔ میں نے اللہ کی طرف اور تمہاری طرف ہجرت کی اب (میری) زندگی تمہاری زندگی اور (میری) موت تمہاری موت ہے۔ پس وہ روتے ہوئے آپؐ کی طرف بڑھے اور کہنے لگے اللہ کی قسم! ہم نے جو بھی کہا وہ اللہ اور اس کے رسول کی محبت اور آپؐ سے علیحدگی کے ڈر سے کہا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یقیناً اللہ اور اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تمہارا عذر قبول کرتے ہیں ۔ راوی کہتے ہیں پھر لوگ ابوسفیان کے گھر کی طرف جانے لگے اور لوگوں نے اپنے اپنے دروازے بند کر لئے۔ راوی کہتے ہیں اور رسول اللہ ﷺ آگے بڑھے یہانتک کہ حجرِ اسود تک تشریف لائے اور اسے بوسہ دیا پھر بیت اللہ کا طواف کیا ۔ راوی کہتے ہیں پھر بیت اللہ کے ایک طرف بتوں کے پاس جس کی وہ (اہلِ مکہ) عبادت کرتے تھے آئے اور رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں کمان تھی آپؐ کمان کا کونا پکڑے ہوئے تھے۔ جب آپؐ بُت کے پاس آئے تو اس کی آنکھ میں مارنے لگے اور فرمانے لگے حق آ گیا اور باطل بھاگ گیا۔ جب حضورؐ اپنے طواف سے فارغ ہوئے تو صفا پر آئے اور اس پر چڑھے یہانتک کہ بیت اللہ کی طرف دیکھا اور اپنے

دونوں ہاتھ اُٹھائے اور اللہ کی حمد کرنے لگے اور اللہ سے جو چاہا مانگنے لگے۔

ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے کہ پھر آپؐ نے ایک ہاتھ دوسرے پر رکھا اور فرمایا انہیں کاٹ کر رکھ دو☆ اور اس روایت میں (قَالُوْا قَدْ كَانَ ذَاكَ قَالَ كَلَّا اِنِّی عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ کی بجائے) قَالُوْا قُلْنَا ذَاكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَمَا اسْمِیْ اِذًا كَلَّا اِنِّی عَبْدُاللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ کے الفاظ ہیں۔یعنی انصارؓ نے یہ بتایا، یارسولؐ اللہ! آپؐ نے فرمایا پھر میرا نام کیا ہوگا؟ ہرگز نہیں میں اللہ کا بندہ اور اس کا رسولؐ ہوں۔

3318{86} حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ وَفَدْنَا إِلَى مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ وَفِينَا أَبُو هُرَيْرَةَ فَكَانَ كُلُّ رَجُلٍ مِنَّا يَصْنَعُ طَعَامًا يَوْمًا لِأَصْحَابِهِ فَكَانَتْ نَوْبَتِي فَقُلْتُ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ الْيَوْمُ نَوْبَتِي فَجَاءُوا إِلَى الْمَنْزِلِ وَلَمْ يُدْرِكْ طَعَامُنَا فَقُلْتُ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ لَوْ حَدَّثْتَنَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى

3318:حضرت عبداللہؓ بن رباح سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم معاویہ بن ابوسفیان کی طرف گئے اور ہمارے ساتھ حضرت ابو ہریرہؓ بھی تھے۔ہم میں سے ہر شخص ایک دن اپنے ساتھیوں کے لئے کھانا بناتا تھا۔ میری باری آئی تو میں نے کہا اے ابو ہریرہؓ آج میری باری ہے ۔ وہ سب گھر آئے۔ ابھی ہمارا کھانا تیار نہیں ہوا تھا میں نے کہا اے ابو ہریرہؓ آپ رسول اللہ ﷺ کی کوئی بات سنائیں یہانتک کہ ہمارا کھانا تیار ہوجائے۔انہوں نے کہا ہم فتح مکہ کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔آپؐ نے

☆ یہ بیانات بخاری کی صحیح احادیث نیز قرآن مجید میں حضرت یوسفؑ کے پیرایہ میں آپ ﷺ کے بارہ میں پیشگوئی کے بیان جس میں لا تثریب علیکم کے الفاظ ہیں کے بالکل خلاف ہے۔

3318 :اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب فتح مكة ... 3317

يُدْرِكَ طَعَامُنَا فَقَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ فَجَعَلَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيدِ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْيُمْنَى وَجَعَلَ الزُّبَيْرَ عَلَى الْمُجَنِّبَةِ الْيُسْرَى وَجَعَلَ أَبَا عُبَيْدَةَ عَلَى الْبَيَاذِقَةِ وَبَطْنِ الْوَادِي فَقَالَ يَا أَبَا هُرَيْرَةَ ادْعُ لِي الْأَنْصَارَ فَدَعَوْتُهُمْ فَجَاءُوا يُهَرْوِلُونَ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الْأَنْصَارِ هَلْ تَرَوْنَ أَوْبَاشَ قُرَيْشٍ قَالُوا نَعَمْ قَالَ انْظُرُوا إِذَا لَقِيتُمُوهُمْ غَدًا أَنْ تَحْصُدُوهُمْ حَصْدًا وَأَخْفَى بِيَدِهِ وَوَضَعَ يَمِينَهُ عَلَى شِمَالِهِ وَقَالَ مَوْعِدُكُمُ الصَّفَا قَالَ فَمَا أَشْرَفَ يَوْمَئِذٍ لَهُمْ أَحَدٌ إِلَّا أَنَامُوهُ قَالَ وَصَعِدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّفَا وَجَاءَتِ الْأَنْصَارُ فَأَطَافُوا بِالصَّفَا فَجَاءَ أَبُو سُفْيَانَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أُبِيدَتْ خَضْرَاءُ قُرَيْشٍ لَا قُرَيْشَ بَعْدَ الْيَوْمِ قَالَ أَبُو سُفْيَانَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَخَلَ دَارَ أَبِي سُفْيَانَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَلْقَى السِّلَاحَ فَهُوَ آمِنٌ وَمَنْ أَغْلَقَ بَابَهُ فَهُوَ آمِنٌ فَقَالَتِ الْأَنْصَارُ أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ وَرَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ وَنَزَلَ الْوَحْيُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى

حضرت خالدؓ بن ولید کو دائیں جانب اور حضرت زُبیرؓ کو بائیں جانب اور حضرت ابوعبیدہؓ کو پیادہ لوگوں اور وادی کے نشیب کا سردار بنایا اور فرمایا اے ابوہریرہ انصار کو میرے پاس بلاؤ میں نے انہیں بلایا۔ وہ دوڑتے ہوئے آئے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے گروہِ انصار! کیا تم قریش کی جماعت کو دیکھتے ہو؟ انہوں نے کہا ہاں۔ آپؐ نے فرمایا کل جب تمہاری ان سے مڈھ بھیڑ ہو تو انہیں کاٹ کر رکھ دینا اور آپؐ نے اپنے ہاتھ سے اشارہ کیا اور دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر رکھا اور فرمایا تمہارے وعدہ کی جگہ صفا ہے۔ راوی کہتے ہیں تو اس دن جو بھی انہیں ملا انہوں نے اسے سلا دیا☆ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ صفا پر چڑھے انصار آئے اور صفا کو گھیرے میں لے لیا۔ پھر ابوسفیان آیا اور اس نے کہا یا رسول اللہ! قریش کا سبزہ تباہ کر دیا گیا۔ آج کے بعد قریش نہ ہونگے۔ ابو سفیان کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ابوسفیان کے گھر داخل ہوگا وہ امن میں آجائے گا۔ اور جس نے ہتھیار ڈال دیئے وہ (بھی) امن میں آجائے گا اور جو اپنا دروازہ بند کر لے وہ (بھی) امن میں ہے۔ انصار نے کہا اس شخص کو اپنے قبیلہ کی محبت اور اپنی بستی کی محبت نے پکڑ لیا ہے۔ رسول اللہ ﷺ پر وحی نازل ہوئی۔ آپؐ نے فرمایا تم نے کہا تھا کہ اس

☆ یہ بات واقعاتِ صحیحہ کے بالکل خلاف ہے۔

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُمْ أَمَّا الرَّجُلُ فَقَدْ أَخَذَتْهُ رَأْفَةٌ بِعَشِيرَتِهِ وَرَغْبَةٌ فِي قَرْيَتِهِ أَلَا فَمَا اسْمِي إِذًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ أَنَا مُحَمَّدٌ عَبْدُ اللَّهِ وَرَسُولُهُ هَاجَرْتُ إِلَى اللَّهِ وَإِلَيْكُمْ فَالْمَحْيَا مَحْيَاكُمْ وَالْمَمَاتُ مَمَاتُكُمْ قَالُوا وَاللَّهِ مَا قُلْنَا إِلَّا ضِنًّا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ قَالَ فَإِنَّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ يُصَدِّقَانِكُمْ وَيَعْذِرَانِكُمْ [4624]

شخص کو اپنے قبیلہ کی محبت اور اپنی بستی کی رغبت نے پکڑ لیا ہے غور سے سنو پھر میرا نام کیا ہوگا؟ تین مرتبہ فرمایا۔ میں محمدؐ اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔ میں نے اللہ اور تمہاری طرف ہجرت کی میری زندگی تمہاری زندگی کے ساتھ اور میری موت تمہاری موت کے ساتھ وابستہ ہے۔ انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہم نے یہ بات اللہ اور اس کے رسول کی محبت میں کہی تھی اور آپؐ سے علیحدگی کے ڈر سے کہی۔ آپؐ نے فرمایا اللہ اور اس کا رسول تمہاری تصدیق کرتے ہیں اور تمہارا عذر قبول کرتے ہیں۔

[32]34: بَاب: إِزَالَةُ الْأَصْنَامِ مِنْ حَوْلِ الْكَعْبَةِ

باب: کعبہ کے اردگرد سے بت ہٹانا

3319{87}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ وَاللَّفْظُ لِابْنِ أَبِي شَيْبَةَ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ أَبِي مَعْمَرٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَحَوْلَ الْكَعْبَةِ ثَلَاثُ مِائَةٍ وَسِتُّونَ نُصُبًا فَجَعَلَ يَطْعُنُهَا بِعُودٍ كَانَ بِيَدِهِ وَيَقُولُ جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ

3319: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں نبی ﷺ مکہ میں داخل ہوئے اور کعبہ کے گرد تین سو ساٹھ بت نصب تھے۔ آپؐ ہر ایک کو اس لکڑی سے جو آپؐ کے ہاتھ میں تھی مارتے اور فرماتے حق آ گیا اور باطل بھاگ گیا یقیناً باطل بھاگ جانے والا ہے[1]۔ حق آ چکا ہے اور باطل نہ تو (کوئی) آغاز کرسکتا ہے۔ اور نہ (اسے) دہرا سکتا ہے[2] ابن ابی عمر نے مزید کہا فتح کے دن۔ ابن ابی نجیح سے اسی سند

3319 :تخریج: بخاری كتاب المظالم باب هل تكسر الدنان التي فيها الخمر ...2478 كتاب المغازى باب اين ركز النبى ﷺ الراية يوم الفتح 4287 كتاب التفسير باب وقل جاء الحق وزهق الباطل ...4720 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة بنى اسرائيل ...3138

1 (بنی اسرائیل:82) 2 (سبا:50)

كَانَ زَهُوقًا جَاءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ وَمَا يُعِيدُ زَادَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ يَوْمَ الْفَتْحِ و حَدَّثَنَاه حَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْد كِلَاهُمَا عَنْ عَبْد الرَّزَّاق أَخْبَرَنَا الثَّوْرِيُّ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ بِهَذَا الْإِسْنَاد إِلَى قَوْله زَهُوقًا وَلَمْ يَذْكُرِ الْآيَةَ الْأُخْرَى وَقَالَ بَدَلَ نُصُبًا صَنَمًا[4426,4625]

سے زھوقاً تک روایت ہے۔اور وہ دوسری آیت کا ذکر نہیں کرتے۔اور انہوں نے نُصُباً کے بجائے صَنَمًا کہا ہے۔

[33]35:بَاب:لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ صَبْرًا بَعْدَ الْفَتْحِ

باب:فتح کے بعد کوئی قریشی باندھ کر قتل نہ کیا جائے گا

3320{88}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ وَوَكِيعٌ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّه بْنُ مُطِيعٍ عَنْ أَبِيه قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَقُولُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ صَبْرًا بَعْدَ هَذَا الْيَوْمِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَة {89}حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بِهَذَا الْإِسْنَاد وَزَادَ قَالَ وَلَمْ يَكُنْ أَسْلَمَ أَحَدٌ منْ عُصَاة قُرَيْشٍ غَيْرَ مُطِيعٍ كَانَ اسْمُهُ الْعَاصِي فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مُطِيعًا[4428,4627]

3320:عبداللہ بن مطیع اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں میں نے نبی ﷺ سے سنا آپؐ نے فتح مکہ کے دن فرمایا آج سے لے کر قیامت تک کوئی قریشی باندھ کر قتل نہ کیا جائے گا۔

ایک اور روایت میں یہ مزید ہے کہ قریش کے عاصی نام کے آدمیوں میں سے مطیع کے علاوہ کوئی شخص مسلمان نہ ہوا۔اس کا نام عاصی تھا تو رسول اللہ ﷺ نے اس کا نام مطیع رکھا۔

3321 :اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب صلح الحديبية فى الحديبية 3322 ، 3323

تخريج: بخاری كتاب جزاء الصيد باب لبس السلاح للمحرم 1844 كتاب الصلح باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان 2698 ، 2699 باب الصلح مع المشركين ... 2700 ،2701 كتاب المغازى باب عمرة القضاء 4251 ، 4252 كتاب الجزية باب المصالحة على ثلاثة ايام او وقت معلوم 3184 **ابو داؤد** كتاب المناسک باب المحرم يحمل السلاح 1832

[34]36:بَاب: صُلْحُ الْحُدَيْبِيَةِ

باب: صلح حدیبیہ

3321{90}حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ الْعَنْبَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ كَتَبَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ الصُّلْحَ بَيْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْمُشْرِكِينَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ فَكَتَبَ هَذَا مَا كَاتَبَ عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ فَقَالُوا لَا تَكْتُبْ رَسُولُ اللَّهِ فَلَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ لَمْ نُقَاتِلْكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ امْحُهُ فَقَالَ مَا أَنَا بِالَّذِي أَمْحَاهُ فَمَحَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ قَالَ وَكَانَ فِيمَا اشْتَرَطُوا أَنْ يَدْخُلُوا مَكَّةَ فَيُقِيمُوا بِهَا ثَلَاثًا وَلَا يَدْخُلُهَا بِسِلَاحٍ إِلَّا جُلُبَّانَ السِّلَاحِ قُلْتُ لِأَبِي إِسْحَقَ وَمَا جُلُبَّانُ السِّلَاحِ قَالَ الْقِرَابُ وَمَا فِيهِ {91}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ لَمَّا صَالَحَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الْحُدَيْبِيَةِ كَتَبَ عَلِيٌّ

3321: ابواسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت براء بن عازبؓ سے سنا وہ کہتے تھے وہ صلح نامہ جو نبی ﷺ اور مشرکوں کے درمیان حدیبیہ کے دن طے پایا۔ حضرت علیؓ نے لکھا تھا۔ انہوں نے لکھا یہ وہ معاہدہ ہے جو محمدؐ رسول اللہ نے لکھوایا۔ انہوں (کفار) نے کہا رسولؐ اللہ کا لفظ نہ لکھیں۔ اگر ہم جانتے کہ آپ رسولؐ اللہ ہیں تو آپؐ سے نہ لڑتے۔ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا اسے مٹا دو۔ انہوں نے کہا میں اس کو کس طرح مٹا سکتا ہوں۔ نبی ﷺ نے خود اپنے ہاتھ سے اسے مٹا دیا۔ راوی کہتے ہیں ان شرطوں میں سے ایک یہ بھی تھی کہ وہ (مسلمان) مکہ آئیں گے اور تین دن وہاں ٹھہریں گے اور کوئی اسلحہ لے کر وہاں داخل نہ ہوگا۔ سوائے اس ہتھیار کے جو میان میں ہوں۔ راوی کہتے ہیں میں نے ابواسحاق سے کہا جُلُبَّانُ السِّلَاحِ سے کیا مراد ہے؟ انہوں نے کہا میان اور جو اس کے اندر ہو۔

ابو اسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت براء بن عازبؓ سے سنا وہ کہتے تھے جب رسول اللہ ﷺ نے حدیبیہ والوں سے صلح کی تو حضرت علیؓ نے ان کے درمیان تحریر لکھی۔ وہ کہتے تھے

كِتَابًا بَيْنَهُمْ قَالَ فَكَتَبَ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ ثُمَّ ذَكَرَ بِنَحْوِ حَدِيثِ مُعَاذٍ غَيْرَ أَنَّهُ لَمْ يَذْكُرْ فِي الْحَدِيثِ هَذَا مَا كَاتَبَ عَلَيْهِ [4430,4629]

انہوں نے لکھا محمد رسول اللہ پھر باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ ذکر نہیں کہ یہ وہ معاہدہ ہے جو (آپؐ) نے لکھوایا۔۔

3322{92} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ جَنَابٍ الْمِصِّيصِيُّ جَمِيعًا عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ وَاللَّفْظُ لِإِسْحَقَ أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ أَخْبَرَنَا زَكَرِيَّاءُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْبَرَاءِ قَالَ لَمَّا أُحْصِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْبَيْتِ صَالَحَهُ أَهْلُ مَكَّةَ عَلَى أَنْ يَدْخُلَهَا فَيُقِيمَ بِهَا ثَلَاثًا وَلَا يَدْخُلَهَا إِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ السَّيْفِ وَقِرَابِهِ وَلَا يَخْرُجَ بِأَحَدٍ مَعَهُ مِنْ أَهْلِهَا وَلَا يَمْنَعَ أَحَدًا يَمْكُثُ بِهَا مِمَّنْ كَانَ مَعَهُ قَالَ لِعَلِيٍّ اكْتُبْ الشَّرْطَ بَيْنَنَا بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ هَذَا مَا قَاضَى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ فَقَالَ لَهُ الْمُشْرِكُونَ لَوْ نَعْلَمُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ تَابَعْنَاكَ وَلَكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ فَأَمَرَ عَلِيًّا أَنْ يَمْحَاهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لَا وَاللَّهِ لَا

3322: حضرت براءؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں جب نبی ﷺ کو بیت اللہ سے روکا گیا تو اہل مکہ نے اس بات پر مصالحت کی کہ وہ اس میں داخل ہوں اور تین دن وہاں ٹھہریں اور اس طرح داخل ہوں کہ ہتھیار غلافوں میں ہوں یعنی تلوار اور اس کی میان اور اس کے باشندوں میں سے کسی کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں اور جو آپؐ کے ساتھ ہیں ان میں سے جو ٹھہرنا چاہے اسے منع نہ کریں۔آپؐ نے حضرت علیؓ سے فرمایا ''ہمارے درمیان (طے پانے والی) شرائط لکھو۔اللہ کے نام کے ساتھ جو بہت رحم کرنے والا اور بار بار رحم کرنے والا ہے۔یہ وہ ہے جس پر محمدؐ رسول اللہ نے صلح کی ہے۔مشرکوں نے آپؐ سے کہا ''اگر ہم جانتے کہ آپؐ رسول اللہ ہیں تو ہم آپ کی پیروی کرتے،نہیں بلکہ لکھو محمدؐ بن عبداللہ۔آپؐ نے حضرت علیؓ سے فرمایا اسے مٹادو۔حضرت علیؓ نے عرض کیا نہیں اللہ کی قسم! میں اسے کس طرح مٹا سکتا

3322 :اطراف :**مسلم** کتاب الجهاد والسير باب صلح الحديبية في الحديبية 3321 ، 3323

تخريج: بخاری كتاب جزاء الصيد باب لبس السلاح للمحرم 1844 كتاب الصلح باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان 2698 ، 2699 باب الصلح مع المشركين ... 2700 ،2701 كتاب المغازی باب عمرة القضاء 4251 ، 4252 كتاب الجزية باب المصالحة على ثلاثة ايام او وقت معلوم 3184 **ابو داؤد** كتاب المناسک باب المحرم يحمل السلاح 1832

أَمْحَاهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرِنِي مَكَانَهَا فَأَرَاهُ مَكَانَهَا فَمَحَاهَا وَكَتَبَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ فَأَقَامَ بِهَا ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فَلَمَّا أَنْ كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ قَالُوا لِعَلِيٍّ هَذَا آخِرُ يَوْمٍ مِنْ شَرْطِ صَاحِبِكَ فَأْمُرْهُ فَلْيَخْرُجْ فَأَخْبَرَهُ بِذَلِكَ فَقَالَ نَعَمْ فَخَرَجَ وَ قَالَ ابْنُ جَنَابٍ فِي رِوَايَتِهِ مَكَانَ تَابَعْنَاكَ بَايَعْنَاكَ [4631]

ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے اس کی جگہ دکھاؤ۔ انہوں نے اس کی جگہ دکھائی تو آپؐ نے اسے مٹا دیا اور لکھا ابن عبداللہ۔ آپؐ اس (مکہ) میں تین دن ٹھہرے۔ جب تیسرا دن ہوا انہوں (مکہ والوں) نے حضرت علیؓ سے کہا تمہارے صاحب کی شرط کا یہ آخری دن ہے۔ ان سے کہیے کہ (آج) آپؐ چلے جائیں۔ انہوں نے یہ بات آپؐ کو بتائی۔ آپؐ نے فرمایا ہاں۔ چنانچہ آپؐ تشریف لے گئے۔
ایک اور روایت میں (تَابَعْنَاکَ کی بجائے) بَایَعْنَاکَ کے الفاظ ہیں۔

3323{93}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ قُرَيْشًا صَالَحُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِمْ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ اكْتُبْ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ قَالَ سُهَيْلٌ أَمَّا بِاسْمِ اللَّهِ فَمَا نَدْرِي مَا بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ وَلَكِنِ اكْتُبْ مَا نَعْرِفُ بِاسْمِكَ اللَّهُمَّ فَقَالَ اكْتُبْ مِنْ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللَّهِ قَالُوا لَوْ عَلِمْنَا أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ

3323: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ قریش نے نبی ﷺ سے صلح کی۔ ان میں سہیل بن عمرو بھی تھا۔ نبی ﷺ نے حضرت علیؓ سے فرمایا لکھو بسم الله الرحمان الرحیم سہیل نے کہا بسم الله تو ٹھیک ہے مگر ہم نہیں جانتے کہ بسم الله الرحمان الرحیم کیا ہے؟ اس لئے وہ لکھیں جو ہم جانتے ہیں۔ باسمک اللھم۔ آپؐ نے فرمایا لکھو محمدؐ رسول اللہ کی طرف سے۔ انہوں نے کہا اگر ہم مانتے کہ آپ (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں تو ہم ضرور آپؐ کی پیروی کرتے۔ اس لئے اپنا اور اپنے والد کا نام

3323 :**اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب صلح الحديبية فى الحديبية 3321 ، 3322

تخريج: **بخارى** كتاب جزاء الصيد باب لبس السلاح للمحرم 1844 كتاب الصلح باب كيف يكتب هذا ما صالح فلان بن فلان 2698 ، 2699 باب الصلح مع المشركين ... 2700 ،2701 كتاب المغازى باب عمرة القضاء 4251 ، 4252 كتاب الجزية باب المصالحة على ثلاثة ايام او وقت معلوم 3184 **ابو داؤد** كتاب المناسك باب المحرم يحمل السلاح 1832

لَاتَّبَعْنَاكَ وَلَكِنِ اكْتُبْ اسْمَكَ وَاسْمَ أَبِيكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اكْتُبْ مِنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَاشْتَرَطُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ مَنْ جَاءَ مِنْكُمْ لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكُمْ وَمَنْ جَاءَكُمْ مِنَّا رَدَدْتُمُوهُ عَلَيْنَا فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَنَكْتُبُ هَذَا قَالَ نَعَمْ إِنَّهُ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا إِلَيْهِمْ فَأَبْعَدَهُ اللَّهُ وَمَنْ جَاءَنَا مِنْهُمْ سَيَجْعَلُ اللَّهُ لَهُ فَرَجًا وَمَخْرَجًا [4632]

لکھئے تو نبی ﷺ نے فرمایا ''لکھو محمدؐ بن عبد اللہ کی طرف سے'' پھر انہوں نے نبی ﷺ کے سامنے یہ شرائط رکھیں کہ جو شخص تم میں سے ہماری طرف آئے گا ہم اسے واپس نہیں کریں گے اور جو تمہارے پاس (ہماری طرف سے) آئے گا تو تم اس کو ہماری طرف لوٹا دو گے۔ انہوں (صحابہؓ) نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا ہم یہ لکھیں؟ آپؐ نے فرمایا ہاں کیونکہ جو ہم میں سے ان کی طرف جائے گا تو اللہ نے اسے دور کر دیا اور جو ان میں سے ہمارے پاس آئے گا تو اللہ تعالیٰ ضرور اس کے لئے کوئی نہ کوئی کشائش اور نکلنے کی راہ بنا دے گا۔

3324{94} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ نُمَيْرٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ وَتَقَارَبَا فِي اللَّفْظِ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ سِيَاهٍ حَدَّثَنَا حَبِيبُ بْنُ أَبِي ثَابِتٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ قَامَ سَهْلُ بْنُ حُنَيْفٍ يَوْمَ صِفِّينَ فَقَالَ أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا أَنْفُسَكُمْ لَقَدْ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ وَلَوْ نَرَى قِتَالًا لَقَاتَلْنَا وَذَلِكَ فِي الصُّلْحِ الَّذِي كَانَ بَيْنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ

3324: ابو وائل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں صفین کے دن حضرت سہلؓ بن حنیف کھڑے ہوئے اور کہا اے لوگو اپنے آپ کو بے قصور نہ ٹھہراؤ۔ ہم حدیبیہ کے دن رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ اگر ہم لڑنا چاہتے تو لڑتے اور یہ اس صلح کے بارہ میں ہے جو رسول اللہ ﷺ اور مشرکوں کے درمیان ہوئی۔ حضرت عمرؓ بن خطاب آئے۔ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہنے لگے کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا کیوں نہیں! انہوں نے کہا کیا ہمارے مقتول جنتی اور ان کے

3324 :اطراف :**مسلم** کتاب الجهاد والسیر باب صلح الحدیبیة فی الحدیبیة 3325، 3326

تخریج: بخاری کتاب الجزیة باب اثم من عاهد ثم غدر 3182 کتاب التفسیر باب قوله اذ یبایعونک تحت الشجرة... 4844

الْمُشْرِكِينَ فَجَاءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ قَالَ بَلَى قَالَ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلَى قَالَ فَفِيمَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللَّهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَلَنْ يُضَيِّعَنِي اللَّهُ أَبَدًا قَالَ فَانْطَلَقَ عُمَرُ فَلَمْ يَصْبِرْ مُتَغَيِّظًا فَأَتَى أَبَا بَكْرٍ فَقَالَ يَا أَبَا بَكْرٍ أَلَسْنَا عَلَى حَقٍّ وَهُمْ عَلَى بَاطِلٍ قَالَ بَلَى قَالَ أَلَيْسَ قَتْلَانَا فِي الْجَنَّةِ وَقَتْلَاهُمْ فِي النَّارِ قَالَ بَلَى قَالَ فَعَلَامَ نُعْطِي الدَّنِيَّةَ فِي دِينِنَا وَنَرْجِعُ وَلَمَّا يَحْكُمِ اللَّهُ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ فَقَالَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ إِنَّهُ رَسُولُ اللَّهِ وَلَنْ يُضَيِّعَهُ اللَّهُ أَبَدًا قَالَ فَنَزَلَ الْقُرْآنُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْفَتْحِ فَأَرْسَلَ إِلَى عُمَرَ فَأَقْرَأَهُ إِيَّاهُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَوْ فَتْحٌ هُوَ قَالَ نَعَمْ فَطَابَتْ نَفْسُهُ وَرَجَعَ [4633]

مقتول جہنمی نہیں ہیں؟ آپؐ نے فرمایا کیوں نہیں! انہوں نے کہا ہم کیوں اپنے دین سے متعلق ذلت قبول کریں اور ہم لوٹ جائیں۔ جبکہ ابھی تک اللہ نے ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ نہیں کیا۔ آپؐ نے فرمایا اے خطاب کے بیٹے! میں اللہ کا رسولؐ ہوں اور اللہ مجھے کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ راوی کہتے ہیں حضرت عمرؓ چلے گئے مگر جوش کی حالت میں صبر نہ کر سکے۔ وہ حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئے اور کہا اے ابوبکرؓ کیا ہم حق پر اور وہ باطل پر نہیں ہیں انہوں نے کہا کیوں نہیں؟ انہوں (حضرت عمرؓ) نے کہا کیا ہمارے مقتول جنت میں اور ان کے مقتول جہنم میں نہیں جائیں گے؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں۔ انہوں (حضرت عمرؓ) نے کہا تو پھر ہم اپنے دین کے بارہ میں ذلت کیوں قبول کریں اور ہم لوٹ جائیں حالانکہ ابھی تک اللہ تعالیٰ نے ہمارے اور ان کے درمیان فیصلہ نہیں کیا۔ انہوں (حضرت ابوبکرؓ) نے کہا اے خطاب کے بیٹے وہ اللہ کے رسولؐ ہیں اور اللہ انہیں کبھی ضائع نہیں کرے گا۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ پر قرآن نازل ہوا۔ جس میں فتح (کا ذکر) ہے۔ آپؐ نے حضرت عمرؓ کو بلا بھیجا اور انہیں یہ سورت پڑھائی۔ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! کیا یہ فتح ہے؟ آپؐ نے فرمایا ہاں تو ان کا دل خوش ہو گیا اور وہ واپس لوٹے۔

3325{95} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَقُولُ بِصِفِّينَ أَيُّهَا النَّاسُ اتَّهِمُوا رَأْيَكُمْ وَاللَّهِ لَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ وَلَوْ أَنِّي أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَرَدَدْتُهُ وَاللَّهِ مَا وَضَعْنَا سُيُوفَنَا عَلَى عَوَاتِقِنَا إِلَى أَمْرٍ قَطُّ إِلَّا أَسْهَلْنَ بِنَا إِلَى أَمْرٍ نَعْرِفُهُ إِلَّا أَمْرَكُمْ هَذَا لَمْ يَذْكُرِ ابْنُ نُمَيْرٍ إِلَى أَمْرٍ قَطُّ

3325: شقیق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت سہلؓ بن حنیف سے سنا انہوں نے صفین کے مقام پر کہا اے لوگو! اپنی رائے کو الزام دو اللہ کی قسم! میں اپنے آپ کو ابو جندلؓ والے دن دیکھ رہا ہوں۔ اگر میں طاقت رکھتا کہ رسول اللہ ﷺ کے حکم کو رد کر دوں تو میں ضرور اس کو رد کر دیتا۔ اللہ کی قسم! ہم نے کبھی اپنی تلواریں اپنے کندھوں پر کسی غرض سے نہیں رکھیں مگر وہ ہمیں سہولت سے اس امر کی طرف لے گئیں جو ہمیں مانوس تھا سوائے تمہارے اس امر کے۔

و حَدَّثَنَاه عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ جَمِيعًا عَنْ جَرِيرٍ ح و حَدَّثَنِي أَبُو سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَعْمَشِ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَفِي حَدِيثِهِمَا إِلَى أَمْرٍ يُفْظِعُنَا[4435,4634]

ایک اور روایت میں إِلَى أَمْرٍ قَطُّ کے الفاظ نہیں ہیں۔

ایک اور روایت میں (إِلَى أَمْرٍ قَطُّ کی بجائے) إِلَى أَمْرٍ يُفْظِعُنَا کے الفاظ ہیں۔

3326{96} و حَدَّثَنِي إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ سَمِعْتُ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ بِصِفِّينَ يَقُولُ

3326: ابو وائل سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت سہلؓ بن حنیف سے صفین میں سنا وہ کہتے تھے اپنی رائے کو اپنے دین کے بارہ میں متہم کرو میں اپنے آپ کو ابو جندلؓ والے دن دیکھتا ہوں اگر میں

3325 :**اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب صلح الحديبية فى الحديبية 3324 ، 3326

تخريج: **بخارى** كتاب الجزية باب اثم من عاهد ثم غدر 3181 كتاب الاعتصام بالكتب والسنة باب ما يذكر من ذم الرأى وتكلف القياس 7308

3326 :**اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب صلح الحديبية فى الحديبية 3324 ، 3325

تخريج: **بخارى** كتاب الجزية باب اثم من عاهد ثم غدر 3181 كتاب الاعتصام بالكتب والسنة باب ما يذكر من ذم الرأى وتكلف القياس 7308

اتَّهِمُوا رَأْيَكُمْ عَلَى دِينِكُمْ فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمَ أَبِي جَنْدَلٍ وَلَوْ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَرُدَّ أَمْرَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فَتَحْنَا مِنْهُ فِي خُصْمٍ إِلَّا انْفَجَرَ عَلَيْنَا مِنْهُ خُصْمٌ [4636]

رسول اللہ علیہ کے حکم کو رد کر سکتا (تو اس دن کرتا)۔ اور اب ہم کوئی پہلو نہیں کھولتے کہ اس میں سے کوئی اور پہلو پھوٹ پڑتا ہے۔

3327{97} وحَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُمْ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ إِلَى قَوْلِهِ فَوْزًا عَظِيمًا مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ وَهُمْ يُخَالِطُهُمُ الْحُزْنُ وَالْكَآبَةُ وَقَدْ نَحَرَ الْهَدْيَ بِالْحُدَيْبِيَةِ فَقَالَ لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا و حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ النَّضْرِ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ جَمِيعًا عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ نَحْوَ حَدِيثِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ[4438,4637]

3327: حضرت انس بن مالکؓ نے بیان کیا۔ وہ کہتے ہیں جب یہ آیت اُتری یقیناً ہم نے تجھے کھلی کھلی فتح عطا کی ہے تا کہ اللہ تیری خاطر مغفرت کا سامان فرمائے۔ اور اللہ کے قول (فَوْزًا عَظِيمًا) تک۔ (الفتح 2 تا 6) آپؐ حدیبیہ سے لوٹ رہے تھے اور انہیں (صحابہؓ کو) بہت رنج وغم تھا اور آپؐ نے حدیبیہ کے مقام پر قربانی کی تھی۔ آپؐ نے فرمایا مجھ پر یہ آیت اُتری ہے جو مجھے ساری دنیا سے زیادہ محبوب ہے۔

3327 : تخریج: بخاری کتاب المغازی باب غزوة الحدیبیة 4172 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن باب ومن سورة الفتح 3262، 3263 کتاب التفسیر باب قوله انا فتحنالک فتحًا مبینًا 4834

[35]37:بَاب الْوَفَاءِ بِالْعَهْدِ
عہد کے پورا کرنے کا بیان

3328{98} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ حَدَّثَنَا أَبُو الطُّفَيْلِ حَدَّثَنَا حُذَيْفَةُ بْنُ الْيَمَانِ قَالَ مَا مَنَعَنِي أَنْ أَشْهَدَ بَدْرًا إِلَّا أَنِّي خَرَجْتُ أَنَا وَأَبِي حُسَيْلٌ قَالَ فَأَخَذَنَا كُفَّارُ قُرَيْشٍ قَالُوا إِنَّكُمْ تُرِيدُونَ مُحَمَّدًا فَقُلْنَا مَا نُرِيدُهُ مَا نُرِيدُ إِلَّا الْمَدِينَةَ فَأَخَذُوا مِنَّا عَهْدَ اللَّهِ وَمِيثَاقَهُ لَنَنْصَرِفَنَّ إِلَى الْمَدِينَةِ وَلَا نُقَاتِلُ مَعَهُ فَأَتَيْنَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرْنَاهُ الْخَبَرَ فَقَالَ انْصَرِفَا نَفِي لَهُمْ بِعَهْدِهِمْ وَنَسْتَعِينُ اللَّهَ عَلَيْهِمْ [4439]

3328: حضرت حذیفہؓ بن یمان بیان کرتے ہیں مجھے بدر میں شامل ہونے سے صرف اس بات نے روکا کہ میں اور میرا باپ حُسیلؓ نکلے وہ کہتے ہیں ہمیں قریش کے کافروں نے پکڑا انہوں نے کہا تم محمد(ﷺ کے پاس جانے) کا ارادہ رکھتے ہو۔ہم نے کہا ہم آپؐ کے پاس نہیں جارہے بلکہ ہمارا ارادہ مدینہ کا ہے۔انہوں نے ہم سے اللہ کا عہد اوراس کا پختہ وعدہ لیا کہ ہم مدینہ جائیں گے اور آپ کے ساتھ مل کر جنگ نہیں کریں گے۔ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اورہم نے آپؐ کو یہ بات بتائی۔آپؐ نے فرمایا تم دونوں واپس چلے جاؤ ہم ان سے ان کا عہد پورا کریں گے اور ان کے معاملہ میں اللہ سے مدد چاہیں گے۔

[36]38:بَاب غَزْوَةِ الْأَحْزَابِ
غزوۂ احزاب کا بیان

3329 {99} حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنْ جَرِيرٍ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ حُذَيْفَةَ فَقَالَ رَجُلٌ لَوْ أَدْرَكْتُ رَسُولَ اللَّهِ

3329: ابراہیم التیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں ہم حضرت حذیفہؓ کے پاس تھے کہ ایک شخص نے کہا اے کاش میں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ہوتا اور آپؐ کی معیت میں جنگ کرتا اوراپنے جوہر دکھاتا۔حضرت حذیفہؓ نے کہا تم ایسا

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاتَلْتُ مَعَهُ وَأَبْلَيْتُ
فَقَالَ حُذَيْفَةُ أَنْتَ كُنْتَ تَفْعَلُ ذَلِكَ لَقَدْ
رَأَيْتُنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَيْلَةَ الْأَحْزَابِ وَأَخَذَتْنَا رِيحٌ شَدِيدَةٌ وَقُرٌّ
فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا
رَجُلٌ يَأْتِينِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللَّهُ مَعِي
يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا أَحَدٌ ثُمَّ
قَالَ أَلَا رَجُلٌ يَأْتِينَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ اللَّهُ
مَعِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا أَحَدٌ
ثُمَّ قَالَ أَلَا رَجُلٌ يَأْتِينَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ جَعَلَهُ
اللَّهُ مَعِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَسَكَتْنَا فَلَمْ يُجِبْهُ مِنَّا
أَحَدٌ فَقَالَ قُمْ يَا حُذَيْفَةُ فَأْتِنَا بِخَبَرِ الْقَوْمِ
فَلَمْ أَجِدْ بُدًّا إِذْ دَعَانِي بِاسْمِي أَنْ أَقُومَ قَالَ
اذْهَبْ فَأْتِنِي بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَلَا تَذْعَرْهُمْ عَلَيَّ
فَلَمَّا وَلَّيْتُ مِنْ عِنْدِهِ جَعَلْتُ كَأَنَّمَا أَمْشِي
فِي حَمَّامٍ حَتَّى أَتَيْتُهُمْ فَرَأَيْتُ أَبَا سُفْيَانَ
يَصْلِي ظَهْرَهُ بِالنَّارِ فَوَضَعْتُ سَهْمًا فِي
كَبِدِ الْقَوْسِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَرْمِيَهُ فَذَكَرْتُ
قَوْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا
تَذْعَرْهُمْ عَلَيَّ وَلَوْ رَمَيْتُهُ لَأَصَبْتُهُ فَرَجَعْتُ
وَأَنَا أَمْشِي فِي مِثْلِ الْحَمَّامِ فَلَمَّا أَتَيْتُهُ
فَأَخْبَرْتُهُ بِخَبَرِ الْقَوْمِ وَفَرَغْتُ قُرِرْتُ
فَأَلْبَسَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

کرتے؟ میں نے دیکھا کہ ہم لوگ احزاب کی رات
رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ تیز ہوا اور شدید ٹھنڈ
نے ہمیں آ پکڑا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا کوئی
شخص ہمارے پاس (دشمن) قوم کی خبر لائے گا۔ اللہ
تعالیٰ (ایسے شخص کو) قیامت کے دن میرے ساتھ
رکھے گا۔ ہم خاموش رہے اور ہم میں سے کسی نے بھی
جواب نہ دیا آپؐ نے پھر فرمایا کیا کوئی شخص ہے؟ جو
ہمارے پاس (دشمن) قوم کی خبر لائے؟ اللہ تعالیٰ
قیامت کے دن (ایسے شخص کو) میرے ساتھ رکھے
گا۔ ہم خاموش رہے۔ اور ہم میں سے کسی نے جواب
نہ دیا پھر آپؐ نے (تیسری مرتبہ) فرمایا کیا کوئی شخص
ہے جو ہمارے لئے دشمن قوم کی خبر لائے۔ اللہ تعالیٰ
قیامت کے دن (ایسے شخص کو) میرے ساتھ رکھے
گا۔ ہم خاموش رہے۔ آپؐ نے فرمایا اے حذیفہؓ! تم
اُٹھو اور ہمارے پاس (دشمن) قوم کی خبر لاؤ۔ اب
میرے لئے کھڑے ہونے کے سوا کوئی چارہ نہ تھا
جبکہ آپؐ نے میرا نام لے کر مجھے پکارا تھا۔ آپؐ نے
فرمایا جاؤ اور (دشمن) قوم کی خبر لے کر آؤ۔ انہیں
میرے خلاف انگیخت نہ کر بیٹھنا۔ جب میں آپؐ کے
پاس سے چلا تو گویا میں حمام میں چل رہا ہوں (یعنی
سردی کا احساس نہ تھا) یہانتک کہ میں ان کے پاس
پہنچا تو میں نے دیکھا کہ ابوسفیان اپنی کمر کو آگ سے
سینک رہا ہے۔ میں نے تیر کمان میں چڑھایا اور

مِنْ فَضْلِ عَبَاءَةٍ كَانَتْ عَلَيْهِ يُصَلِّي فِيهَا فَلَمْ أَزَلْ نَائِمًا حَتَّى أَصْبَحْتُ فَلَمَّا أَصْبَحْتُ قَالَ قُمْ يَا نَوْمَانُ [4640]

اسے مارنے کا ارادہ کیا کہ مجھے رسول اللہ ﷺ کا ارشاد یاد آ گیا کہ انہیں میرے خلاف انگیخت نہ کر بیٹھنا۔ اگر میں اسے تیر مارتا تو اسے ضرور لگتا۔ پس میں لوٹا اور گویا میں حمام میں چل رہا تھا۔ جب میں آپؐ کے پاس پہنچا تو آپؐ کو (دشمن) قوم کی حالت بتائی اور جب فارغ ہوا تو سردی محسوس کی۔ جس پر رسول اللہ ﷺ نے ایک اور عباء جسے لے کر آپؐ نماز ادا فرماتے تھے مجھے اوڑھا دی۔ میں صبح تک سوتا رہا جب صبح ہوئی تو آپؐ نے فرمایا اے سونے والے اُٹھ☆۔

[37]39:بَاب غَزْوَةِ أُحُدٍ

غزوۂ اُحد کا بیان

3330{100} و حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ الْأَزْدِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ وَثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُفْرِدَ يَوْمَ أُحُدٍ فِي سَبْعَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ وَرَجُلَيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ فَلَمَّا رَهِقُوهُ قَالَ مَنْ يَرُدُّهُمْ عَنَّا وَلَهُ

3330: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ احد کے دن فقط سات انصارؓ اور قریش کے دو آدمیوں کے ساتھ رہ گئے تھے، جب انہوں (دشمن) نے آپؐ پر حملہ کیا تو آپؐ نے فرمایا انہیں ہم سے کون دور کرے گا؟ اور اس کے لئے جنت ہے یا (فرمایا) وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔

☆ **قم یا نومان، نومان میں مبالغہ کا صیغہ ہے اور پیار سے چھیڑ بھی ہے۔**

3331 : تخریج : بخاری کتاب الوضوء باب غسل المرأة اباها الدم عن وجهه 243 كتاب الجهاد والسير باب المجن ومن يترس بترس صاحبه 2903 باب لبس البيضة ... 2911 باب دواء الجرح باحراق الحصير 3037 كتاب المغازى باب ما اصاب النبى ﷺ من الجراح يوم احد 3075 كتاب النكاح باب ولا يبدين زينتهن الا لبعولتهن 5248 كتاب الطب باب حرق الحصير يسد به الدم 5722 ترمذى كتاب الطب باب التداوى بالرماد 2085 ابن ماجه كتاب الطب باب دواء الجراحة 3464، 3465

الْجَنَّةُ أَوْ هُوَ رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ ثُمَّ رَهِقُوهُ أَيْضًا فَقَالَ مَنْ يَرُدُّهُمْ عَنَّا وَلَهُ الْجَنَّةُ أَوْ هُوَ رَفِيقِي فِي الْجَنَّةِ فَتَقَدَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ فَلَمْ يَزَلْ كَذَلِكَ حَتَّى قُتِلَ السَّبْعَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَاحِبَيْهِ مَا أَنْصَفْنَا أَصْحَابَنَا[4641]

انصارؓ میں سے ایک آدمی آگے بڑھا اور لڑا یہانتک کہ شہید ہوگیا انہوں نے پھر آپؐ پر حملہ کیا۔آپؐ نے فرمایا انہیں ہم سے کون ہٹائے گا؟ اور اس کے لئے جنت ہے یا(فرمایا) وہ جنت میں میرا ساتھی ہوگا۔ انصارؓ میں سے پھر ایک شخص آگے بڑھا اور لڑا یہانتک کہ وہ شہید ہوگیا اور اسی طرح ہوتا رہا یہانتک کہ سات اشخاص شہید ہوگئے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنے دو ساتھیوں سے فرمایا ہم نے اپنے ساتھیوں کے ساتھ انصاف نہیں کیا۔

3331{101}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ يَسْأَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالَ جُرِحَ وَجْهُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكُسِرَتْ رَبَاعِيَتُهُ وَهُشِمَتِ الْبَيْضَةُ عَلَى رَأْسِهِ فَكَانَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَغْسِلُ الدَّمَ وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ يَسْكُبُ عَلَيْهَا بِالْمِجَنِّ فَلَمَّا رَأَتْ فَاطِمَةُ أَنَّ الْمَاءَ لَا يَزِيدُ الدَّمَ إِلَّا كَثْرَةً أَخَذَتْ قِطْعَةَ حَصِيرٍ فَأَحْرَقَتْهُ حَتَّى صَارَ رَمَادًا ثُمَّ أَلْصَقَتْهُ بِالْجُرْحِ فَاسْتَمْسَكَ الدَّمُ {102}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا

3331:عبدالعزیز بن ابوحازم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت سہلؓ بن سعد سے سنا ان سے احد کے دن رسول اللہ ﷺ کے زخمی ہونے کے بارہ میں پوچھا گیا انہوں نے بتایا۔ رسول اللہ ﷺ کا چہرہ زخمی ہوا اور آپؐ کا سامنے کا دانت مبارک ٹوٹ گیا اور آپؐ کے سر پر جو خَود تھا ٹوٹ گیا۔رسول اللہ ﷺ کی بیٹی حضرت فاطمہؓ خون دھوتی تھیں اور حضرت علیؓ بن ابی طالب ڈھال سے اس پر پانی ڈالتے تھے۔جب حضرت فاطمہؓ نے دیکھا کہ پانی سے اور زیادہ خون نکلتا ہے تو انہوں نے چٹائی کا ٹکڑا لیا اسے جلایا یہانتک کہ وہ راکھ ہوگیا۔پھر اسے زخم پر لگایا تو خون رُک گیا۔
ایک اور روایت میں ہے کہ ابوحازم نے حضرت سہلؓ بن سعد کو اس وقت جبکہ ان سے رسول اللہ ﷺ کے

يَعْقُوبُ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْقَارِيَّ عَنْ أَبِي حَازِمٍ أَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ وَهُوَ يَسْأَلُ عَنْ جُرْحِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَمَ وَاللَّهِ إِنِّي لَأَعْرِفُ مَنْ كَانَ يَغْسِلُ جُرْحَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ يَسْكُبُ الْمَاءَ وَبِمَاذَا دُووِيَ جُرْحُهُ ثُمَّ ذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَبْدِ الْعَزِيزِ غَيْرَ أَنَّهُ زَادَ وَجُرِحَ وَجْهُهُ وَقَالَ مَكَانَ هُشِمَتْ كُسِرَتْ {103}و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ الْعَامِرِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي هِلَالٍ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلٍ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنِي ابْنُ أَبِي مَرْيَمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ يَعْنِي ابْنَ مُطَرِّفٍ كُلُّهُمْ عَنْ أَبِي حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَدِيثِ ابْنِ أَبِي هِلَالٍ أُصِيبَ وَجْهُهُ وَفِي حَدِيثِ ابْنِ مُطَرِّفٍ جُرِحَ وَجْهُهُ[4644,4643,4642]

زخمی ہونے سے متعلق پوچھا جارہا تھا سنا۔ اللہ کی قسم! میں اس کو خوب جانتا ہوں جو رسول اللہ ﷺ کا زخم دھورہا تھا اور جو پانی ڈال رہا تھا اور جس چیز سے آپ کے زخم کا علاج کیا گیا۔ باقی روایت سابقہ روایت کے مطابق ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ آپ کا چہرہ زخمی کیا گیا اور انہوں نے هُشِمَتْ کی بجائے كُسِرَتْ کا لفظ استعمال کیا ہے۔

ایک اور روایت میں (جُرِحَ وَجْهُهُ کی بجائے) أُصِيبَ وَجْهُهُ کے الفاظ ہیں۔

3332{104}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّه بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَب حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابت عَنْ أَنَس أَنَّ رَسُولَ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ كُسرَتْ رَبَاعيَتُهُ يَوْمَ أُحُد وَشُجَّ في رَأْسه فَجَعَلَ يَسْلُتُ الدَّمَ عَنْهُ وَيَقُولُ كَيْفَ يُفْلحُ قَوْمٌ شَجُّوا نَبيَّهُمْ وَكَسَرُوا رَبَاعيَتَهُ وَهُوَ يَدْعُوهُمْ إِلَى اللَّه فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَيْسَ لَكَ منَ الْأَمْرِ شَيْءٌ [4645]

3332: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ احد کے دن رسول اللہ ﷺ کا سامنے کا دانت ٹوٹ گیا اور آپؐ کا سر زخمی ہوا اور اس سے خون نکلنے لگا۔ آپؐ فرماتے تھے وہ قوم کیسے کامیاب ہوسکتی ہے جنہوں نے اپنے نبی کو زخمی کیا اور اس کا دانت توڑا جبکہ وہ انہیں اللہ طرف بلاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی تیرے پاس کچھ اختیار نہیں☆۔

3333{105}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْد اللَّه بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقيقٍ عَنْ عَبْد اللَّه قَالَ كَأَنِّي أَنْظُرُ إِلَى رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَحْكي نَبيًّا منَ الْأَنْبيَاء ضَرَبَهُ قَوْمُهُ وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهه وَيَقُولُ رَبِّ اغْفرْ لقَوْمي فَإِنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَمُحَمَّدُ بْنُ بشْرٍ عَنِ الْأَعْمَشِ بهَذَا الْإِسْنَاد غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَهُوَ يَنْضحُ الدَّمَ عَنْ جَبينه [4447,4646]

3333: حضرت عبد اللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں گویا میں رسول اللہ ﷺ کو ایک نبی کا واقعہ بیان فرماتے ہوئے دیکھ رہا ہوں جنہیں ان کی قوم نے مارا تھا اور وہ اپنے چہرہ سے خون صاف کررہے تھے اور یہ دعا کررہے تھے اے میرے رب! میری قوم کو بخش دے کیونکہ وہ جانتے نہیں۔

ایک اور روایت میں (وَهُوَ يَمْسَحُ الدَّمَ عَنْ وَجْهِهِ کی بجائے) فَهُوَ يَنْضِحُ الدَّمَ عَنْ جَبِينِهِ کے الفاظ ہیں۔

3332 : تخریج : ترمذی كتاب التفسير باب ومن سورة آل عمران 3002، 3003، 3004، 3005 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب الصبر على البلاء ... 4027

☆(آل عمران: 129)

3333 : تخریج : بخاری كتاب الانبياء باب حديث الغار ...3477 كتاب استتابة المرتدين والمعاندين وقتالهم باب اذا عرض الذمى او غيره بسب النبى ﷺ ولم يصرح 6929 **ابن ماجه** كتاب الفتن باب الصبر على البلاء ... 4025

[38]40: بَاب: اشْتِدَادُ غَضَبِ اللَّهِ عَلَى مَنْ قَتَلَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب: اللہ تعالیٰ کے غضب کی شدت اس شخص پر جسے رسول اللہ ﷺ نے قتل کیا

3334{106} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ هَذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ أَحَادِيثَ مِنْهَا وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَدَّ غَضَبُ اللَّهِ عَلَى قَوْمٍ فَعَلُوا هَذَا بِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ حِينَئِذٍ يُشِيرُ إِلَى رَبَاعِيَتِهِ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَدَّ غَضَبُ اللَّهِ عَلَى رَجُلٍ يَقْتُلُهُ رَسُولُ اللَّهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ [4648]

3334: ہمام بن منبہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں یہ وہ روایات ہیں جو ہمارے پاس حضرت ابو ہریرہؓ نے رسول اللہ ﷺ سے بیان کی ہیں۔ انہوں نے احادیث بیان کیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ کا شدید غضب اس قوم پر ہوا جس نے اللہ کے رسول ﷺ کے ساتھ ایسا کیا ہے اور آپؐ اس وقت اپنے دانت کی طرف اشارہ فرما رہے تھے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس شخص پر اللہ کا شدید غضب ہوا جسے اللہ کا رسولؐ اللہ عزّ وّجل کی راہ میں قتل کرے۔

[39]41: بَاب: مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَذَى الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ

باب: نبی ﷺ نے مشرکوں اور منافقوں سے کیا دکھ اُٹھائے

3335{107} و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبَانَ الْجُعْفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمَانَ عَنْ زَكَرِيَّاءَ عَنْ

3335: حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ اس اثناء میں کہ رسول اللہ ﷺ بیت اللہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے۔ ابوجہل اور اس کے ساتھی بیٹھے

3334 : تخریج : بخاری کتاب المغازی باب ما اصاب النبی ﷺ من الجراح یوم احد 4073، 4074، 4076

3335 : اطراف : مسلم کتاب الجهاد والسير باب ما لقى النبى من اذى المشركين والمنافقين 3336، 3337 =

أَبِي إِسْحَقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي عِنْدَ الْبَيْتِ وَأَبُو جَهْلٍ وَأَصْحَابٌ لَهُ جُلُوسٌ وَقَدْ نُحِرَتْ جَزُورٌ بِالْأَمْسِ فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ أَيُّكُمْ يَقُومُ إِلَى سَلَا جَزُورِ بَنِي فُلَانٍ فَيَأْخُذُهُ فَيَضَعُهُ فِي كَتِفَيْ مُحَمَّدٍ إِذَا سَجَدَ فَانْبَعَثَ أَشْقَى الْقَوْمِ فَأَخَذَهُ فَلَمَّا سَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ قَالَ فَاسْتَضْحَكُوا وَجَعَلَ بَعْضُهُمْ يَمِيلُ عَلَى بَعْضٍ وَأَنَا قَائِمٌ أَنْظُرُ لَوْ كَانَتْ لِي مَنَعَةٌ طَرَحْتُهُ عَنْ ظَهْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ مَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ حَتَّى انْطَلَقَ إِنْسَانٌ فَأَخْبَرَ فَاطِمَةَ فَجَاءَتْ وَهِيَ جُوَيْرِيَةٌ فَطَرَحَتْهُ عَنْهُ ثُمَّ أَقْبَلَتْ عَلَيْهِمْ تَشْتِمُهُمْ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ رَفَعَ صَوْتَهُ ثُمَّ دَعَا عَلَيْهِمْ وَكَانَ إِذَا دَعَا دَعَا ثَلَاثًا وَإِذَا سَأَلَ سَأَلَ ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا

تھے۔ ایک دن پہلے ایک اونٹنی ذبح کی گئی تھی۔ ابوجہل نے کہا تم میں سے کون ہے جو بنی فلاں کی اونٹنی کی بچہ دانی جا کر لے آئے۔ اور اسے جب محمد (ﷺ) سجدے میں جائیں۔ آپؐ کے کندھوں پر ڈال دے۔ تو قوم کا بدبخت ترین آدمی اُٹھا اور وہ لے آیا۔ جب نبی ﷺ نے سجدہ کیا تو اس نے وہ آپؐ کے کندھوں کے درمیان رکھ دی۔ راوی کہتے ہیں وہ تضحیک کرنے لگے اور ایک دوسرے پر گرنے لگے اور میں کھڑا دیکھ رہا تھا کاش مجھے طاقت ہوتی تو اسے رسول اللہ ﷺ کی پشت سے ہٹا دیتا۔ نبی ﷺ سجدہ میں تھے۔ آپؐ اپنا سر نہیں اُٹھاتے تھے۔ یہاںتک کہ ایک شخص گیا اور اُس نے حضرت فاطمہؓ کو بتایا وہ آئیں اور وہ چھوٹی لڑکی تھیں اور انہوں نے اسے آپؐ سے اتار پھینکا۔ پھر وہ ان کی طرف متوجہ ہوئیں اور انہیں برا بھلا کہا جب نبی ﷺ نے اپنی نماز ختم کی تو آپؐ نے بلند آواز سے ان کے خلاف دعا کی اور جب آپؐ دعا کرتے تو تین مرتبہ دعا کرتے اور جب (اللہ سے) مانگتے تو تین مرتبہ مانگتے۔ پھر آپؐ نے تین مرتبہ کہا اے اللہ! تو قریش پر گرفت کر۔ جب انہوں نے آپؐ کی آواز سنی تو ان کی ہنسی جاتی رہی اور

=**تخريج : بخاری** كتاب الوضوء باب اذاالقى على ظهر المصلى قذر او جيفة ... 240 كتاب الصلاة باب المرأة تطرح عن المصلى شيئا من الاذى... 520 كتاب الجهاد والسير باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة... 2934 كتاب الجزية والموادعة باب طرح جيف المشركين في البئر... 3185 كتاب مناقب الانصار باب ما لقى النبى ﷺ واصحابه من المشركين بمكة 3854 كتاب المغازى باب دعاء النبى ﷺ على كفار قريش 3960 **نسائى** كتاب الطهارة باب فرث ما يؤكل لحمه يصيب الثوب ... 307

سَمِعُوا صَوْتَهُ ذَهَبَ عَنْهُمُ الضِّحْكُ وَخَافُوا دَعْوَتَهُ ثُمَّ قَالَ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِأَبِي جَهْلِ بْنِ هِشَامٍ وَعُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَشَيْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ وَالْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ وَأُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ وَعُقْبَةَ بْنِ أَبِي مُعَيْطٍ وَذَكَرَ السَّابِعَ وَلَمْ أَحْفَظْهُ فَوَالَّذِي بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَأَيْتُ الَّذِينَ سَمَّى صَرْعَى يَوْمَ بَدْرٍ ثُمَّ سُحِبُوا إِلَى الْقَلِيبِ قَلِيبِ بَدْرٍ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ الْوَلِيدُ بْنُ عُقْبَةَ غَلَطٌ فِي هَذَا الْحَدِيثِ [4649]

وہ آپؐ کی دعا سے خائف ہو گئے۔ پھر آپؐ نے دعا کی اے اللہ! تو ابوجہل بن ہشام اور عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ اور ولید بن عقبہ اور امیہ بن خلف اور عقبہ بن ابی معیط پر گرفت کر، آپؐ نے ساتویں کا ذکر کیا مگر میں اسے یاد نہیں رکھ سکا۔ پس اس کی قسم جس نے محمد ﷺ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں نے ان لوگوں کو جن کے آپؐ نے نام لئے تھے بدر کے دن گرے ہوئے دیکھا پھر انہیں بدر کے گڑھے میں لے جا کر ڈال دیا گیا۔

ابواسحاق کہتے ہیں کہ اس روایت میں ولید بن عقبہ کے نام میں غلط فہمی ہے۔

3336{108}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَمُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا إِسْحَقَ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاجِدٌ وَحَوْلَهُ نَاسٌ مِنْ قُرَيْشٍ إِذْ جَاءَ عُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ بِسَلَا جَزُورٍ فَقَذَفَهُ عَلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى

3336: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ سجدے میں تھے اور آپؐ کے گرد قریش کے لوگ تھے۔ کہ عقبہ بن ابی مُعَیط اونٹنی کی بچہ دانی لایا اور رسول اللہ ﷺ کی پشت پر ڈالی دی اور آپؐ نے اپنا سر نہیں اُٹھایا۔ پھر حضرت فاطمہؓ آئیں اور اسے آپؐ کی پشت سے ہٹا دیا اور جس نے ایسا کیا تھا اس کے خلاف دعا کی۔ اور آپ ﷺ نے کہا اے اللہ تو قریش کے سرداروں پر گرفت فرما۔

3336 : اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب ما لقى النبى من اذى المشركين والمنافقين 3335 ، 3337

تخريج : بخارى كتاب الوضوء باب اذاالقى على ظهر المصلى قذر او جيفة... 240 كتاب الصلاة باب المرأة تطرح عن المصلى شيئا من الاذى... 520 كتاب الجهادوالسير باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة... 2934 كتاب الجزية والموادعة باب طرح جيف المشركين فى البئر... 3185 كتاب مناقب الانصار باب ما لقى النبى ﷺ واصحابه من المشركين بمكة 3854 كتاب المغازى باب دعاء النبى ﷺ على كفار قريش 3960 **نسائى** كتاب الطهارة باب فرث ما يؤكل لحمه يصيب الثوب ... 307

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرْفَعْ رَأْسَهُ فَجَاءَتْ فَاطِمَةُ فَأَخَذَتْهُ عَنْ ظَهْرِهِ وَدَعَتْ عَلَى مَنْ صَنَعَ ذَلِكَ فَقَالَ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ الْمَلَأَ مِنْ قُرَيْشٍ أَبَا جَهْلِ بْنَ هِشَامٍ وَعُتْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَعُقْبَةَ بْنَ أَبِي مُعَيْطٍ وَشَيْبَةَ بْنَ رَبِيعَةَ وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ أَوْ أُبَيَّ بْنَ خَلَفٍ شُعْبَةُ الشَّاكُّ قَالَ فَلَقَدْ رَأَيْتُهُمْ قُتِلُوا يَوْمَ بَدْرٍ فَأُلْقُوا فِي بِئْرٍ غَيْرَ أَنَّ أُمَيَّةَ أَوْ أُبَيًّا تَقَطَّعَتْ أَوْصَالُهُ فَلَمْ يُلْقَ فِي الْبِئْرِ{109} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ وَزَادَ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ ثَلَاثًا يَقُولُ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ اللَّهُمَّ عَلَيْكَ بِقُرَيْشٍ ثَلَاثًا وَذَكَرَ فِيهِمْ الْوَلِيدَ بْنَ عُتْبَةَ وَأُمَيَّةَ بْنَ خَلَفٍ وَلَمْ يَشُكَّ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ وَنَسِيتُ السَّابِعَ [4451,4650]

ابوجہل بن ہشام اور عتبہ بن ربیعہ اور عقبہ بن ابی معیط اور شیبہ بن ربیعہ اور امیہ بن خلف یا ابی بن خلف، شعبہ کو اس بارہ میں شک ہے پر گرفت کر۔ راوی کہتے ہیں میں نے انہیں بدر کے دن دیکھا۔ وہ بدر کے دن قتل ہوئے اور انہیں گڑھے میں ڈال دیا گیا۔ مگر امیہ یا ابی کے جس کے اعضاء ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے تھے اور وہ گڑھے میں نہیں ڈالا گیا۔

ابواسحاق اسی سند سے اس جیسی روایت کرتے ہیں اور یہ مزید کہتے ہیں کہ آپؐ تین مرتبہ (کہنے کو) پسند فرماتے تھے۔ آپؐ کہتے تھے۔ اے اللہ! تو قریش پر گرفت کر، اے اللہ! تو قریش پر گرفت کر اے اللہ! تو قریش پر گرفت کر۔ تین دفعہ۔ اور انہوں نے ان میں ولید بن عتبہ اور امیہ بن خلف کا ذکر کیا ہے۔ اور (اس میں) شک نہیں کیا۔ ابو اسحاق کہتے ہیں کہ میں ساتویں کو بھول گیا ہوں۔

3337{109} و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحَقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ عَبْدِ

3337: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بیت اللہ کی طرف رُخ کیا اور قریش کے چھ لوگوں کے خلاف دعا کی ان میں

3337 : اطراف: مسلم کتاب الجهاد والسير باب ما لقى النبى من اذى المشركين والمنافقين 3335، 3336

تخريج : بخاری کتاب الوضوء باب اذاالقى على ظهر المصلى قذر او جيفة... 240 كتاب الصلاة باب المرأة تطرح عن المصلى شيئا من الاذى... 520 كتاب الجهادوالسير باب الدعاء على المشركين بالهزيمة والزلزلة ... 2934 كتاب الجزية والموادعة باب طرح جيف المشركين فى البئر... 3185 كتاب مناقب الانصار باب ما لقى النبى ﷺ واصحابه من المشركين بمكة 3854 كتاب المغازى باب دعاء النبى ﷺ على كفار قريش 3960 **نسائى** كتاب الطهارة باب فرث ما يؤكل لحمه يصيب الثوب ... 307

اللَّه قَالَ اسْتَقْبَلَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ الْبَيْتَ فَدَعَا عَلَى ستَّة نَفَرٍ منْ قُرَيْشٍ فيهِمْ أَبُو جَهْلٍ وَأُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ وَعُتْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَشَيْبَةُ بْنُ رَبِيعَةَ وَعُقْبَةُ بْنُ أَبِي مُعَيْطٍ فَأُقْسمُ باللَّه لَقَدْ رَأَيْتُهُمْ صَرْعَى عَلَى بَدْرٍ قَدْ غَيَّرَتْهُمُ الشَّمْسُ وَكَانَ يَوْمًا حَارًّا[4452]

ابوجہل اورامیہ بن خلف اورعتبہ بن ربیعہ اورشیبہ بن ربیعہ اورعقبہ بن ابی معیط تھےاور میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ میں نے انہیں بدر میں گرے ہوئے دیکھا دھوپ نے ان کی شکلیں بگاڑ دی تھیں اوروہ دن سخت گرم تھا۔

3338{111} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَحْمَدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَرْحٍ وَحَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى وَعَمْرُو بْنُ سَوَّادٍ الْعَامِرِيُّ وَأَلْفَاظُهُمْ مُتَقَارِبَةٌ قَالُوا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ قَالَ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شهَابٍ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ حَدَّثَتْهُ أَنَّهَا قَالَتْ لرَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَا رَسُولَ اللَّه هَلْ أَتَى عَلَيْكَ يَوْمٌ كَانَ أَشَدَّ منْ يَوْمِ أُحُد فَقَالَ لَقَدْ لَقِيتُ منْ قَوْمك وَكَانَ أَشَدَّ مَا لَقِيتُ منْهُمْ يَوْمَ الْعَقَبَة إِذْ عَرَضْتُ نَفْسِي عَلَى ابْنِ عَبْد يَاليلَ بْنِ عَبْد كُلَالٍ فَلَمْ يُجِبْنِي إِلَى مَا أَرَدْتُ فَانْطَلَقْتُ وَأَنَا مَهْمُومٌ عَلَى وَجْهِي فَلَمْ أَسْتَفِقْ إِلَّا بِقَرْنِ الثَّعَالِبِ فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا أَنَا بِسَحَابَةٍ قَدْ أَظَلَّتْنِي

3338:ابن شہاب سے روایت ہے کہ مجھے عروہ بن زبیرؓ نے بتایا کہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا۔یا رسول اللہ! آپؐ پر احد کے دن سے بھی زیادہ سخت کوئی دن آیا ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں نے تیری قوم سے بہت دکھ اُٹھایا ہے اور جو دکھ میں نے اُن سے عقبہ کے دن اٹھایا وہ سب سے زیادہ سخت تھا۔جب میں نے اپنے آپ کوابن عبد یالیل بن عبد کلال پر پیش کیا تو جو میں چاہتا تھا۔اس نے وہ جواب نہ دیا۔پس میں چلا اور میں فکرمند اپنے دھیان میں جارہا تھا۔جب میں قرن الثعالب پہنچا تو یہ کیفیت دور ہوئی اور میں نے اپنا سر اُٹھایا تو دیکھا کہ ایک بادل نے مجھ پر سایہ کیا ہے میں نے دیکھا اس میں جبرائیل ہیں۔انہوں نے مجھے پکار کر کہا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے بارہ میں تمہاری قوم کی بات سن لی ہے

3338 : تخريج : بخاري كتاب بدء الخلق باب ذكر الملائكة 3231

فَنَظَرْتُ فَإِذَا فِيهَا جِبْرِيلُ فَنَادَانِي فَقَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَمَا رُدُّوا عَلَيْكَ وَقَدْ بَعَثَ إِلَيْكَ مَلَكَ الْجِبَالِ لِتَأْمُرَهُ بِمَا شِئْتَ فِيهِمْ قَالَ فَنَادَانِي مَلَكُ الْجِبَالِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ ثُمَّ قَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ اللَّهَ قَدْ سَمِعَ قَوْلَ قَوْمِكَ لَكَ وَأَنَا مَلَكُ الْجِبَالِ وَقَدْ بَعَثَنِي رَبُّكَ إِلَيْكَ لِتَأْمُرَنِي بِأَمْرِكَ فَمَا شِئْتَ إِنْ شِئْتَ أَنْ أُطْبِقَ عَلَيْهِمُ الْأَخْشَبَيْنِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَلْ أَرْجُو أَنْ يُخْرِجَ اللَّهُ مِنْ أَصْلَابِهِمْ مَنْ يَعْبُدُ اللَّهَ وَحْدَهُ لَا يُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا [4653]

اور جو انہوں نے تمہیں جواب دیا ہے اور تمہاری طرف پہاڑوں کا فرشتہ بھیجا ہے کہ تم جو چاہو اسے ان کے بارہ میں حکم کرو۔ آپؐ فرماتے ہیں پھر مجھے پہاڑوں کے فرشتہ نے پکارا اور مجھے سلام کہا پھر کہا اے محمدؐ! اللہ تعالیٰ نے آپؐ قوم کی بات جو انہوں نے آپؐ سے کہی سن لی ہے اور میں پہاڑوں کا فرشتہ ہوں اور میرے رب نے مجھے آپ کی طرف بھیجا ہے تا کہ آپؐ مجھے اپنے معاملہ میں جو چاہیں حکم دیں۔ اگر آپؐ چاہیں تو میں ان دو پہاڑوں کو ان پر ملا دوں۔ تو رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا نہیں میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اولاد سے ایسے لوگ پیدا کرے گا جو ایک اللہ کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔

3339{112} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَقُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي عَوَانَةَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ قَالَ دَمِيَتْ إِصْبَعُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ تِلْكَ الْمَشَاهِدِ فَقَالَ

هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ
وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ مَا لَقِيتِ

و {113} حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ

3339: حضرت جندبؓ بن سفیان سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ایک غزوہ میں رسول اللہ ﷺ کی انگلی زخمی ہوگئی اور اس میں سے خون نکلا۔ آپؐ نے فرمایا تو صرف ایک انگلی ہے جس سے (اللہ کی راہ میں) خون نکلا ہے اور جو بھی تکلیف تجھے پہنچی ہے اللہ کی راہ میں پہنچی ہے۔

اسود بن قیس سے اسی سند سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ ایک غار میں تھے تو آپؐ کی انگلی زخمی ہوئی۔

3339 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد باب من ينكب او يطعن فى سبيل الله 2802 كتاب الادب باب ما يجوز من الشعر والرجز ... 6146 **ترمذی** كتاب التفسير باب ومن سورة الضحى...3345

وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ فَنُكِبَتْ إِصْبَعُهُ [4455,4654]

3340{114}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ أَنَّهُ سَمِعَ جُنْدُبًا يَقُولُ أَبْطَأَ جِبْرِيلُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ قَدْ وُدِّعَ مُحَمَّدٌ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى [4656]

3340: اسود بن قیس سے روایت ہے انہوں نے حضرت جندبؓ سے سنا وہ کہتے ہیں کہ جبرائیل نے رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے میں دیر کی تو مشرکوں نے کہا محمد (رسول اللہ ﷺ) کو چھوڑ دیا گیا ہے۔ تو اللہ عزّ وجل نے (یہ آیت) نازل فرمائی: وَالضُّحٰی وَاللَّيْلِ اِذَا سَجٰی... قسم ہے دن کی جب وہ خوب روشن ہو چکا ہو اور رات کی جب وہ خوب تاریک ہو جائے تجھے تیرے رب نے نہ چھوڑا ہے اور نہ تجھ سے ناراض ہوا ہے ☆۔

3341{115}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا و قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ

3341: اسود بن قیس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت جندبؓ بن سفیان سے سنا وہ کہتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ بیمار ہوئے تو دو راتیں یا تین راتیں آپؐ نے قیام نہ فرمایا۔ آپؐ کے پاس ایک

3340 : اطراف :مسلم کتاب الجهاد والسیر باب ما لقی النبی من اذی المشرکین والمنافقین 3341

تخریج : بخاری کتاب التهجد باب ترک القیام للمریض 1124، 1125 کتاب التفسیر باب قوله ما ودعک ربک وما قلی ... 4950، 4951 کتاب فضائل القرآن باب کیف نزل الوحی واول ما نزل ...4983 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة الضحی...3345

☆ **(الضحیٰ 2تا4)**

3341 : اطراف :مسلم کتاب الجهاد والسیر باب ما لقی النبی من اذی المشرکین والمنافقین 3340

تخریج : بخاری کتاب التهجد باب ترک القیام للمریض 1124، 1125 کتاب التفسیر باب قوله ما ودعک ربک وما قلی ... 4950، 4951 کتاب فضائل القرآن باب کیف نزل الوحی واول ما نزل ...4983 **ترمذی** کتاب التفسیر باب ومن سورة الضحی...3345

قَالَ سَمِعْتُ جُنْدُبَ بْنَ سُفْيَانَ يَقُولُ اشْتَكَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا فَجَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ يَا مُحَمَّدُ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلَاثٍ قَالَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالُوا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ كِلَاهُمَا عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَ حَدِيثِهِمَا[4458,4657]

عورت آئی اور اس نے کہا اے محمد (ﷺ) میرا خیال ہے تیرے شیطان نے تجھے چھوڑ دیا ہے میں نہیں دیکھ رہی کہ وہ تمہارے پاس آتا ہے۔ راوی کہتے ہیں پھر اللہ عزّ و جل نے (یہ آیت) نازل فرمائی : والضُّحٰی وَاللَّیۡلِ اِذَا سَجٰی... قسم ہے دن کی جب وہ خوب روشن ہو چکا ہو اور رات کی جب وہ خوب تاریک ہو جائے تیرے رب نے نہ چھوڑا ہے اور نہ تجھ سے ناراض ہوا ہے☆۔

[40]42: بَاب فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى اللَّهِ وَصَبْرِهِ عَلَى أَذَى الْمُنَافِقِينَ

نبی ﷺ کی اللہ کے حضور دعا اور منافقوں کے اذیت دینے پر آپؐ کے صبر کا بیان

3342{116} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ

3342: عروہ سے روایت ہے کہ حضرت اسامہ بن زیدؓ نے انہیں بتایا کہ نبی ﷺ ایک گدھے پر سوار

☆(الضحیٰ 2تا4)

3342 : تخریج : بخاری کتاب الجهاد باب الردف على الحمار 2987 كتاب التفسير باب ولتسمعن من الذين اوتو الكتاب من قبلكم 4566 كتاب المرض باب عيادة المريض راكبا 5663 كتاب اللباس باب الارتداف على الدابة... 5964 كتاب الادب باب كنية المشرك 6207 كتاب الاستئذان باب التسليم فى مجلس فيه اخلاط من المسلمين والمشركين 6254 **ترمذی** كتاب الاستئذان والادب باب ما جاء فى السلام على مجلس فيه المسلمون وغيرهم 2702

وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكِبَ حِمَارًا عَلَيْهِ إِكَافٌ تَحْتَهُ قَطِيفَةٌ فَدَكِيَّةٌ وَأَرْدَفَ وَرَاءَهُ أُسَامَةَ وَهُوَ يَعُودُ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ وَذَاكَ قَبْلَ وَقْعَةِ بَدْرٍ حَتَّى مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيهِ أَخْلَاطٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَالْمُشْرِكِينَ عَبَدَةِ الْأَوْثَانِ وَالْيَهُودِ فِيهِمْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ وَفِي الْمَجْلِسِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَوَاحَةَ فَلَمَّا غَشِيَتْ الْمَجْلِسَ عَجَاجَةُ الدَّابَّةِ خَمَّرَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ أَنْفَهُ بِرِدَائِهِ ثُمَّ قَالَ لَا تُغَبِّرُوا عَلَيْنَا فَسَلَّمَ عَلَيْهِمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ وَقَفَ فَنَزَلَ فَدَعَاهُمْ إِلَى اللَّهِ وَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ أَيُّهَا الْمَرْءُ لَا أَحْسَنَ مِنْ هَذَا إِنْ كَانَ مَا تَقُولُ حَقًّا فَلَا تُؤْذِنَا فِي مَجَالِسِنَا وَارْجِعْ إِلَى رَحْلِكَ فَمَنْ جَاءَكَ مِنَّا فَاقْصُصْ عَلَيْهِ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَوَاحَةَ اغْشَنَا فِي مَجَالِسِنَا فَإِنَّا نُحِبُّ ذَلِكَ قَالَ فَاسْتَبَّ الْمُسْلِمُونَ وَالْمُشْرِكُونَ وَالْيَهُودُ حَتَّى هَمُّوا أَنْ يَتَوَاثَبُوا فَلَمْ يَزَلِ النَّبِيُّ

ہوئے جس پر پالان تھا اور اس کے نیچے فدک کی چادر تھی اور آپؐ نے اپنے پیچھے اسامہؓ کو بٹھایا۔ آپؐ حضرت سعد بن عبادہؓ کی عیادت کے لئے بنی حارث بن خزرج قبیلہ میں تشریف لے گئے۔ یہ بدر کے واقعہ سے پہلے کی بات ہے۔ آپؐ ایک مجلس کے پاس سے گزرے جس میں مسلمان اور مشرکین بتوں کے پجاری اور یہود ملے جلے بیٹھے تھے۔ ان میں عبداللہ بن اُبَی بھی تھا اور اس مجلس میں عبداللہ بن رواحہؓ بھی تھے۔ جب مجلس میں جانور کی گرد پہنچی تو عبداللہ بن اُبَی نے اپنی ناک اپنی چادر سے ڈھانپ لی پھر کہنے لگا ہم پر گرد نہ ڈالو۔ نبی ﷺ نے انہیں السلام علیکم کہا پھر ٹھہرے اور (سواری سے) اُترے اور انہیں اللہ کی طرف بلایا اور ان پر قرآن پڑھا۔ عبداللہ بن ابی کہنے لگا اے شخص یہ اچھی بات نہیں، اگر جو تم کہتے ہو سچ ہے تو ہماری مجالس میں ہمیں تکلیف نہ دو اور اپنے ڈیرہ کی طرف لوٹ جاؤ اور جو تمہارے پاس آئے اس کے پاس بیان کرو۔ عبداللہ بن رواحہؓ نے کہا آپؐ ہماری مجالس میں تشریف لایا کریں ہم یہ پسند کرتے ہیں۔ پھر مسلمان اور مشرک اور یہود ایک دوسرے کو برا بھلا کہنے لگے یہاںتک کہ انہوں نے ارادہ کیا کہ ایک دوسرے پر حملہ کریں۔ راوی کہتے ہیں نبی ﷺ انہیں تحمل کی تلقین کرتے رہے۔ پھر آپؐ اپنی سواری پر

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخَفِّضُهُمْ ثُمَّ رَكِبَ دَابَّتَهُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فَقَالَ أَيْ سَعْدُ أَلَمْ تَسْمَعْ إِلَى مَا قَالَ أَبُو حُبَابٍ يُرِيدُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أُبَيٍّ قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ اعْفُ عَنْهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ وَاصْفَحْ فَوَاللَّهِ لَقَدْ أَعْطَاكَ اللَّهُ الَّذِي أَعْطَاكَ وَلَقَدِ اصْطَلَحَ أَهْلُ هَذِهِ الْبُحَيْرَةِ أَنْ يُتَوِّجُوهُ فَيُعَصِّبُوهُ بِالْعِصَابَةِ فَلَمَّا رَدَّ اللَّهُ ذَلِكَ بِالْحَقِّ الَّذِي أَعْطَاكَهُ شَرِقَ بِذَلِكَ فَذَلِكَ فَعَلَ بِهِ مَا رَأَيْتَ فَعَفَا عَنْهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنٌ يَعْنِي ابْنَ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي هَذَا الْإِسْنَادِ بِمِثْلِهِ وَزَادَ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ يُسْلِمَ عَبْدُ اللَّهِ[4460,4659]

سوار ہوئے یہانتک کہ حضرت سعد بن عبادہؓ کے پاس آئے اور فرمایا اے سعد کیا تم نے نہیں سنا جو ابوحباب نے کہا؟ آپؐ کی مراد عبداللہ بن اُبَی سے تھی۔اس نے یہ یہ کہا ہے۔انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! اس سے درگزر فرمایئے اور اسے معاف کیجئے۔اللہ کی قسم! اللہ نے آپ کو عطا فرمایا ہے جو بھی عطا فرمایا ہے۔اس علاقہ والوں نے تو اس پر مصالحت کی تھی کہ اسے تاج پہنائیں اور اس کی دستار بندی کریں۔ جب اللہ تعالیٰ نے ان کے اس ارادہ کو اس حق کی وجہ سے جو اس نے آپؐ کو دیا ہے رد کر دیا۔اس کو غصہ آیا اس وجہ سے اس نے وہ کیا جسے آپؐ نے ملاحظہ فرمایا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے اس سے درگزر فرمایا۔عقیل کی روایت میں ہے کہ یہ اس سے پہلے کی بات ہے جب عبداللہ مسلمان ہوا تھا۔

3343{117}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى الْقَيْسِيُّ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قِيلَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَتَيْتَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أُبَيٍّ قَالَ فَانْطَلَقَ إِلَيْهِ وَرَكِبَ حِمَارًا وَانْطَلَقَ الْمُسْلِمُونَ وَهِيَ أَرْضٌ سَبَخَةٌ فَلَمَّا أَتَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِلَيْكَ عَنِّي

3343:حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں نبی ﷺ سے عرض کیا گیا اگر آپؐ عبداللہ بن اُبَی کے پاس تشریف لے جاتے۔ راوی کہتے ہیں آپؐ اُس کی طرف چلے اور آپؐ گدھے پر سوار تھے (دوسرے) مسلمان (بھی) چلے اور وہ بنجر شورہ زمین تھی۔جب نبی ﷺ اس کے پاس آئے۔اس نے کہا ہم سے دور رہو کیونکہ تمہارے گدھے کی بو نے

3343 : تخریج : بخاری کتاب الصلح باب ما جاء في الاصلاح بين الناس 2691

فَوَاللَّه لَقَدْ آذَانِي نَتْنُ حِمَارِكَ قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ وَاللَّه لَحِمَارُ رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ أَطْيَبُ رِيحًا مِنْكَ قَالَ فَغَضِبَ لِعَبْدِ اللَّه رَجُلٌ مِنْ قَوْمِه قَالَ فَغَضِبَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا أَصْحَابُهُ قَالَ فَكَانَ بَيْنَهُمْ ضَرْبٌ بِالْجَرِيدِ وَبِالْأَيْدِي وَبِالنِّعَالِ قَالَ فَبَلَغَنَا أَنَّهَا نَزَلَتْ فِيهِمْ وَإِنْ طَائِفَتَانِ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ اقْتَتَلُوا فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا [4661]

ہمیں تکلیف دی ہے۔راوی کہتے ہیں انصار کے ایک شخص نے کہا اللہ کی قسم! رسول اللہ ﷺ کے گدھے کی بو تجھ سے زیادہ اچھی ہے۔راوی کہتے ہیں عبداللہ کی قوم کا ایک شخص ناراض ہوا۔اور دونوں طرف کے لوگوں کو غصہ آیا۔راوی کہتے ہیں اور وہ ایک دوسرے کو چھڑی، ہاتھوں اور جوتوں سے مارنے لگے۔راوی کہتے ہیں ہم تک یہ روایت پہنچی ہے کہ ان کے بارہ میں یہ آیت نازل ہوئی ہے۔"اگر مؤمنوں میں سے دو جماعتیں آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرواؤ"۔☆

[41]43: بَاب: قَتْلُ أَبِي جَهْلٍ

باب: ابوجہل کا قتل

3344 {118} حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ يَنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ أَبُو جَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَوَجَدَهُ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتَّى بَرَكَ قَالَ فَأَخَذَ بِلِحْيَتِه فَقَالَ آنْتَ أَبُو جَهْلٍ فَقَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ

3344: حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہمارے لئے کون دیکھے گا کہ ابوجہل کا کیا ہوا؟ ابن مسعودؓ گئے اور اسے اس حال میں پایا کہ عفراء کے دو بیٹوں نے اسے ضرب لگائی تھی یہاں تک کہ وہ گھٹنوں کے بل گر پڑا۔راوی کہتے ہیں انہوں (ابن مسعودؓ) نے اس کی داڑھی پکڑ لی اور کہا تو ابوجہل ہے؟ تو اس نے کہا کیا تم نے اس سے بڑے کسی آدمی کو قتل کیا ہے؟ یا اس نے کہا

☆(الحجرات: 10)

3344 : تخريج : بخاری كتاب المغازى باب قتل ابى جهل 3961 ، 3962 ، 3963 باب شهود الملائكة بدرا ... 4020

قَتَلْتُمُوهُ أَوْ قَالَ قَتَلَهُ قَوْمُهُ قَالَ وَقَالَ أَبُو مِجْلَزٍ قَالَ أَبُو جَهْلٍ فَلَوْ غَيْرُ أَكَّارٍ قَتَلَنِي حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي يَقُولُ حَدَّثَنَا أَنَسٌ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَعْلَمُ لِي مَا فَعَلَ أَبُو جَهْلٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ عُلَيَّةَ وَقَوْلِ أَبِي مِجْلَزٍ كَمَا ذَكَرَهُ إِسْمَعِيلُ [4463,4662]

اس کو اس کی قوم نے قتل کیا ہو؟ راوی کہتے ہیں ابومجلز نے کہا کہ ابوجہل نے کہا اے کاش کسان کے علاوہ مجھے کوئی اور مارتا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (مَنْ يَّنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ اَبُوْجَهْلٍ کی بجائے) مَنْ يَّعْلَمُ لِيْ مَا فَعَلَ اَبُوْجَهْلٍ فرمایا۔

[42]44: بَاب: قَتْلُ كَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ طَاغُوتِ الْيَهُودِ

باب: یہود کے طاغوت (مفسد اور شریر سردار) کعب بن اشرف کا قتل

3345{119} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْمِسْوَرِ الزُّهْرِيُّ كِلَاهُمَا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ وَاللَّفْظُ لِلزُّهْرِيِّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ ائْذَنْ لِي فَلْأَقُلْ قَالَ قُلْ فَأَتَاهُ فَقَالَ لَهُ وَذَكَرَ مَا بَيْنَهُمَا وَقَالَ إِنَّ هَذَا الرَّجُلَ قَدْ أَرَادَ صَدَقَةً وَقَدْ عَنَّانَا فَلَمَّا

3345: عمرو سے روایت ہے کہ میں نے حضرت جابرؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کعب بن اشرف سے کون نمٹے گا؟ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دی ہے ۔ محمدؓ بن مسلمہ نے کہا یارسولؐ اللہ! کیا آپؐ چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کردوں۔ آپؐ نے فرمایا ہاں اس نے کہا مجھے کچھ کہنے کی اجازت دیں۔ آپؐ نے فرمایا کہو۔ پس وہ اس کے پاس آئے اور اس سے باتیں کیں اور ان دونوں کے درمیان جو معاملہ تھا اسے بیان کیا اور کہا یہ شخص صدقہ چاہتا ہے اور اس نے ہم پر بوجھ ڈال دیا ہے۔ جب اس نے یہ بات سنی اس نے کہا ابھی تو اور

3345 : تخريج : بخاری كتاب الرهن فی الحضر باب رهن السلاح...2510 كتاب الجهاد والسير باب الكذب فی الحرب 3031 باب الفتک باهل الحرب ..3032 كتاب المغازی باب قتل كعب بن اشرف ...4037

سَمِعَهُ قَالَ وَأَيْضًا وَاللَّهِ لَتَمَلُّنَّهُ قَالَ إِنَّا قَدْ اتَّبَعْنَاهُ الْآنَ وَنَكْرَهُ أَنْ نَدَعَهُ حَتَّى نَنْظُرَ إِلَى أَيِّ شَيْءٍ يَصِيرُ أَمْرُهُ قَالَ وَقَدْ أَرَدْتُ أَنْ تُسْلِفَنِي سَلَفًا قَالَ فَمَا تَرْهَنُنِي قَالَ مَا تُرِيدُ قَالَ تَرْهَنُنِي نِسَاءَكُمْ قَالَ أَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ أَنَرْهَنُكَ نِسَاءَنَا قَالَ لَهُ تَرْهَنُونِي أَوْلَادَكُمْ قَالَ يُسَبُّ ابْنُ أَحَدِنَا فَيُقَالُ رُهِنَ فِي وَسْقَيْنِ مِنْ تَمْرٍ وَلَكِنْ نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ يَعْنِي السِّلَاحَ قَالَ فَنَعَمْ وَوَاعَدَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ بِالْحَارِثِ وَأَبِي عَبْسِ بْنِ جَبْرٍ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ قَالَ فَجَاءُوا فَدَعَوْهُ لَيْلًا فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ قَالَ سُفْيَانُ قَالَ غَيْرُ عَمْرٍو قَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ إِنِّي لَأَسْمَعُ صَوْتًا كَأَنَّهُ صَوْتُ دَمٍ قَالَ إِنَّمَا هَذَا مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَرَضِيعُهُ وَأَبُو نَائِلَةَ إِنَّ الْكَرِيمَ لَوْ دُعِيَ إِلَى طَعْنَةٍ لَيْلًا لَأَجَابَ قَالَ مُحَمَّدٌ إِنِّي إِذَا جَاءَ فَسَوْفَ أَمُدُّ يَدِي إِلَى رَأْسِهِ فَإِذَا اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ فَدُونَكُمْ قَالَ فَلَمَّا نَزَلَ نَزَلَ وَهُوَ مُتَوَشِّحٌ فَقَالُوا نَجِدُ مِنْكَ رِيحَ الطِّيبِ قَالَ نَعَمْ تَحْتِي فُلَانَةُ هِيَ أَعْطَرُ نِسَاءِ الْعَرَبِ قَالَ فَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَشُمَّ مِنْهُ قَالَ نَعَمْ فَشُمَّ فَتَنَاوَلَ فَشَمَّ ثُمَّ قَالَ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَعُودَ قَالَ فَاسْتَمْكَنَ مِنْ رَأْسِهِ ثُمَّ قَالَ دُونَكُمْ قَالَ فَقَتَلُوهُ [4664]

... اللہ کی قسم! تم ضرور اس سے اکتا جاؤ گے۔ انہوں نے کہا اب تو ہم اس کی اتباع کر چکے ہیں اور اسے چھوڑنا برا سمجھتے ہیں یہاںتک کہ ہم اس کا انجام دیکھ لیں۔ انہوں نے کہا میں چاہتا ہوں تم مجھے قرض دو۔ اسنے کہا تم میرے پاس کیا رہن رکھو گے؟ انہوں نے کہا تم کیا چاہتے ہو؟ اس نے کہا تم اپنی عورتیں میرے پاس گروی رکھو انہوں نے کہا تم عرب کے خوبصورت ترین شخص ہو کیا ہم تمہارے پاس اپنی عورتیں رہن رکھ دیں؟ اس نے اس سے کہا تم اپنی اولاد میرے پاس رہن رکھ دو۔ اس نے کہا ہمارے کسی بیٹے کو برا بھلا کہا جائے گا اور کہا جائے گا کہ (صرف) دو وسق کھجور میں رہن رکھا گیا ہے۔ لیکن ہم تمہارے پاس اسلحہ رہن رکھیں گے۔ اس نے کہا ہاں۔ اس نے اس سے وعدہ لیا کہ اس کے پاس حارث اور ابی عبس بن جبر اور عباد بن بشر لے کر آئے گا۔ راوی کہتے ہیں پس وہ آئے اور انہوں نے رات کو اسے پکارا۔ وہ ان کے پاس آیا۔ عمرو کے علاوہ راوی کہتے ہیں کہ اس کی بیوی نے اسے کہا یقیناً میں ایسی آواز سن رہی ہوں گویا کہ وہ خون کی آواز ہے۔ اس نے کہا یہ محمد بن مسلمہ، اس کا رضاعی بھائی ابو نائلہ ہے۔ یقیناً بڑا آدمی جب رات کو نیزہ کے وار کی طرف بھی بلایا جائے تو ضرور جائے گا۔ محمد (بن مسلمہ) نے (اپنے ساتھیوں سے) کہا جب وہ آئے گا تو میں اپنا ہاتھ اس کے سر کی طرف بڑھاؤں

گا۔ پس جب میں اس پر قابو پا لوں تو تم اس کو پکڑ لینا۔ وہ کہتے ہیں وہ اترا اور جب وہ اترا تو وہ اسلحہ سے لیس تھا تو انہوں نے کہا کہ ہمیں تجھ سے خوشبو آ رہی ہے۔ اس نے کہا ہاں فلاں عورت میری بیوی ہے اور وہ عرب کی عورتوں میں سب سے زیادہ خوشبودار ہے۔ اس نے کہا کہ پھر مجھے اجازت دو کہ میں یہ (خوشبو) میں سے سونگھ لوں۔ اس نے کہا ہاں سونگھ لو۔ پس وہ قریب ہوا اور خوشبو سونگھی پھر کہا کیا تم مجھے دوبارہ (سونگھنے) کی اجازت دیتے ہو؟ وہ کہتے ہیں پس انہوں نے اس کو قابو کر لیا اور کہا پکڑ لو۔ راوی کہتے ہیں پھر انہوں نے اسے قتل کر دیا۔

[43] 45: بَاب: غَزْوَةُ خَيْبَرَ

باب: غزوۂ خیبر

3346{120} و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ يَعْنِي ابْنَ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا خَيْبَرَ قَالَ فَصَلَّيْنَا عِنْدَهَا صَلَاةَ الْغَدَاةِ بِغَلَسٍ فَرَكِبَ

3346: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ غزوۂ خیبر کے لئے نکلے۔ وہ کہتے ہیں ہم نے صبح کی نماز منہ اندھیرے اس (خیبر) کے قریب پڑھی۔ نبی ﷺ سوار ہوئے اور ابوطلحہؓ بھی سوار ہوئے اور میں ابوطلحہؓ کے پیچھے بیٹھا۔ اللہ کے نبی ﷺ نے خیبر

3346 : اطراف :مسلم کتاب النکاح باب فضیلة اعتاقه امته ثم یتزوجها 2547، 2550، 2552 کتاب الجهاد والسیر باب غزوة خیبر 3347، 3348

تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب ما یذکر فی الفخذ ... 371 کتاب صلاة الخوف باب التکبیر والغلس بالصبح ... 947 کتاب الجهاد باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة ...2945 کتاب المغازی باب غزوة خیبر ... 4197، 4198، 4200 **ترمذی** کتاب السیر باب فی البیات والغارات...1550 **نسائی** کتاب النکاح باب البناء فی السفر ...3380 کتاب الصید تحریم اکل لحوم الحمر الاهلیة...4340

نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَكِبَ أَبُو طَلْحَةَ وَأَنَا رَدِيفُ أَبِي طَلْحَةَ فَأَجْرَى نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي زُقَاقِ خَيْبَرَ وَإِنَّ رُكْبَتِي لَتَمَسُّ فَخِذَ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْحَسَرَ الْإِزَارُ عَنْ فَخِذِ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِنِّي لَأَرَى بَيَاضَ فَخِذَ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا دَخَلَ الْقَرْيَةَ قَالَ اللَّهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ قَالَهَا ثَلَاثَ مِرَارٍ قَالَ وَقَدْ خَرَجَ الْقَوْمُ إِلَى أَعْمَالِهِمْ فَقَالُوا مُحَمَّدٌ قَالَ عَبْدُ الْعَزِيزِ وَقَالَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا وَالْخَمِيسَ قَالَ وَأَصَبْنَاهَا عَنْوَةً [4665]

کی گلیوں میں (گھوڑا) دوڑایا، میرا گھٹنا اللہ کے نبی ﷺ کی ران کو چھوتا تھا۔ چادر نبی ﷺ کی ران سے ہٹ گئی اور میں (اب بھی) نبی ﷺ کی ران کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔ جب آپؐ بستی میں داخل ہوئے تو آپؐ نے فرمایا اللہ اکبر، خیبر ویران ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ڈرائے جانے والوں کی صبح بہت بری ہوتی ہے۔ آپؐ نے یہ تین مرتبہ دہرایا۔ راوی کہتے ہیں لوگ اپنے کاموں کے لئے نکلے تو کہنے لگے ''محمدؐ''— !!
راوی عبد العزیز کہتے ہیں کہ ہمارے بعض ساتھیوں نے روایت کی کہ (انہوں نے کہا تھا) محمدؐ لشکر کے ساتھ!!۔ راوی کہتے ہیں ہم نے (خیبر کو) جنگ کر کے فتح کیا۔

3347{121}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ أَبِي طَلْحَةَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَقَدَمِي تَمَسُّ قَدَمَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَأَتَيْنَاهُمْ حِينَ

3347: حضرت انسؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں ابو طلحہؓ کے پیچھے سواری پر بیٹھا تھا۔ اور میرے پاؤں رسول اللہ ﷺ کے پاؤں کو چھوتے تھے۔ راوی کہتے ہیں جب ہم ان کے پاس پہنچے تو سورج اچھی طرح نکل چکا تھا۔ انہوں نے اپنے جانور نکال

3347 : اطراف : مسلم کتاب النکاح باب فضیلة اعتاقه امته ثم یتزوجها 2547، 2550، 2552 کتاب الجهاد والسیر باب غزوة خیبر 3346، 3348

تخریج : بخاری کتاب الصلاة باب ما یذکر فی الفخذ ...371 کتاب صلاة الخوف باب التکبیر والغلس بالصبح ...947 کتاب الجهاد باب دعاء النبی ﷺ الی الاسلام والنبوة ...2945 کتاب المغازی باب غزوة خیبر ... 4197، 4198، 4200 **ترمذی** کتاب السیر باب فی البیات والغارات..1550 **نسائی** کتاب النکاح باب البناء فی السفر ..3380 کتاب الصید تحریم اکل لحوم الحمر الاهلیة..4340

بَزَغَتِ الشَّمْسُ وَقَدْ أَخْرَجُوا مَوَاشِيَهُمْ وَخَرَجُوا بِفُؤُوسِهِمْ وَمَكَاتِلِهِمْ وَمُرُورِهِمْ فَقَالُوا مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيسَ قَالَ وَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ قَالَ فَهَزَمَهُمْ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ [4666]

لئے تھے اور کلہاڑیاں، ٹوکریاں، بیلچے اور کدالیں لے کر نکلے تھے۔ انہوں نے کہا محمد (ﷺ) لشکر کے ساتھ! وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا خیبر ویران ہوگیا۔ جب ہم کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ڈرائے جانے والوں کی صبح بہت بری ہوتی ہے۔ راوی کہتے ہیں پھر اللہ عزّ وجل نے انہیں شکست دی۔

3348{122}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ قَالَا أَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا أَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ قَالَ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ [4667]

3348: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ خیبر آئے آپؐ نے فرمایا جب ہم کسی قوم کے صحن میں اترتے ہیں تو ڈرائے جانے والوں کی صبح بہت بری ہوتی ہے۔

3349{123}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ عَبَّادٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَاتِمٌ وَهُوَ ابْنُ إِسْمَعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ

3349: حضرت سلمہؓ بن اکوع سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے تو ہم نے رات کا سفر اختیار کیا۔ لوگوں میں سے ایک شخص نے حضرت عامر بن اکوعؓ سے کہا کیا آپ ہمیں اپنے ہلکے پھلکے کچھ شعر نہیں سنائیں گے؟ عامر

3348 : اطراف :مسلم كتاب النكاح باب فضيلة اعتاقه امته ثم يتزوجها 2547، 2550، 2552 كتاب الجهاد والسير باب غزوة خيبر 3346، 3347

تخريج : بخارى كتاب الصلاة باب ما يذكر فى الفخذ ... 371 كتاب صلاة الخوف باب التكبير والغلس بالصبح ... 947 كتاب الجهاد باب دعاء النبى ﷺ الى الاسلام والنبوة ...2945 كتاب المغازى باب غزوة خيبر ... 4197، 4198، 4200 **ترمذى** كتاب السير باب فى البيات والغارات...1550 **نسائى** كتاب النكاح باب البناء فى السفر ...3380 كتاب الصيد تحريم اكل لحوم الحمر الاهلية...4340

3349 : اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب غزوة خيبر 3350، 3351 ==

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى خَيْبَرَ فَتَسَيَّرْنَا لَيْلًا فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ لِعَامِرِ بْنِ الْأَكْوَعِ أَلَا تُسْمِعُنَا مِنْ هُنَيْهَاتِكَ وَكَانَ عَامِرٌ رَجُلًا شَاعِرًا فَنَزَلَ يَحْدُو بِالْقَوْمِ يَقُولُ

اللَّهُمَّ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَاغْفِرْ فِدَاءً لَكَ مَا اقْتَفَيْنَا
وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا
وَأَلْقِيَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا
إِنَّا إِذَا صِيحَ بِنَا أَتَيْنَا
وَبِالصِّيَاحِ عَوَّلُوا عَلَيْنَا

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هَذَا السَّائِقُ قَالُوا عَامِرٌ قَالَ يَرْحَمُهُ اللَّهُ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ وَجَبَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْلَا أَمْتَعْتَنَا بِهِ قَالَ فَأَتَيْنَا خَيْبَرَ فَحَاصَرْنَاهُمْ حَتَّى أَصَابَتْنَا مَخْمَصَةٌ شَدِيدَةٌ ثُمَّ قَالَ إِنَّ

ایک شاعر تھے وہ اترے اور قوم کے لئے حُدی خوانی کرنے لگے۔

''اے اللہ اگر تو (ہمارا مددگار) نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے☆۔ نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ نماز پڑھتے۔ ہم تجھ پر فداء ہیں جب تک ہم باقی ہیں پس تو ہمیں بخش دے۔ اگر ہماری مُڈھ بھیڑ ہو تو (ہمارے) قدموں کو ثبات بخش اور ہم پر سکینت ڈال۔ ہم تو وہ ہیں کہ جب بھی ہمیں للکارا جائے ہم آجاتے ہیں اور شور ڈالتے ہوئے وہ ہم پر چڑھ آئے ہیں۔''

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ چلانے والا کون ہے؟ انہوں نے کہا عامرؓ۔ آپؐ نے فرمایا اللہ اس پر رحم کرے۔ لوگوں میں سے ایک شخص نے کہا یا رسولؐ اللہ! واجب ہوگئی۔ آپؐ نے ہمیں کیوں نہ اس سے متمتع فرمایا! راوی کہتے ہیں ہم خیبر آئے اور ہم نے ان کا محاصرہ کیا یہاںتک کہ ہمیں سخت بھوک لگی۔ پھر آپؐ نے (بشارت دیتے ہوئے) فرمایا

☆ بخاری کی بعض روایات میں مَا اقْتَفَيْنَا کی بجائے اَبقَيْنَا اور اَحْيَيْنَا کے الفاظ ہیں۔

= **تخریج : بخاری** کتاب المظالم باب هل تكسر الدنان التى فيها الخمر او تخرق الزقاق 2477 كتاب القدر باب وما كنا لنهتدى لو لا ان هدانا الله 6620 كتاب الذبائح باب آنية المجوس والميتة 5497 كتاب الادب باب مايجوز من الشعر والرجز والحداء وما يكره منه 6148 كتاب الدعوات باب قول الله تبارك وتعالى وصل عليهم ... 6331 كتاب الديات باب اذا قتل نفسه خطأ فلا دية له ... 6891 **نسائى** كتاب الجهاد باب من قاتل فى سبيل الله فارتد عليه سيفه فقتله 3150 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى الرجل يموت بسلاحه ... 2538، 2539 **ابن ماجه** كتاب الذبائح باب لحوم الحمر والوحشية ... 3192، 3195

اللَّهَ فَتَحَهَا عَلَيْكُمْ قَالَ فَلَمَّا أَمْسَى النَّاسُ مَسَاءَ الْيَوْمِ الَّذِي فُتِحَتْ عَلَيْهِمْ أَوْقَدُوا نِيرَانًا كَثِيرَةً فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هَذِهِ النِّيرَانُ عَلَى أَيِّ شَيْءٍ تُوقِدُونَ فَقَالُوا عَلَى لَحْمٍ قَالَ أَيُّ لَحْمٍ قَالُوا لَحْمُ حُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْرِيقُوهَا وَاكْسِرُوهَا فَقَالَ رَجُلٌ أَوْ يُهْرِيقُوهَا وَيَغْسِلُوهَا فَقَالَ أَوْ ذَاكَ قَالَ فَلَمَّا تَصَافَّ الْقَوْمُ كَانَ سَيْفُ عَامِرٍ فِيهِ قِصَرٌ فَتَنَاوَلَ بِهِ سَاقَ يَهُودِيٍّ لِيَضْرِبَهُ وَيَرْجِعُ ذُبَابُ سَيْفِهِ فَأَصَابَ رُكْبَةَ عَامِرٍ فَمَاتَ مِنْهُ قَالَ فَلَمَّا قَفَلُوا قَالَ سَلَمَةُ وَهُوَ آخِذٌ بِيَدِي قَالَ فَلَمَّا رَآنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاكِتًا قَالَ مَا لَكَ قُلْتُ لَهُ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي زَعَمُوا أَنَّ عَامِرًا حَبِطَ عَمَلُهُ قَالَ مَنْ قَالَهُ قُلْتُ فُلَانٌ وَفُلَانٌ وَأُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ الْأَنْصَارِيُّ فَقَالَ كَذَبَ مَنْ قَالَهُ إِنَّ لَهُ لَأَجْرَيْنِ وَجَمَعَ بَيْنَ إِصْبَعَيْهِ إِنَّهُ لَجَاهِدٌ مُجَاهِدٌ قَلَّ عَرَبِيٌّ مَشَى بِهَا مِثْلَهُ وَخَالَفَ قُتَيْبَةُ مُحَمَّدًا فِي الْحَدِيثِ فِي حَرْفَيْنِ وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ عَبَّادٍ وَأَلْقِ سَكِينَةً عَلَيْنَا [4668]

اللہ تعالیٰ نے اسے تمہارے لئے فتح کر دیا ہے۔راوی نے کہا جب وہ شام ہوئی جس سے اگلے دن فتح ہوئی تو لوگوں نے بہت سی آگیں جلائیں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ آگیں کیسی ہیں؟ کس چیز کے لئے یہ آگ جلائی ہے؟ انہوں نے کہا گوشت کے لئے۔آپؐ نے فرمایا کونسا گوشت؟ انہوں نے کہا پالتو گدھوں کا گوشت۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا انہیں گرادو اور ان (ہانڈیوں کو) توڑ دو۔اس پر ایک شخص نے کہا یا ان کو الٹا دیں اور دھولیں۔آپؐ نے فرمایا یا ایسے کرلو۔راوی کہتے ہیں جب لوگ صف آراء ہوئے تو عامرؓ کی تلوار چھوٹی تھی۔انہوں نے ایک یہودی کو مارنے کے لئے اس کی پنڈلی پر تلوار چلائی اور اس کی تلوار کی دھار واپس آکر عامرؓ کے گھٹنے کو لگی اور وہ اس سے فوت ہو گئے۔راوی کہتے ہیں جب لوگ لوٹے تو سلمہؓ نے کہا اور وہ میرا ہاتھ پکڑے ہوئے تھے۔انہوں نے کہا جب رسول اللہ ﷺ نے مجھے خاموش دیکھا تو فرمایا تجھے کیا ہوا ہے؟ میں نے عرض کیا آپؐ پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔لوگ کہتے ہیں کہ عامرؓ کے اعمال ضائع ہو گئے۔آپؐ نے فرمایا کس نے ایسا کہا؟ میں نے عرض کیا فلاں فلاں اور اسید بن حضیر انصاریؓ نے۔آپؐ نے فرمایا جس نے ایسی بات کہی اس نے غلط کہا۔اس کے لئے تو دو اجر ہیں اور آپؐ نے اپنی دو انگلیاں ملائیں (پھر فرمایا) وہ تو جہاد

کرنے والا مجاہد ہے اس جیسا عرب اس (زمین) پر کم ہی چلا ہوگا۔

قتیبہ نے محمد سے روایت میں دو لفظوں میں اختلاف کیا ہے اور ابن عباد کی روایت میں ہے وَأَلْقِ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا کہ ہم پر سکینت ڈال۔

3350{124} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ وَنَسَبَهُ غَيْرُ ابْنِ وَهْبٍ فَقَالَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ سَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ قَاتَلَ أَخِي قِتَالًا شَدِيدًا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَارْتَدَّ عَلَيْهِ سَيْفُهُ فَقَتَلَهُ فَقَالَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَلِكَ وَشَكُّوا فِيهِ رَجُلٌ مَاتَ فِي سِلَاحِهِ وَشَكُّوا فِي بَعْضِ أَمْرِهِ قَالَ سَلَمَةُ فَقَفَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ

3350: حضرت سلمہ بن اکوع ؓ کہتے ہیں جب خیبر کے دن میرے بھائی نے رسول اللہ ﷺ کی معیت میں خوب جنگ کی۔ اس کی اپنی تلوار اس کی طرف پلٹی اور اسے مار ڈالا۔ تو رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ نے اس بارہ میں کچھ بات کی اور اس پر کچھ شک کیا۔ ایک آدمی جو اپنے ہتھیار سے ہی مر جائے۔ اور اس پر کسی امر میں شک کیا۔ سلمہؓ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ خیبر سے لوٹے تو میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے اجازت دیں کہ میں آپؐ کے سامنے رجزیہ اشعار پڑھوں۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں اجازت دی۔ حضرت عمر بن خطابؓ نے کہا میں جانتا ہوں جو تم کہنے والے ہو۔ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا: اللہ کی قسم! اگر

3350 : اطراف : مسلم کتاب الجهاد والسير باب غزوة خيبر 3349، 3351

تخریج : بخاری كتاب القدر باب وما كنا لنهتدى لو لا ان هدانا الله 6620 كتاب الذبائح باب آنية المجوس والميتة 5497 كتاب الادب باب مايجوز من الشعر والرجز والحداء وما يكره منه 6148 كتاب الدعوات باب قول الله تبارك وتعالى وصل عليهم 6331... كتاب الديات باب اذا قتل نفسه خطأ فلا دية له ...6891 **نسائی** كتاب الجهاد باب من قاتل فى سبيل الله فارتد عليه سيفه فقتله 3150 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى الرجل يموت بسلاحه ... 2538، 2539 **ابن ماجه** كتاب الذبائح باب لحوم الحمر والوحشية ... 3192، 3195

ائْذَنْ لِي أَنْ أَرْجُزَ لَكَ فَأَذِنَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ أَعْلَمُ مَا تَقُولُ قَالَ فَقُلْتُ وَاللَّهِ

لَوْلَا اللَّهُ مَا اهْتَدَيْنَا

وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقْتَ

وَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا

وَثَبِّتِ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا

وَالْمُشْرِكُونَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا

قَالَ فَلَمَّا قَضَيْتُ رَجَزِي قَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ هَذَا قُلْتُ قَالَهُ أَخِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ يَرْحَمُهُ اللَّهُ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّه إِنَّ نَاسًا لَيَهَابُونَ الصَّلَاةَ عَلَيْه يَقُولُونَ رَجُلٌ مَاتَ بسلَاحه فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ مَاتَ جَاهدًا مُجَاهدًا قَالَ ابْنُ شهَاب ثُمَّ سَأَلْتُ ابْنًا لسَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَع فَحَدَّثَني عَنْ أَبيه قُلْتُ إِنَّ النَّاسَ يَهَابُونَ الصَّلَاةَ عَلَيْه فَقَالَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ كَذَبُوا مَاتَ جَاهدًا مُجَاهدًا فَلَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ وَأَشَارَ بإِصْبَعَيْه[4669]

اللہ (کافضل) نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ نماز پڑھتے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم نے بالکل درست بات کہی۔ اور ہم پر سکینت نازل فرما اور جب (دشمن) سے مڈھ بھیڑ ہو تو ہمارے قدموں کو ثبات بخش اور مشرکوں نے ہم پر زیادتی کی ہے۔ جب میں نے اپنے رجزیہ اشعار ختم کئے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کس نے کہے ہیں۔ میں نے عرض کیا میرے بھائی نے کہے ہیں۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ اس پر رحم فرمائے۔ راوی کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! بعض لوگ اس پر دعا کرتے ہوئے ڈرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں یہ شخص تو اپنے ہتھیار سے مرا ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ جہاد کرتے ہوئے مجاہد ہوتے ہوئے مرا ہے۔ ابن شہاب کہتے ہیں کہ میں نے حضرت سلمہؓ بن اکوع کے ایک بیٹے سے پوچھا۔ انہوں نے اپنے والد سے ایسی ہی روایت مجھے بتائی۔ مگر انہوں نے یہ بھی کہا (سلمہؓ بن اکوع کہتے ہیں) جب میں نے کہا کچھ لوگ ان کے لئے دعا کرتے ہوئے جھجکتے ہیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ غلط سمجھتے ہیں۔ وہ جہاد کرتے ہوئے مجاہدہ کرتے ہوئے فوت ہوا۔ اس کے لئے دو بار اجر ہے اور آپؐ نے اپنی دو انگلیوں سے اشارہ فرمایا۔

[44]46:بَاب غَزْوَةِ الْأَحْزَابِ وَهِيَ الْخَنْدَقُ

باب: غزوۂ احزاب اور وہی غزوۂ خندق ہے

3351{125} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْأَحْزَابِ يَنْقُلُ مَعَنَا التُّرَابَ وَلَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ بَطْنِهِ وَهُوَ يَقُولُ

وَاللَّهِ لَوْلَا أَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا
وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا
فَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا
إِنَّ الْأُلَى قَدْ أَبَوْا عَلَيْنَا

قَالَ وَرُبَّمَا قَالَ

إِنَّ الْمَلَا قَدْ أَبَوْا عَلَيْنَا
إِذَا أَرَادُوا فِتْنَةً أَبَيْنَا

وَيَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ فَذَكَرَ

3351: ابواسحاق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت براءؓ سے سنا انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ احزاب والے دن ہمارے ساتھ مٹی اٹھاتے تھے اور مٹی نے آپ کے پیٹ کی سفیدی کو چھپا دیا تھا۔ آپؐ فرمارہے تھے

اللہ کی قسم! اگر تو (یعنی تیرا فضل) نہ ہوتا تو ہم ہدایت نہ پاتے، نہ صدقہ کرتے اور نہ ہم نماز پڑھتے۔ تو ہم پر سکینت نازل فرما۔ یقیناً یہ لوگ ہمارے (راستہ میں) روک بنے۔ یہ بڑے لوگ ہمارے (راستہ میں) روک بنے۔ جب انہوں نے ہمارے متعلق فتنہ کا ارادہ کیا تو ہم نے انکار کیا۔ راوی کہتے ہیں اس کو آپؐ آواز بلند سے کہتے تھے۔ ایک اور روایت میں (اِنَّ الأُلَى قَدْ اَبَوْا عَلَينَا کی بجائے) اِنَّ الأُلَى قَدْ بَغَوا عَلَينَا کے الفاظ ہیں یعنی ان لوگوں نے ہم پر زیادتی کی ہے۔

3351 : اطراف :مسلم کتاب الجهاد والسیر باب غزوة خیبر 3349، 3350

تخريج : بخاری کتاب الجهاد والسیر باب حفر الخندق 2836، 2837 باب الرجز فی الحرب 3034 کتاب المغازی باب غزوة الخندق وهی الاحزاب 4104، 4106 باب غزوة خیبر 4196 کتاب الادب باب مایجوز من الشعر والرجز والحداء وما یکره منه 6148 کتاب الدعوات باب قول الله تبارک وتعالی وصل علیهم ... 6331 کتاب التمنی باب قول الرجل لو لاالله ماهتدینا ...7236 **نسائی** کتاب الجهاد باب من قاتل فی سبیل الله فارتد علیه سیفه فقتله 3150 **ابو داؤد** کتاب الجهاد باب فی الرجل یموت بسلاحه ... 2538، 2539

مِثْلَهُ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ إِنَّ الْأُلَى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا [4671,4670]

3352{126}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ أَبِي حَازِمٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَاءَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَحْفِرُ الْخَنْدَقَ وَنَنْقُلُ التُّرَابَ عَلَى أَكْتَافِنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اللَّهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَةِ

فَاغْفِرْ لِلْمُهَاجِرِينَ وَالْأَنْصَارِ [4672]

3352: حضرت سہل بن سعدؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ تشریف لائے اور ہم خندق کھودر ہے تھے اور اپنے کندھوں پر (اٹھا کر) مٹی ڈال رہے تھے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا

اے اللہ! اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے

پس تو مہاجروں اور انصار کو بخش دے

3353{127}و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ

اللَّهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَهْ

فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ [4673]

3353: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا

اے اللہ! اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے

پس تو انصار اور مہاجروں کو بخش دے

3352: اطراف :مسلم کتاب الجهاد والسير باب غزوة الاحزاب وهي الخندق 3353 ، 3354 ، 3355 ، 3356
تخريج : بخاری كتاب مناقب الانصار باب دعاء النبی ﷺ اصلح الانصار والمهاجرة 3795 ، 3796 ، 3797 كتاب الجهاد والسير باب التحريض على القتال .. 2834 باب حفر الخندق 2835 باب البيعة فى الحرب على ان لا يفروا 2961 كتاب المغازی باب غزوة الخندق ... 4100 كتاب الرقاق باب الصحة والفراغ 6413 ، 6414 كتاب الاحكام باب كيف يبايع الامام الناس ..7201 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب ابی موسى الاشعری 3856 ، 3857

3353 : اطراف :مسلم كتاب الجهاد والسير باب غزوة الاحزاب وهي الخندق 3352 ، 3354 ، 3355 ، 3356
تخريج : بخاری كتاب مناقب الانصار باب دعاء النبی ﷺ اصلح الانصار والمهاجرة 3795 ، 3796 ، 3797 كتاب الجهاد والسير باب التحريض على القتال .. 2834 باب حفر الخندق 2835 باب البيعة فى الحرب على ان لا يفروا 2961 النبی ﷺ كتاب المغازی باب غزوة الخندق ...4100 كتاب الرقاق باب الصحة والفراغ 6413 كتاب الاحكام باب كيف يبايع الامام الناس ..7201 **ترمذی** كتاب المناقب باب مناقب ابی موسى الاشعری 3856 ، 3857

3354{128}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ اللَّهُمَّ إِنَّ الْعَيْشَ عَيْشُ الْآخِرَةِ قَالَ شُعْبَةُ أَوْ قَالَ

اللَّهُمَّ لَا عَيْشَ إِلَّا عَيْشُ الْآخِرَهْ

فَأَكْرِمِ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ [4674]

3354:حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے تھے''اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے۔راوی شعبہ نے کہا(اصل زندگی تو آخرت کی زندگی ہے کی بجائے آپؐ نے فرمایا)

''اے اللہ!نہیں کوئی زندگی مگر آخرت کی زندگی

پس اے اللہ!انصار اور مہاجروں کو عزت عطا فرما''

3355{129} و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَشَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ شَيْبَانُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ كَانُوا يَرْتَجِزُونَ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَهُمْ وَهُمْ يَقُولُونَ

اللَّهُمَّ لَا خَيْرَ إِلَّا خَيْرُ الْآخِرَهْ

فَانْصُرْ الْأَنْصَارَ وَالْمُهَاجِرَهْ

وَفِي حَدِيثِ شَيْبَانَ بَدَلَ فَانْصُرْ فَاغْفِرِ [4675]

3355:حضرت انس بن مالکؓ کہتے ہیں لوگ رجزیہ اشعار پڑھتے تھے اور رسول اللہ ﷺ ان کے ساتھ ہوتے تھے اور لوگ کہتے تھے

اے اللہ!اصل بھلائی تو آخرت کی بھلائی ہے

پس تو انصار اور مہاجرین کی نصرت فرما

شیبان کی روایت میں فَانْصُرْ کی بجائے فَاغْفِرْ کے الفاظ ہیں۔

3354 : اطراف :**مسلم** کتاب الجهاد والسير باب غزوة الاحزاب وهى الخندق 3352 ، 3353 ، 3355 ، 3356

تخریج : بخاری کتاب مناقب الانصار باب دعاء النبی ﷺ اصلح الانصار والمهاجرة 3795 ، 3796 ، 3797 کتاب الجهاد والسير باب التحريض على القتال ..2834 باب حفر الخندق 2835 باب البيعة فى الحرب على ان لا يفروا 2961 كتاب المغازى باب غزوة الخندق ...4100 كتاب الرقاق باب الصحة والفراغ 6413 كتاب الاحكام باب كيف يبايع الامام الناس .. 7201 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابى موسى الاشعرى 3856 ، 3857

3355 : اطراف :**مسلم** کتاب الجهاد والسير باب غزوة الاحزاب وهى الخندق 3352 ، 3353 ، 3354 ، 3356

تخریج : بخاری کتاب مناقب الانصار باب دعاء النبی ﷺ اصلح الانصار والمهاجرة 3795 ، 3796 ، 3797 کتاب الجهاد والسير باب التحريض على القتال ..2834 باب حفر الخندق 2835 باب البيعة فى الحرب على ان لا يفروا 2961 كتاب المغازى باب غزوة الخندق ...4100 كتاب الرقاق باب الصحة والفراغ 6413 كتاب الاحكام باب كيف يبايع الامام الناس .. 7201 **ترمذی** کتاب المناقب باب مناقب ابى موسى الاشعرى 3856 ، 3857

3356{130}حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوا يَقُولُونَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ نَحْنُ الَّذِينَ بَايَعُوا مُحَمَّدًا عَلَى الْإِسْلَامِ مَا بَقِينَا أَبَدًا أَوْ قَالَ عَلَى الْجِهَادِ شَكَّ حَمَّادٌ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ

اللَّهُمَّ إِنَّ الْخَيْرَ خَيْرُ الْآخِرَهْ

فَاغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَهْ [4676]

3356: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ محمد ﷺ کے صحابہؓ خندق کے دن کہتے تھے ہم وہ لوگ ہیں جنہوں نے اسلام پر ہمیشہ کے لئے محمد ﷺ کی بیعت کی جب تک ہم زندہ ہیں یا کہا جہاد پر۔ حماد کو اس میں شک ہے اور نبی ﷺ فرماتے تھے

اے اللہ! یقیناً اصل بھلائی آخرت کی بھلائی ہے

پس تو انصار اور مہاجروں کو بخش دے

[45]47: بَاب: غَزْوَةُ ذِي قَرَدٍ وَغَيْرُهَا

باب: غزوہ ذی قَرَد اور دیگر غزوات

3357{131}حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ بْنَ الْأَكْوَعِ يَقُولُ خَرَجْتُ قَبْلَ أَنْ يُؤَذَّنَ بِالْأُولَى وَكَانَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

3357: یزید بن ابی عبید سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت سلمہؓ بن اکوع کو کہتے ہوئے سنا کہ میں (صبح کی) اذان سے پہلے نکلا اور رسول اللہ ﷺ کی دودھ دینے والی اونٹنیاں ذی قرد میں چرا کرتی تھیں۔ وہ کہتے ہیں مجھے عبدالرحمان بن عوف کا غلام

3356 : اطراف : مسلم كتاب الجهاد والسير باب غزوة الاحزاب وهى الخندق 3352، 3353، 3354، 3355

تخريج : بخارى كتاب مناقب الانصار باب دعاء النبى ﷺ اصلح الانصار والمهاجرة 3795، 3796، 3797كتاب الجهاد والسير باب التحريض على القتال ..2834 باب حفر الخندق 2835 باب البيعة فى الحرب على ان لا يفروا 2961 كتاب المغازى باب غزوة الخندق ... 4100 كتاب الرقاق باب الصحة والفراغ 6413 كتاب الاحكام باب كيف يبايع الامام الناس .. 7201 **ترمذى** كتاب المناقب باب مناقب ابى موسى الاشعرى 3856، 3857

3357 : اطراف : مسلم كتاب الجهاد والسير باب غزوة ذى قرد وغيرها 3358

تخريج : بخارى كتاب الجهاد والسير باب صوته يا صباه حتى يسمع الناس 3041 كتاب المغازى باب غزوة ذات قرد وهى الغزوة التى اغاروا فيها ...4194 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى السرية ترد على اهل العسكر 2752

تَرْعَى بِذِي قَرَدٍ قَالَ فَلَقِيَنِي غُلَامٌ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَالَ أُخِذَتْ لِقَاحُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ مَنْ أَخَذَهَا قَالَ غَطَفَانُ قَالَ فَصَرَخْتُ ثَلَاثَ صَرَخَاتٍ يَا صَبَاحَاهْ قَالَ فَأَسْمَعْتُ مَا بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ ثُمَّ انْدَفَعْتُ عَلَى وَجْهِي حَتَّى أَدْرَكْتُهُمْ بِذِي قَرَدٍ وَقَدْ أَخَذُوا يَسْقُونَ مِنَ الْمَاءِ فَجَعَلْتُ أَرْمِيهِمْ بِنَبْلِي وَكُنْتُ رَامِيًا وَأَقُولُ أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ فَأَرْتَجِزُ حَتَّى اسْتَنْقَذْتُ اللِّقَاحَ مِنْهُمْ وَاسْتَلَبْتُ مِنْهُمْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً قَالَ وَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنِّي قَدْ حَمَيْتُ الْقَوْمَ الْمَاءَ وَهُمْ عِطَاشٌ فَابْعَثْ إِلَيْهِمُ السَّاعَةَ فَقَالَ يَا ابْنَ الْأَكْوَعِ مَلَكْتَ فَأَسْجِحْ قَالَ ثُمَّ رَجَعْنَا وَيُرْدِفُنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى نَاقَتِهِ حَتَّى دَخَلْنَا الْمَدِينَةَ [4677]

ملا۔اس نے کہا رسول اللہ ﷺ کی دودھ دینے والی اونٹنیاں چھین لی گئی ہیں۔میں نے کہا انہیں کس نے چھینا ہے؟اس نے کہا غطفان نے۔وہ کہتے ہیں میں نے تین بار چلا کر کہا یا صباحاہ☆ وہ کہتے ہیں میں نے لاوے کے دو میدانوں کے درمیان (سارے) مدینہ والوں کو سنا دیا۔پھر میں سیدھا چلا یہانتک کہ انہیں ذی قرد میں جالیا۔وہ پانی پلانے لگے ہی تھے کہ میں ان پر تیر برسانے لگا اور میں (اچھا) تیرانداز تھا اور میں کہتا تھا میں ابن اکوع ہوں آج کمینوں (کی تباہی کا) دن ہے۔میں رَجزیہ اشعار پڑھتا رہا یہانتک کہ میں نے ان سے اونٹنیاں چھڑوالیں اور ان سے تیس چادریں چھین لیں۔وہ کہتے ہیں نبی ﷺ اور دوسرے لوگ آئے۔میں نے کہا اے اللہ کے نبی میں نے ان لوگوں کو پانی سے روک دیا اور وہ پیاسے ہیں۔اسی وقت ان کی طرف (لشکر) بھیجئے۔آپؐ نے فرمایا اے ابن اکوع تم نے غلبہ پالیا۔اب نرمی کا سلوک کر۔وہ کہتے ہیں پھر ہم لوٹے اور رسول اللہ ﷺ نے اپنی اونٹنی پر مجھے اپنے پیچھے بٹھالیا یہانتک کہ ہم مدینہ میں داخل ہوگئے۔

3358{132}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ ح و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ

3358: ایاس بن سلمہ کہتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بتایا انہوں نے کہا ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ

☆ یا صباحاہ، یہ الفاظ خطرہ کے وقت بولے جاتے تھے۔

3358 : اطراف :مسلم کتاب الجهاد والسير باب غزوة ذى قرد وغيرها 3357

تخريج : بخارى كتاب الجهاد والسير باب صوته يا صباه حتى يسمع الناس 3041 كتاب المغازى باب غزوة ذات قرد وهى الغزوة التى اغاروا فيها ...4194 **أبو داؤد** كتاب الجهاد باب فى السرية ترد على اهل العسكر 2752

بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ كِلَاهُمَا عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ وَهَذَا حَدِيثُهُ أَخْبَرَنَا أَبُو عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ وَهُوَ ابْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنِي إِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ قَدِمْنَا الْحُدَيْبِيَةَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ أَرْبَعَ عَشْرَةَ مِائَةً وَعَلَيْهَا خَمْسُونَ شَاةً لَا تُرْوِيهَا قَالَ فَقَعَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى جَبَا الرَّكِيَّةِ فَإِمَّا دَعَا وَإِمَّا بَصَقَ فِيهَا قَالَ فَجَاشَتْ فَسَقَيْنَا وَاسْتَقَيْنَا قَالَ ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَانَا لِلْبَيْعَةِ فِي أَصْلِ الشَّجَرَةِ قَالَ فَبَايَعْتُهُ أَوَّلَ النَّاسِ ثُمَّ بَايَعَ وَبَايَعَ حَتَّى إِذَا كَانَ فِي وَسَطٍ مِنَ النَّاسِ قَالَ بَايِعْ يَا سَلَمَةُ قَالَ قُلْتُ قَدْ بَايَعْتُكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فِي أَوَّلِ النَّاسِ قَالَ وَأَيْضًا قَالَ وَرَآنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَزِلًا يَعْنِي لَيْسَ مَعَهُ سِلَاحٌ قَالَ فَأَعْطَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَفَةً أَوْ دَرَقَةً ثُمَّ بَايَعَ حَتَّى إِذَا كَانَ فِي آخِرِ النَّاسِ قَالَ أَلَا تُبَايِعُنِي يَا

حدیبیہ (کے کنویں پر) آئے اور ہم چودہ سو تھے اور اس (کنویں) پر پچاس بکریاں تھیں جن کو وہ سیراب نہیں کر سکتا تھا۔ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کنویں کی منڈیر پر بیٹھے۔ آپؐ نے دعا کی یا اس میں لعابِ دہن ڈالا۔ راوی کہتے ہیں وہ جوش مارنے لگا۔ ہم نے پانی پلایا اور خود (بھی) پیا۔ راوی کہتے ہیں پھر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایک درخت کے نیچے بیعت کے لئے بلایا۔ راوی کہتے ہیں میں نے لوگوں میں سب سے پہلے بیعت کی، پھر آپؐ بیعت لیتے رہے یہانتک کہ نصف لوگوں نے بیعت کر لی۔ میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے سب سے پہلے لوگوں میں بیعت کی ہے۔ آپؐ نے فرمایا پھر (کرو) اور رسول اللہ ﷺ نے مجھے بغیر ہتھیار کے دیکھا۔ وہ کہتے ہیں مجھے رسول اللہ ﷺ نے ڈھال ☆ دی پھر آپؐ بیعت لیتے رہے یہانتک کہ جب آپؐ نے لوگوں میں سے آخری لوگوں کی بیعت لے لی تو فرمایا اے سلمہؓ تم میری بیعت نہیں کرو گے! وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! میں نے تو سب سے پہلے لوگوں کے اور پھر درمیان میں بیعت کی ہے۔ آپؐ نے فرمایا پھر سہی۔ وہ کہتے ہیں میں نے تیسری مرتبہ بیعت کی۔ پھر آپؐ نے مجھے فرمایا اے سلمہ تمہاری وہ چمڑے کی ڈھال جو میں نے تمہیں

☆ ڈھال کے لئے حَجَفَة یا دَرَقَة کا لفظ استعمال کیا۔

سَلَمَةُ قَالَ قُلْتُ قَدْ بَايَعْتُكَ يَا رَسُولَ اللَّه فِي أَوَّلِ النَّاسِ وَفِي أَوْسَطِ النَّاسِ قَالَ وَأَيْضًا قَالَ فَبَايَعْتُهُ الثَّالِثَةَ ثُمَّ قَالَ لِي يَا سَلَمَةُ أَيْنَ حَجَفَتُكَ أَوْ دَرَقَتُكَ الَّتِي أَعْطَيْتُكَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّه لَقِيَنِي عَمِّي عَامِرٌ عَزِلًا فَأَعْطَيْتُهُ إِيَّاهَا قَالَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ وَقَالَ إِنَّكَ كَالَّذِي قَالَ الْأَوَّلُ اللَّهُمَّ أَبْغِنِي حَبِيبًا هُوَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْ نَفْسِي ثُمَّ إِنَّ الْمُشْرِكِينَ رَاسَلُونَا الصُّلْحَ حَتَّى مَشَى بَعْضُنَا فِي بَعْضٍ وَاصْطَلَحْنَا قَالَ وَكُنْتُ تَبِيعًا لِطَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللَّه أَسْقِي فَرَسَهُ وَأَحُسُّهُ وَأَخْدِمُهُ وَآكُلُ مِنْ طَعَامِه وَتَرَكْتُ أَهْلِي وَمَالِي مُهَاجِرًا إِلَى اللَّه وَرَسُولِه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمَّا اصْطَلَحْنَا نَحْنُ وَأَهْلُ مَكَّةَ وَاخْتَلَطَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ أَتَيْتُ شَجَرَةً فَكَسَحْتُ شَوْكَهَا فَاضْطَجَعْتُ فِي أَصْلِهَا قَالَ فَأَتَانِي أَرْبَعَةٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ فَجَعَلُوا يَقَعُونَ فِي رَسُولِ اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْه وَسَلَّمَ فَأَبْغَضْتُهُمْ فَتَحَوَّلْتُ إِلَى شَجَرَةٍ أُخْرَى وَعَلَّقُوا سِلَاحَهُمْ وَاضْطَجَعُوا

دی تھی کہاں ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! مجھے میرے چچا عامرؓ ملے تھے اور وہ نہتے تھے تو میں نے وہ انہیں دے دی۔ وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ ہنس دیئے اور فرمایا تم اس کی طرح ہو جس نے کہا۔ اس پہلے کی طرح۔ اے اللہ! مجھے ایسا دوست دے جو مجھے اپنی جان سے بھی پیارا ہو پھر مشرکین نے ہمیں صلح کا پیغام بھیجا یہانتک کہ دونوں طرف کے آدمی ایک دوسرے کی طرف جانے لگے۔ پھر ہم نے صلح کر لی۔ راوی کہتے ہیں میں حضرت طلحہؓ بن عبید اللہ کی خدمت میں تھا میں ان کے گھوڑے کو پانی پلاتا تھا اور اس کی پیٹھ کھجاتا اور ان کی خدمت کرتا اور انہیں کے کھانے میں سے کھاتا تھا اور میں نے اللہ اور اس کے رسولؐ کے لئے ہجرت کرتے ہوئے اپنے اہل وعیال و مال چھوڑ دیئے تھے۔ وہ کہتے ہیں پس جب ہم نے اور اہل مکہ نے صلح کر لی اور ہم میں سے بعض ایک دوسرے کی طرف آنے جانے لگے میں ایک درخت کی طرف آیا اور اس کے کانٹے صاف کئے اور اس کے دامن میں لیٹ گیا وہ کہتے ہیں میرے پاس مکہ کے چار مشرک آئے اور رسول اللہ ﷺ کے بارہ میں بدزبانی کرنے لگے۔ مجھے ان سے نفرت پیدا ہوئی میں دوسرے درخت کے نیچے چلا گیا انہوں نے اپنے ہتھیار لٹکائے اور لیٹ گئے۔ اس دوران جبکہ وہ اس حال میں تھے کہ کسی پکارنے والے نے وادی کے

فَبَيْنَمَا هُمْ كَذَلِكَ إِذْ نَادَى مُنَادٍ مِنْ أَسْفَلِ الْوَادِي يَا لِلْمُهَاجِرِينَ قُتِلَ ابْنُ زُنَيْمٍ قَالَ فَاخْتَرَطْتُ سَيْفِي ثُمَّ شَدَدْتُ عَلَى أُولَئِكَ الْأَرْبَعَةِ وَهُمْ رُقُودٌ فَأَخَذْتُ سِلَاحَهُمْ فَجَعَلْتُهُ ضِغْثًا فِي يَدِي قَالَ ثُمَّ قُلْتُ وَالَّذِي كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ لَا يَرْفَعُ أَحَدٌ مِنْكُمْ رَأْسَهُ إِلَّا ضَرَبْتُ الَّذِي فِيهِ عَيْنَاهُ قَالَ ثُمَّ جِئْتُ بِهِمْ أَسُوقُهُمْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَجَاءَ عَمِّي عَامِرٌ بِرَجُلٍ مِنْ الْعَبَلَاتِ يُقَالُ لَهُ مِكْرَزٌ يَقُودُهُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى فَرَسٍ مُجَفَّفٍ فِي سَبْعِينَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَنَظَرَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ دَعُوهُمْ يَكُنْ لَهُمْ بَدْءُ الْفُجُورِ وَثِنَاهُ فَعَفَا عَنْهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْزَلَ اللَّهُ وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ الْآيَةَ كُلَّهَا قَالَ ثُمَّ خَرَجْنَا رَاجِعِينَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَنَزَلْنَا مَنْزِلًا بَيْنَنَا وَبَيْنَ بَنِي لَحْيَانَ جَبَلٌ وَهُمْ الْمُشْرِكُونَ فَاسْتَغْفَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمَنْ رَقِيَ هَذَا الْجَبَلَ

نشیب سے پکارا اے مہاجرو! ابن زُنیم کو قتل کر دیا گیا ہے۔ وہ کہتے ہیں میں نے اپنی تلوار سونتی اور میں ان چاروں پر حملہ آور ہوا جبکہ وہ سو رہے تھے۔ میں نے ان کے ہتھیار لے لئے اور اپنے ایک ہاتھ میں ان کا گٹھا بنالیا۔ وہ کہتے ہیں پھر میں نے کہا اس کی قسم جس نے محمدؐ کے چہرہ کو عزت دی ہے، تم میں سے جو بھی سر اٹھائے گا میں اس کو وہاں ماروں گا جہاں اس کی دونوں آنکھیں ہیں۔ وہ کہتے ہیں پھر میں انہیں ہانکتا ہوا رسول اللہ ﷺ کے پاس لایا۔ وہ کہتے ہیں اور میرا چچا عامر عبلات[1] میں سے ایک شخص کو لائے تھے جس کا نام مکرز تھا۔ مشرکین کے ستر آدمیوں کے ساتھ ایسے گھوڑے پر جس پر جھول پڑی ہوئی تھی لے آیا۔ رسول اللہ ﷺ نے ان کی طرف دیکھا اور فرمایا انہیں چھوڑ دو کہ بدعہدی کی ابتدا اور تکرار ان کی طرف ہو۔ اور رسول اللہ ﷺ نے ان سے درگزر فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے وادی مکہ میں روک دیئے تھے۔ بعد اس کے کہ اس نے تمہیں ان پر کامیابی عطا کی۔۔۔[2] وہ کہتے ہیں پھر ہم مدینہ کی طرف واپس جانے کے لئے نکلے پھر ہم ایک جگہ اترے، ہمارے اور بنی لحیان کے درمیان ایک پہاڑ تھا وہ مشرک تھے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے

1: عبلات ایک چھوٹے قبیلہ کا نام ہے۔ 2: (الفتح : 25)

اللَّيْلَةَ كَأَنَّهُ طَلِيعَةٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ قَالَ سَلَمَةُ فَرَقِيتُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا ثُمَّ قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَبَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِهِ مَعَ رَبَاحٍ غُلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ وَخَرَجْتُ مَعَهُ بِفَرَسِ طَلْحَةَ أُنَدِّيهِ مَعَ الظَّهْرِ فَلَمَّا أَصْبَحْنَا إِذَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ الْفَزَارِيُّ قَدْ أَغَارَ عَلَى ظَهْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاقَهُ أَجْمَعَ وَقَتَلَ رَاعِيَهُ قَالَ فَقُلْتُ يَا رَبَاحُ خُذْ هَذَا الْفَرَسَ فَأَبْلِغْهُ طَلْحَةَ بْنَ عُبَيْدِ اللَّهِ وَأَخْبِرْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ الْمُشْرِكِينَ قَدْ أَغَارُوا عَلَى سَرْحِهِ قَالَ ثُمَّ قُمْتُ عَلَى أَكَمَةٍ فَاسْتَقْبَلْتُ الْمَدِينَةَ فَنَادَيْتُ ثَلَاثًا يَا صَبَاحَاهْ ثُمَّ خَرَجْتُ فِي آثَارِ الْقَوْمِ أَرْمِيهِمْ بِالنَّبْلِ وَأَرْتَجِزُ أَقُولُ أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ فَأَلْحَقُ رَجُلًا مِنْهُمْ فَأَصُكُّ سَهْمًا فِي رَحْلِهِ حَتَّى خَلَصَ نَصْلُ السَّهْمِ إِلَى كَتِفِهِ قَالَ قُلْتُ خُذْهَا وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ قَالَ فَوَاللَّهِ مَا زِلْتُ أَرْمِيهِمْ وَأَعْقِرُ بِهِمْ فَإِذَا رَجَعَ إِلَيَّ فَارِسٌ أَتَيْتُ شَجَرَةً فَجَلَسْتُ فِي أَصْلِهَا ثُمَّ رَمَيْتُهُ

اس شخص کے لئے مغفرت کے لئے دعا کی جو اس پہاڑ پر رات کو چڑھے گو یا وہ نبی ﷺ اور صحابہؓ کے لئے جاسوس کا کام دے۔ سلمہؓ کہتے ہیں میں اس رات دو یا تین مرتبہ چڑھا پھر ہم مدینہ پہنچے۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنے اونٹ رباح کے ہاتھ بھیجے جو رسول اللہ ﷺ کا غلام تھا اور میں حضرت طلحہؓ کے گھوڑے کے ساتھ اس پر سوار ہو کر نکلا اور میں اس کو اونٹوں کے ساتھ پانی پلانے کے لئے جارہا تھا۔ جب صبح ہوئی تو عبدالرحمان فزاری نے رسول اللہ ﷺ کے اونٹوں پر حملہ کیا اور سب کو ہانک کر لے گیا اور ان کے چرواہے کو قتل کر دیا۔ راوی کہتے ہیں میں نے کہا اے رباح یہ گھوڑا پکڑ واور اسے طلحہ بن عبید اللہ کو پہنچا دو اور رسول اللہ ﷺ کو خبر دو کہ مشرکوں نے آپؐ کے جانور لوٹ لئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں پھر میں ایک ٹیلہ پر مدینہ کی طرف منہ کر کے کھڑا ہوا اور تین دفعہ پکارا یا صباحاہ پھر میں ان لوگوں کے پیچھے تلاش کرتا ہوا اور انہیں تیر مارتا ہوا نکلا اور میں یہ رجزیہ اشعار پڑھ رہا تھا اور میں کہہ رہا تھا میں ابن الاکوع ہوں یہ دن کمینوں کی تباہی کا دن ہے پس میں ان میں سے جس شخص سے بھی ملتا تو اس کے کجاوہ میں تیر مارتا یہاںتک کہ تیر کا پھل نکل کر اس کے کندھے تک جا پہنچتا۔ وہ کہتے ہیں میں کہتا یہ لو میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینوں کی (تباہی) کا دن ہے۔ وہ کہتے ہیں

فَعَقَرْتُ بِهِ حَتَّى إِذَا تَضَايَقَ الْجَبَلُ فَدَخَلُوا فِي تَضَايُقِهِ عَلَوْتُ الْجَبَلَ فَجَعَلْتُ أُرَدِّيهِمْ بِالْحِجَارَةِ قَالَ فَمَا زِلْتُ كَذَلِكَ أَتْبَعُهُمْ حَتَّى مَا خَلَقَ اللَّهُ مِنْ بَعِيرٍ مِنْ ظَهْرِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا خَلَّفْتُهُ وَرَاءَ ظَهْرِي وَخَلَّوْا بَيْنِي وَبَيْنَهُ ثُمَّ اتَّبَعْتُهُمْ أَرْمِيهِمْ حَتَّى أَلْقَوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلَاثِينَ بُرْدَةً وَثَلَاثِينَ رُمْحًا يَسْتَخِفُّونَ وَلَا يَطْرَحُونَ شَيْئًا إِلَّا جَعَلْتُ عَلَيْهِ آرَامًا مِنَ الْحِجَارَةِ يَعْرِفُهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ حَتَّى أَتَوْا مُتَضَايِقًا مِنْ ثَنِيَّةٍ فَإِذَا هُمْ قَدْ أَتَاهُمْ فُلَانُ بْنُ بَدْرٍ الْفَزَارِيُّ فَجَلَسُوا يَتَضَحَّوْنَ يَعْنِي يَتَغَدَّوْنَ وَجَلَسْتُ عَلَى رَأْسِ قَرْنٍ قَالَ الْفَزَارِيُّ مَا هَذَا الَّذِي أَرَى قَالُوا لَقِينَا مِنْ هَذَا الْبَرْحَ وَاللَّهِ مَا فَارَقَنَا مُنْذُ غَلَسٍ يَرْمِينَا حَتَّى انْتَزَعَ كُلَّ شَيْءٍ فِي أَيْدِينَا قَالَ فَلْيَقُمْ إِلَيْهِ نَفَرٌ مِنْكُمْ أَرْبَعَةٌ قَالَ فَصَعِدَ إِلَيَّ مِنْهُمْ أَرْبَعَةٌ فِي الْجَبَلِ قَالَ فَلَمَّا أَمْكَنُونِي مِنَ الْكَلَامِ قَالَ قُلْتُ هَلْ تَعْرِفُونِي قَالُوا لَا وَمَنْ أَنْتَ قَالَ قُلْتُ أَنَا سَلَمَةُ بْنُ الْأَكْوَعِ وَالَّذِي كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَطْلُبُ رَجُلًا مِنْكُمْ إِلَّا أَدْرَكْتُهُ وَلَا يَطْلُبُنِي

اللہ کی قسم! میں ان کو تیر مارتا رہا اور انہیں زخمی کرتا رہا اور جب میری طرف کوئی گھوڑ سوار آتا تو میں کسی درخت کی طرف آتا اور اس کے نیچے بیٹھ جاتا اور میں اسے تیر مار کر زخمی کر دیتا یہانتک کہ جب پہاڑ کا راستہ تنگ ہو گیا اور وہ اس تنگ راستہ میں داخل ہوئے تو میں پہاڑ پر چڑھ گیا اور انہیں پتھر مارنے لگا۔ وہ کہتے ہیں میں اسی طرح ان کا پیچھا کرتا رہا یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کے اونٹوں میں سے کوئی اونٹ ایسا پیدا نہیں کیا جسے میں نے اپنے پیچھے نہ چھوڑ دیا ہو۔ اور انہوں نے ان کو میرے اور اپنے درمیان چھوڑ دیا پھر میں تیر اندازی کرتا رہا یہانتک کہ انہوں نے تیس سے زیادہ چادریں اور تیس نیزے ہلکا ہونے کے لئے پھینک دیئے۔ جو چیز بھی وہ پھینکتے تھے میں ان پر نشان کے طور پر پتھر رکھ دیتا تھا تا کہ رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ پہچان لیں یہانتک کہ وہ ایک تنگ گھاٹی میں آئے جہاں انہیں بدر فزاری کا کوئی بیٹا ملا۔ وہ بیٹھ کر کھانا کھانے لگے اور میں ایک چوٹی پر بیٹھا تھا۔ فزاری نے کہا یہ کون شخص ہے جسے میں دیکھ رہا ہوں؟ انہوں نے کہا اس شخص نے تو ہمیں تنگ کر رکھا ہے۔ اللہ کی قسم! یہ صبح سے ہم پر مسلسل تیر اندازی کر رہا ہے۔ یہانتک کہ اس نے ہم سے سب کچھ چھین لیا ہے۔ اس نے کہا چاہئے کہ تم میں سے چار آدمی اس کی طرف جائیں۔

رَجُلٌ مِنْكُمْ فَيُدْرِكَنِي قَالَ أَحَدُهُمْ أَنَا أَظُنُّ قَالَ فَرَجَعُوا فَمَا بَرِحْتُ مَكَانِي حَتَّى رَأَيْتُ فَوَارِسَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّلُونَ الشَّجَرَ قَالَ فَإِذَا أَوَّلُهُمْ الْأَخْرَمُ الْأَسَدِيُّ عَلَى إِثْرِهِ أَبُو قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيُّ وَعَلَى إِثْرِهِ الْمِقْدَادُ بْنُ الْأَسْوَدِ الْكِنْدِيُّ قَالَ فَأَخَذْتُ بِعِنَانِ الْأَخْرَمِ قَالَ فَوَلَّوْا مُدْبِرِينَ قُلْتُ يَا أَخْرَمُ احْذَرْهُمْ لَا يَقْتَطِعُوكَ حَتَّى يَلْحَقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ قَالَ يَا سَلَمَةُ إِنْ كُنْتَ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَتَعْلَمُ أَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَالنَّارَ حَقٌّ فَلَا تَحُلْ بَيْنِي وَبَيْنَ الشَّهَادَةِ قَالَ فَخَلَّيْتُهُ فَالْتَقَى هُوَ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ قَالَ فَعَقَرَ بِعَبْدِ الرَّحْمَنِ فَرَسَهُ وَطَعَنَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ فَقَتَلَهُ وَتَحَوَّلَ عَلَى فَرَسِهِ وَلَحِقَ أَبُو قَتَادَةَ فَارِسُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ الرَّحْمَنِ فَطَعَنَهُ فَقَتَلَهُ فَوَالَّذِي كَرَّمَ وَجْهَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَتَبِعْتُهُمْ أَعْدُو عَلَى رِجْلَيَّ حَتَّى مَا أَرَى وَرَائِي مِنْ أَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا غُبَارِهِمْ شَيْئًا حَتَّى يَعْدِلُوا قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ إِلَى شِعْبٍ فِيهِ مَاءٌ يُقَالُ لَهُ ذَو قَرَدٍ لِيَشْرَبُوا مِنْهُ

وہ (ابن اکوع) کہتے ہیں ان میں سے چار میری طرف پہاڑ پر چڑھے وہ کہتے ہیں جب وہ میرے (اتنے قریب آئے) کہ میں ان سے بات کر سکا۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کیا تم مجھے جانتے ہو؟ انہوں نے کہا نہیں تم کون ہو؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا میں سلمہ بن اکوع ہوں اس کی قسم جس نے محمد ﷺ کے چہرہ کو عزت عطا کی ہے میں تم میں سے جس شخص کو پکڑنا چاہوں اسے پکڑ سکتا ہوں لیکن تم میں سے کوئی شخص مجھے پکڑنا چاہے تو نہیں پکڑ سکتا۔ ان میں سے ایک نے کہا میرا (بھی) یہی خیال ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ لوٹ گئے اور میں اپنی جگہ پر بیٹھا رہا یہاں تک کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے گھوڑے درختوں کے درمیان آتے ہوئے دیکھے۔ وہ کہتے ہیں ان میں سے سب سے پہلے اخرمؓ اسدی تھے اور ان کے پیچھے ابوقتادہؓ انصاری اور ان کے پیچھے مقدادؓ بن اسود کندی۔ وہ کہتے ہیں میں نے اخرمؓ کے گھوڑے کی لگام پکڑی۔ وہ کہتے ہیں تو وہ (چاروں) پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے۔ میں نے کہا اے اخرم تو ان سے بچ تا کہ وہ تجھے ہلاک نہ کر دیں یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ پہنچ نہ جائیں۔ اس نے کہا اے سلمہؓ اگر تو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور تو جانتا ہے کہ جنت حق ہے اور آگ (جہنم) حق ہے پس تو میرے اور شہادت کے درمیان حائل نہ ہو۔ وہ کہتے

وَهُمْ عِطَاشٌ قَالَ فَنَظَرُوا إِلَيَّ أَعْدُو وَرَاءَهُمْ فَخَلَّيْتُهُمْ عَنْهُ يَعْنِي أَجْلَيْتُهُمْ عَنْهُ فَمَا ذَاقُوا مِنْهُ قَطْرَةً قَالَ وَيَخْرُجُونَ فَيَشْتَدُّونَ فِي ثَنِيَّةٍ قَالَ فَأَعْدُو فَأَلْحَقُ رَجُلًا مِنْهُمْ فَأَصُكُّهُ بِسَهْمٍ فِي نُغْضِ كَتِفِهِ قَالَ قُلْتُ خُذْهَا وَأَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ قَالَ يَا ثَكِلَتْهُ أُمُّهُ أَكْوَعُهُ بُكْرَةَ قَالَ قُلْتُ نَعَمْ يَا عَدُوَّ نَفْسِهِ أَكْوَعُكَ بُكْرَةَ قَالَ وَأَرْدَوْا فَرَسَيْنِ عَلَى ثَنِيَّةٍ قَالَ فَجِئْتُ بِهِمَا أَسُوقُهُمَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَلَحِقَنِي عَامِرٌ بِسَطِيحَةٍ فِيهَا مَذْقَةٌ مِنْ لَبَنٍ وَسَطِيحَةٍ فِيهَا مَاءٌ فَتَوَضَّأْتُ وَشَرِبْتُ ثُمَّ أَتَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمَاءِ الَّذِي حَلَّأْتُهُمْ عَنْهُ فَإِذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَخَذَ تِلْكَ الْإِبِلَ وَكُلَّ شَيْءٍ اسْتَنْقَذْتُهُ مِنْ الْمُشْرِكِينَ وَكُلَّ رُمْحٍ وَبُرْدَةٍ وَإِذَا بِلَالٌ نَحَرَ نَاقَةً مِنْ الْإِبِلِ الَّذِي اسْتَنْقَذْتُ مِنْ الْقَوْمِ وَإِذَا هُوَ يَشْوِي لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَبِدِهَا وَسَنَامِهَا قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ خَلِّنِي فَأَنْتَخِبُ مِنَ الْقَوْمِ مِائَةَ رَجُلٍ فَأَتَّبِعُ الْقَوْمَ فَلَا يَبْقَى مِنْهُمْ مُخْبِرٌ إِلَّا قَتَلْتُهُ قَالَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ

ہیں میں نے اسے چھوڑ دیا یہاں تک کہ وہ (اخرم) اور عبدالرحمان باہم برسر پیکار ہوئے۔ اور انہوں نے عبدالرحمان سمیت اس کے گھوڑے کو زخمی کر دیا اور عبدالرحمان نے ان (اخرمؓ) کو نیزہ مار کر شہید کر دیا اور ان کے گھوڑے پر سوار ہو کر مڑا اور رسول اللہ ﷺ کے شہسوار ابو قتادہؓ نے عبدالرحمان کو جا لیا اور اسے نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ پس اس کی قسم! جس نے محمد ﷺ کے چہرہ کو عزت عطا کی ہے میں نے دوڑتے ہوئے ان کا تعاقب جاری رکھا یہاں تک کہ میں نے محمد ﷺ کے صحابہؓ میں سے کسی کو اور نہ ان کے غبار کو اپنے پیچھے پایا یہاں تک کہ وہ سورج غروب ہونے سے پہلے ایک گھاٹی میں پہنچے جہاں پانی تھا۔ اسے ذی قرد کہتے تھے وہ اس سے پینا چاہتے تھے اور وہ پیاسے تھے۔ وہ کہتے ہیں پھر انہوں نے مجھے اپنے پیچھے دوڑتے ہوئے دیکھا میں نے ان کو وہاں سے ہٹا دیا اور وہ اس میں سے ایک قطرہ بھی نہ پی سکے۔ وہ کہتے ہیں وہ نکلے اور ایک گھاٹی کی طرف تیزی سے بڑھے۔ وہ کہتے ہیں میں بھی دوڑا میں ان میں سے جس شخص کو بھی پاتا اس کے کندھے کی ہڈی میں تیر مارتا۔ وہ کہتے ہیں میں کہتا یہ لو اور میں اکوع کا بیٹا ہوں اور آج کمینوں کی تباہی کا دن ہے۔ اس نے کہا اکوع کو اس کی ماں کھوئے، کیا صبح والا اکوع ہے؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا ہاں اے اپنی جان کے دشمن تیرا صبح

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ فِي ضَوْءِ النَّارِ فَقَالَ يَا سَلَمَةُ أَتُرَاكَ كُنْتَ فَاعِلًا قُلْتُ نَعَمْ وَالَّذِي أَكْرَمَكَ فَقَالَ إِنَّهُمْ الْآنَ لَيُقْرَوْنَ فِي أَرْضِ غَطَفَانَ قَالَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْ غَطَفَانَ فَقَالَ نَحَرَ لَهُمْ فُلَانٌ جَزُورًا فَلَمَّا كَشَفُوا جِلْدَهَا رَأَوْا غُبَارًا فَقَالُوا أَتَاكُمُ الْقَوْمُ فَخَرَجُوا هَارِبِينَ فَلَمَّا أَصْبَحْنَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ خَيْرَ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ أَبُو قَتَادَةَ وَخَيْرَ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ قَالَ ثُمَّ أَعْطَانِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَيْنِ سَهْمَ الْفَارِسِ وَسَهْمَ الرَّاجِلِ فَجَمَعَهُمَا لِي جَمِيعًا ثُمَّ أَرْدَفَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَاءَهُ عَلَى الْعَضْبَاءِ رَاجِعِينَ إِلَى الْمَدِينَةِ قَالَ فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَسِيرُ قَالَ وَكَانَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ لَا يُسْبَقُ شَدًّا قَالَ فَجَعَلَ يَقُولُ أَلَا مُسَابِقٌ إِلَى الْمَدِينَةِ هَلْ مِنْ مُسَابِقٍ فَجَعَلَ يُعِيدُ ذَلِكَ قَالَ فَلَمَّا سَمِعْتُ كَلَامَهُ قُلْتُ أَمَا تُكْرِمُ كَرِيمًا وَلَا تَهَابُ شَرِيفًا قَالَ لَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بِأَبِي وَأُمِّي ذَرْنِي فَلِأُسَابِقَ الرَّجُلَ قَالَ إِنْ شِئْتَ قَالَ قُلْتُ اذْهَبْ إِلَيْكَ وَثَنَيْتُ

والا اکوع۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے دو گھوڑے گھاٹی میں پیچھے چھوڑ دیئے۔ وہ کہتے ہیں میں ان دونوں کو ہانکتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے پاس چل پڑا۔ وہ کہتے ہیں مجھے عامر ایک چھاگل میں تھوڑے سے دودھ میں ملا ہوا پانی اور ایک چھاگل میں پانی لاتے ہوئے ملے۔ پھر میں نے وضوء کیا اور پیا پھر میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور آپؐ اس پانی پر تھے جہاں سے میں نے ان لوگوں کو بھگایا تھا۔ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ نے وہ اونٹ اور وہ سب چیزیں جو میں نے مشرکوں سے چھڑائی تھیں لے لیں۔ اور حضرت بلالؓ نے ان اونٹوں میں سے جو میں نے اُن سے چھینے تھے ایک اونٹنی ذبح کی۔ وہ رسول اللہ ﷺ کے لئے کلیجی اور کوہان (کے گوشت سے) بھون رہے تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا یارسولؐ اللہ! مجھے لشکر میں سے سو آدمی منتخب کرنے کی اجازت عطا فرمائیں تو میں ان لوگوں کا پیچھا کر کے ان سب کو قتل کر دوں کہ کوئی ان کو خبر دینے والا بھی نہ بچے۔ رسول اللہ ﷺ کھل کھلا کر ہنسے یہانتک کہ آگ کی روشنی میں آپ کے دانت مبارک دکھائی دینے لگے۔ آپؐ نے فرمایا اے سلمہؓ! کیا تم سمجھتے ہو کہ تم یہ کر سکتے ہو؟ میں نے کہا ہاں اس کی قسم! جس نے آپؐ کو عزت عطا کی ہے۔ آپؐ نے فرمایا اب وہ غطفان کی سرحد پر پہنچ گئے ہیں۔ وہ کہتے ہیں

رِجْلَيَّ فَطَفَرْتُ فَعَدَوْتُ قَالَ فَرَبَطْتُ عَلَيْهِ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ أَسْتَبْقِي نَفَسِي ثُمَّ عَدَوْتُ فِي إِثْرِهِ فَرَبَطْتُ عَلَيْهِ شَرَفًا أَوْ شَرَفَيْنِ ثُمَّ إِنِّي رَفَعْتُ حَتَّى أَلْحَقَهُ قَالَ فَأَصُكُّهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ قَالَ قُلْتُ قَدْ سُبِقْتَ وَاللَّهِ قَالَ أَنَا أَظُنُّ قَالَ فَسَبَقْتُهُ إِلَى الْمَدِينَةِ قَالَ فَوَاللَّهِ مَا لَبِثْنَا إِلَّا ثَلَاثَ لَيَالٍ حَتَّى خَرَجْنَا إِلَى خَيْبَرَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَجَعَلَ عَمِّي عَامِرٌ يَرْتَجِزُ بِالْقَوْمِ تَاللَّهِ لَوْلَا اللَّهُ مَا اهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا وَنَحْنُ عَنْ فَضْلِكَ مَا اسْتَغْنَيْنَا فَثَبِّتْ الْأَقْدَامَ إِنْ لَاقَيْنَا وَأَنْزِلَنْ سَكِينَةً عَلَيْنَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هَذَا قَالَ أَنَا عَامِرٌ قَالَ غَفَرَ لَكَ رَبُّكَ قَالَ وَمَا اسْتَغْفَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِإِنْسَانٍ يَخُصُّهُ إِلَّا اسْتُشْهِدَ قَالَ فَنَادَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ عَلَى جَمَلٍ لَهُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ لَوْلَا مَا مَتَّعْتَنَا بِعَامِرٍ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْنَا خَيْبَرَ قَالَ خَرَجَ مَلِكُهُمْ مَرْحَبٌ يَخْطِرُ بِسَيْفِهِ وَيَقُولُ قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي مَرْحَبُ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ إِذَا الْحُرُوبُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ قَالَ وَبَرَزَ لَهُ عَمِّي عَامِرٌ فَقَالَ قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي عَامِرٌ شَاكِي السِّلَاحِ

بنی غطفان کا ایک شخص آیا اس نے کہا فلاں شخص نے ان کے لئے اونٹ ذبح کیا ہے۔ جب وہ اس کی جلد اتار رہے تھے تو انہوں نے ایک غبار دیکھا انہوں نے کہا وہ لوگ آ گئے وہ وہاں سے بھی بھاگ گئے۔ جب صبح ہوئی تو آپؐ نے فرمایا آج ہمارے بہترین شہسوار ابوقتادہ ہیں اور پیادوں میں سے بہترین پیادہ سلمہؓ ہیں وہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے دو حصے دیئے ایک سوار کا اور ایک پیدل کا وہ دونوں مجھے دیئے۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے مدینہ لوٹتے ہوئے مجھے عضباء اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ وہ کہتے ہیں جب ہم جا رہے تھے تو انصار کے ایک شخص نے جس سے دوڑ میں کوئی آگے نہ بڑھ سکتا تھا، اس نے کہنا شروع کر دیا کہ کوئی مدینہ تک دوڑ لگانے والا ہے؟ کیا کوئی دوڑ لگانے والا ہے؟ وہ اسے بار بار دہرانے لگا۔ وہ کہتے ہیں جب میں نے اس کی بات سنی تو میں نے کہا کیا تم کسی معزز کی عزت نہیں کرتے؟ اور کسی بزرگ سے نہیں ڈرتے؟ اس نے کہا نہیں سوائے اس کے کہ رسول اللہ ﷺ ہوں۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! میرے ماں باپ آپؐ پر فدا ہوں، مجھے اس آدمی سے دوڑ لگانے دیں۔ آپؐ نے فرمایا (ٹھیک ہے) اگر تم چاہتے ہو وہ کہتے ہیں میں نے کہا چلو...... میں نے اپنی پاؤں موڑے اور چھلانگ ماری اور دوڑ پڑا۔ وہ کہتے ہیں میں ایک یا دو گھاٹیاں اس

بَطَلٌ مُغَامِرٌ قَالَ فَاخْتَلَفَا ضَرْبَتَيْنِ فَوَقَعَ سَيْفُ مَرْحَبٍ فِي تُرْسِ عَامِرٍ وَذَهَبَ عَامِرٌ يَسْفُلُ لَهُ فَرَجَعَ سَيْفُهُ عَلَى نَفْسِهِ فَقَطَعَ أَكْحَلَهُ فَكَانَتْ فِيهَا نَفْسُهُ قَالَ سَلَمَةُ فَخَرَجْتُ فَإِذَا نَفَرٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُونَ بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ قَتَلَ نَفْسَهُ قَالَ فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا أَبْكِي فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ بَطَلَ عَمَلُ عَامِرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَالَ ذَلِكَ قَالَ قُلْتُ نَاسٌ مِنْ أَصْحَابِكَ قَالَ كَذَبَ مَنْ قَالَ ذَلِكَ بَلْ لَهُ أَجْرُهُ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ أَرْسَلَنِي إِلَى عَلِيٍّ وَهُوَ أَرْمَدُ فَقَالَ لَأُعْطِيَنَّ الرَّايَةَ رَجُلًا يُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ أَوْ يُحِبُّهُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ قَالَ فَأَتَيْتُ عَلِيًّا فَجِئْتُ بِهِ أَقُودُهُ وَهُوَ أَرْمَدُ حَتَّى أَتَيْتُ بِهِ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَسَقَ فِي عَيْنَيْهِ فَبَرَأَ وَأَعْطَاهُ الرَّايَةَ وَخَرَجَ مَرْحَبٌ فَقَالَ قَدْ عَلِمَتْ خَيْبَرُ أَنِّي مَرْحَبُ شَاكِي السِّلَاحِ بَطَلٌ مُجَرَّبُ إِذَا الْحُرُوبُ أَقْبَلَتْ تَلَهَّبُ فَقَالَ عَلِيٌّ أَنَا الَّذِي سَمَّتْنِي أُمِّي حَيْدَرَهْ كَلَيْثِ غَابَاتٍ كَرِيهِ الْمَنْظَرَهْ أُوفِيهِمُ بِالصَّاعِ كَيْلَ السَّنْدَرَهْ قَالَ

کے پیچھے دوڑا۔ میں اپنی طاقت بچا رہا تھا پھر میں آہستگی سے اس کے پیچھے دوڑا پھر میں تیز ہوا اور اُسے جا لیا۔ وہ کہتے ہیں میں نے اس کے کندھوں کے درمیان مکا مارا۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا اللہ کی قسم! تو پیچھے رہ گیا۔ راوی نے کہا انہوں نے کہا میرا خیال ہے۔ وہ کہتے ہیں میں مدینہ تک اس سے آگے رہا۔ وہ کہتے ہیں اللہ کی قسم! ہم صرف تین راتیں ٹھہرے یہاں تک کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ خیبر کی طرف نکلے۔ وہ کہتے ہیں میرے چچا عامرؓ لوگوں کو رَجز یہ اشعار پڑھ کر سنانے لگے، اللہ کی قسم! اگر ہمیں اللہ تعالیٰ (تو ہدایت نہ دیتا) تو ہم ہدایت نہ پاتے اور نہ ہم صدقہ کرتے اور نہ نماز پڑھتے اور ہم تیرے فضل سے مستغنی نہیں اور اگر (دشمنوں سے) ہماری مڈھ بھیڑ ہو تو ہمیں ثبات قدم عطا فرمانا اور ہم پر سکینت نازل فرمانا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کون ہے؟ اس نے کہا میں عامر ہوں۔ آپؐ نے فرمایا تمہارا رب تمہاری مغفرت فرمائے۔ راوی کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ جس انسان کو مغفرت کے لئے مخصوص فرماتے وہ شہید ہو جاتا تھا۔ وہ کہتے ہیں حضرت عمرؓ بن خطاب نے بلند سے پکارا اور وہ اپنے اونٹ پر تھے اے اللہ کے نبی! آپؐ نے جو عامرؓ کو متاع دی وہ آپؐ نے ہمیں کیوں نہ دی☆۔ راوی کہتے

☆ یہ ترجمہ بخاری اور مسلم کی دوسری روایات کی عبارت کی روشنی میں کیا گیا ہے۔

فَضَرَبَ رَأْسَ مَرْحَبٍ فَقَتَلَهُ ثُمَّ كَانَ الْفَتْحُ عَلَى يَدَيْهِ قَالَ إِبْرَاهِيمُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ بِهَذَا الْحَدِيثِ بِطُولِهِ و حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ يُوسُفَ الْأَزْدِيُّ السُّلَمِيُّ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ عَمَّارٍ بِهَذَا [4678]

ہم خیبر پہنچے تو ان کا سردار مرحب اپنی تلوار لہراتا ہوا نکلا اور وہ کہہ رہا تھا خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہتھیار بند، بہادر، تجربہ کار ہوں۔ جب جنگیں شعلے بھڑکاتی ہوئی آئیں۔ راوی کہتے ہیں اس کے مقابلہ کے لئے میرے چچا عامرؓ نکلے اور انہوں نے کہا خیبر جانتا ہے کہ میں عامر، ہتھیار بند، بہادر، خطرات میں اپنے آپ کو ڈالنے والا ہوں۔ راوی کہتے ہیں دونوں نے ضربیں لگائیں۔ مرحب کی تلوار عامر کی ڈھال پر پڑی اور عامر اس پر نیچے سے وار کرنے لگے کہ ان کی اپنی تلوار ہی ان کو آ لگی اور اس نے ان کی رگ کاٹ دی اور وہ اسی سے فوت ہو گئے۔ سلمہؓ کہتے ہیں میں نکلا تو نبی ﷺ کے بعض صحابہؓ کہہ رہے تھے عامرؓ کے عمل باطل ہو گئے۔ اس نے اپنے آپ کو قتل کیا۔ وہ کہتے ہیں میں روتے ہوئے نبی ﷺ کے پاس آیا میں نے کہا یا رسولؐ اللہ! عامرؓ کے عمل ضائع ہو گئے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ کس نے کہا؟ وہ کہتے ہیں میں نے کہا آپؐ کے بعض صحابہؓ نے۔ آپؐ نے فرمایا جس نے یہ کہا غلط کہا۔ اس کے لئے تو دہرا اجر ہے۔ پھر آپؐ نے مجھے حضرت علیؓ کی طرف بھیجا ان کی آنکھیں آئی ہوئی تھیں۔ آپؐ نے فرمایا میں اس شخص کو جھنڈا دوں گا جو اللہ اور اس کے رسولؐ سے محبت کرتا ہے یا اللہ اور اس کا رسولؐ اس سے محبت کرتے ہیں۔ وہ کہتے ہیں میں حضرت علیؓ کے پاس گیا اور انہیں

ساتھ لے کر چل پڑا۔ان کی آنکھیں آئی ہوئی تھیں یہانتک کہ میں انہیں لے کر رسول اللہ ﷺ کے پاس پہنچا۔آپؐ نے ان کی آنکھوں میں لعاب دہن لگایا وہ ٹھیک ہوگئیں۔آپؐ نے انہیں جھنڈا دیا اور مرحب نکلا اور اس نے کہا خیبر جانتا ہے کہ میں مرحب ہوں ہتھیار بند، بہادر، تجربہ کار جبکہ جنگیں شعلے بھڑکاتی ہوئی آئیں۔حضرت علیؓ نے کہا میں وہ ہوں میرا نام میری ماں نے حیدر رکھا ہے ہیبت ناک شکل والے شیر کی مانند جو جنگلوں میں ہوتا ہے میں ایک صاع کے بدلے سندرہ دیتا ہوں☆۔ وہ کہتے ہیں انہوں نے مرحب کے سر پر ضرب لگائی اور اسے قتل کر دیا پھر ان کے ہاتھوں فتح ہوئی۔

[46]48:بَاب:قَوْلُ اللَّهِ تَعَالَى وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ

باب:اللہ تعالیٰ کا ارشاد: وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے روکے

3359{133}حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُحَمَّد النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِت عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالك أَنَّ ثَمَانِينَ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ هَبَطُوا عَلَى

3359: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے اہل مکہ کے اسّی مسلح آدمی تنعیم کے پہاڑ سے رسول اللہ ﷺ کے پاس اترے کہ وہ نبی ﷺ اور آپؐ کے صحابہؓ کو غفلت میں پائیں اور آپؐ پر حملہ

☆ یہ ایک محاورہ ہے جس کا مفہوم اردو محاورہ میں سیر کے مقابلہ پر سوا سیر یا اینٹ کا جواب پتھر کے ذریعہ ادا کیا جاتا ہے۔ سندرہ کے لفظی معنی مکیال واسع یعنی بہت بڑا پیمانہ ہے جبکہ صاع صرف تین سیر کا ہوتا ہے۔

3359 : تخريج : ترمذی كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة الفتح 3264 **ابوداؤد** كتاب الجهاد باب في المن على الاسير بغير فداء 2688

رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَبَلِ التَّنْعِيمِ مُتَسَلِّحِينَ يُرِيدُونَ غِرَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابِهِ فَأَخَذَهُمْ سِلْمًا فَاسْتَحْيَاهُمْ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ الَّذِي كَفَّ أَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَأَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ مِنْ بَعْدِ أَنْ أَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ [4679]

کردیں۔آپؐ نے انہیں بغیر لڑائی کے پکڑ لیا اور ان کو زندہ رکھا تو اللہ عزّ وجل نے یہ آیت نازل فرمائی وہی ہے جس نے ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے وادیٔ مکہ میں روک دیئے بعد اس کے کہ اس نے تمہیں ان پر کامیابی عطا کی[1]۔

[47]49: بَاب: غَزْوَةُ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ

باب: عورتوں کا مردوں کی معیت میں غزوہ کرنا

3360{134}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ اتَّخَذَتْ يَوْمَ حُنَيْنٍ خِنْجَرًا فَكَانَ مَعَهَا فَرَآهَا أَبُو طَلْحَةَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ هَذِهِ أُمُّ سُلَيْمٍ مَعَهَا خِنْجَرٌ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا هَذَا الْخِنْجَرُ قَالَتْ اتَّخَذْتُهُ إِنْ دَنَا مِنِّي أَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ بَقَرْتُ بِهِ بَطْنَهُ فَجَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ

3360:حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ حضرت ام سلیمؓ نے حنین کے دن ایک خنجر لیا۔ وہ ان کے پاس تھا تو حضرت ابوطلحہؓ نے انہیں دیکھا۔ انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! یہ ام سلیم ہے اس کے پاس خنجر ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا یہ خنجر کس لئے ہے؟ انہوں نے جواب دیا میں نے یہ اس لئے لیا ہے کہ اگر مشرکوں سے کوئی میرے قریب آیا تو میں اس کا پیٹ پھاڑ دوں گی۔ رسول اللہ ﷺ ہنسنے لگے۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ ہمارے بعد جو طلقاء[2] (یعنی آزاد کئے گئے) ملے جنہوں نے آپؐ کے

1 (الفتح:25)

2 مکہ کے باشندے جن کو حضور ﷺ نے لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ اِذْهَبُوا اَنْتُمُ الطُّلَقَآء کہہ کر احسان فرمایا تھا اوران سے دو ہزار جنگ حنین میں شامل ہوئے اور دشمن کے تیروں کے سامنے بھاگ پڑے اور پرانے صحابہؓ کے بھی دھکیل کر پیچھے ہٹنے کا باعث بنے ان کا ذکر ہے۔

اقْتُلْ مَنْ بَعْدَنَا مِنَ الطُّلَقَاءِ انْهَزَمُوا بِكَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أُمَّ سُلَيْمٍ إِنَّ اللَّهَ قَدْ كَفَى وَأَحْسَنَ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا إِسْحَقُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فِي قِصَّةِ أُمِّ سُلَيْمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيثِ ثَابِتٍ [4681,4680]

ساتھ (ہوتے ہوئے) شکست کھائی ان کو قتل کر دیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے ام سلیم یقیناً اللہ (دشمن کے مقابلہ میں) کافی ہوا اور اس نے احسان فرمایا ہے۔

3361 {135} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِأُمِّ سُلَيْمٍ وَنِسْوَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ مَعَهُ إِذَا غَزَا فَيَسْقِينَ الْمَاءَ وَيُدَاوِينَ الْجَرْحَى [4682]

3361: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ ام سلیم اور انصار کی عورتوں کو غزوات میں اپنے ساتھ لے جاتے تھے۔ وہ پانی پلاتیں اور زخمیوں کا علاج کرتیں۔

3362{136}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو وَهُوَ أَبُو مَعْمَرٍ الْمِنْقَرِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ

3362: حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے وہ کہتے ہیں احد کے دن لوگوں میں سے کچھ نبی ﷺ سے ہٹ گئے اور ابوطلحہؓ نبی ﷺ کے سامنے ڈھال

3361 : **اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب غزوة النساء مع الرجال 3362

تخريج : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب غزوة النساء وقتالهن مع الرجال ...2880 كتاب مناقب الانصار باب مناقب ابى طلحة... 3811 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى النساء يغزون 2531 **ترمذى** كتاب السير باب ماجاء فى خروج النساء فى الحرب ...1575

3362 : **اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب غزوة النساء مع الرجال 3361

تخريج : **بخاری** كتاب الجهاد والسير باب غزوة النساء وقتالهن مع الرجال ...2880 كتاب مناقب الانصار باب مناقب ابى طلحة... 3811 **ابو داؤد** كتاب الجهاد باب فى النساء يغزون 2531 **ترمذى** كتاب السير باب ماجاء فى خروج النساء فى الحرب ...1575

الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ وَهُوَ ابْنُ صُهَيْبٍ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ انْهَزَمَ نَاسٌ مِنَ النَّاسِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو طَلْحَةَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُجَوِّبٌ عَلَيْهِ بِحَجَفَةٍ قَالَ وَكَانَ أَبُو طَلْحَةَ رَجُلًا رَامِيًا شَدِيدَ النَّزْعِ وَكَسَرَ يَوْمَئِذٍ قَوْسَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا قَالَ فَكَانَ الرَّجُلُ يَمُرُّ مَعَهُ الْجَعْبَةُ مِنَ النَّبْلِ فَيَقُولُ انْثُرْهَا لِأَبِي طَلْحَةَ قَالَ وَيُشْرِفُ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ إِلَى الْقَوْمِ فَيَقُولُ أَبُو طَلْحَةَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ بِأَبِي أَنْتَ وَأُمِّي لَا تُشْرِفْ لَا يُصِبْكَ سَهْمٌ مِنْ سِهَامِ الْقَوْمِ نَحْرِي دُونَ نَحْرِكَ قَالَ وَلَقَدْ رَأَيْتُ عَائِشَةَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ وَأُمَّ سُلَيْمٍ وَإِنَّهُمَا لَمُشَمِّرَتَانِ أَرَى خَدَمَ سُوقِهِمَا تَنْقُلَانِ الْقِرَبَ عَلَى مُتُونِهِمَا ثُمَّ تُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِهِمْ ثُمَّ تَرْجِعَانِ فَتَمْلَآنِهَا ثُمَّ تَجِيئَانِ تُفْرِغَانِهِ فِي أَفْوَاهِ الْقَوْمِ وَلَقَدْ وَقَعَ السَّيْفُ مِنْ يَدَيْ أَبِي طَلْحَةَ إِمَّا مَرَّتَيْنِ وَإِمَّا ثَلَاثًا مِنَ النُّعَاسِ[4683]

سے اوٹ کئے ہوئے تھے۔ وہ کہتے ہیں حضرت ابوطلحہؓ زبردست تیرانداز تھے۔ اس دن انہوں نے دو یا تین کمانیں توڑیں۔ راوی کہتے ہیں جب کوئی شخص تیروں کا ترکش لے کر گزرتا تو آپؐ فرماتے یہ ابوطلحہؓ کے لئے بکھیر دو۔ وہ کہتے ہیں نبی ﷺ سر اٹھا کر ان لوگوں کو دیکھتے تو ابوطلحہ کہتے اے اللہ کے نبیؐ! میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں، آپؐ سر اُٹھا کر نہ دیکھئے کہیں لوگوں کا کوئی تیر آپؐ کو نہ لگ جائے۔ میرا سینہ آپ کے سینہ کے سامنے ہے۔ وہ کہتے ہیں میں نے حضرت عائشہؓ بنت ابی بکر اور ام سلیمؓ کو دیکھا وہ مستعدی سے کام کر رہی تھیں مجھے ان کی پازیب نظر آ رہی تھی۔ وہ دونوں اپنی کمر پر مشکیں اُٹھا کر لاتی تھیں پھر ان کے منہ (پانی) میں ڈالتی تھیں۔ پھر جاتیں اور پھر بھر کر لاتیں اور لوگوں کے منہ میں ڈالتیں اور حضرت ابوطلحہؓ کے ہاتھ سے اونگھ کی وجہ سے دو یا تین مرتبہ تلوار گر پڑی۔

[48]50: بَاب :النِّسَاءُ الْغَازِيَاتُ يُرْضَخُ لَهُنَّ وَلَا يُسْهَمُ وَالنَّهْيُ عَنْ قَتْلِ صِبْيَانِ أَهْلِ الْحَرْبِ

باب: غزوہ میں شامل ہونے والی عورتیں، ان کو کچھ عطیہ دیا جائے گا ان کو (باقاعدہ) حصہ تقسیم نہیں کیا جائے گا اور جنگ کرنے والوں کے بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت

3363{137}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ أَنَّ نَجْدَةَ كَتَبَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنْ خَمْسِ خِلَالٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَوْلَا أَنْ أَكْتُمَ عِلْمًا مَا كَتَبْتُ إِلَيْهِ كَتَبَ إِلَيْهِ نَجْدَةُ أَمَّا بَعْدُ فَأَخْبِرْنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ وَهَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ بِسَهْمٍ وَهَلْ كَانَ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ وَمَتَى يَنْقَضِي يُتْمُ الْيَتِيمِ وَعَنِ الْخُمْسِ لِمَنْ هُوَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ كَتَبْتَ تَسْأَلُنِي هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُو بِالنِّسَاءِ وَقَدْ كَانَ

3363: یزید بن ہرمز سے روایت ہے کہ نجدہ نے پانچ باتیں پوچھنے کے لئے حضرت ابن عباسؓ کو خط لکھا حضرت ابن عباسؓ نے کہا! اگر یہ بات نہ ہوتی کہ میں علم چھپاتا ہوں تو میں اسے جواب نہ لکھتا۔ نجدہ نے انہیں لکھا تھا اما بعد۔ مجھے بتائیں کہ کیا رسول اللہ ﷺ غزوات میں عورتوں کو ساتھ لے جاتے تھے؟ اور کیا انہیں (مالِ غنیمت میں سے) حصہ دیتے تھے؟ اور کیا آپؐ بچوں کو قتل کرتے تھے؟ اور یتیم کی یتیمی کب ختم ہوتی ہے؟ اور خمس کس کا حق ہے؟ حضرت ابن عباسؓ نے انہیں (جواباً) لکھا تم نے یہ پوچھنے کے لئے لکھا ہے کہ کیا رسول اللہ ﷺ غزوات میں عورتوں کو ساتھ رکھتے تھے؟ آپؐ انہیں ساتھ لے جاتے تھے۔ وہ زخمیوں کی دیکھ بھال کرتیں

3363 : **اطراف** :**مسلم** کتاب الجهاد والسیر باب النساء الغازیات یرضع لهن 3364 ، 3365

تخریج : **ترمذی** کتاب السیر باب من یعطی الفیء 1556 **نسائی** کتاب قسم الفیء... 4133 ، 4134 **ابوداؤد** کتاب الجهاد باب فی المرأة والعبد یحذیان من الغنیمة 2727 ،2728 کتاب الخراج والفیء والامارة باب فی بیان مواضع قسم الخمس وسهم ذی القربی 2982

يَغْزُو بِهِنَّ فَيُدَاوِينَ الْجَرْحَى وَيُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيمَةِ وَأَمَّا بِسَهْمٍ فَلَمْ يَضْرِبْ لَهُنَّ وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ فَلَا تَقْتُلِ الصِّبْيَانَ وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي مَتَى يَنْقَضِي يُتْمُ الْيَتِيمِ فَلَعَمْرِي إِنَّ الرَّجُلَ لَتَنْبُتُ لِحْيَتُهُ وَإِنَّهُ لَضَعِيفُ الْأَخْذِ لِنَفْسِهِ ضَعِيفُ الْعَطَاءِ مِنْهَا فَإِذَا أَخَذَ لِنَفْسِهِ مِنْ صَالِحِ مَا يَأْخُذُ النَّاسُ فَقَدْ ذَهَبَ عَنْهُ الْيُتْمُ وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنِ الْخُمْسِ لِمَنْ هُوَ وَإِنَّا كُنَّا نَقُولُ هُوَ لَنَا فَأَبَى عَلَيْنَا قَوْمُنَا ذَاكَ {138}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كِلَاهُمَا عَنْ حَاتِمِ بْنِ إِسْمَعِيلَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ أَنَّ نَجْدَةَ كَتَبَ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنْ خِلَالٍ بِمِثْلِ حَدِيثِ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِ حَاتِمٍ وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ الصِّبْيَانَ فَلَا تَقْتُلِ الصِّبْيَانَ إِلَّا أَنْ تَكُونَ تَعْلَمُ مَا عَلِمَ الْخَضِرُ مِنَ الصَّبِيِّ الَّذِي قَتَلَ وَزَادَ إِسْحَقُ فِي حَدِيثِهِ عَنْ حَاتِمٍ وَتُمَيِّزَ الْمُؤْمِنَ فَتَقْتُلَ الْكَافِرَ وَتَدَعَ الْمُؤْمِنَ [4685,4684]

اور انہیں غنیمت سے کچھ حصہ دیا جاتا تھا اور مالِ غنیمت میں ان کا علیحدہ حصہ مقرر نہیں تھا۔ اور رسول اللہ ﷺ بچوں کو قتل نہیں کرتے تھے۔ پس تم بھی بچوں کو قتل نہ کرنا۔ اور تم نے مجھ سے لکھ کر پوچھا ہے کہ یتیم کی یتیمی کب ختم ہوتی ہے؟ میری عمر کی قسم بعض آدمی ایسے ہوتے ہیں کہ انہیں داڑھی آجاتی ہے لیکن وہ اپنے لینے اور دینے کا شعور نہیں رکھتے پھر جب وہ اپنے نفس کے لئے وہ صلاحیت حاصل کر لے جو لوگ حاصل کرتے ہیں تو ان کی یتیمی جاتی رہتی ہے اور تم نے مجھ سے خمس کے بارہ میں پوچھنے کے لئے لکھا ہے کہ یہ کس کا حق ہے؟ تو ہم تو کہتے تھے یہ ہمارا حق ہے لیکن ہماری قوم نے ہمیں وہ دینے سے انکار کیا ہے۔

ایک روایت میں لِمَنْ خُمُسُ فُلَانٍ کی بجائے عَنْ فُلَانٍ کے الفاظ ہیں ہاں اس روایت میں یہ بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ بچوں کو قتل نہیں کرتے تھے پس تم بھی بچوں کو قتل نہ کرو سوائے اس کے کہ تم بھی وہ جان لو جو خضر نے اس بچہ کے بارہ میں جان لیا تھا جسے اس نے قتل کر دیا۔ اور مزید یہ ہے کہ تم مومن کی پہچان کرو، کافر کو قتل کرو اور مومن کو چھوڑ دو۔

3364{139} وحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ بْنُ عَامِرٍ الْحَرُورِيُّ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْأَلُهُ عَنِ الْعَبْدِ وَالْمَرْأَةِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا وَعَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ وَعَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَنْقَطِعُ عَنْهُ الْيُتْمُ وَعَنْ ذَوِي الْقُرْبَى مَنْ هُمْ فَقَالَ لِيَزِيدَ اكْتُبْ إِلَيْهِ فَلَوْلَا أَنْ يَقَعَ فِي أُحْمُوقَةٍ مَا كَتَبْتُ إِلَيْهِ اكْتُبْ إِنَّكَ كَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنِ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا شَيْءٌ وَإِنَّهُ لَيْسَ لَهُمَا شَيْءٌ إِلَّا أَنْ يُحْذَيَا وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنْ قَتْلِ الْوِلْدَانِ وَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَقْتُلْهُمْ وَأَنْتَ فَلَا تَقْتُلْهُمْ إِلَّا أَنْ تَعْلَمَ مِنْهُمْ مَا عَلِمَ صَاحِبُ مُوسَى مِنَ الْغُلَامِ الَّذِي قَتَلَهُ وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَنْقَطِعُ عَنْهُ اسْمُ الْيُتْمِ وَإِنَّهُ لَا يَنْقَطِعُ عَنْهُ اسْمُ الْيُتْمِ حَتَّى يَبْلُغَ وَيُؤْنَسَ مِنْهُ رُشْدٌ وَكَتَبْتَ تَسْأَلُنِي عَنْ ذَوِي الْقُرْبَى مَنْ هُمْ وَإِنَّا زَعَمْنَا أَنَّا هُمْ

3364: یزید بن ہرمز سے روایت ہے وہ کہتے ہیں نجدہ بن عامر حروری نے حضرت ابن عباسؓ کو لکھا ان سے (جہاد میں شامل ہونے والے) غلام اور عورت کے بارہ میں دریافت کرتا تھا کہ وہ غنیمت (کی تقسیم کے وقت) حاضر ہوں تو کیا انہیں حصہ دیا جائے گا نیز بچوں کو (جنگ میں) قتل کرنے کے بارہ میں پوچھا اور یتیم کے متعلق کہ اس کی یتیمی کب ختم ہوگی؟ اور قریبی رشتہ دار، ان کے متعلق پوچھا کہ وہ کون ہیں؟ آپؓ نے یزید سے کہا اسے لکھو اور اگر وہ حماقت میں پڑنے والا نہ ہوتا تو میں اسے نہ لکھتا۔ لکھو کہ تم نے مجھ سے عورت اور غلام سے متعلق یہ پوچھنے کے لئے لکھا ہے کہ اگر جہاد میں شریک ہوں اور وہ غنیمت کی (تقسیم کے وقت) حاضر ہوں تو کیا انہیں حصہ ملے گا؟ بات یہ ہے کہ ان کے لئے (کوئی) حصہ نہیں، ہاں انہیں کچھ دیا جائے اور تم نے مجھ سے بچوں کے قتل کے بارہ میں لکھ کر پوچھا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے انہیں قتل نہیں کیا تو تم بھی انہیں قتل نہ کرو سوائے اس کے کہ تم بھی ان کے متعلق وہی کچھ جانتے ہو جو صاحبِ موسیٰ اس بچہ کے بارہ میں جانتے تھے جسے انہوں نے قتل کیا اور تم نے مجھے یتیم کے بارہ میں کہ

3364 : اطراف : مسلم کتاب الجهاد والسیر باب النساء الغازیات یرضع لهن 3363، 3365

تخریج : ترمذی کتاب السیر باب من یعطی الفیء 1556 **نسائی** کتاب قسم الفیء... 4133، 4134 **ابوداؤد** کتاب الجهاد باب فی المرأة والعبد یحذیان من الغنیمة 2727، 2728 کتاب الخراج والفیء والامارة باب فی بیان مواضع قسم الخمس وسهم ذی القربی 2982

فَأَبَى ذَلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا و حَدَّثَنَاه عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ أُمَيَّةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي سَعِيدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَسَاقَ الْحَدِيثَ بِمِثْلِهِ قَالَ أَبُو إِسْحَقَ حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بِهَذَا الْحَدِيثِ بِطُولِهِ [4687,4686]

اس کی یتیمی کب ختم ہوگی لکھ کر پوچھا ہے تو اس کی یتیمی ختم نہیں ہوگی یہاںتک کہ وہ بالغ ہوجائے۔اور اس میں رشد و ہدایت نظر آئے۔اور تم نے قریبی رشتہ داروں کے متعلق پوچھنے کے لئے لکھا ہے کہ وہ کون ہیں؟ اور ہمارا خیال ہے کہ وہ ہم ہیں۔اسے ہماری قوم نے تسلیم نہیں کیا۔

3365{140}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنِي أَبِي قَالَ سَمِعْتُ قَيْسًا يُحَدِّثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ ح و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَاللَّفْظُ لَهُ قَالَ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنِي قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ بْنُ عَامِرٍ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ فَشَهِدْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ حِينَ قَرَأَ كِتَابَهُ وَحِينَ كَتَبَ جَوَابَهُ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَاللَّهِ لَوْلَا أَنْ أَرُدَّهُ عَنْ نَتْنٍ يَقَعُ فِيهِ مَا كَتَبْتُ إِلَيْهِ وَلَا نُعْمَةَ عَيْنٍ قَالَ فَكَتَبَ إِلَيْهِ إِنَّكَ سَأَلْتَ عَنْ سَهْمِ ذِي الْقُرْبَى الَّذِي ذَكَرَ اللَّهُ مَنْ

3365: یزید بن ہرمز سے روایت ہے وہ کہتے ہیں نجدہ بن عامر نے حضرت ابن عباسؓ کو لکھا وہ کہتے ہیں میں حضرت ابن عباسؓ کے پاس موجود تھا جب انہوں نے اس کا خط پڑھا اور جب انہوں نے اس کا جواب لکھا۔حضرت ابن عباسؓ نے کہا اللہ کی قسم اگر مجھے اسے نجاست سے بچانا نہ ہوتا جس میں وہ گر رہا ہے تو میں اُسے نہ لکھتا،اس کی آنکھ ٹھنڈی نہ ہو۔وہ کہتے ہیں انہوں نے اس کی طرف لکھا تم نے ان اقرباء کے حصہ کے بارہ میں جن کا اللہ نے ذکر کیا ہے پوچھا ہے کہ وہ کون ہیں؟۔ہمارا خیال ہے کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے قربت والے ہم ہیں لیکن ہماری قوم نے اِسے نہیں مانا اور تم نے یتیم کے بارہ میں

3365 : **اطراف** :**مسلم** كتاب الجهاد والسير باب النساء الغازيات يرضع لهن 3363 ، 3364

تخريج : **ترمذی** كتاب السير باب من يعطى الفىء 1556 **نسائی** كتاب قسم الفىء... 4133 ، 4134 **ابوداؤد** كتاب الجهاد باب فى المرأة والعبد يحذيان من الغنيمة 2727 ،2728 كتاب الخراج والفىء والامارة باب فى بيان مواضع قسم الخمس وسهم ذى القربى 2982

هُمْ وَإِنَّا كُنَّا نَرَى أَنَّ قَرَابَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُمْ نَحْنُ فَأَبَى ذَلِكَ عَلَيْنَا قَوْمُنَا وَسَأَلْتَ عَنِ الْيَتِيمِ مَتَى يَنْقَضِي يُتْمُهُ وَإِنَّهُ إِذَا بَلَغَ النِّكَاحَ وَأُونِسَ مِنْهُ رُشْدٌ وَدُفِعَ إِلَيْهِ مَالُهُ فَقَدِ انْقَضَى يُتْمُهُ وَسَأَلْتَ هَلْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْتُلُ مِنْ صِبْيَانِ الْمُشْرِكِينَ أَحَدًا فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقْتُلُ مِنْهُمْ أَحَدًا وَأَنْتَ فَلَا تَقْتُلْ مِنْهُمْ أَحَدًا إِلَّا أَنْ تَكُونَ تَعْلَمُ مِنْهُمْ مَا عَلِمَ الْخَضِرُ مِنَ الْغُلَامِ حِينَ قَتَلَهُ وَسَأَلْتَ عَنِ الْمَرْأَةِ وَالْعَبْدِ هَلْ كَانَ لَهُمَا سَهْمٌ مَعْلُومٌ إِذَا حَضَرُوا الْبَأْسَ فَإِنَّهُمْ لَمْ يَكُنْ لَهُمْ سَهْمٌ مَعْلُومٌ إِلَّا أَنْ يُحْذَيَا مِنْ غَنَائِمِ الْقَوْمِ{141} و حَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْأَعْمَشُ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ هُرْمُزَ قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ إِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَذَكَرَ بَعْضَ الْحَدِيثِ وَلَمْ يُتِمَّ الْقِصَّةَ كَإِتْمَامِ مَنْ ذَكَرْنَا حَدِيثَهُمْ [4689,4688]

پوچھا ہے کہ اس کی یتیمی کب ختم ہوگی؟ جب وہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائے اور اس میں سمجھ بوجھ پائی جائے اور اس کی طرف اس کا مال لوٹایا جائے تو اس کی یتیمی ختم ہوجاتی ہے۔ اور تم نے یہ (بھی) پوچھا ہے کہ کیا رسول اللہ ﷺ مشرکین کے بچوں میں سے کسی کو قتل کرتے تھے؟ یقیناً رسول اللہ ﷺ نے ان میں سے کسی کو قتل نہیں کیا۔ تم بھی ان میں سے کسی کو قتل نہ کرو۔ سوائے اس کے کہ تم ان کے بارہ میں وہ جان لو جو خضر نے اس بچہ کے بارہ میں جان لیا تھا جب انہوں نے اس کو قتل کیا تھا اور تم نے عورت اور غلام کے بارہ میں پوچھا ہے کہ کیا ان دونوں کو مقررہ حصہ دیا جائے گا جب وہ جنگ میں شامل ہوں۔ ان کے لئے کوئی مقررہ حصہ نہیں سوائے اس کے کہ لوگوں کے غنائم میں سے انہیں (کچھ) عطا کیا جائے۔

3366{142}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هِشَامٍ

3366: حضرت ام عطیہؓ انصاریہ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سات

3366 : تخريج : ابن ماجه كتاب الجهادباب العبيد والنساء يشهدون مع المسلمين2856

عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ الْأَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ أَخْلُفُهُمْ فِي رِحَالِهِمْ فَأَصْنَعُ لَهُمْ الطَّعَامَ وَأُدَاوِي الْجَرْحَى وَأَقُومُ عَلَى الْمَرْضَى و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [4691,4690]

غزوات میں شریک ہوئی۔ میں ان کے پیچھے ان کے پڑاؤ میں رہتی اور ان کے لئے کھانا بناتی اور زخمیوں کی مرہم پٹی کرتی اور بیماروں کی خدمت کرتی۔

[49]51: بَاب: عَدَدُ غَزَوَاتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

باب: نبی ﷺ کے غزوات کی تعداد

3367{143} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ الْمُثَنَّى قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ يَزِيدَ خَرَجَ يَسْتَسْقِي بِالنَّاسِ فَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ اسْتَسْقَى قَالَ فَلَقِيتُ يَوْمَئِذٍ زَيْدَ بْنَ أَرْقَمَ وَقَالَ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ غَيْرُ رَجُلٍ أَوْ بَيْنِي وَبَيْنَهُ رَجُلٌ قَالَ فَقُلْتُ لَهُ كَمْ غَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تِسْعَ عَشْرَةَ فَقُلْتُ كَمْ

3367: ابواسحاق سے روایت ہے کہ عبداللہ بن یزید لوگوں کے ساتھ استسقاء کی نماز کے لئے نکلے انہوں نے دو رکعت (نماز) پڑھی پھر بارش کے لئے دعا مانگی۔ راوی نے کہا میں اس دن حضرت زیدؓ بن ارقم سے ملا اور انہوں نے کہا میرے اور ان کے درمیان ایک کے سوا کوئی شخص نہیں تھا یا (کہا) میرے اور ان کے درمیان ایک شخص تھا۔ وہ کہتے ہیں میں نے ان سے پوچھا رسول اللہ ﷺ نے کتنے غزوات کئے؟ انہوں نے کہا انیس۔ میں نے کہا آپ حضور ﷺ

3367 : اطراف :**مسلم** کتاب الحج باب بیان عدد عمر النبی ﷺ وزمانهن 2184 کتاب الجهاد والسیر باب عدد غزوات النبی ﷺ 3368، 3369، 3370، 3371، 3372

تخریج : **بخاری** کتاب المغازی باب غزوة العشیرة اولعسیرة 3949 باب حجة الوداع 4404 باب کم غزا النبی ﷺ وکم غزا... 4471، 4472، 4473 **ترمذی** کتاب الجهاد باب ماجاء فی غزوات النبی ﷺ وکم غزا 1676

غَزَوْتَ أَنْتَ مَعَهُ قَالَ سَبْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَالَ فَقُلْتُ فَمَا أَوَّلُ غَزْوَةٍ غَزَاهَا قَالَ ذَاتُ الْعُسَيْرِ أَوْ الْعُشَيْرِ[4692]

کے ساتھ کتنے غزوات میں شامل تھے؟ انہوں نے کہا سترہ غزوات ۔ راوی کہتے ہیں میں نے کہا پہلا کونسا تھا؟ انہوں نے کہا ذات العُسیر یا العُشیر ۔

3368{144} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ سَمِعَهُ مِنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَزَا تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً وَحَجَّ بَعْدَ مَا هَاجَرَ حَجَّةً لَمْ يَحُجَّ غَيْرَهَا حَجَّةَ الْوَدَاعِ[4693]

3368: حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انیس غزوات کئے اور ہجرت کے بعد ایک ہی حج کیا یعنی حجۃ الوداع ۔اس کے علاوہ آپؐ نے کوئی حج نہیں کیا۔

3369{145}حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ أَخْبَرَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَالَ جَابِرٌ لَمْ أَشْهَدْ بَدْرًا وَلَا أُحُدًا مَنَعَنِي أَبِي فَلَمَّا قُتِلَ عَبْدُ اللَّهِ يَوْمَ أُحُدٍ لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ قَطُّ [4694]

3369: ابو الزبیر کہتے ہیں انہوں نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ کو کہتے ہوئے سنا کہ میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ انیس غزوات میں شامل ہوا۔ حضرت جابرؓ کہتے ہیں میں بدر اور احد میں شامل نہیں ہوا۔ مجھے میرے باپ نے منع کیا تھا۔ جب احد کے دن حضرت عبداللہؓ شہید ہوئے تو پھر میں رسول اللہ ﷺ سے کسی غزوہ میں کبھی پیچھے نہیں رہا۔

3368 : اطراف :مسلم كتاب الحج باب بيان عدد عمر النبي ﷺ وزمانهن 2184 كتاب الجهاد والسير باب عدد غزوات النبي ﷺ 3367،3369،3370،3371،3372

تخريج : بخاری كتاب المغازی باب غزوة العشيرة اولعسيرة 3949 باب حجة الوداع باب كم غزا النبي ﷺ وكم غزا... 4471، 4472، 4473 **ترمذی** كتاب الجهاد باب ماجاء فی غزوات النبي ﷺ وكم غزا 1676

3369 : اطراف :مسلم كتاب الحج باب بيان عدد عمر النبي ﷺ وزمانهن 2184 كتاب الجهاد والسير باب عدد غزوات النبي ﷺ 3367،3368،3370،3371،3372

تخريج : بخاری كتاب المغازی باب غزوة العشيرة اولعسيرة 3949 باب حجة الوداع باب كم غزا النبي ﷺ وكم غزا... 4471، 4472، 4473 **ترمذی** كتاب الجهاد باب ماجاء فی غزوات النبي ﷺ وكم غزا 1676

3370{146} و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ ح و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَرْمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو تُمَيْلَةَ قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ غَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً قَاتَلَ فِي ثَمَانٍ مِنْهُنَّ وَلَمْ يَقُلْ أَبُو بَكْرٍ مِنْهُنَّ وَقَالَ فِي حَدِيثِهِ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ [4695]

3370: عبد اللہ بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے انیس غزوات کئے جن میں سے آٹھ میں لڑائی ہوئی۔ راوی ابوبکر نے مِنْهُنَّ کا لفظ نہیں بولا۔

3371{147} و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ كَهْمَسٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ قَالَ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّ عَشْرَةَ غَزْوَةً [4696]

3371: ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ سولہ غزوات میں حصہ لیا۔

3372{148} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ يَعْنِي ابْنَ إِسْمَعِيلَ عَنْ يَزِيدَ وَهُوَ ابْنُ أَبِي عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَلَمَةَ يَقُولُ غَزَوْتُ

3372: یزید سے روایت ہے اور وہ ابن ابی عبید ہیں وہ کہتے ہیں میں نے حضرت سلمہؓ کو کہتے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی معیت میں سات غزوات کئے

3370 : اطراف :مسلم کتاب الحج باب بیان عدد عمر النبی ﷺ وزمانهن 2184 کتاب الجهاد والسیر باب عدد غزوات النبی ﷺ 3367 3368 3369 3371، 3372

تخریج : بخاری کتاب المغازی باب غزوة العشیرة اولعسیرة 3949 باب حجة الوداع باب کم غزا النبی ﷺ وکم غزا... 4471، 4472، 4473 **ترمذی** کتاب الجهاد باب ماجاء فی غزوات النبی ﷺ وکم غزا 1676

3371 : اطراف :مسلم کتاب الحج باب بیان عدد عمر النبی ﷺ وزمانهن 2184 کتاب الجهاد والسیر باب عدد غزوات النبی ﷺ 3367، 3368، 3369 3370 3372

تخریج : بخاری کتاب المغازی باب غزوة العشیرة اولعسیرة 3949 باب حجة الوداع باب کم غزا النبی ﷺ وکم غزا... 4471، 4472، 4473 **ترمذی** کتاب الجهاد باب ماجاء فی غزوات النبی ﷺ وکم غزا 1676

مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ وَخَرَجْتُ فِيمَا يَبْعَثُ مِنَ الْبُعُوثِ تِسْعَ غَزَوَاتٍ مَرَّةً عَلَيْنَا أَبُو بَكْرٍ وَمَرَّةً عَلَيْنَا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فِي كِلْتَيْهِمَا سَبْعَ غَزَوَاتٍ [4698,4697]

اور جو آپؐ نے لشکر بھیجے، ان میں سے نو کے ساتھ میں نکلا، ایک دفعہ ہمارے امیر حضرت ابوبکرؓ اور ایک دفعہ ہمارے امیر اسامہ بن زیدؓ تھے۔

ایک اور روایت میں دونوں جگہ سات سات (غزوات) کا ذکر کیا ہے۔

[50]52: بَاب: غَزْوَةُ ذَاتِ الرِّقَاعِ

باب: غزوہ ذات الرقاع

3373{149}حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بَرَّادٍ الْأَشْعَرِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ وَاللَّفْظُ لِأَبِي عَامِرٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِي مُوسَى قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ وَنَحْنُ سِتَّةُ نَفَرٍ بَيْنَنَا بَعِيرٌ نَعْتَقِبُهُ قَالَ فَنَقِبَتْ أَقْدَامُنَا فَنَقِبَتْ قَدَمَايَ وَسَقَطَتْ أَظْفَارِي فَكُنَّا نَلُفُّ عَلَى أَرْجُلِنَا الْخِرَقَ فَسُمِّيَتْ غَزْوَةُ ذَاتِ الرِّقَاعِ لِمَا كُنَّا نُعَصِّبُ عَلَى أَرْجُلِنَا

3373: حضرت ابوموسیٰؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہم ایک غزوہ کے لئے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نکلے اور ہم چھ آدمیوں کیلئے ایک اونٹ تھا ہم اس پر باری باری سواری کرتے تھے وہ کہتے ہیں ہمارے پاؤں زخمی ہوگئے اور میرے بھی دونوں پاؤں زخمی ہوگئے اور میرے ناخن جھڑ گئے اور ہم اپنے پاؤں پر کپڑے کے ٹکڑے لپیٹتے تھے اس لئے اس کا نام غزوہ ذات الرقاع رکھا گیا کیونکہ ہم نے اپنے پیروں پر کپڑے کے ٹکڑے باندھے تھے۔ ابو بردہ کہتے ہیں کہ حضرت ابو موسیٰؓ نے یہ روایت بیان کردی۔ پھر انہوں

3372 : اطراف :مسلم كتاب الحج باب بيان عدد عمر النبى ﷺ وزمانهن 2184 كتاب الجهاد والسير باب عدد غزوات النبى ﷺ 3367، 3368، 3369، 3370، 3371

تخريج : بخارى كتاب المغازى باب غزوة العشيرة اولعسيرة 3949 باب حجة الوداع باب كم غزا النبى ﷺ وكم غزا... 4471، 4472، 4473 **ترمذى** كتاب الجهاد باب ماجاء فى غزوات النبى ﷺ وكم غزا 1676

3373 : تخريج : بخارى كتاب المغازى باب غزوة ذات الرقاع 4128

مِنَ الْخِرَقِ قَالَ أَبُو بُرْدَةَ فَحَدَّثَ أَبُو مُوسَى بِهَذَا الْحَدِيثِ ثُمَّ كَرِهَ ذَلِكَ قَالَ كَأَنَّهُ كَرِهَ أَنْ يَكُونَ شَيْئًا مِنْ عَمَلِهِ أَفْشَاهُ قَالَ أَبُو أُسَامَةَ وَزَادَنِي غَيْرُ بُرَيْدٍ وَاللَّهُ يُجْزِي بِهِ [4699]

نے اسے ناپسند کیا۔ ابو بردہ کہتے ہیں گویا انہوں (ابوموسیٰؓ) نے یہ ناپسند کیا کہ انہوں نے اپنے عمل کی تشہیر کردی ہے۔ ابواسامہ کہتے ہیں کہ برید کے علاوہ راوی نے یہ مزید بتایا کہ اللہ اس کو اس کی جزا دے گا۔

[47]49: بَاب كَرَاهَةِ الِاسْتِعَانَةِ فِي الْغَزْوِ بِكَافِرٍ

غزوہ میں کسی کافر سے مدد لینے کی ناپسندیدگی کا بیان

3374{150} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مَالِكٍ ح و حَدَّثَنِيهِ أَبُو الطَّاهِرِ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نِيَارٍ الْأَسْلَمِيِّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهَا قَالَتْ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَلَ بَدْرٍ فَلَمَّا كَانَ بِحَرَّةِ الْوَبَرَةِ أَدْرَكَهُ رَجُلٌ قَدْ كَانَ يُذْكَرُ مِنْهُ جُرْأَةٌ وَنَجْدَةٌ فَفَرِحَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ رَأَوْهُ فَلَمَّا أَدْرَكَهُ قَالَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

3374: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں رسول اللہ ﷺ بدر کی طرف نکلے جب آپؐ حرۃ الوبرہ پہنچے تو آپؐ کو ایک شخص ملا جس کی جرأت اور بہادری کا ذکر کیا جاتا تھا۔ رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ نے جب اسے دیکھا تو بہت خوش ہوئے جب وہ آپؐ سے ملا تو اس نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا میں آپؐ کے ساتھ جانے اور آپؐ کے ساتھ حصہ پانے کے لئے آیا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے فرمایا تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہو؟ اس نے کہا نہیں آپؐ نے فرمایا واپس چلے جاؤ کیونکہ میں کسی مشرک سے مدد نہیں لوں گا وہ کہتی ہیں وہ چلا گیا یہاںتک کہ جب ہم شجرہ پہنچے وہ شخص پھر آپؐ کو ملا۔ اس شخص

3374 : تخریج : **ترمذی** کتاب السیر باب ماجاء فی اهل الذمة یغزون مع المسلمین هل یسهم لهم 1558 **ابوداؤد** کتاب الجهاد باب فی المشرک یسهم له 2732 **ابن ماجه** کتاب الجهاد باب الاستعانة بالمشرکین 2832

وَسَلَّمَ جِئْتُ لِأَتَّبِعَكَ وَأُصِيبَ مَعَكَ قَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ قَالَ لَا قَالَ فَارْجِعْ فَلَنْ أَسْتَعِينَ بِمُشْرِكٍ قَالَتْ ثُمَّ مَضَى حَتَّى إِذَا كُنَّا بِالشَّجَرَةِ أَدْرَكَهُ الرَّجُلُ فَقَالَ لَهُ كَمَا قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ قَالَ فَارْجِعْ فَلَنْ أَسْتَعِينَ بِمُشْرِكٍ قَالَ ثُمَّ رَجَعَ فَأَدْرَكَهُ بِالْبَيْدَاءِ فَقَالَ لَهُ كَمَا قَالَ أَوَّلَ مَرَّةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلِقْ [4700]

نے آپؐ کو پایا اور ویسا ہی کہا جیسا پہلی مرتبہ کہا تھا۔ نبی ﷺ نے اُسے ویسا ہی فرمایا جیسے پہلے فرمایا تھا۔ آپؐ نے فرمایا لوٹ جاؤ میں کسی مشرک سے مدد نہیں لوں گا۔ پھر وہ لوٹا اور آپؐ کو بیداء میں ملا تو آپ ﷺ نے اُسے فرمایا جیسے پہلے فرمایا تھا کہ کیا تم اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لاتے ہو؟ اس نے کہا جی ہاں تو رسول اللہ ﷺ نے اُسے فرمایا تو اب چلو۔

❁❁❁

الحمدللہ نویں جلد مکمل ہوئی۔ دسویں جلد ''کتاب الامارۃ'' سے شروع ہوگی۔ ان شاءاللہ

انڈیکس

آیات قرآنیہ

احادیث

حروف تہجی کے اعتبار سے

❀❀❀

مضامین

اسماء

❁❁❁

مقامات

کتابیات